باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

# ماہنامہ عبقری لاہور ®

170

اگست 2020ء بمطابق ذی الحجہ/محرم الحرام 1441/42

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

## جب موت میرے سرہانے بیٹھی اصرار کر رہی تھی شیخ الوظائف کا حال دل

## بیٹی کے دل میں تین سوراخ! روحانی علاج نے بچالیا

- گھر، دکان، دفتر، فیکٹری! کبھی آگ نہ لگے گی!
- صرف چند روپوں میں طاقتور ترین ڈرنک تیار کیجئے!
- دو الفاظ پڑھیے! کان، ناک اور پیٹ کا درد کبھی نہ ہوگا
- بانجھ پن کا شکار تھا! دس بیٹے ہوئے! عمل جان لیجئے!
- میرا بیوٹی پارلر ہے! مجھ سے آزمودہ ٹوٹکے لیجیے
- گندم کی سخت الرجی سے یقینی چھٹکارا
- صحرانشینوں سے جانیے! بارش کے فوائد

تندرستی ٹانک




جسم وجان کیلئے شاہی ٹانک

جسم طاقتور۔ کمزوری دور۔ حافظہ لاجواب۔ خون کی کمی پوری۔
قوت مدافعت میں اضافہ اور صحت قابل رشک بنائے
دل کی گھبراہٹ۔ سر چکرانا۔ زیادہ پسینہ آنا۔ بے چینی۔
بخار۔ قے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھاجانا جیسے عوارض
میں نہایت لاجواب اور اکسیر
بچوں بڑوں کیلئے ہر موسم میں یکساں مفید۔




اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ۔ اسی ایمان کو جلا بخشنے کیلئے شیخ الوظائف کی لاجواب تالیف کا آج ہی مطالعہ کیجئے۔

**شیخ الوظائف کی کراچی آمد منسوخ**

موجودہ ہنگامی حالات کی وجہ سے حکومتی ہدایات (SOPs) پر عمل کرتے ہوئے 21 اگست تا 23 اگست گوشہ درود سلام کراچی میں ہونے والا خصوصی چلہ اور دعا منسوخ کر دی گئی ہے۔

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

## پوشیدہ امراض اور موٹاپے سے پریشان بچیوں کیلئے

## فیشن سبزی کا چلا ہے مگر گوشت نہ چھوڑیئے گا!

## من پسند نوکری اور اچھی بیوی! اس عمل سے ملی

## عمر چاہے 85 سال ہو! مگر دماغ کبھی بوڑھا نہ ہوگا!

عبقری گروپ آف میڈیا

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا

YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری حسانِ ﷺ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۔ القرآن

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

شمارہ نمبر 2 | جلد نمبر 15 | اگست 2020ء | ذی الحجہ/محرم الحرام 1441/42 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماہنامہ عبقری لاہور
## اگست 2020ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1260 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک | بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے کہا کہ: "میں امید کرتا ہوں کہ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک ہوگا اور ویسے ہی اصول پیش نظر رکھے جائیں گے جن کی مثالیں اکبر اعظم کے دور میں ملتی ہیں" تو اس پر قائداعظم نے برجستہ فرمایا: "وہ رواداری اور خیر سگالی جو شہنشاہ اکبر نے غیر مسلموں کے حق میں برتی کوئی نئی بات نہیں۔ یہ تو مسلمانوں کی تیرہ صدی قبل کی روایت ہے۔ جب پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ یہودیوں اور عیسائیوں پر فتح حاصل کرنے کے بعد ان کے ساتھ نہ صرف انصاف بلکہ فیاضی کا برتاؤ کرتے تھے۔ مسلمانوں کی ساری تاریخ اس قسم کے واقعات سے بھری پڑی ہے۔ ہم حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں ہی پاکستان کا نظام چلائیں گے۔"

| | |
|---|---|
| یہ نکتہ میں نے سیکھا بوالحسن سے | کہ جاں مرتی نہیں مرگ بدن سے |
| چمک سورج میں کیا باقی رہے گی | اگر بیزار ہو اپنی کرن سے! |

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں! ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹری کتابیں رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے ایڈیٹری کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سر انجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن جوتے فرنیچر چارپائیاں اپنی زکوٰۃ صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر بھیج کر ملکی کریں شکریہ!


رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534


## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔



## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | جب موت میرے سرہانے پہنچی اصرار کر رہی تھی | 37 | کمائی ذرائع اور کام کا زہر اور خوراک سے بچنے کیلئے آمد کا باب! |
| 4 | نسلوں کے لیے دعاؤں کا ذخیرہ کیجئے! | 38 | محنت سے لڑکے آئے قیمتی ہوں امن نے گھر پر حملہ اور ہوتا رہا |
| 5 | سخی لوگوں کے کمالات | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 6 | بچہ ساری عمر جھوٹ نہ بولے گا! انوکھا فارمولا | 41 | فاقہ زدہ عمر رسیدہ کو عمل بتایا آج بانٹ رہی |
| 7 | ڈاکٹر مایوس تھے مگر بیٹے کو قرآنی اعمال بچا گئے! | 44 | خواتین انجیل کے سامنے بات کرتے ہوئے اقتباس دیکھیے اور |
| 8 | عمر چاہے 85 سال ہو مگر دماغ بھی جوان ہوگا! | 45 | قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے |
| 9 | جن کے ذکر میں جو دل ذائقہ کیسے لگتی ہے؟ | 48 | انٹرویو میں سلیکشن کے لیے خاص وظیفہ |
| 10 | یکم محرم کا عمل: پچاس ہزار سال عبادت کا ثواب | 51 | سالہا پرانی کھانسی دو ہفتوں میں ٹھیک |
| 12 | پپیتا لاجواب ٹانک بے مثال دوا اور غذا | 52 | ہائی بلڈ پریشر کی دائمی مریضہ آج پرسکون کیسے؟ |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج | 53 | بس ایک بار جن قابو کر لوں! پھر بہارش دیکھنا |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 54 | صفراوی سوداوی اور بلغمی مزاج کیلئے باکمال نسخے |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ | 55 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 16 | گھر دکان دفتر فیکٹری! ابھی آگ نہ لگے گی! | 56 | بقیہ جات |
| 17 | غربت تنگدستی اور گھریلو جھگڑے ایک عجب پہیلی | 57 | صحت مند دماغ کا تصور یاد داشت اور آزمائے |
| 18 | حسن کو چار چاند لگانے کے آزمودہ ٹوٹکے | 58 | نفسی فائدہ اور زندگی کی طرف لوٹ آیا انوکھی دوا |
| 20 | دوا کھا کر دیکھیے کان ناک اور پیٹ کا درد بھی دور ہوگا | 59 | بڑی عید کے بڑے پکوان اور پرلطف ناشتہ |
| 23 | میرا بیوٹی پارلر ہے مجھ سے آزمودہ ٹوٹکے لیجئے | 60 | صحرا نشینوں سے جانیے بارش کے فوائد |
| 24 | نیوٹن اپنے کانوں میں تیل کیوں ڈالتا تھا؟ | 61 | عبقری روحانی چلہ اور دعا (اجتماع) |
| 26 | بچی کے ال میں ٹیومر دماغ! روحانی علاج نے بچالیا | 63 | عبقری ادویات اشتہار |
| 29 | دیورانی کو بیوی کا طعنہ دیا اور خود برباد ہوگئی! | 64 | ہر سال یا مبارک گھڑیاں تحفہ دینا بار بار گزارئیے |
| 34 | فیشن سبزی کا پلاؤ ہے مگر گوشت نہ چھوڑے گا! | 65 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں | | |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل وکتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔


خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37425801-37425802-37425803-042-37552384-37597605-37586453 | E mail:contact@ubqari.org

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

## جب موت میرے سرہانے بیٹھی اصرار کر رہی تھی

### شیخ الوظائف کی بیماری کی کہانی خود ان کی زبانی

16 مارچ 2020ء عبقری لاہور سے عبقری حویلی احمد پور شرقیہ کے لیے نکلا' پتہ چلا کہ لاک ڈاؤن ہو گیا ہے تو سوچا کیوں نہ عبقری حویلی وقت گزاروں' وہاں کی مصروفیات' ذمہ داریاں اپنے ذمے خود لے لیں' فارغ بیٹھنا پہلے دن سے نہ والدین نے سکھایا' نہ بڑوں نے اور نہ ہی مرشد نے سبق دیا' وہاں کی تعمیری ذمہ داریاں' مسلسل ٹی وی پروگرام' ملاقاتیں بھاگ دوڑ' ادھر جنوبی پنجاب کی گرمی اور میرا آبائی شہر جو صدیوں پرانا تاریخی شہر ہے' اس کی گرمی کچھ زیادہ ہوتی ہے' کیونکہ وہاں نایاب آموں کی نسلیں ہیں اگر گرمی نہ ہو تو آم کیسے پکیں؟ قدرت کا نظام ہے' قدرت نے اپنا سچا نظام چلانا ہے اور قدرت کے ہر معاملے میں خیر ہے۔ پھر اوپر رمضان آ گیا' رمضان کی گرمی صرف پانی ہی پلاتی ہے' کھلاتی تو کچھ نہیں ہے' دن رات کی مشقت اور وہی پھر سابقہ ذمہ داریاں' مسلسل ٹی وی پروگرام' مجمع' ان کی تربیت احوال' یہ نظام پورا رمضان چلتا رہا' احساس نہ ہوا لیکن اندر ہی اندر نچڑتا رہا' گھلتا رہا اور کھوکھلا ہوتا رہا' بس حویلی میں نماز عید پڑھی' والدین کے مزارات پر حاضری اس کے بعد گھر آ کر گر گیا' تحقیق نے کورونا کو تو نمودار نہ کیا لیکن اندر بے شمار روگ ایک سے بڑھ کر دوسری تکلیف بیدار ہوتی چلی گئی' پوری زندگی میں اتنا آج تک مریض نہ ہوا نہ بیمار ہوا' اللہ کا امر غالب ہے اس میں خیر ہوگی بس پھر ہفتوں بستر پر' روحانی علاج بھی' دوائی بھی سنت سمجھ کر بھرپور کی۔

### میری نبضیں ٹوٹ رہی تھیں!

ایک وقت ایسا آیا جس پر مجھے ایک واقعہ یاد آیا حکیم محمد شریف جگرانویؒ کینٹ لاہور میں بیٹھتے تھے بہت نیک' مخلص اور سینکڑوں مریض روزانہ دیکھتے تھے' فجر کی نماز کے بعد بیٹھے مریض دیکھ رہے تھے اچانک طبیعت میں کچھ گھبراہٹ سی پیدا ہوئی اپنی نبض خود دیکھی فرمانے لگے: وقت آ گیا ہے اور یوں اس دنیا سے کوچ کر گئے۔ تیس سال سے زیادہ مجھے بھی نبضیں دیکھتے ہو گیا ہے وہ آخری لمحہ تھا جب میں اپنی نبضیں دیکھ رہا تھا میری نبضیں ٹوٹ رہی تھیں' سچ پوچھیں میں بالکل مطمئن تھا کہ اللہ کے حضور حاضری ہے' اپنی کوئی نیکی' عبادت' تقویٰ اور طہارت سامنے نہیں' بس اللہ کی رحمت' ٹوٹی پھوٹی مخلوق کی خدمت اور مخلصین کی دعائیں جو میری بخشش کا سامان تھا' ہاں صرف ایک فکر تھی' ناں بیوی بچوں کی' ناں عبقری کی' ناں اپنے کاروبار کی بالکل نہیں صرف ایک ہی فکر تھی کہ تسبیح خانہ کا کیا بنے گا؟ پھر اچانک میری زبان سے ایک لفظ نکلا فی امان اللہ فی جوار اللہ۔ اے اللہ وہ بھی تیرے حوالے یہ بھی تیرے حوالے۔ تو جان تیرا کام جانے' میری ڈیوٹی اتنی تھی میں کر گیا اب تیری طرف واپسی ہے بس اپنی رحمت سے خاتمہ بالخیر کر دینا۔ نہ موت کا خوف' نہ آنسو' نہ جانے کی واپسی' نہ جدائی' میرے بچے بدحواس پریشان' میرے اردگرد کھڑے تھے لیکن میرے دل میں بس صرف ایک کیفیت تھی وہ یہ تھی کہ اس کی رحمت سے ہی سب کچھ ہوگا' اپنی نبضوں کو ٹٹول رہا تھا اور نبضیں ساتھ نہیں دے رہی تھیں اور پیغام دے رہی تھیں کہ واپسی ہے۔

### شکر ہے اللہ نے بڑی بیماری میں مبتلا کیا کسی بڑے گناہ میں نہیں

لیکن اس کے فیصلے کچھ اور تھے شاید اس نے مجھ سے ابھی انسانیت کے لیے خیر کا کام لینا ہے' لوگوں کے دکھ' درد' مشکلات' مسائل' پریشانیاں اور الجھنوں کے حل کیلئے مجھے اللہ نے ذریعہ بنانا ہے' اللہ تعالیٰ میرے جذبے اور نیت ہمیشہ سچی رکھے۔ اس لیے زندگی اور صحت کی طرف آہستہ آہستہ قدم بڑھنے لگے۔ ان چند ہفتوں کی بیماری میں ایک چیز کا احساس ہوا کہ مجھ پر روحانی دنیا اور روحانی کیفیات بہت کھلیں بہت اشارے ملے بہت کچھ ملا۔ اللہ تعالیٰ کے علم میں سے علم ملا' میں میری تنہائی' بیماری' درد' تکلیف لیکن اس کا ذکر اور شکر میری زبان پر تھا۔ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ وہ عظیم اولیاء اللہ میں سے ہیں جن کو تمام ہستیوں کی زیارت ہوتی تھی لیکن کئی بار خود اللہ کا دیدار بھی ہوا' ایک دفعہ بیمار ہو گئے اور بہت ہوئے' تو کسی نے پوچھا حضرت اتنی بیماری' آپ تو اللہ والے ہیں۔ ٹھنڈی سانس لے کر فرمانے لگے شکر ہے اللہ نے اتنی بڑی بیماری میں مبتلا کر دیا کسی اتنے بڑے گناہ میں مبتلا نہیں کیا۔ پھر اب تک اللہ نے راحتیں ہی راحتیں دی ہیں' اب اگر اللہ نے تھوڑی سی تکلیف دی ہے تو اس پر کیا شکوے کروں' اور اس کی شکایات کروں۔

### دوران بیماری ایک شعر جو میری زبان پر رہا

دوران بیماری ایک شعر اکثر میری زبان پر آتا رہا جو اکثر میں درس کے دوران پڑھتا ہوں

لطف سجن دم بدم قہر سجن گاہ گاہ
ایں وی سجن واہ واہ اُوہ وی سجن واہ واہ

یعنی سجن (اللہ تعالیٰ) کا لطف تو ہر پل ہر قدم ہر لحظہ ہے لیکن کبھی اگر قہر یعنی آزمائش آ جائے تو بھی واہ واہ ہونی چاہیے اللہ تعالیٰ ہمیں آزمائش سے بچائے' انسان آزمائش مانگے نہیں' چاہے نہیں' اگر آ جائے تو پھر صبر اور اعمال کی زندگی کی طرف متوجہ ہو جائے' بہت انوکھے لمحے گزرے' ان انوکھے لمحات میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت علی کرم اللہ وجہہ' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ' حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ' اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ' اور حضرت زین العابدینؒ کی اہل بیتؓ اور صحابہؓ کے قافلے کے ساتھ زیارت بھی ہوئی۔ ان کی منشاء کے بعد میں نے اپنی مونچھیں صاف کرنا چھوڑ کر ان کو ہلکا سا بڑھا لیا' (یہ پورا خواب ہے' جو آپ اکابر پر اعتماد فیس بک پیج کی پوسٹ میں تفصیلاً پڑھ لیں گے **www.facebook.com/akabir par aitmad** اس پیج پر جا کر پوسٹ نمبر 441 دیکھ لیجئے اور ضرور دیکھئے بہت روحانی راز ملیں گے۔) قارئین! موت تو اٹل حقیقت ہے' ابھی ٹل گئی تو پھر آ جائے گی لیکن سچ یہی ہے کہ اگر انسان زندگی میں ایسے لمحات گزارے جس میں اس کے لیے اپنا کچھ نہ ہو جو کچھ بھی ہو مخلوق کے لیے ہو اور لوگوں کی راحت' انسانیت مسلم ہیں یا غیر مسلم' جس طبقے سے ہیں ان کی راحت پیش نظر ہو تو پھر کوئی پشیمانی یا پریشانی نہیں ہوتی کہ میری ذمہ داری اور ڈیوٹی تھی میں کر کے جا رہا ہوں۔ موت کے آخری لمحات کچھ ایسی کیفیت میرے ساتھ تھی۔ اللہ تعالیٰ میری ان کیفیات کو سچائی اور خلوص عطا فرمائے۔ میں ہر پل آپ کی دعاؤں کا محتاج ہوں۔ میں ان حضرات کا بہت مشکور ہوں جنہوں نے میری بیماری کے دوران دعائیں کیں' صدقات کیے اور اعمال کیے۔ اس کا صلہ صرف اللہ ہی آپ کو دے سکتا ہے۔ ایک انوکھی چیز جو میں آپ کو بتانا چاہوں گا اس ساری بیماری کے دوران میرے گزشتہ چالیس سال کے صبح و شام کے مسنون اذکار معمولات تسبیحات سب ختم ہو گئے' میری زبان بند ہو گئی' میں کچھ پڑھنا چاہتا تھا' بولنا چاہتا تھا لیٹے لیٹے کچھ نہیں پڑھ سکتا تھا جیسے قدرت کی طرف سے ہر چیز ختم ہو گئی صرف دعائے کعبؓ میری زبان پر تھی دن رات یہی پڑھتا تھا (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بُرے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

جادو شکن پانی

قیمت صرف 80 روپے

# نسلوں کے لیے دعاؤں کا ذخیرہ کیجئے!

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
ہفتہ وار درس سے اقتباس

حضرت علامہ دمشقی رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے محدث گزرے ہیں۔انہوں نے ایک دفعہ چڑیا کی ٹانگ پر دھاگہ باندھا اور اُسے کھینچتا جس کی وجہ سے چڑیا کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔اُن کی والدہ نے کہا کہ بیٹا یہ ٹانگ ٹوٹی ہے زندگی میں کبھی نہ کبھی تجھے اِس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔علامہ دمشقی کو ایک حادثہ پیش آیا اور اُس میں وہ لنگڑے ہوگئے کسی نے علامہ دمشقی سے لنگڑا ہونے کی وجہ پوچھی تو علامہ صاحب کہنے لگے: ایک دفعہ مجھ سے چڑیا کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی۔معلوم ہوتا ہے اُس کی بدعا کے نتیجے میں میرے ساتھ ایسا ہوا ہے۔

## دعاؤں کا ذخیرہ کریں

میرے محترم دوستو! زندگی کا ایسا نظام بنائیں کہ بددعائیں ہمارا تعاقب نہ کریں بلکہ دعائیں ہمارا تعاقب کریں۔میں آپ کو حقیقت عرض کررہا ہوں۔اللہ والو! جانوروں سے بھی دعائیں لیں، انسانوں سے بھی دعائیں لیں۔اپنے ماں باپ سے دعائیں لیں، کسی غریب سے دُعائیں لیں، کسی فقیر سے دُعائیں لیں، کسی تہی دست وداماں سے دُعائیں لیں، کسی مخلص سے دُعائیں، کسی اللہ والے سے دُعائیں لیں۔

## غریبوں سے رعایت

بعض اللہ والے ایسے گزرے ہیں جو امیروں سے لے کر غریبوں کو دیتے تھے۔ مالدار سے لے کر تنگ دست کو دیتے تھے۔ان کے ہاں مالدار کے ساتھ تو کمی نہیں ہوتی تھی، غریبوں کے ساتھ ہمیشہ رعایت ہوتی تھی اور اب بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔

## قصائی کا نقصان

مجھے ایک قصائی نے بتایا کہ ایک دفعہ میں نے بکرے کو ذبح کرکے اس کی کھال اُتارنے کیلئے لٹکایا ہوا تھا اور اُس کے پائے کاٹ کر نیچے رکھے ہوئے تھے۔ ایک بلی بار بار آکر پائے کو چھیڑ رہی تھی۔ میں نے اسے کھینچ کر چھری ماری وہ وہیں تڑپ تڑپ کے مرگئی۔ کہنے لگے مجھے بعد میں احساس ہوا کہ مجھ سے خطا ہوئی ہے گناہ ہوا ہے۔میں نے بلی کا نقصان کیا ہے۔اس پر میں نے استغفار کیا لیکن ایک بکرا وہیں کھڑے کھڑے مرگیا، میں چھری نہ پھیر سکا' وہ حرام ہوگیا اللہ نے میری جان پر جو عذاب لانا تھا اس کے بدلے میں وہ صدقہ ہوگیا۔لیکن مجھے مالی نقصان ہوا۔

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

# نسلوں میں دعاؤں بددعاؤں کے اثرات

ایک اللہ والے نے ایک حدیث کا مفہوم بیان کیا کہ سرورِ کونین ﷺ نے کبوتر باز پر لعنت بھیجی ہے اور لعنت بددعا ہوتی ہے۔یاد رکھنا! ہر کبوتر باز ہمیشہ بلی کا دشمن ہوگا۔ میں چند ایسے لوگوں سے ملا ہوں۔چونکہ شروع میں' میں کبوتروں کی بیٹ اکٹھی کرواتا تھا' پھر انہیں جلواتا' کیونکہ اس کی راکھ سے نمک نکلتا ہے' پھر میں اس سے ایک دوائی بناتا تھا۔اِس وجہ سے ان سے کچھ تعلق بن گیا اور وہ بھی مجھ سے کبوتروں کے متعلق اور دیگر جانوروں کی دوائیں وغیرہ پوچھتے تھے اور میں بھی کبھی ان لوگوں کو بتا دیا کرتا ہوں۔جانداروں کی دوائی وغیرہ کے متعلق بھی تھوڑا بہت جانتا ہوں۔

**شاہی اصطبل کے معالج:** میرے نانا رحمۃ اللہ علیہ نواب آف بہاولپور کے شاہی اصطبل کے معالج تھے۔ان کی دوائیں، اِن کے نسخہ جات اور علاج کا طریقہ اور تجربات وغیرہ تھوڑے سے میرے پاس بھی ہیں۔جس کی وجہ سے میں کبھی جانوروں کی دوائی کے متعلق بھی بتا دیتا ہوں لیکن یہ ایک بات ضمناً عرض کررہا ہوں! اللہ نے گھوڑے کو انسان کا ساتھی بنایا ہے۔گھوڑے کی نبض اور انسان کی نبض ایک جیسی ہوتی ہے اور انسان کی جو دوائی کی خوراک ہوتی ہے وہی گھوڑے کی بھی ہوتی ہے۔ یہ میرا تجربہ ہے جس سے میں نے کئی علاج کیے ہیں۔

**جانوروں کی بددعا:** ایک اللہ والے فرمانے لگے: میں نے ہمیشہ جن لوگوں کو خوار ہوتے ہوئے، مفلوک الحال اور پریشان ہوتے ہوئے دیکھا ہے اِسکی بنیاد وہ جانور ہوتے ہیں جو ان کے لیے بددعائیں کرتے ہیں۔میرے دوستو! میں آپ کو حقیقت عرض کررہا ہوں۔حوادث عالم اور امت کی پریشانیاں اور مصیبتوں کی وجوہات بددعاؤں کا تعاقب کرنا بھی ہوتی ہیں۔

**دعا کا تعاقب کرنا:** دعائیں بھی نسلوں تک تعاقب کرتی ہیں اور بددعائیں بھی نسلوں تک تعاقب کرتی ہیں۔میں نے آج درس کے شروع میں عرض کیا تھا کہ بعض محدثین نے لکھا ہے کہ سرورِ کونین ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہ کو دعائیں دیں اور ان دعاؤں کے اثرات اب تک ان کی نسلوں میں موجود ہیں اور بعض اللہ والوں نے کچھ لوگوں کو دعائیں دیں اور اُن دعاؤں کے اثرات اب تک ان کی نسلوں میں موجود ہیں۔دعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں اور بددعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں۔(جاری ہے)

## گھر کا مسئلہ، قرض مرض سب ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں آکر درس سنتے ہوئے تین سال ہوگئے ہیں۔جتنا مجھ سے ہوسکتا ہے اپنے آپ کو بہتر بنانے کی کوشش کرتی ہوں۔میرے گھر کے بڑے بڑے مسائل تھے جو درس سننے کی برکت سے حل ہوئے ہیں۔اب تو اگر کوئی درس نہ سن سکوں تو ایسا لگتا ہے کہ میں نے اس ہفتے میں کوئی ایسا کام نہیں کیا جس سے پورا ہفتہ بے چین گزرتا ہے۔محترم حکیم صاحب! اللہ تعالیٰ نے بہت کرم کیا ہے بس آپ میرے لیے اور میرے بچوں کے لیے اور میرے خاوند کے لیے خصوصی دعا کیجیے گا۔درس پر آنے سے قبل گھر کا مسئلہ تھا' قرض تھا' ہمارے گھر میں لڑائی جھگڑے بہت تھے' زندگی انتہائی بے چین تھی' کہیں پر بھی سکون نہ تھا الحمدللہ آپ کی درس میں بتائی ہوئی مسنون دعائیں پڑھتی ہوں تو اللہ تعالیٰ نے بہت کرم کیا ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے آپ کو ڈھیروں ساری خوشیاں عطا فرمائے اور آپ کی آل کو آپ کی طرح ہی مخلوق خدا کی بے لوث خدمت کرنے کی توفیق دے۔آپ کے والدین کو جنت میں اعلیٰ مقام دے۔آمین۔ (سعدیہ اجمل، لاہور)

مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
فٹنس فولاد ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
بچوں کیلئے انمول تحفہ
فٹنس فولاد ٹانک
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

# سخی لوگوں کے کمالات

انتخاب: ابولبیب شاذلی

## من پسند غذا کا صدقہ

علامہ ابن الجوزیؒ راوی ہیں کہ حضرت ربیعؒ کو فالج نے پریشان کر دیا، جس سے ان کو بڑی تکلیف رہی۔ ایک دن ان کو مرغی کے گوشت کی خواہش ہوئی، بیوی سے کہا، پچھلے چالیس دن سے مرغ کے گوشت کی خواہش تھی آج کہتا ہوں، ہو سکے تو بنا ڈالو۔ بیوی نے بڑے شوق سے مرغ بھون کر کئی طرح کی روٹی اور پراٹھے بنا کر پورا خوان جب سامنے حاضر کیا تو معاً دروازہ پر ایک سائل کی آواز آئی تصدقوا بارک اللہ فیکم یہ سن کر اس کھانے سے رک گئے اور پورا خوان سائل کو دے دینے کا حکم دیا۔ بیوی نے کہا سبحان اللہ! میں نے اتنی محنت سے آپ کیلئے بنایا تھا آپ مریض ہیں، آپ کھا لیجئے۔ میں سائل کو اس سے بہتر چیز دے دوں گی۔ پوچھا وہ کیا؟ بیوی نے کہا، اس پورے خوان کی نقد قیمت فرمایا قد احسنت تم نے خوب سوچا۔ پھر فرمایا اچھا جاؤ قیمت لے آؤ۔ وہ قیمت لے کر آئیں تو فرمایا اچھا اس نقدی کو بھی اس خوان پر رکھ کر سب دے آؤ۔ واوفیہ جمیعاً الی السائل (صفۃ الصفوۃ جلد سوم ۳۵)

## محبوب چیز خرچ کرنا اللہ کو پسند ہے

ایک بار حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم بیمار ہوئے تو مچھلی کھانے کی خواہش کی۔ اتفاق سے ایک ہی مچھلی مل سکی۔ ان کی بیوی صاحبہ نے بڑے اہتمام سے بنا کر حاضر کی خوان سامنے آیا ہی تھا کہ مسکین کی آواز آئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے بیوی کو حکم دیا کہ اسے دے دو۔ بیوی نے کہا آپ کھا لیں اور سائل کے متعلق کہا ''نعطیہ درھماً فصو نفع لہ من ھذا'' میں اسے نقد دے دوں گی۔ فرمایا محبوب چیز کا خرچ کرنا اللہ کو پسند ہے چونکہ آج عبداللہ کو مچھلی بے حد محبوب ہے، اس لیے مچھلی ضرور دے دو۔ (صفۃ الصفوہ جلد اوّل ص ۲۲۱)

## مستحق کی بجائے رب پر نظر

علامہ ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک بار ربیع رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ آج گوشت پڑا ملیدہ بناؤ۔ جب بن کر تیار ہوا تو ایک غریب مریض کے پاس بھیج دیا، جوان کا پڑوسی تھا اس کا تمام منہ اور زبان سڑی ہوئی تھی۔ گھر والوں نے کہا اس کا منہ خراب ہے، اس سے لعاب جاری ہے، ایسی نفیس ولذیذ چیز اس کے پاس آپ نے ناحق بھیج دی۔ وہ بھلا اس کا کیا مزہ جانے گا؟ کیا عجیب جواب فرمایا ''لکن اللہ عزوجل یدری'' یعنی میرا حق تعالیٰ جو جانتا ہے کہ میں نے کس محبت وخلوص سے یہ لذیذ تحفہ دیا ہے، وہ مجھے اس کے بموجب اجر دے گا۔ اسلاف اولیائے کرام میں ''لن تنالوا البرحتی تنفقوا مما تحبون'' پر جس طرح عمل تھا آج کس کا ہے؟ الا ماشاء اللہ

## اپنی ذات پر یتیموں کو ترجیح

حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کی باندی نے کہا آج آپ کیلئے کوئی مرغن سالن بناؤں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اجازت دی۔ جب عمدہ اور چربی دار گوشت بنا کر وہ سامنے لائیں تو یتامیٰ خیال میں آ گئے۔ باندی سے فرمایا، یہ سالن انہی کو دے آؤ۔ کہنے لگی آقائے من! اس میں سے تھوڑا آپ لے لیں۔ کیا آپ روٹی پانی سے کھائیں گے؟ فرمایا ''انی اذا اکلتہ کان فی الحش فاذا کلہ ھو لاء ایتام کان عند اللہ مذخوراً'' میرا کھایا ہوا تو پاخانہ ہی بنے گا اور اگر یتیموں نے کھایا تو اس کا ثواب میرے لیے میرے رب کے پاس ذخیرہ ہوگا۔ (صفۃ الصفوۃ جلد سوم ص ۷۵)

## سخی صوفی کی بے مثال سخاوت

علامہ ابن الجوزی رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ داؤد طائی رحمہ اللہ کی والدہ نے بیٹے کی مرغوبات کے مطابق حلواء، سالن، پراٹھے وغیرہ بہت مقدار میں بنائے، جب تیاری کی خبر ان کی والدہ نے دی تو سارا کھانا منگوا کر داؤد طائی رحمہم اللہ اپنے دروازہ پر بیٹھ گئے اور ہر آنے جانے والے غریب و محتاج کو بلا بلا کر کھلانے لگے۔ ماں نے آخر مجبور ہو کر کہا بیٹا اس میں سے کچھ تم بھی کھا لو۔ فرمایا ''والتی فمن اکلہ غیری'' اے میری ماں میرے سوا آخر یہ کس نے کھایا؟ (صفۃ الصفوۃ جلد سوم ص ۷۵) پہلے ہمارے بزرگوں کا یہ ذہن تھا کہ غریبوں کو کھلا کر سمجھتے تھے کہ یہ تو خود ہم نے کھایا کہ اس کا ثواب و اجر ہمارے ہی حصہ میں آیا۔ مگر آج نجانے لوگ کیوں ایسے ایثار کے نام نہیں جانتے۔

# اہل بیت رضی اللہ عنہم سے زیادہ سخی کون؟

علی ابن حسین بن علی (امام زین العابدین) رضی اللہ عنہ نے سفر حج یا عمرہ کا ارادہ کیا تو سکینہ بنت حسینؒ نے راستہ کے خرچ کیلئے کھانے کی کئی چیزیں بنا کر ان کے پاس بھیج دیں جس پر ایک ہزار درہم سکینہ رضی اللہ عنہا نے خرچ کیا تھا۔ جب علی ابن الحسین رضی اللہ عنہ مقام ''ظہرحرہ'' پر پہنچے راوی لکھتا ہے ''امر بھا فقسمت علی المساکین'' یعنی نوکروں کو حکم دیا اور سارا خوان مسکینوں میں تقسیم کر دیا۔

## فکر آخرت میں شکم پروری سے اجتناب

ابراہیم بن ادہم بلخی رحمہ اللہ بڑے امیر کبیر تھے یک بیک صوفی ہو گئے ایک دن طرابلس کے سفر میں ان کے ساتھ صرف دو روٹیاں تھیں۔ ایک سائل نے سوال کیا تو ساتھی سے کہا دونوں روٹیاں دے دو۔ وہ حیرت سے منہ دیکھتا رہا کہ خود کیا کھائیں گے۔ فرمایا یہی تو ایثار ہے اور اس کا ثواب آخرت کیلئے اٹھا رکھو۔ یہ لوگ تھے جن کو آخرت کا دھیان اور ضرورت مندوں کے شکم پروری میں ثواب کا خیال ایماناً واحتساباً قائم تھا۔

**تجارت کا نفع برائے طلباء و مساکین:** ہمارے اسلاف اولیائے کرام رحمہم اللہ میں امراء کی ایک بڑی تعداد ایسی ہے جو تجارت کے نفع میں سے غرباء و مساکین میں تقسیم کر دیتے تھے۔ چنانچہ حسان بن ابی بنان رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے ''لولا المساکین ماتجرت'' یعنی اگر مساکین نہ ہوتے تو میں تجارت نہ کرتا۔ چنانچہ بصرہ میں ان کا تجارتی کاروبار تھا، نفع کا اس میں جو حصہ ان کو ملتا اس میں اپنا ضروری خرچ خوراک لے کر باقی سب صدقہ کر دیتے اور ان کا شریک اسی جگہ اپنے نفع سے جائیداد خریدتا، کوٹھیاں بنواتا۔ ایک واقعہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ کا بھی دیکھئے! آپ طلباء ودین اور علماء کرام کی دعوت کثرت سے کرتے اور ہر دعوت میں فالودہ کے خوان بھی پیش کرتے اور طلباء اور علماء کو مخاطب کر کے فرماتے اگر (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# بچہ ساری عمر جھوٹ نہ بولے گا! انوکھا فارمولہ

صبا عباس، لاہور

بچوں کی تعلیم و تربیت میں ماں باپ بنیادی کردار ادا کرتے ہیں جبکہ اساتذہ ثانوی حیثیت رکھتے ہیں لیکن عام مشاہدہ ہے کہ بچے بھاری بھرکم بستوں کے ساتھ سکول جاتے ہیں اور سکول سے آنے کے بعد ٹیوشن اور ہوم ورک کا جو سلسلہ شروع ہوتا ہے وہ رات گئے تک جاری رہتا ہے۔ میرے اپنے مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ بچے سارا دن نصابی کتب میں سر کھپاتے ہیں اور امتحانات ہوتے ہی کتابیں اور بستے الماری میں بند کرکے رکھ دیتے ہیں۔ نصابی کتابوں کا مقصد صرف امتحانات پاس کرنا رہ گیا ہے۔ بحیثیت ماں آپ کا فرض بنتا ہے کہ آپ بچوں کی صحیح سمت میں رہنمائی کریں بچے جب سیکھنے کے عمل سے گزر رہے ہوتے ہیں تو ہر اچھی اور بری بات جلد اپنانے کی قدرتی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ بچوں کو ایسی عادات اور مشاغل کی جانب راغب کریں جو ان کی نشوونما کے لیے بے حد مفید ہو۔ گرمیوں کی چھٹیاں (اب تو لاک ڈاؤن کی وجہ سے بچے گزشتہ تین ماہ سے مسلسل گھروں میں ہی ہیں) عین صحیح موقع ہوتا ہے جب ماں بچے کو بہت کچھ سکھا سکتی ہے ویسے بھی بچہ سارا دن ماں کے قریب رہتا ہے تو ماں اپنے بچے کے کردار میں بہت اہم رول ادا کرتی ہے جس طرح کھیل کود بچوں کی جسمانی نشوونما کیلئے بے حد ضروری ہے اسی طرح کتابیں پڑھنا بچوں کے لیے ایک ذہنی مشق کی حیثیت رکھتی ہے۔ بچوں کو غیر نصابی کتب کے مطالعے کی عادت ڈالیں۔ بچوں کو غیر نصابی کتب کے مطالعے سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملے گا اور وہ ایک مضبوط کردار کے شہری کی حیثیت سے سامنے آئے گا مگر اس کیلئے آپ کو دیکھنا یہ ہے کہ آپ کا بچہ کس قسم کی کتابوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔ تاریخ، ادب، مذہب جس میں اس کی دلچسپی ہے اس کو اس کے مطابق مواد مہیا کریں۔ احادیث سے متعلق کتب میں اس کی دلچسپی پیدا کریں تاکہ اس کو اسلام کو سمجھنے کا موقع ملے۔ ان سب کا مقصد یہ ہے کہ بچپن سے ہی اس کی سوچ کے دریچے کھلنا شروع ہوجائیں گے اور وہ زیادہ سے زیادہ غوروفکر کریں گے اور یہ ان کی عملی زندگی میں بھی بہت کام آئے گا اور ویسے بھی کتاب ایک بہترین دوست ہے اور آپ اپنے بچے کو بہترین دوست سے محروم نہ کریں۔ کتابیں بچوں کے لیے ایسا بہترین ساتھی ہیں جو قدم قدم پر بچوں کی رہنمائی کرسکتی ہیں اپنے بچوں کو مثبت کردار کا بنانے کیلئے یہ بے حد ضروری ہے اس لیے مطالعہ کو اپنے بچوں کی زندگی کا حصہ بنائیں۔

# کسی ایک بچے کو پسند کا ٹائٹل دینا درست نہیں

**بچوں کی تربیت کب شروع کی جائے:** والدین کی ایک تعداد ہے جو اس انتظار میں رہتی ہے کہ ابھی تو بچہ چھوٹا ہے جو چاہے کرے، تھوڑا بڑا ہوجائے تو اس کی اخلاقی تربیت شروع کریں گے۔ والدین کو چاہیے کہ بچپن ہی سے اولاد کی تربیت پر بھرپور توجہ دیں کیونکہ اسکی زندگی کے ابتدائی سال بقیہ زندگی کیلئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ بھی ذہن میں رہے کہ پائیدار عمارت مضبوط بنیاد پر ہی تعمیر کی جاسکتی ہے جو کچھ بچہ اپنے بچپن میں سیکھتا ہے۔ وہ ساری زندگی اسکے ذہن میں رہتا ہے۔ کیونکہ بچے کا دماغ مثل موم ہوتا ہے اسے جس سانچے میں ڈھالا جائے ڈھل جاتا ہے۔ بچے کی یادداشت ایک خالی تختی کی مانند ہوتی ہے اس پر جو لکھا جائے ساری عمر کیلئے محفوظ ہوجائے گا۔ بچے کا ذہن خالی کھیت کی مثل ہے اس میں جیسا بیج بویا جائیگا اسی معیار کی فصل حاصل ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ اگر اسے بچپن ہی سے سلام کرنے میں پہل کرنے کی عادت ڈالی جائے تو وہ عمر بھر اس عادت کو نہیں چھوڑ یگا اگر اسے سچ بولنے کی عادت ڈالی جائے تو وہ ساری عمر جھوٹ نہیں بولے گا۔ اگر اسے سنت کے مطابق کھانا پینا، بیٹھنا، جوتا، لباس پہننا وغیرہ کا عادی بنادیا جائے تو وہ نہ صرف ان پاکیزہ عادات کو اپنائے گا بلکہ یہ عادات دیگر بچوں میں بھی منتقل ہونا شروع ہوجائیں گی۔

**بچوں سے محبت کیجئے!:** بچوں کی دیرپا تعلیم و تربیت کیلئے ان سے ابتداء ہی سے شفقت و محبت کیساتھ پیش آنا چاہیے چونکہ حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت کرتی ہیں کہ حضور پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”بے شک جنت میں ایک گھر ہے جسے ”الفرح“ کہا جاتا ہے اس میں صرف وہی لوگ داخل ہوں گے جو بچوں کو خوش کرتے ہیں“۔ (جامع صغیر، ص ۱۴۰)

**بچوں پر خرچ کیجئے!:** اپنے بچوں اور اہل خانہ پر دل کھول کر خرچ کیجئے چنانچہ حضور ﷺ کا ارشاد پاک ہے ”جو شخص (ناجائز چیزوں) سے بچنے کیلئے خود پر خرچ کریگا اور جو کچھ اپنی بیوی، بچوں اور گھر والوں پر خرچ کریگا صدقہ ہے۔ (مجمع الزوائد، کتاب الزکوٰۃ)۔ ایک اور جگہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد پاک ہے ”ایک دینار وہ ہے جسے تم اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہو ایک دینار وہ جسے تم غلام پر خرچ کرتے ہو، ایک دینار وہ جسے تم مسکین پر خرچ کرتے ہو، ایک دینار وہ جسے تم اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتے ہو ان میں سب سے زیادہ اجر اس دینار پر ملے گا جسے تم اپنے اہل و عیال پر خرچ کرتے ہو۔ (صحیح مسلم)

**بچوں کو رزق حلال کھلائیے:** اپنے گھر والوں کو رزق حلال کھلائیے کہ اسکی بڑی برکتیں اور فضائل ہیں۔ چنانچہ حضور ﷺ نے فرمایا ”جو شخص اس لیے حلال کمائی کرتا ہے کہ سوال کرنے سے بچے، اہل وعیال کیلئے کچھ حاصل کرے اور اپنے پڑوسی کیساتھ حسن سلوک کرے تو وہ قیامت میں اس طرح آئے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکدار ہوگا“ (شعب الایمان)۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ”جو شخص لگاتار حلال کی روزی کماتا ہے اور حرام کے لقمہ کی آمیزش نہیں ہونے دیتا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو اپنے نور سے روشن کردیتا ہے اور حکمت کے چشمے اس کے دل سے جاری ہوجاتے ہیں۔ (کیمیائے سعادت جلد اوّل، ص ۳۴۴)

**کسی ایک بچہ کو پسند کا ٹائٹل دینا درست نہیں:** ماں باپ کو بچے تو سب ہی پیارے ہوتے ہیں لیکن ایک عجیب طرز اردگرد نظر آتا ہے اس طرز کے پیچھے والدین اور زیادہ تر ماں کا ہاتھ ہوتا ہے اور یہ طرز ”پسند کا ٹائٹل“ ہے کہ اپنے کسی ایک بچے کو دے دینا وجہ کوئی بھی ہوسکتی ہے۔ جیسے شکل وصورت، قابلیت یا اپنی ہر بات منوانا اور اس بچے کا مان جانا۔ اس لیے اس بچے کو میٹھی نظروں سے دیکھا جاتا ہے اور باقی بچوں پر اسے فوقیت دی جاتی ہے۔ اس وجہ سے اس کے سگے بہن بھائی آگاہ ہوجاتے ہیں بلکہ رشتہ دار، گھر والے بھی واقف ہو جاتے ہیں۔ ایسے بچے کیلئے ماں کا چہیتا یا سگا کے لفظ ادا کئے جاتے ہیں اس طرح کی اہمیت کسی ایک بچے کیلئے باقی بچوں کی حق تلفی اور احساس کمتری کا باعث بنتی ہے اور بعض اوقات والدین سے دوری کا باعث بھی بنتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی ہلکی ہلکی بغاوت کے جراثیم بھی پیدا ہوجاتے ہیں۔ ایسے بچوں کی ذہنی نشوونما بھی صحیح نہیں ہوپاتی (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

آنکھ شفاء موسمی و بائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا، غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو، آنکھوں کی جلن، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# ڈاکٹرز مایوس تھے مگر بیٹے کو قرآنی اعمال بچا گئے!

(زیبا اشفاق، سانگھڑ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اور آپ کی نسلوں کے لیے جتنی دعائیں کی جائیں کم ہیں۔ زندگی جینے کا صحیح طریقہ آپ ہی نے سکھایا ہے۔ اللہ پاک تاقیامت عبقری کو جاری رکھے‘ آپ کی اور عبقری کی تعریف میں جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔ میں کچھ تجربات مشاہدات بتانا چاہتی ہوں تاکہ عبقری کے اس انسانیت کے ہمدرد سلسلے میں کہیں میرا بھی نام آجائے۔ میرے بیٹے کے جسم پر اچانک لال رنگ کے ذرات نظر آنے لگے‘ میں گھبرا گئی پھر نیلے رنگ کے بڑے بڑے دھبے بھی پڑ گئے شام تک پورا جسم بھر گیا ہم فوراً ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے۔ انہوں نے کہا کہ فوراً اس کے بلڈ ٹیسٹ کروائیں۔ ہم نے کروائے اور رپورٹ چیک کروائی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے بچے کا بلڈ سسٹم بالکل خراب ہوگیا ہے اس کے سفید سیل بہت کم صرف 2500 رہ گئے ہیں‘ اس کو ذرہ بھی خراش نہ آئے ورنہ خون کو روکنا ناممکن ہوگا۔ اس سے پہلے بتاتی چلوں کہ بلڈ ٹیسٹ کرنے سے کچھ ہی گھنٹے پہلے میرے بیٹے نے جسم پر مچھر کے کاٹے پر خارش کی اور وہاں سے خون بہنے لگا وہ سویا ہوا تھا جب اٹھا تو سفید شلوار پر خون کے دو بڑے دھبے دیکھ کر میری جان نکل گی فوراً صاف کیا تو سمجھ آیا کہ مچھر کے کاٹے والی جگہ سے خون بہہ رہا ہے اس وقت مجھے پتا نہیں تھا کہ اس کا سفید سیل کا مسئلہ ہے اور خون نہیں رکے گا۔ میں نے چار مرتبہ ٹشو رکھا مگر ہر ٹشو پانچ منٹ بعد خون سے بھر جاتا‘ چھوٹا سا مسام جتنا سوراخ اور خون بہتا رہا پھر مجھے زم زم پڑھنے کا خیال آیا۔ میں نے اللہ کا نام لے کر ٹشو رکھا اور زم زم پڑھنا شروع کیا یقین جانیے اس کے بعد مجھے دوسرے ٹشو کی ضرورت نہ پڑی۔ خون وہیں رک گیا زم زم کی برکت سے۔ یہ عبقری میں ہی پڑھا تھا خیر بعد میں عثمان کو ہسپتال میں نو دن آئی سی یو میں رکھا۔ ڈاکٹر بہت حیران ہوئے جب میں نے ان کو اسکے خون رکنے کا بتایا پھر ڈاکٹر نے کہا ہمیں اس کی Biopcy جو گردن سے ہوتی ہے ٹشو لگا کر ٹیسٹ کرتے ہیں چھوٹا سا آپریٹ کر کے اور بون میرو بھی کرنا پڑے گا تاکہ پتہ چلے کہ بلڈ کینسر یا خدانخواستہ تھیلیسیمیا نہ ہو۔ ہم بہت ڈر گئے مگر یہ سب ضروری تھا‘ ہم تیار ہوگئے ۔اس پورے عرصے میں میں اور میرا شوہر دوانمول خزانہ، آیات شفاء اور خاص طور پر افحسبتم اور اذان والا عمل بہت یقین سے کھلا کرتے رہے۔ خیر بارہ دن تک ہم ہسپتال میں رہے لیکن ان 12 دنوں میں ہم پر اللہ نے بہت کرم کیا۔ میرے ساتھ چار ماہ کی چھوٹی بچی بھی تھی جب میں آئی سی یو میں گئی تو میرے شوہر بچی کو لے کر ویٹنگ روم میں بیٹھتے جب وہ روتی پھر میں آجاتی اور شوہر آئی سی یو چلے جاتے‘ بیٹے کے پاس 12 دن ہم نے آئی سی یو اور ویٹنگ میں ہی آتے جاتے گزارے۔ رات کو بھی یہی سلسلہ چلتا رہا۔ پھر میری امی بھی آگئیں تو کچھ سکون ہوا لیکن اللہ نے بہت کرم کیا میری چار ماہ کی بچی نے ذرہ بھی تنگ نہ کیا۔ 12 دن بعد ہم گھر آگئے‘ بیٹے کی تمام رپورٹس بالکل صاف تھیں۔ ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ اس بچے کے اندر کمزوری اتنی ہوگئی تھی کہ اسکے اچھے اور برے جراثیم آپس میں لڑ پڑے خیر ہمیں ان کی بات کچھ سمجھ نہ آئی۔ ہسپتال جاتے وقت میرے جیٹھ نے (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

# ہر بُری علت، نشہ اور عادت سے چھٹکارا! میرا آزمودہ عمل

(قسط نمبر 6) (تجرباتِ رومی)

قارئین السلام علیکم! فٹ بال کے بعد دنیا میں مقبول ترین کھیل کرکٹ ہے‘ جنوبی ایشیاء اور خاص طور پر پاکستان‘ انڈیا‘ بنگلہ دیش اور سری لنکا میں بہت زیادہ دیکھا جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں بھی کرکٹ کا جنون ہے‘ سکول جانا اور وہاں ماحول ہر طرف کرکٹ کا ہی ملا‘ تو کرکٹ کے اس بخار میں میں بھی مبتلا ہوگیا‘ میرے والد کھیل کے خلاف نہیں مگر وقت کے ضیاع کے سخت خلاف ہیں‘ میں نے بہت زیادہ کرکٹ کھیلنا شروع کردی‘ اس کیلئے خصوصی کٹ منگوائی‘ کرکٹ کا تمام سامان خریدا‘ سکول میں‘ دوستوں میں‘ ملنے جلنے والوں سے ہر وقت کرکٹ کی ہی باتیں کرتا۔ میرے باقی معمولات ختم ہوتے جارہے تھے جس کی وجہ سے میرے والد محترم بہت پریشان ہوئے۔ فرمان شیخ الوظائف ’’جو بندہ سارا دن صرف کرکٹ کھیلتا ہے وہ نہ دنیا کا رہتا اور نہ آخرت کا رہتا ہے‘‘۔ جب بھی میرے والد محترم مجھے کھیلتا دیکھتے وہ یَامَانِعُ پڑھنا شروع کردیتے۔ میں اپنے والد کے دفتر میں جا کر کمپیوٹر پر کرکٹ کے پرانے میچز شوق سے دیکھتا تھا۔ مجھے شوق نہیں جنون تھا۔ میرے دادا رحمۃ اللہ علیہ کو بھی یہ کھیل پسند نہ تھا کیوں کہ اس میں سراسر وقت کا ضیاع ہے۔ والد صاحب کے بار بار متوجہ کرنے پر میں نے بھی سارا دن یَامَانِعُ پڑھنا شروع کردیا‘ عمل کرتا رہا‘ کبھی عمل چھوٹ جاتا تھا کبھی پھر شروع ہو جاتا تھا۔ والد صاحب مجھے منع نہیں فرماتے تھے لیکن انہوں نے بھی یہ عمل نہیں چھوڑا۔ میں کرکٹ کی مخالفت نہیں کر رہا بس اس کھیل میں وقت کا ضیاع بہت ہوتا ہے۔ کرکٹ سے میرا آہستہ آہستہ دل اٹھنا شروع ہوگیا۔ اب یہ وقت ہے کہ میرے کزن کہتے ہیں کہ کھیلو لیکن میرا دل بالکل بھی نہیں چاہتا۔ رات ایک تسبیح اس نیت سے پڑھتا تھا‘ جو میں نے کرکٹ کی کٹ منگوائی تھی اب وہ کٹ شاپر میں پیک پڑی ہے۔ اب میں سوچ رہا ہوں کسی کو دے دوں۔

الحمد للہ! اللہ نے اس وقت ضائع کرنے والے کھیل سے جان چھڑوا دی اور اللہ تعالیٰ میری قیامت تک کی نسلوں کو اس سے حفاظت میں رکھے اور جو چاہتا ہے کہ اس سے جان چھوٹ جائے تو وہ ’’یامانع‘‘ کا اہتمام کرے۔ صرف کرکٹ کے لیے نہیں۔ ہر بُری لت، بری عادت اور گناہ سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے یَامَانِعُ آپ کے لیے ایک تحفہ ہے۔ پڑھیں اور فیض پائیں۔ ان شاء اللہ اگلی قسط میں آپ کے لیے اور موتی لے کر حاضر ہوں گا۔

## 20 سال سے آزمودہ نسخہ! بال گھنے‘ لمبے سیاہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ میں نے 20 سال پہلے آزمایا تھا‘ ایک ڈائجسٹ سے لیا تھا‘ میرے بال جو کہ دوشاخہ ہوکر گردن کے نیچے ہی نہیں جاتے تھے‘ تقریباً دو فٹ لمبے ہوئے۔ **ھوالشافی:** پچاس گرام سکاکائی‘ پچاس گرام آملے‘ پچاس گرام بہیڑے‘ پچاس گرام ریٹھے۔ سب چیزوں کو کوٹ کر چار کلو پانی میں بھگو کر دھوپ میں چار دن بھگوئے رکھیں‘ اس کے بعد ابال لیں‘ جب پانی دو کلو رہ جائے تو چولہے سے اتار لیں اور پانی چھان کر سب چیزیں الگ کرلیں اور اس پانی میں آدھا کلو سرسوں کا تیل ڈال کر دوبارہ چولہے پر رکھ دیں‘ ہلکی آنچ پر اتنا پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے‘ یہ تیل بالوں کیلئے استعمال کریں۔ انتہائی لاجواب اور بے ضرر چیز ہے۔ (فوزیہ بخاری‘ لاہور)

خون افزاء ٹانک

خون بنانے والی گولیاں

☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے‘ جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ‘ اسٹریس‘ ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔

قیمت:-/120 روپے

# عمر چاہے 85 سال ہو! مگر دماغ کبھی بوڑھا نہ ہوگا!

طلحہ علی، حیدرآباد

## کیا آپ کو معلوم ہے دماغ کبھی بوڑھا نہیں ہوتا!

بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ دماغ کو جتنا زیادہ استعمال کریں گے اتنا ہی اس کی افزائش ہوگی۔ آپ کے جسم میں آپ کا دماغ ہی وہ واحد مرکب شکل ہے جو آپ کے بدن کے دیگر اعضاء کی طرح بوڑھا نہیں ہوتا یا جس پر عمر رواں کے گزرتے پل منفی اثر نہیں ڈالتے بشرطیکہ آپ مسلسل اس سے کام لیتے رہیں غذائی ماہرین تو دماغ کے درست حالت میں کام کرتے رہنے کے لیے کچھ ادویات بھی تجویز کرتے ہیں جس سے وہ ہمہ وقت متحرک اور بہتر حالت میں رہ سکتا ہے۔ اسی طرح دماغی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے کچھ ورزشیں بھی تجویز کی جاتی ہیں مشاہدے میں آیا ہے کہ اگر کوئی انسان اپنے دماغ سے زیادہ کام نہیں لیتا تو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کی دماغی صلاحیتیں زنگ آلود ہونا شروع ہوجاتی ہیں پھر رفتہ رفتہ اس کی یادداشت کمزور ہونے لگتی ہے یا دھندلاہٹ کا شکار ہوجاتی ہے اور پھر آخر کار وہ نسیان کے مرض کا مستقل مریض بن جاتا ہے جبکہ ایک متحرک دماغ آپ کو ہمہ وقت خوش وخرم اور اچھے احساسات سے سرشار رکھتا ہے۔

## 15 طریقے اپنائیے! دماغی طاقت بڑھائیے!

ماہرین کے مطابق درج ذیل پندرہ طریقوں پر عمل کرکے آپ اپنی دماغ کی حالت درست اور کارکردگی بہتر بنا سکتے ہیں۔

**(۱) کھیلوں میں حصہ لیں:** جن سے آپ کا دماغ سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لائے مثلاً تصویری معمے، تدبیر لڑانا، الفاظ کی شکلیں تبدیل کرنا (سکریبل وغیرہ)، تصوراتی معمے اور بصری التباس وغیرہ۔

**(۲) مطالعہ کی عادت اپنائیں:** یہ آپ کے خیالات کو جلا بخشتا ہے۔ مطالعہ سے آپ کی یادداشت قوت پکڑتی اور مضبوط ہوتی ہے خاص طور پر تجسس آمیز یعنی پراسرار کہانیاں پڑھتے ہوئے آپ کی قوت متخیلہ بہت طاقتور ہوجاتی ہے۔ آپ کو سوچ بچار اور مسائل کا حل ڈھونڈنے کے قابل بناتی ہے۔

**(۳) ورزشیں:** ورزش دوران خون تیز کرکے دماغ کو زیادہ مقدار میں آکسیجن فراہم کرتی ہیں جس سے نہ صرف یہ کہ دماغی صلاحیت جلا پاتی ہے بلکہ نئے عصبی خلیے بھی پیدا ہوتے ہیں جس سے دماغ صحت منداور تندرست رہتا ہے اور آپ کو خود کو ہمیشہ چاک وچوبند پاتے ہیں۔

**(۴) آئی کیو لیول میں بہتری:** حالت استغراق میں رہ کر دماغ سوزی کرنا بھی آپ کے دماغ کے لیے فائدہ مند ہے۔ سوچ کے ارتکاز سے آپ کے آئی کیو میں خاطر خواہ بہتری آتی ہے۔ ذہنی دباؤ کم ہوتا ہے اور دماغی صلاحیت دوچند ہوجاتی ہے۔ عمل ارتکاز سے دماغ کے سامنے کا وہ حصہ بہت تحریک پکڑتا ہے جو فوری سوچنے اور کچھ کر گزرنے کی صلاحیت کا ذمہ ہے۔

**(۵) دماغ کو آکسیجن پہنچائیے:** گہرے اور لمبے سانس لینے سے بھی دماغ کو آکسیجن کی زیادہ مقدار میسر آتی ہے۔ آکسیجن آپ کو چاک وچوبند رکھنے کے کام آتی ہے۔ دس سے پندرہ منٹ تک روزانہ لمبے لمبے گہرے سانس کھینچنے سے آپ کا دماغ آپ کو سارا دن مستعد رکھتا ہے۔

**(۶) یادداشت بہتر:** مچھلی کے تیل سے تیار مرکبات کھانے سے یادداشت بہتر ہوتی ہے مچھلی کے تیل میں شامل دو بنیادی اجزاء ڈی ایچ اے اور ای پی اے دماغ کے اس حصے کو تقویت پہنچاتے ہیں جو مرکز سوچ و بچار، منبع جذبات ہوتا ہے۔

**(۷) تلاوت سننے کا فائدہ:** تحقیق سے یہ بات بھی ثابت شدہ ہے کہ تلاوت قرآن کریم سننے سے دماغ میں داہنی طرف موجود بیضوی خطوط مضبوط ہوتے ہیں۔ تلاوت قرآن کی آواز کی لہریں دماغ کے ڈھانچے تک کو تبدیل کردیتی ہیں۔ تلاوت سننے والے جذباتی رو میں بھی ذہانت اور عقل کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔ جو دوسرے لوگوں میں نہیں ہوتی۔

**(۸) تحریر کا شغل:** یادداشت بہتر بنانے اور خیالات کی تجسیم و اظہار کا بہترین ذریعہ ہے۔ بلاگرز یا رسالوں کے لیے مضامین لکھنے لکھانے کا سلسلہ خیالات کی رو کو تیز کرتا دماغ کو متحرک رکھتا ہے جس سے دماغ کی کارکردگی میں بے تحاشا اضافہ ہوتا ہے۔

**(۹) نیند پوری کیجئے:** نیند منتشر خیالات اور مخمصے کی کیفیات کو ختم کرتی ہے۔ جب آپ رات کو حسب ضرورت سوتے نہیں ہیں تو آپ کی یادداشت اور دماغ کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

**(۱۰) قدرتی حسن کی تصویر کشی:** مصوری آپ کی تخلیقی سوچ کو مہمیز عطا کرتی ہے۔ اس سے آپ کا تخلیقی جوہر نشوونما پاتا ہے۔ بے شک آپ نے پہلے کبھی مصوری نہ کی ہو تب بھی ایک بار کوشش کر دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ آپ یقیناً خود میں ایک زبردست مثبت تبدیلی محسوس کریں گے جس سے آپ کو طمانیت قلب کا احساس ہوگا۔

**(۱۱) پرلطف ناشتہ:** اچھے اور پرلطف ناشتے سے دن کا آغاز دماغ اور جسم کو مطلوب بھرپور توانائی فراہم کرتا ہے جو دن بھر کے لیے اسے درکار ہوتی ہے۔ ناشتہ نہ کرنا آپ کے جسم اور دماغ دونوں کے لیے مضر صحت ہے۔ اس لیے صبح کا ناشتہ کبھی نہ چھوڑیں۔ اس کے بجائے دوپہر کا کھانا ترک کریں اور بھوک کی صورت میں پھل، کچی سبزیوں کا سلاد یا سٹہ کھائیں۔ رات کا کھانا جلدی کھائیں اور سونے سے پہلے نیم گرم دودھ کے ساتھ بادام روغن پئیں۔

**(۱۲) سیر نہ کرنے کا نقصان:** سیر کرنے سے نہ صرف جسمانی صحت کو فائدہ حاصل ہوتا ہے بلکہ اس سے آپ کا دماغ بھی پراگندہ خیالات اور ذہنی الجھنوں سے محفوظ رہتا ہے۔ سیر آپ کے دماغ کو ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہونے اور اذیت ناک سوچوں سے بچالیتی ہے۔

**(۱۳) تازہ پھلوں کا جوس:** تازہ پھلوں کا جوس نہ صرف طبیعت کو فرحت بخشتا ہے بلکہ اس میں موجود غذائی اجزاء دل ودماغ کے لیے تقویت کا باعث بنتے ہیں۔

**(۱۴) چائے، کافی سے پرہیز:** چائے، کافی یا اسی قسم کی کوئی چیز پینے سے دماغ جلد تحریک پکڑتا اور زیادہ چوکس ہوجاتا ہے کیونکہ اس میں موجود کیفین اس کی کارکردگی تیز کردیتی ہے۔ مگر اس کے زیادہ استعمال سے گریز کرنا چاہیے۔

**(۱۵) لائنیں کھینچیں:** تجریدی آرٹ قسم کے خاکے بنانا بھی ایک دلچسپ مشغلہ ہے، کچی پنسل لے کر کاغذ پر آڑی ترچھی لکیریں کھینچتے رہیے اور پھر انہیں ایک مربوط سوچ کی حامل شکل میں تبدیل کرکے دماغ سوزی کریں۔ اس سے دماغ تیز ہوگا۔


ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سوفیصد شفاء

ستر شفائیں

دل کے والوکھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران

جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید

لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بار ہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# حبس کے دنوں میں جوؤں کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟

نرگس ارشد، راولپنڈی

## سکارف اور دوپٹہ اوڑھنے والی بچیوں میں جوؤں کی شکایات

موسم گرما عروج پر ہے اور ساتھ شدید حبس کے دن چل رہے ہیں' جہاں گرمی کی شدت کو برداشت کرنا پڑتا ہے وہاں اس سے منسلک کئی مسائل کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ ان میں خواتین اور بچوں میں سب سے اہم اور بڑا مسئلہ ''جوؤں'' کا ہے۔ گرمیوں میں چونکہ پسینہ وافر خارج ہوتا ہے اور سر کے بالوں میں بھی پسینہ رہتا ہے اس وجہ سے بالوں میں جوؤں پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہیں' خاص طور پردہ خواتین یا بچیاں جو گرمیوں میں ہر وقت اپنے سر پر اسکارف باندھے رکھتی ہیں ان میں جوؤں کی شکایات زیادہ ملتی ہیں' ایسا اس لیے بھی ہوتا ہے کہ سر کو مسلسل باندھ کر رکھنے سے بالوں میں پسینہ جمنا شروع ہو جاتا ہے اگر بالوں کو کھلا چھوڑ دیا جائے تب یہ خشک ہو سکتا ہے' ورنہ گیلا سر خواہ وہ پسینے سے ہو یا پانی سے جوؤں کی بہترین آماجگاہ ہے۔ جوئیں خون چوستی ہیں اور اس شدت سے سر کی جلد پر حملہ آور ہوتی ہیں کہ خارش اور الرجی کی شکایت ہونے لگتی ہے۔ جوؤں کی شکایت ہر گھر کا ایک عام مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ خاص طور پر سکول جانے والے بچے اس سے کسی طور پر بھی محفوظ نہیں رہ سکتے ہیں۔ جوؤں کے انڈے بہت ننھے منے، باریک اور پیلے یا زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ ان کی یہ شکل انڈے سے نکلنے کے بعد بنتی ہے۔ جوئیں بالوں کی جڑوں یعنی کھوپڑی میں انڈے دیتی ہیں۔ جہاں سر کا درجہ حرارت انہیں گرمی دیتا ہے جب تک وہ جوؤں کی شکل اختیار نہیں کر لیتی (Nits) انڈوں کی شکل میں سر میں موجود رہتے ہیں۔ Nits دکھنے میں بالکل سر میں موجود خشکی کی طرح ہی دکھنے لگتی ہے جس کی وجہ سے اگر سر میں خشکی موجود ہو تو اسے پہنچانا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہ (Nits) جنہیں عرف عام میں لیکھیں بھی کہا جاتا ہے بالوں میں برش یا کنگھا کرنے اور مساج کرنے سے نہیں ختم ہوتیں اور یہ بڑی تیزی سے پھیلنا اور سر کو گھیرنا شروع کر دیتی ہیں۔ خاص طور پر بچوں کے بالوں میں انہیں بآسانی دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ خارش یا الرجی ہر ایک کے بالوں میں ہو یہ اس بات پر منحصر ہے کہ بچے کے سر کی جلد کس قسم کی ہے یا یہ کہ جلد کس حد تک حساس ہے؟ لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ جوؤں کی موجودگی میں سر میں خارش یا کھجلی کی شکایت نہ ہوا۔ اگر یہ شکایت زیادہ شدت اختیار کر جائے تو پھر ڈاکٹر سے رجوع کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر ایسی صورت میں اینٹی لائس شیمپوز، کریم یا پھر لوشنز تجویز کرتے ہیں جو کہ جوؤں کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں لیکن مختلف تجربات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ایسا صرف چند دنوں یا ہفتوں کے لیے ہی ہوتا ہے۔ یہ Medicated لوشنز، شیمپو اور کریم کسی صورت جوؤں کا مکمل خاتمہ نہیں کرتے اور نہ ہی ان سے مکمل طور پر سر پر ہونے والی خارش کا خاتمہ ہوتا ہے۔ ان میڈیکلی چیزوں کا زیادہ استعمال سر کو نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔ اسی لیے ان دواؤں کو صرف اس حد تک استعمال کرنا چاہیے جس حد تک ڈاکٹر کی ایڈوائس ہو۔ اگر دواؤں کا مستقل استعمال نہ کیا جائے تو علاج فائدہ مند نہیں ہو سکتا لیکن یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ دوائیں اس مسئلے کا مستقل حل نہیں۔ جوؤں کا خاتمہ مستقل مزاجی اور لمبے مرحلے کا تقاضا کرتا ہے۔

## جوئیں ایک سر سے دوسرے میں کیسے منتقل ہوتی ہیں؟

جوئیں جنہیں طبی اصطلاح میں ''Pediculosis'' کہا جاتا ہے خون چوسنے والے پیراسائٹس ہوتے ہیں اور سر میں بالوں کے اندر نشوونما پاتے ہیں ان کی وجہ سے سر میں شدید خارش اور کھجلی محسوس ہوتی ہے۔ ویسے تو جوئیں ہر عمر کے افراد میں پیدا ہو سکتی ہیں لیکن بچوں خصوصاً بارہ سے تیرہ سال کے بچے اس کا زیادہ شکار ہوتے ہیں ایک اندازے کے مطابق ہر دس میں سے ایک بچہ جوؤں سے متاثر ہوتا ہے کیونکہ سکول جانے' ایک ساتھ اٹھنے بیٹھے، کھیلنے اور دوسری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے دوران یہ جوئیں بڑی آسانی سے ایک سر سے دوسرے میں منتقل ہو جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ ذاتی استعمال کی اشیاء جیسے کنگھی، برش، تولیہ، اسکارف، کوٹ، ٹوپی، ہیئر بینڈز اور ہیڈ فون وغیرہ شیئرز کرنے سے بھی تیزی سے پھیلتی ہیں۔ جوئیں انسانی سر میں تیس دنوں تک زندہ رہ سکتی ہیں۔ چائنہ کی تحقیق سے یہ بات بھی ثابت ہوئی ہے کہ جوئیں بالوں سے مطابقت رکھنے کے لیے اپنا رنگ بھی تبدیل کر سکتی ہیں عام طور پر یہ سیاہ اور گہرے سرمئی اور سفید رنگ کی ہوتی ہیں۔ جوؤں کا اگر ہر وقت تدارک نہ کیا جائے تو یہ سر کو شدید متاثر کرتی ہیں بالوں کی جڑوں کو کمزور کر دیتی ہیں اور مسلسل خارش سے بال ٹوٹنے لگتے ہیں اور انفیکشن کا خطرہ بھی پیدا ہونے کا احتمال رہتا ہے۔ جوؤں سے نجات کے لیے مندرجہ ذیل طریقوں کو اپنایا جا سکتا ہے۔

## سر سے جوئیں ہمیشہ کیلئے ختم کرنے کے آزمودہ ٹوٹکے

☆ بچوں کے سر سے جوؤں کو ختم کرنے کے لیے تلسی کے پتے دھو کر پیس لیں اس پیسٹ کو بالوں کی جڑوں میں لگا کر رات بھر کپڑا باندھ کر چھوڑ دیں اگلے دن صبح کپڑا ہٹا کر سوکھ جانے والے پتوں کو سر سے جھاڑ لیں اور کنگھی کر لیں تھوڑے سے نیم کے پتے اُبال کر ایک بالٹی پانی بنا لیں پھر بالوں میں شیمپو کریں اور پانی ڈالتے جائیں اور کنگھی کرتے جائیں جب شیمپو بالوں سے بالکل صاف ہو جائے تو ایک چوتھائی چائے کا چمچہ زیتون کا تیل، دو قطرے لیموں کا رس ملا کر گیلے بالوں کی جڑوں میں لگا کر نیم گرم پانی میں تولیہ بھگو کر نچوڑ کر بالوں میں لپیٹ دیں کچھ دیر بعد تولیہ ہٹا کر بالوں کو خشک کر کے باندھ لیں ایک دو دفعہ یہ عمل کرنے سے جوؤں کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا تلسی کے پتوں کی تاثیر کی وجہ سے جوؤں کا دوبارہ پیدا ہونا ممکن نہیں ہوتا۔

☆ بچوں کے سر سے جوؤں کے خاتمہ کے لیے ان کے سر میں رات کو پیٹرولیم جیلی (Vasaline) بالوں کی جڑوں سے لے کر بالوں کے سرے تک لگائیں اور پلاسٹک کی شاور کیپ پہنا دیں صبح بالوں میں شیمپو کر لیں۔ اس طریقہ سے نہ صرف جوئیں مر جائیں گی بلکہ ان کے انڈے بھی ختم ہو جائیں گے۔ پٹرولیم جیلی کو بالوں سے نکالنے کے لیے تین سے چار بار ہربل شیمپو کی ضرورت ہو گی۔

☆ نیم کی نمولی کے بیج کے تیل کو سر میں لگانے سے بھی جوؤں اور لیکھوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

☆ اگر آپ کا بچہ دو سال یا اس سے بھی چھوٹا ہے تو اس کے سر میں کسی بھی قسم کا ٹریٹمنٹ خواہ وہ ہربل ہو یا طبی نہ کریں بلکہ اس کے لیے نرم دندانوں والے کنگھی کو گیلا کر کے اس کے بالوں میں کریں۔ درج بالا ٹوٹکے خود بھی آزمائیں اپنے جاننے والوں کو بھی بتائیں۔ ان شاء اللہ ان کے استعمال سے آپ اس اذیت ناک الجھن سے نجات پا جائیں گے۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے، کیل مہاسے، چھائیاں، داغ، گڑھے، پیپ دار الرجی، رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

# یکم محرم کا عمل! چالیس ہزار سال عبادت کا ثواب

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیرشرعی اعمال کی بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: محرم کے مہینے کا اعزاز واکرام کرو جس شخص نے محرم کے مہینے کا اعزاز واکرام کیا‘ اللہ تعالیٰ اس کو جنت عنایت فرمائینگے اور اس کو جہنم سے نجات دیں گے۔ (اکرام سے کثرت عبادت کی طرف اشارہ ہے) ایک اور روایت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جس نے اول محرم میں دس روزے رکھے‘ گویا اس نے دس ہزار برس کی عبادت کی کہ رات کو قیام کیا اور دن کو روزہ رکھا اور فرمایا جو شخص دوزخ کی آگ اپنے اوپر حرام کرنا چاہے‘ وہ محرم کے روزے رکھے اور فرمایا اللہ نے اس مہینے کو سب مہینوں میں برگزیدہ ہے اور فرمایا محرم کا ایک روزہ ایک سال کی عبادت سے زائد ہے اور فرمایا محرم کے مہینہ میں شب جمعہ کو عبادت کرنے والا ہے ایسا ہے گویا اس نے شب قدر پائی اور ہر رات کے بدلے انسانوں اور جنات کی عبادت کا ثواب پاتا ہے اور فرمایا محرم کی پہلی رات میں 8 رکعت نماز چار سلام سے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورہ اخلاص پڑھنے والے کو اللہ بخش دیتا ہے اور فرمایا جو شخص یہ نماز ہر مہینے کی پہلی رات کو پڑھے وہ اور اس کا مال اور اولاد مصیبتوں اور شرور سے محفوظ رہے گا اور ہر رکعت کے بدلے ایک سال کی عبادت کا ثواب پائے گا اور فرمایا جو شخص محرم کی پہلی رات کو چار رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ہر رکعت کے بدلے چالیس ہزار سال کی عبادت کا ثواب پائیگا اور فرمایا جو شخص محرم کی پہلی رات میں دو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ انعام پڑھے تو گناہوں سے یوں پاک ہوگا جیسے ابھی پیدا ہوا ہے اور ہر حرف کے بدلے جنت میں ایک حور پائیگا۔

# محرم الحرام! نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہ چار عمل کبھی نہ چھوڑتے

**پہلی شب:۔** جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر سلام کے بعد تین مرتبہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے نامہ اعمال میں بے شمار نیکیاں لکھتا ہے‘ جو کوئی یکم محرم الحرام کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا مانگے: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَ الْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَائِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَّ مِنَ الْبَلَاءِ وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِ شْتِغَالِ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا بَرُّ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِ كْرَامِ ٥ تو بفضلِ باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پروردگار عالم اس شخص کو شیطان کے شر سے محفوظ رکھے گا اور اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ اس کے رزقِ حلال میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔ **نفلی روزے:۔** حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ چار چیزیں ہیں جنہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نہیں چھوڑتے تھے۔ عاشورہ کا روزہ‘ ذی الحجہ کے روزے (ایک سے نو تک) ہر مہینہ کے تین روزے‘ دو رکعتیں فجر کی فرض (نماز) سے پہلے (نسائی) ایک اور حدیث پاک میں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سوائے یوم عاشورہ کے روزہ کے کسی روزہ کا قصد کرتے نہیں دیکھا اور سوائے رمضان کے کسی پورے مہینے کے روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ (بخاری شریف)

# ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 9 اگست بروز اتوار صبح 10 بجے سے لیکر 11 بجکر 21 منٹ تک۔ 21 اگست بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 31 اگست بروز پیر رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 19 منٹ تک۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا‘ اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

## گرمیوں میں ہونے والے نزلہ زکام کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چار سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں‘ لاجواب وظائف اور ٹوٹکوں نے میری زندگی کے بڑے بڑے مسائل ایسے حل کیے کہ میں بعض اوقات خود حیران ہوتی ہوں‘ میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے کہ اگر گرمیوں میں بھی نزلہ زکام اور کیرا ختم نہ ہوتا ہو تو یہ آزمائیے۔ ھوالشافی: ایک پاؤ بھنے ہوئے چنے‘ آدھ پاؤ کوزہ مصری ملا کر پیس کر روزانہ صبح ایک سے دو چمچ لازمی کھائیں۔ لاجواب چیز ہے۔ (بنت سید سوار شاہ، لاہور)

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ

# علامہ ابن عربی کے مستند روحانی وظائف

## ملازمت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کو اچھی جگہ ملازمت مل جائے اور باعزت روزی کا سامان پیدا ہوجائے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ عمل یہ ہے: بعد نمازِ عشاء باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو75 بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پھر باعزت ملازمت کی دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہترین جگہ ملازمت مل جائے گی۔ درود شریف نماز والا پڑھیں۔ عزت کا مقام حاصل کرنے کے لیے عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے دشمنوں کے شر سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نمازِ عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَاعَزِیْزُ پڑھے آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت وعظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہونگے۔

## بہن بھائی، بھائی بھائی میں لڑائی

بعض بچے شرارتی ہوتے ہیں اور بہن بھائی یا بھائی بھائی ہر وقت لڑتے رہتے ہیں اور ان کا جھگڑا کسی صورت ختم ہونے میں نہیں آتا۔ اس کے لیے ایک سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر تکیہ پر دم کرلے اسی طرح ایک سو بار پڑھ کر دوسرے کے تکیہ پر دم کیا جائے اور وہ تکیے الگ الگ استعمال کریں یعنی ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے اس کی آسان شکل یہ ہے کہ دونوں کے تکیوں کے غلافوں کا رنگ الگ الگ ہوتا کہ پہچان رہے یا ان کے نام لکھ دیئے جائیں۔ یہ عمل چالیس روز کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس کی لڑائی ختم ہوجائے گی۔ گھر میں امن وسکون ہوجائے گا۔ دلوں سے نفرتیں ختم ہوجائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ (سورہ طارق)

### شیطان کے شر، چوری، ناگہانی موت سے حفاظت

جو شخص رات کو سوتے وقت اول تین بار درود شریف اور اکیس بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور آخر میں درود شریف پڑھ کر سوئے گا تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ اس رات میں شیطان کی شرارت، چوری، ڈاکے، ناگہانی موت اور تمام آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا اور اس رات اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

## بچہ کا رونا اور ضد کرنا

جو بچہ بلاوجہ ضد کرتا ہو اور روتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت ایک کاغذ پر باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا رونا بند ہوجائے گا۔ وہ آیت اور کلمات یہ ہیں: وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (طٰہٰ ۱۰۸) وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

## تبادلہ کرانے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی دوسری جگہ تبادلہ ہوکر چلا گیا ہے اور واپس اپنی پرانی جگہ آنا چاہتا ہے یا کوئی ایک شعبہ سے دوسرے شعبہ میں تبادلہ کرانا چاہتا ہے لیکن رکاوٹ ہورہی ہے تو اس کیلئے عشاء کی نماز کے بعد باوضو اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھا کرے۔ یہ عمل چالیس دن کرے اور عمل کے بعد دعا کرے۔ اگر درمیان میں ناغہ ہوجائے تو دوسرے دن دوگنا پڑھ لے یعنی بیاسی بار پڑھ لے۔ ناغہ نہ کرے تو بہتر ہے۔

## پیشاب رک رک کر آنا

بعض مرتبہ پتھری کے سبب پیشاب رک رک کر قطرہ قطرہ آتا ہے۔ اس کے جاری کرنے کیلئے صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب گیارہ بار یہ کلمات باوضو پڑھ کر اپنے پیٹ پر پھونک مارے۔ وہ کلمات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

# پنڈلیوں اور ٹانگوں کے پٹھوں کا بیکار ہونا

اگر خدانخواستہ کسی کی ٹانگوں کے پٹھے کمزور ہوگئے ہوں اور بار بار پنڈلیوں کی ایک نس دوسری پر چڑھ جاتی ہے یا پٹھوں کی کمزوری کے سبب چلنے میں دشواری ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ کالے تلوں کا تیل آدھا کلو کسی لکڑی کے کولہو سے نکلوائیں۔ تیل کیلئے تل اتنی مقدار میں لیں کہ ان کا آدھا کلو تیل نکل آئے۔ اس تیل کو کسی بڑی بوتل میں رکھ لیں جس میں ڈھکن یا کارک لگا ہو۔ اس بوتل پر گیارہ ہزار بار باوضو یہ کلمات پڑھ کر دم کریں۔ اگر ایک نشست میں پڑھنا مشکل ہو تو ایک ہزار بار پڑھ کر دم کرکے بوتل کا منہ ڈھکن یا کارک سے بند کردیں اسی طرح ایک بیٹھک میں ایک ہزار بار پڑھ کر دم کریں۔ جب تعداد گیارہ ہزار پوری ہوجائے تو اس تیل میں سے تھوڑا سا تیل روٹی پر لگا کر وہ روٹی کھائیں اور تھوڑا تھوڑا تیل گھٹنوں اور پنڈلیوں پر مالش کریں۔ انشاء اللہ ٹانگوں کی رگ اور پٹھے مضبوط ہوجائیں گے اور چلنا پھرنا آسان ہوجائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں: كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ اِلٰى اَصْلِهٖ

# غریبی اور تنگ دستی دور کرنے کا عجب نسخہ

جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نمازِ مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو سورۂ مزمل (پ 29) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگ دستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔

## ہر درد کا خاتمہ کیلئے تین بار پڑھیں

جسم کے جس حصے میں بھی درد ہو اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین بار باوضو یہ آیات پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل۔105)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مرداں سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# پپیتا! لاجواب ٹانک بے مثال دوا اور غذا

نورالصباح، کراچی

پپیتا ایک ملائم جلد رکھنے والا پھل ہے یہ ابتداء میں گہرا سبز ہوتا ہے لیکن پکنے پر زردی مائل یا نارنجی رنگ میں بدل جاتا ہے اس کا گودا نرم اور رس بھرا ہوتا ہے اس کا ذائقہ خوشگوار اور مخصوص مہک ہوتی ہے۔ **غذائی صلاحیت:** پپیتا ایک مکمل غذا ہے روزمرہ کی کچھ غذائی ضروریات مثلاً پروٹین، معدنی اجزا اور وٹامنز اس پھل سے بخوبی حاصل ہو جاتے ہیں' اس پھل میں پکنے کے مرحلے میں بتدریج وٹامن سی کا اضافہ ہوجاتا ہے اس کے کاربوہائیڈریٹس کے اجزاء تبدیل شدہ صورت یعنی شکر میں ہوتے ہیں جو آسانی سے ہضم ہونے والی غذا ہے۔ **شفابخش قوت اور طبی استعمال:** پپیتا زبردست طبی خواص رکھتا ہے جنہیں زمانہ قدیم میں ہی جان لیا گیا تھا۔ یہ پھل نہ صرف آسانی سے خود ہضم ہو جاتا ہے بلکہ دوسری غذاؤں کو ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے۔ پکا ہوا پپیتا نشوونما پاتے ہوئے بچوں کیلئے عمدہ ترین ٹانک ہے بچوں کو دودھ پلانے والی خواتین اور حاملہ خواتین کیلئے بھی اعلیٰ درجہ کی توانائی بخش غذا ہے۔ **معاون ہضم:** پپیتا کے اجزا کے جدید طبی تحقیق نے اس کی ان خوبیوں کی تصدیق کی ہے جو پرانے وقتوں سے اس سے منسوب ہیں ان خوبیوں میں سب سے اہم وہ معاون ہضم اجزا ہیں جو اس کے دودھیا رس میں پائے جاتے ہیں یہ پروٹین کو ہضم کرنے والے انزائمز پر مشتمل ہوتا ہے۔ دودھیا رس پودے کے تمام حصوں میں پایا جاتا ہے۔ ہضم کے عمل میں یہ انزائم پیپسن سے مشابہ ہیں۔ یہ جسم کے انزائمز کو خوراک کی غذائیت جزوبدن بنا کر توانائی کی اور جسم کی تعمیر کرنے والے مادے فراہم کرتا ہے۔ **انتڑیوں کے امراض:** کچے پپیتے میں پایا جانے والا جزو پاپائن معدے کے سیال کی کمی، معدے کی غیر مفید سطح سیال کی بہتات، بدہضمی اور انتڑیوں کی خراش میں بہت مفید ہے۔ پکا ہوا پپیتا استعمال کرنے سے آئے دن لاحق ہونے والی قبض، خونی بواسیر اور پرانے اسہال کو دور کرتا ہے پپیتا کے بیجوں کا جوس بھی فساد ہضم اور خونی بواسیر میں کارآمد ہے۔ **پیٹ کے کیڑے:** کچے پپیتے کے دودھیا رس میں موجود معاون ہضم انزائم پاپائن پیٹ اور انتڑیوں کے کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے۔ تازہ رس ایک کھانے کا چمچ اسی مقدار میں شہد اور تین یا چار کھانے کے چمچ گرم پانی بالغ فرد کیلئے ایک وقت کی خوراک ہے اس خوراک کے دو گھنٹے بعد 30 سے 60 ملی لیٹر کیسٹر آئل کو 250 سے 375 ملی لیٹر نیم گرم دودھ میں ملا کر پینا چاہیے۔ یہ عمل اگر ضروری ہو تو دو دن دوہرانے پر پیٹ کے کیڑے مار کر خارج کردیتا ہے۔ 7 سے 10 سال کے بچوں کو مذکورہ نسخہ آدھی مقدار میں دینا چاہیے تین سے کم عمر بچوں کو چائے کا ایک چمچ ہی کافی ہے اس مقصد کیلئے پپیتے کے بیج بھی مفید ہیں ان میں ایک مادہ کیرسن پایا جاتا ہے جو پیٹ کے کیڑے خارج کرنے کی بہت موثر دوا ہے۔ اس کے پتوں میں موجود الکلائی کارپین بھی پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک یا خارج کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں' اسکے پتے شہد کے ساتھ کھلائے جاتے ہیں۔ **جلد کی بیماریاں:** کچے پپیتے کا جوس جلد کی متعدد بیماریوں میں شفا بخش ہے اس کا بیرونی استعمال سوجن اتارنے، پیپ بننے سے روکنے، چنڈی، مسوں، پھنسیوں اور جلد کی غیر ضروری افزائش میں مطلوبہ نتائج دیتا ہے۔ اس کا جوس دھوپ کی وجہ سے چہرے پر پڑنے والی چھائیاں اور بھورے داغوں کو دور کرکے میک اپ کا کام دیتا ہے اس کے استعمال سے جلد نرم اور ملائم ہوجاتی ہے۔ فنگس کی چھوت یا درد کے مرض میں بھی یہ جوس متاثرہ جلد پر لگانا مفید ہے۔ **حیض کی بے قاعدگیاں:** کچا پپیتا رحم کے پٹھوں کو سکڑنے میں مدد دیتا ہے چنانچہ حیض بے قاعدگی کیلئے بہت مفید ہے سردی کی وجہ سے یا نوخیز لڑکیوں میں خوف کی وجہ سے حیض کی بندش ختم کرکے اسے معمول پر لاتا ہے۔ **تقلب جگر:** غذائیت کی کمی یا شراب نوشی کے سبب سے جگر کا سکڑ جانا تقلب جگر کہلاتا ہے۔ اس مرض کے تدارک کیلئے پپیتے کے بیج زبردست اثر دکھاتے ہیں۔ بیجوں کو کچل کر حاصل کیا جانے والا جوس ایک کھانے کا چمچ دس قطرے تازہ لیموں کا جوس ملا کر ایک ماہ تک روزانہ ایک یا دو دفعہ پینا شافی علاج ہوتا ہے۔ **گلے کی بیماریاں:** کچے پپیتے کا جوس شہد ملا کر گلے کے سوجے ہوئے غدودوں پر لگانا خناق اور دیگر امراض سے نجات دیتا ہے۔ یہ پھولی ہوئی باخت کو تحلیل کرتا ہے اور انفکیشن کو بڑھنے سے روک دیتا ہے۔ **تلی کا بڑھ جانا:** پکا ہوا پپیتا تلی بڑھ جانے کی حالت میں موثر علاج بالغذا ہے۔

## مراقبے سے علاج

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل یَااَللّٰہُ یَارَبُّ یَارَحِیْمُ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## آدھا قرض اتر گیا مکان مکمل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ ہمیشہ عبقری کا فیضان جاری و ساری رکھے' دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ میں نے آپ کو خط کے ذریعے اپنے مسائل بتائے تھے آپ نے جواب میں مجھے وظیفہ یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ دیا تھا۔ ہم نے وظیفہ توجہ اور یقین کے ساتھ پڑھا' وظیفے کی برکت سے ہمارا آدھا قرض اتر گیا ہے اور وہ مکان جو لاکھ کوشش کے مکمل نہیں ہورہا تھا وہ مکمل ہوگیا ہے۔ الحمدللہ! صرف تین اسمائے الٰہی پڑھنے سے سب ہی کام ہوگئے۔ (عاصمہ انجم، تلمبہ)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 40 روپے)

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام، موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

## دونوں بہنیں شوہروں کے ہاتھوں تنگ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دو بہنیں ہیں دونوں اپنے شوہروں کے ہاتھوں تنگ ہیں کیونکہ ان کے خاوند ان پر توجہ نہیں دیتے اور دوسری عورتوں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ خرچہ بھی نہیں دیتے دونوں سسرال میں خوش نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ میرے گھر میں بھی سکون نہیں، بے اتفاقی، لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔ رزق میں کمی ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ دیدیں جس سے دولت کی ریل پیل اور گھر میں سکون ہوجائے، زندگی میں کوئی تکلیف نہ ہو۔ (ن، لاہور)

جواب: یہ عمل آپ اور آپ کی بہنیں اپنے تمام مسائل کا سخت تصور کرتے ہوئے کریں۔ سورۃ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار، اول و آخر تین بار درود شریف اور سورۃ کے ہر ''ک'' پر 9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں، جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ کچھ عرصہ کریں۔

## چار سال سے بیٹی کا رشتہ ڈھونڈ رہی ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر 24 سال ہے۔ اس کے رشتے کا مسئلہ ہے چار سال سے میں رشتہ تلاش کر رہی ہوں لوگوں سے رابطہ بھی ہوتا ہے گھر آکر بچی کو دیکھتے ہیں مگر جواب نہیں دیتے۔ ایک دو جگہ سے معلوم کروایا وہ بتاتے ہیں کہ رشتے میں بندش ہے۔ علاج بھی کروایا، وظائف بھی کیے مگر معاملہ ویسے کا ویسے ہی چل رہا ہے۔ برائے مہربانی میرا یہ مسئلہ حل کردیں آپ کو بہت دعائیں دوں گی۔ (ش، اسلام آباد)

جواب: جس لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ ہو رہا ہو اُس کے وزن کے برابر ''چاول'' (کسی بھی قسم کے) لے کر ان میں سے ایک مٹھی چاول نکال کر ہر دانے پر اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں اور یہ چاول بقیہ چاولوں میں ملادیں۔ پھر ان چاولوں کو دریا، سمندر، جھیل، نہر یا قبرستان میں ڈال دیں۔ خواتین قبرستان خود نہ جائیں۔ !ان شاء اللہ بہت جلد مثبت رزلٹ ملے گا۔

## شوہر کو سرکاری نوکری نہیں ملتی! کیا کروں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تین سال ہوچکے ہیں۔ میرے شوہر نے سرکاری نوکری کے لیے کافی جگہ درخواستیں جمع کروائی لیکن کہیں سے لیٹر یا کال نہیں آئی اس کے لیے بھی کوئی وظائف بتادیں۔ اس سلسلے میں ہم بہت زیادہ پریشان ہیں۔ (پوشیدہ، ملتان)

جواب: نوکری کیلئے فجر کی نماز کے بعد اول و آخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں، ظہر کی نماز کے بعد اول و آخر 22 مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں، عصر کی نماز کے بعد اول و آخر 23 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں، مغرب کی اول و آخر نماز کے بعد 24 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل، عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ بارہا کا آزمودہ عمل

## چودہ سال سے جادو جنات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ چودہ سال سے بیمار ہوں میں نے اپنا بہت علاج کروایا لیکن مجھے کہیں سے بھی شفاء حاصل نہ ہوئی۔ مجھے جادو، جنات کا مسئلہ بتایا جاتا۔ جنات کی حاضری بھی ہوتی ہے۔ گھر میں ناچاقی جھگڑے اور بیماری بھی رہتی ہے۔ میرے گھر میں ہر فرد کسی نہ کسی مسئلے کا شکار رہتا ہے۔ والدہ کو نیند نہیں آتی۔ چھوٹے بھائی کی صحت بہت زیادہ خراب رہتی ہے اور والد صاحب کا کاروبار بالکل بھی نہیں ہے جسکی وجہ سے معاشی تنگدستی بہت زیادہ ہے۔ میرے بہن بھائی مجھ سے چھوٹے ہیں اور طالب علم ہیں۔ فنانس کی کمی ان کی تعلیم میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ جس وجہ سے بہت پریشان رہتے ہیں۔ میرے بہن بھائی پروفیشنل تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ پیسے کی کمی ان کی تعلیم کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے اور میری صحت کا مسئلہ حل ہوجائے۔ جادو، جنات ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں اور گھر میں سکون آجائے۔ (پوشیدہ، راولپنڈی)

جواب: یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ

1۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ، گیارہ بار۔ 700 مرتبہ درج بالا دعا پڑھیں۔ 11 دن۔ 21 دن یا 41 دن۔ 2۔ مرد حضرات ننگے سر کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھیں۔ 3۔ خواتین گھر کے اندر بیٹھ کر پڑھیں اور سر ڈوپٹے سے ڈھکا ہونا چاہیے۔ اس عمل کے ساتھ سارا دن کھلا سارا گھرانہ اسم الٰہی یَاقَھَّارُ پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل کا حل انہی وظائف میں ہے۔

## غلیظ وساوس اور خود اعتمادی کی کمی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میں آپ سے اپنے ایک روحانی مسئلہ کا علاج جاننا چاہتا ہوں، میرے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ کئی سالوں سے میرے دماغ میں کسی نا کسی طرح کے خیالات آتے ہیں، خیالات غلط قسم کے ہوتے ہیں، غلیظ وساوس آتے ہیں۔ میرے دماغ میں فضول قسم کی باتیں گھوم رہی ہوتی ہیں لوگوں کے متعلق۔ میرا دل بہت نرم ہے جب کسی کے ساتھ کوئی پریشانی ہو تو میں اسے پوری کرنے کی پوری کوشش کرتا ہوں وہ کام کرنے کے بعد میں اس شخص سے حسد کرنے لگتا ہوں خاص طور پر اپنے دوستوں اور رشتہ داروں میں۔ مجھ میں خود اعتمادی کی کمی ہے میں اپنی بات سامنے والے کو سمجھا نہیں سکتا سامنے والے سے بات کرتے وقت دل میں ڈر سا لگا رہتا ہے۔ مہربانی اس کا حل بتادیں۔ (توصیف، واہ کینٹ)

جواب: آپ کو چاہیے کہ روزانہ گیارہ تسبیح اسم یَامُقْسِطُ کو پڑھیں، یہ عمل چالیس دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ شیطانی وساوس بالکل ختم ہوجائیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ انصاف کے تقاضے کو پورا کرتے ہوئے شیطانی قوت پر غلبہ پیدا کردے گا۔ اس کے علاوہ خود اعتمادی کی کمی دور کرنے کیلئے روزانہ صرف 33 بار اسم یَابَاعِثُ کو پڑھنے کا معمول بنالیں۔ خود اعتمادی بڑھ جائے گی۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

## جسمانی بیماریوں کا شافی علاج ——— طبی مشورے

**پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں:** ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

### بالوں کے مسائل کے چھٹکارا دلا دیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بالوں میں خشکی ہے جب میں اٹھارہ سال کا تھا تو یہ خشکی کم تھی اب میری عمر 24 سال ہے لیکن اب یہ خشکی دن بدن بڑھ رہی ہے۔ بہت ہربل آئل استعمال کیے مگر کوئی فرق محسوس نہیں ہوا اور میرے بالوں میں جس جگہ پر خشکی زیادہ ہے وہاں پر بال بھی تیزی سے سفید ہورہے ہیں۔ آپ کوئی حل بتائیں آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ (محمد انور، کوہاٹ)

مشورہ: عبقری میں کسی قاری نے یہ عمل بھیجا' بہت لوگوں کو فائدہ ہوا' آپ بھی آزمائیے۔ گرتے بالوں اور سر کی سکری خشکی کیلئے مجرب نسخہ' 2 عدد لیموں کا رس نکال کر بالوں کی جڑوں میں لگا کر اچھی طرح مساج کریں اور آدھا گھنٹہ بعد سرسوں کے تیل کا مساج کریں۔ اس کے بعد اچھی طرح باریک کنگھی کریں اس سے سر کی تمام سکری کنگھی کیساتھ باہر آجائے گی اور کنگھی سے جڑوں کا مساج ہوکر دوران خون درست ہوجائے گا۔ بعد میں غسل کریں انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر بال گرنا بند اور سکری کا خاتمہ ہوجائے گا۔ یہ عمل گرمیوں میں ایک دو دن بعد اور سردیوں میں 4,5 دن بعد کریں۔ مرض ختم ہونے تک کرتے رہیں اور اس کے بعد بھی ہفتہ میں ایک بار یہ عمل ضرور دھرائیں۔ مزید بالوں کو کالا رکھنے کیلئے روزانہ صبح وشام دو عدد مربہ آملہ دودھ کے ساتھ کھائیں' اس سے جہاں آپ کے بال سفید نہیں ہوں گے وہاں آپ کو اعصابی وجسمانی طور پر بھرپور طاقت ملے گی۔

### شدید اعصابی کمزوری اور قبض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 24 سال ہے' مجھے پیشاب بھی بہت آتا ہے دن میں چھ سات بار اور کبھی کبھار پیشاب کرتے وقت میں نہ چاہتے ہوئے بھی پیشاب روکے رہتا ہوں اور پھر کرتا ہوں۔ شاید اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔ مجھے ایک عرصہ سے قبض بھی ہے اور پاخانہ کرتے وقت جلن محسوس ہوتی ہے۔ مجھ سے شربت، معجون یا سفوف کی صورت میں دوائی بتائیں گولیاں مجھ سے نہیں کھائی جاتیں۔ (ا۔و۔کراچی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی معجون شفاء یابی اور لال قلعہ شاہی ٹانک کچھ عرصہ لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ قبض کشاء گولیاں استعمال کریں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کے لکھے گئے تمام طبی مسائل حل ہوجائیں گے۔

### جسم ہڈیوں کا پنجر بن چکا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا وزن 14 سال کی عمر سے 45 کلوگرام پر فکس ہوا ہے اور یہ نہیں بڑھ رہا اس وقت میری عمر 30 سال ہے براہ مہربانی مجھے ایسا نسخہ بتادیں کہ میرا وزن بھی بڑھے اور ہڈیوں کا پنجر جسم گوشت اور ہڈیاں گودے سے بھر جائیں۔ میں موٹا ہونا چاہتا ہوں خدارا مجھے کچھ بتائیں۔ (امجد علی، کامونکی)

مشورہ: عمدہ اصلی جوارش جالینوس تین گرام صبح' دوپہر' رات کو غذا کے بعد کھائیں۔ ماہنامہ عبقری کے دفتر سے اکسیر البدن اور جوہر شفائے مدینہ منگوا کر استعمال کریں۔ غذا میں بادام کشمش' شہد خالص ناشتے میں لیں۔ پراٹھے سے پرہیز کریں' البتہ گرم روٹی پر خالص دیسی گھی ڈال کر کھا سکتے ہیں۔ بکرے کا گوشت صحت بنانے کیلئے عمدہ غذا ہے۔ دیسی گھی میں بھون کر کھائیں' روٹی بھی کھائیں' موسمی پھل بھی بہت مفید ہیں۔ صبح کی سیر کو اپنا معمول بنالیں۔ موسمی پھل کھائیں۔ صحت مند اور مثبت طرز زندگی اپنائیں۔

### 12 سال سے لیکوریا کی مریضہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو گیارہ سال ہوگئے ہیں میرے چار بچے ہیں چھوٹا بیٹا ایک سال کا ہے۔ مجھے عرصہ 12 سال سے لیکوریا کی بیماری ہے بہت علاج کروائے ہے مگر افاقہ نہیں ہوا اب بہت کمزوری ہے جسم میں درد، بہت غصہ آتا ہے۔ (ح،س، لاہور)

مشورہ: آپ یہ نسخہ بنا کر استعمال کریں۔ ھوالشافی: پھٹکڑی توے پر ڈال کر اس میں سیندور ڈال دیں' ہلکی آنچ توے کے نیچے جلنے دیں' پھر جلدی سے دونوں چیزوں کو بڑے پیالے کے ساتھ بند کردیں' پیالے کو جو دوا لگے' اس کو شربت انجبار سے سو گرام کھانا ہے' شدید ترین بیماری بھی جلد رفع ہوجائے گی۔

### جوڑوں کا درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے تمام جسم، جوڑوں اور ایڑیوں میں بھی شدید درد ہوتا ہے۔ دوائی کھا لوں تو آرام آجاتا ہے جب دوائی چھوڑ دوں پھر یہی تکلیف ہوجاتی ہے۔ اس کے علاوہ گردوں میں پتھری بھی ہے۔ میٹھی چیز کھاؤں تو معدہ میں جلن شروع ہوجاتی ہے اور مثانے میں غدود بھی ہے پیشاب رک رک کر آتا ہے۔ (ف، میانوالی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد' روحانی پھکی لے کر تینوں کو ایک جار میں ڈال کر مکس کرلیں اور سارے دن میں کم از کم سات مرتبہ ایک چمچ پانی کے ساتھ کھائیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی گردی اور گردے فیل شفاء لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

### رنگ گورا کرنے والی کریم کا سائیڈ ایفیکٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چہرے پر بار بار دانے نکل آتے ہیں اور نشان بھی چھوڑ جاتے ہیں۔ دراصل میں نے رنگ گورا کرنے والے کریموں کا بے جا استعمال کیا جس کی وجہ سے میری مجھے جلدی مسئلہ ہوگیا ہے۔ مجھے میرے مسئلے کا حل بتادیں۔ (ن، لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی خون صفاء' ٹھنڈی مراد اور چہرہ شفاء لے کر لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی دیسی کریم لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام جلدی مسائل انہی ادویات کے کچھ عرصہ استعمال سے حل ہوجائیں گے۔ رنگ گورا کرنے والی کیمیکل سے تیار شدہ کریموں سے ہمیشہ بچنا چاہیے یہ جلد کی اوپری پرت کو جلا دیتی جس کی وجہ سے جراثیم کو پنپنے کا موقع ملتا ہے اور انسانی جلد خراب ہوجاتی ہے۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو' داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء

☆ جلد کی خرابی' پرانی خارش' اس کی وجہ خون کی خرابی ہو' کسی قسم کا انفکشن ہو' الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

(بڑوں' بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

خون صفاء

جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں، کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

# موبائل کی دیوانی انٹرنیٹ کی نشئی! میری بھی زندگی بدل گئی!

قارئین! حضرت جی کے درس ’موبائل (میموری کارڈ)‘ نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں‘ انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں‘ آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں‘ روزانہ سنیں‘ آپ کے گھر‘ گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 22 سال ہے غیر شادی شدہ ہوں میں آپ کا رسالہ عبقری ایک سال سے پڑھ رہی ہوں جب پڑھنا شروع کیا تو مسائل اور گناہوں کی دلدل میں پھنسی ہوئی تھی پھر اللہ کی طرف رجوع کیا اور پانچ وقت نماز پابندی سے پڑھنے لگی اور آہستہ آہستہ اللہ رب العزت نے گناہوں سے بچنے کی توفیق دے دی۔ الحمدللہ! اب پنج وقتہ نماز باقاعدگی سے اور ہر نماز کے بعد کی رکعات‘ وظائف و اوراد جو ہمارے نبی کریم ﷺ پڑھا کرتے تھے ضرور پڑھتی ہوں۔ نمازوں کی کیفیات اچھی ہوگئی ہیں۔ سارا دن گھر میں ٹی وی دیکھتی‘ نماز‘ روزہ‘ اعمال کچھ ہوش نہ تھی۔ ٹی وی نہ دیکھنے کی نیت کی تھی تو رب کریم نے گھر سے ٹی وی یوں نکلوایا کہ دوبارہ نہ آسکا۔ موبائل کی دیوانی تھی‘ انٹرنیٹ کے بغیر پل بھر نہ گزرتا اب الحمدللہ موبائل انٹرنیٹ سے بھی دور ہوں۔ کبھی باہر نکل کر بھی سر پر دوپٹہ نہ لیا تھا‘ بلکہ کبھی کسی کے کہنے پر دوپٹہ کندھے پر بھی رکھتی تو الجھن ہوتی تھی‘ اب الحمدللہ گھر میں بھی سر سے دوپٹہ کبھی نہیں سرکتا اور باہر تو مکمل پردے کا اہتمام کرتی ہوں۔ اب گھر سے فضول نہیں نکلتی تعلیم کو خیر باد کہے پانچ سال ہوگئے۔ محترم میں آپ سے بیعت ہونا چاہتی ہوں اور کچھ ماہ پہلے میں نے اپنے دل کی مراد کے لیے عبقری سے دیکھ کر محمد رسول اللہ کا وظیفہ پڑھنا شروع کیا تھا اب تک 33 نصاب پڑھ چکی ہوں۔ آگے جاری ہے اور گھریلو کام کے وقت جب کاؤنٹر ہاتھ میں نہیں لے سکتی تو درود پاک پڑھتی ہوں۔ اس کے علاوہ درود تنجینا دن میں دو بار اور ایک ایک بار اور بھی درود اور سورۂ مزمل اور بعد نماز عشاء ایک تسبیح سورۂ قریش پڑھتی ہوں۔ جیب خرچ سے صدقہ بھی کرتی ہوں اور روزانہ پیارے حبیب ﷺ، صحابہ کرامؓ، اہل بیتؓ، حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ اور سیدہ فاطمۃ الزہرہؓ کو نوافل‘ درود اور مختلف سورتیں پڑھ کر ہدیہ کرتی ہوں اور آپ جو اپنے درس میں نوافل اور دعائیں بتاتے ہیں وہ بھی پڑھتی ہوں‘ وہ بھی روز پڑھتی ہوں۔ وظیفہ کے ساتھ خواب میں خانہ کعبہ کی زیارت نصیب ہوئی۔ دعاؤں میں رونا آگیا ہے۔ گزشتہ گناہوں کا سوچ کر ندامت ہوتی ہے اور کبھی کبھی لگتا ہے اللہ کریم بالکل قریب ہیں اور میری فریاد سن رہے ہیں۔ ایک بار تنہائی میں رو رو کر رب کریم سے فریاد کی تھی‘ بہت تڑپ تھی تو اچانک دل سے آواز آئی۔ میرے بندے تیری دعا قبول ہے اور اب دل کی حالت یہ ہے کہ تڑپ ہوتی ہے کہ اللہ کریم مجھ سے راضی ہو جائے، مجھے اللہ مل جائے، سب سے پہلے، سب سے بڑھ کر سب سے خاص اللہ ہے۔ اللہ رب العزت کے کرم سے سب لوگ مجھے پسند کرتے ہیں۔ بس اب اللہ کریم بھی مجھے پسند فرمالیں۔ مجھے اپنی رحمت کا ایک قطرہ بخش دیں۔ (آمین) آپ اللہ کریم سے میرے لیے فریاد کردیں کہ اللہ مجھے اپنا بنالے مجھے خود سے دور نہ کریں مجھ سے نیک اعمال کی توفیق کبھی نہ چھینیں مجھے بخش دیں اور مجھ سے راضی ہوجائیں اور میری مشکل جواب تک حل نہیں ہوئی ہے آسان فرمادیں۔ میں بہت مطمئن ہوں میں وہی ہوں جس نے کبھی نماز نہ پڑھی تھی‘ پردہ نہیں کیا تھا‘ حتیٰ کہ تنگ لباس پہنتی‘ ہر فیشن ہر ادا میری اپنی تھی‘ کزنز اور جاننے والیاں مجھے دیکھ کر فیشن اپناتیں‘ مگر اب کبھی پردہ کے بغیر گھر سے باہر نہیں نکلی‘ گھر میں بھی مکمل بڑی چادر کے ساتھ رہتی ہوں‘ عبقری رسالہ اور درس نے میری زندگی بدل دی‘ دلی سکون دیا‘ رات کو پرسکون سوتی ہوں‘ صبح نماز پڑھتی ہوں تو روح کو ایسا سکون ملتا ہے کہ بیان سے باہر۔ اللہ مجھے قبول کیے رکھے۔ آمین۔ (ط۔ا، میرپورخاص)

# کسی نے عبقری گاڑی میں رکھا! میں بھٹکنے سے بچ گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے آپ کو اور آپ کی نسلوں کو دنیا و آخرت کی سرخروئی عطا فرمائے‘ جب سے عبقری رسالہ ملا اور آپ کے درس سننا شروع کیے ہیں‘ میرے جذبات‘ میری زندگی کے دن رات بدل گئے ہیں۔ اب تو دل چاہتا ہے کہ دن رات مصلے پر بیٹھی رہوں‘ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی یاد میں روتی ہوں۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں مگر میرے پاس الفاظ نہیں ہیں جب سے میں اپنے خاوند کو آپ کے پاس لائی ہوں وہ بہت بدل گئے ہیں ورنہ 19 سال ہوگئے ہیں میری شادی ہوئے بہت طعنے سنے‘ مار سہی‘ گالیاں سنیں‘ ایسے حالات گزرے کہ بھٹک گئی‘ موبائل کے ساتھ لگ گئی‘ غیر محرم سے بات کر کے دل کو سکون پہنچالیتی‘ شوہر نے کبھی سکون نہ دیا‘ کبھی میرے حقوق پر توجہ نہ دی‘ کبھی پورے کیے بھی تو انتہائی بے توجہی سے کہ میں ہمیشہ تڑپتی رہتی‘ کبھی بات کی تو پہلے گالی دی‘ دل روتا‘ تڑپتا‘ اندر ہی اندر چیختی‘ چلاتی مگر کوئی سننے والا نہ تھا۔ میں بھٹک چکی تھی‘ میرے جذبات بھٹک چکے تھے مگر رب کریم کو شاید یہ منظور نہ تھا کسی بڑے کی دعا تھی یا کوئی نیکی کام آگئی رب نے عزت محفوظ رکھی اور مجھے عبقری سے ملا دیا‘ عبقری رسالہ شوہر ہی گھر لائے‘ کسی نے گاڑی میں رکھ دیا‘ شوہر اٹھا کر بیڈروم میں لے آئے‘ ایک دن فارغ بیٹھی‘ دیکھا‘ پڑھنا شروع کر دیا‘ بس پھر زندگی بدلی اور بدلتی ہی چلی گئی۔ عبقری ہر ماہ لینا شروع کر دیا‘ انٹرنیٹ پر ویب سائٹ سے درس سننا شروع کر دیئے‘ پھر اعمال شروع کیے‘ شوہر کچھ نرم ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے سبب بنایا اور آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا‘ شوہر کو ملاقات کیلئے منایا اور ان کو ہمراہ لائی‘ آج الحمدللہ دو سال ہوگئے ہیں‘ میرے شوہر نے مجھے گالی نہیں دی‘ مجھے میرا کھویا مقام واپس مل گیا‘ شوہر میرا بھرپور خیال رکھتے ہیں۔ یہ سوچ کر بھی کانپ جاتی ہوں کہ اگر عبقری مجھے نہ ملتا تو آج نجانے میں کن راہوں میں بھٹک رہی ہوتی‘ میری زندگی جہنم سے بھی بدتر ہوتی۔ آپ کا بتایا ہوا وظیفہ دن رات پڑھتی ہوں اس سے میری روحانیت کو بہت فیض مل رہا ہے۔ حضرت حکیم صاحب جب بھی میں سو کر اٹھتی ہوں تو زبان پر کوئی نہ کوئی ذکر ہوتا ہے خود کو بھی نہیں پتہ ہوتا۔ زبان ہر وقت ذکر الٰہی سے تر رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ عبقری کی پوری ٹیم اور خاص طور پر آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ وہ بہت بڑا نیکی کا کام کر رہے ہیں‘ خاص طور پر اس شخص کو جھولیاں اٹھا کر دعائیں دیتی ہوں جس نے عبقری رسالہ شوہر کی گاڑی میں چھوڑا۔ (پوشیدہ، کراچی)

جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک
تندرستی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چندروز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)

# تڑپتی بچی کیلئے دعا مانگی اور مشکل ٹل گئی!

محمد یاسر مغل، کراچی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ اور آپ کی تمام ٹیم کو ہمیشہ خوش رکھے۔ آپ نے مجھے لکھ کر بھی دیا تھا کہ 70 سے 90 درس سننے ہیں، میں نے اس وقت دل میں سوچا کہ اتنے درس میں کیسے سنوں گا جب میں نے سنے تو مجھے یقین ہوگیا کہ آپ نے صحیح لکھا تھا۔ میں نے پہلے بھی دیکھا تھا کہ ایک دوست پر مسجد میں جن آتا تھا اور اس بار پھر دیکھا کہ ایک 13 یا 14 سال کی لڑکی پر جن آیا ہوا تھا میں اس وقت گڑ کا شربت پینے گیا ہوا تھا جب واپس آیا تو گلی میں لوگ جمع تھے میں نے ان سے پوچھا کہ کیا ہوا ہے تو انہوں نے بتایا کہ بچی پر جن آیا ہوا ہے اس جن نے پوری گلی میں اس بچی کو گھمایا سب نے دیکھا مجھے بڑا دکھ ہوا کہ کاش! میرے پاس علم ہوتا تو میں بچی کا جن نکالتا مگر میں تو خود گنہگار ہوں، میں کیا اس بچی کا جن نکالوں گا پھر مجھے آپ یاد آئے میں نے سوچا اگر میرے پاس کوئی خاص علم ہوتا تو میں فوراً عمل پڑھ کر اس بچی کو اس مشکل سے آزاد کروا دیتا۔ پھر میں نے سوچا کہ کیا ہوا کہ میرے پاس کوئی علم نہیں ہے مگر میرے پاس میرا اللہ تو ہے، اس ذات سے اس بچی کے لیے مانگتا ہوں پھر میں نے عشاء کی نماز پڑھی اور اس بچی کے لیے گڑگڑا کر رب کریم کے حضور دعا مانگی۔ اگلے دن اس بچی کی امی میرے ماموں کے گھر آئی ہوئی تھی میں بھی وہاں پر ہی تھا اور وہ کہہ رہی تھی کہ کل رات ایک عجب واقعہ ہوا، وہ جن خود ہی دوبارہ حاضر ہوا اور ہم تمام گھر والوں سے خوب معافی مانگی اور چلا گیا اور کہہ کر گیا کہ اب میں کبھی دوبارہ نہیں آؤں گا۔ میں فوراً دوبارہ کمرے میں گیا، دو رکعت نماز شکرانہ ادا کی اور اللہ کریم کا خوب شکر ادا کیا کہ اس نے میرا گڑگڑانا، مخلوق کیلئے تڑپنا سن لیا اور اس بچی کو اس مشکل سے نجات عطا فرمائی۔

# گھر، دکان، دفتر، فیکٹری! کبھی آگ نہ لگے گی!

محمد نعیم، مانسہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہوں میرے پاس دعا کی برکت کا ایک واقعہ ہے جو میں قارئین کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔

**دعا کی فضیلت:** ایک شخص حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل گیا۔ فرمایا نہیں جلا، پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا، پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی۔ آپ نے فرمایا نہیں جلا۔ پھر ایک اور شخص نے آخر کہا اے ابوالدرداءؓ آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان پر پہنچے تو آگ بجھ گئی۔ فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا کہ میرا مکان جل جائے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لئے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔

صبح کی نماز کے بعد ہماری مسجد میں ایک شخص کھڑا ہوا۔ نمازیوں سے مخاطب ہو کر کہنے لگا کچھ دیر کیلئے تمام حضرات تشریف رکھیں میں ایک بات بتانا چاہتا ہوں۔ میں بھی نماز کے بعد رک گیا۔ اس شخص نے اپنا قصہ سنانا شروع کیا کہ رات ساڑھے چار بجے میری آنکھ کھلی کیا دیکھتا ہوں کہ سارے گھر میں دھواں ہی دھواں ہے میں گھر سے باہر آیا اِدھر اُدھر دیکھنے لگا کہ دھواں کہاں سے آرہا ہے؟ بالآخر نظر آیا کہ رات کو گھر والوں نے سونے سے پہلے ''سری پائے'' پکانے کے لیے چولہے پر رکھے تھے جو پک کر ختم ہوگئے۔ پورا گھر دھوئیں کی لپیٹ میں آیا ہوا تھا۔ میں نے جلدی گھر والوں کو جگایا اور ڈانٹا کم از کم آگ تو آہستہ کر کے سوتے۔ اگر کچھ دیر کے لیے میری آنکھ نہ کھلتی تو کیا سے کیا ہو چکا ہوتا۔ پھر اس آدمی نے حضرت ابوالدرداءؓ کی دعا اور واقعہ پڑھ کر سنایا اور کہنے لگا میرا گھر اگر محفوظ رہا تو صرف اور صرف اس دعا کی برکت کی وجہ سے اگر چند منٹ میری آنکھ نہ کھلتی تو میرا گھر جل چکا ہوتا۔ میری آپ سب سے درخواست ہے کہ آپ بھی اس دعا کو ضرور پڑھیں۔ محترم قارئین! یہ ایک دیانتدار آدمی ہے جسے دین کے شاید مسائل بھی معلوم نہ ہوں صرف ایک دعا پر عمل کی وجہ سے (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

# سب کا فائدہ

مولانا وحید الدین خان

کیا لطیفہ ہے کہ شہنشاہ اکبر نے ایک روز اپنے خاص درباری بیربل سے کہا: بیربل! اگر ایک بادشاہ کی بادشاہت ہمیشہ رہتی تو کیا ہی اچھا ہوتا۔ بیربل نے جواب دیا: عالی جاہ، آپ نے بجا فرمایا لیکن اگر ایسا ہوتا تو آج آپ بادشاہ کیوں کر ہوتے۔ اکبر نے بادشاہت کو اپنی ذات سے شروع کیا اس نے سوچا کہ اگر دنیا میں یہ اصول رائج ہو کہ ایک بادشاہ ہمیشہ باقی رہے تو میں ہمیشہ اسی طرح بادشاہ بنا رہوں گا۔ اکبر بھول گیا کہ بادشاہت کا سلسلہ تو دنیا میں اس وقت سے ہے جب کہ وہ پیدا بھی نہیں ہوا تھا۔ ایسی حالت میں اگر اکبر کا پسندیدہ اصول دنیا میں رائج ہوتا تو اس کی نوبت ہی نہ آتی کہ اکبر بادشاہ بن کر تخت پر بیٹھے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ انسان اپنی ذات کو سامنے رکھ کر سوچتا ہے۔ وہ صرف ذاتی مفاد کے تحت اپنے گرد ایک نقشہ بنالیتا ہے۔ وہ بھول جاتا ہے کہ اس دنیا میں وہ اکیلا نہیں ہے۔ چنانچہ بہت جلد خارجی حقیقتیں اس سے ٹکراتی ہیں اور اس کے نقشہ کو توڑ ڈالتی ہیں۔ اس وقت آدمی کو معلوم ہوتا ہے کہ اس کا ذاتی مفاد بھی اس میں تھا کہ وہ مجموعی مفاد کا لحاظ کرتا۔ اگر آپ اپنی ذات کا فائدہ چاہتے ہوں تب بھی آپ کو سب کا فائدہ چاہنا چاہیے۔ سب کے فائدے میں آپ کا اپنا فائدہ بھی ہے۔ اس دنیا میں ہر آدمی ایک اجتماعی کشتی میں سوار ہے۔ کشتی کے بچاؤ میں اس کی اپنی ذات کا بچاؤ بھی اپنے آپ شامل ہے۔

جن لوگوں کو اس دنیا میں کچھ مواقع ملتے ہیں وہ اکثر یہ غلطی کرتے ہیں کہ اپنی ذات کے لحاظ سے اصول اور قاعدے بنانے لگتے ہیں۔ وہ جس طریقے میں اپنا فائدہ دیکھتے ہیں اس کو رائج کرنے لگتے ہیں مگر یہ طریقہ اکثر الٹا پڑتا ہے۔ کیونکہ اس دنیا میں کوئی شخص ہمیشہ ایک حال پر نہیں رہتا۔ مواقع کبھی ایک شخص کے ہاتھ میں آتے ہیں اور کبھی وہ دوسرے کے ہاتھ میں چلے جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں محض اپنی ذات کو سامنے رکھ کر قواعد بنانا عقل مندی نہیں۔ کیونکہ عین ممکن ہے کہ حالات بدلیں اور جو چیز پہلے آپ کو اپنے موافق نظر آتی تھی وہ بعد کو آپ کے مخالف بن جائے۔ اپنی ذات کو مرکز بنا کر سوچنا باعتبار حقیقت نہ اپنی ذات کے لیے مفید ہے اور نہ بقیہ انسانیت کے لیے۔

**عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟**

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1- بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری، عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

042-37552384-042-37425801-3



www.ubqari.org

# غربت، تنگدستی اور گھریلو جھگڑے! ایک سبب یہ بھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا مؤثر اور فرحت و نافع بخش عبقری لیا اور پڑھا جو دسمبر 2017 کا ہے۔ اس کے صفحہ 3 پر مضمون باعنوان حال دل ''دولت اور زمین بے وفا'' اس میں سب کچھ صحیح یقیناً ہوگا لیکن دولت مندی سے غربت اور مفلسی کے سفر کا ایک پہلو اور بھی ہے دینے والے ہاتھ سے لینے والے ہاتھ کا سفر کا پہلو یہ بھی ہے کہ آج کی عورت (بیوی) اللہ تعالیٰ کے حکم سے انکار کرتی ہے۔ فرض زوجیت کی ادائیگی سے انکار کرتی ہے اور کرتی چلی جاتی ہے۔ شادی کے پندرہ سال بعد سے اس نے جو انکار اور صورت انکار برقرار رکھی ہے جبکہ چار بچے ہو چکے تھے) تو آج 22 سال سے صورت انکار برقرار ہے۔ جب 22 سال پہلے وہ انکار پر کھڑی ہوئی تو میری تنزلی کا سفر شروع ہوا۔ گھر فروخت ہوگیا کرائے پر آئے۔ ایک بنگلہ تھا وہ بھی فروخت ہوگیا، چار یا پانچ پلاٹ تھے وہ فروخت ہوگئے پھر ایک دکان تھی وہ بھی فروخت ہوگئی اب نوکری کے مقام پر کھڑا ہوں۔ میں اپنے آپ کو خطاؤں گناہوں سے پاک نہیں سمجھتا ہوں۔ اپنے گناہوں اور خطاؤں کا پورا احساس ہے۔ لیکن یہ تنزلی، جب حساب کرتا ہوں تو یہی نظر آتا ہے کہ ادھر اس (بیوی) کی طرف انکار کا سفر شروع ہوا اور اللہ تبارک تعالیٰ کی طرف سے ایک سال کی مہلت تو ملی اور اس کے بعد نقصانات کا تانتا بندھ گیا۔

### قلت، ذلت اور بندش میرا نصیب بن گیا

اللہ تعالیٰ میرے اور میری بیوی جیسوں سے درگزر نہیں کرتا۔ لوگ سمجھتے ہیں بندش ہوگئی ہے، یہ ہوگیا وہ ہوگیا ہے نہیں یہ بندش اور خسارے اور قلت اور ذلت ہماری قسمت اور نصیب ہوگیا۔ آج وہ رو رہی تھی جبکہ اس کو ہمیشہ سے اس بات کا احساس اور اک کراتا رہا ہوں کہ تم مجھ سے انکار نہیں کر رہی حکم خداوندی سے انکار کر رہی ہو میں نے تو زندگی میں دین کو سنایا پڑھا ہے اس کی فوراً سمجھ آگئی تھی لیکن اس کا جو حل تھا وہ میں نے نہیں کیا یا نہیں کرسکا۔ اس کا حل یہی تھا کہ جو ہمارے دین نے نسخہ کے طور پر دیا ہے کہ میں دوسری شادی کرتا' چاہے وہ طلاق نہ لیتی۔ اگر کرلیتا تو دولتمندی سے غربت کے سفر سے بچ جاتا۔ ہم لوگ باحیثیت خاندان سے ہیں نہ ہی بیوی اور اس کا خاندان جاہل لوگ' الحمدللہ! پڑھے لکھے سمجھدار ہیں' 22 سال سے اس خرابی سے بدتر خرابی کو بھگت رہا ہوں۔ پھر بھی اپنا احتساب کرتا رہتا ہوں۔ قارئین کے لیے خاص طور پر اپنے دل کے راز کو صرف اس لیے لکھا کہ آج گھروں میں رزق کی تنگی اور مفلسی اور تونگری سے تنگدستی کی ایک بہت بڑی وجہ حکم خداوندی سے انکار اور انکار پر عورت (بیوی کا ڈٹ جانا ہے) آپ اس کو مشن بنالیں تو آج 50 فیصد گھروں میں اس کی پھٹکار ہے۔

پر ان عورتوں کی سب سے بڑی دشمن ان کی بہنیں اور کزن ہوتی ہیں کیونکہ اگر یہ اچھی ازدواجی زندگی گزارتی ہے تو چاہے سگی بہن ہو وہ اس سے حسد کرے گی کہ اس کی زندگی اس کو زندگی سے بدتر رہے۔ اور اس کے کانوں میں ایسی باتیں ڈالے گی کہ وہ فرض زوجیت اور وظیفہ زوجیت سے انکار کرے۔ عمل وظیفہ زوجیت کو خراب کرے۔

اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے احکامات حضور ﷺ کی سنت اور احادیث یقیناً آپ کو معلوم ہوں گی آپ کم از کم دوسرے ازواج کی تعلیم فرمائیں۔ اور حضرت حکیم صاحب مجھے دعاؤں میں یاد رکھیئے گا۔ (محمد رئیس، کراچی)

# شوہر کی فرمانبردار بیوی! حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کے ہمراہ جنت میں جائیگی

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''تین آدمی ہیں جن کی نماز قبول نہیں ہوتی، ایک وہ آدمی جو لوگوں پر سرداری کرے اور لوگ اس سے ناراض ہوں، دوسری وہ عورت جس کا شوہر اس سے ناراض ہو اور وہ آرام سے پڑی سو رہی ہو، اور تیسرا وہ آدمی جو اپنے بھائی سے قطع تعلق کرے'' (بخاری)

### عورت کا فرمانبردار ہونا اور غلام آزاد کرنا

ایک مجلس میں عورتوں کے متعلق گفتگو میں حضرت علیؓ کے حوالہ سے فرمان نبی ﷺ بیان کیا گیا ''وہ عورت جو اپنے خاوند کی فرماں برداری کرتی ہے وہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے ہمراہ جنت میں داخل ہوگی مزید فرمایا جس عورت کو خاوند بستر پر طلب کرے وہ عذر معقول کے بغیر نہ آئے تو اس کی نیکیاں برباد ہو جاتی ہیں وہ ایسی صاف ہو جاتی ہے جیسے سانپ کینچلی اتار کر اگر عورت مر جائے اس کا خاوند ناراض ہو تو اس کے لیے دوزخ کے ساتوں دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ خاوند کے عورت پر راضی ہونے پر عورت کی وفات پر اس کے لیے جنت میں ستر درجے بلند فرمائے جاتے ہیں''۔ یاد رکھ! سرور کائنات ﷺ کا ارشاد ہے ''اگر اللہ کے سوا کسی دوسرے کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو میں عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کریں''۔

### عورتوں کو نصیحت

ابن عمرؓ رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ''اے عورتوں کی جماعت تم (خاص طور پر) صدقہ دیا کرو اور زیادہ استغفار کیا کرو کیونکہ دوزخیوں میں زیادہ تعداد میں نے عورتوں کی دیکھی ہے۔'' ان میں ایک ہوشیار عورت بولی ''یارسول اللہ ﷺ ہم نے کیا قصور کیا ہے؟ کہ ہم دوزخ میں زیادہ جائیں گے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''تمہیں (باہم گفتگو میں) لعنت کرنے کی زیادہ عادت ہوتی ہے اور تم اپنے شوہر کی بھی بہت ناشکری کرتی ہو۔ میں نے تم جیسا دین و عقل میں ناقص ہو کر پھر ایک دانشمند شخص پر غالب آجانے والا کسی کو نہیں دیکھا۔

### رباح قیسی کی بی بی کا ذکر

یہ ساری رات عبادت کرتیں۔ جب ایک پہر رات گزر جاتا تو شوہر سے کہتیں کہ اٹھو اگر وہ نہ اٹھتے تو پھر تھوڑی دیر کے بعد ان کو اٹھاتیں۔ پھر آخر شب میں کہتیں اے رباح اٹھو رات گزرتی ہے اور تم سوتے ہو۔ کبھی زمین سے تنکا اٹھا کر کہتیں کہ خدا کی قسم دنیا میرے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے قدر ہے۔ عشاء کی نماز پڑھ کر زینت کے کپڑے پہن کر خاوند سے پوچھتیں کہ تم کو کچھ خواہش ہے اگر وہ انکار کردیتے تو وہ کپڑے اتار کر رکھ دیتیں اور صبح تک نوافل میں مشغول رہتیں۔ (فائدہ) بیبیو! تم نے دیکھا کہ خدا تعالیٰ کی کیسی عبادت کرتی تھیں اور ساتھ ساتھ خاوند کا کتنا حق ادا کرتی تھیں اور خاوند کو دین کی رغبت بھی دیتی تھیں۔ یہ ساری باتیں کرنے کی ہیں۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

عبقری کتب و ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# حسن کو چار نہیں آٹھ چاند لگانے کے آزمودہ ٹوٹکے

(فوزیہ نوشین، بہاولپور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں جس موضوع پر بات کرنے جا رہی ہوں' وہ ہماری زندگی میں بہت اہمیت رکھتا ہے لیکن اپنی لاپروائی کی وجہ سے ہم اسے وہ اہمیت نہیں دیتے جس کا وہ حقدار ہے چمکتی رنگت، دمکتی آنکھیں اور سرخ گلابی گالیں، سفید دانت، سیاہ لمبے بال آپ کے حسن کو چار چاند نہیں بلکہ آٹھ چاند لگا دیتے ہیں پہلے ہر کوئی آپ کو گلابی گلابی چہرے والا ملتا تھا اب ہزاروں میں بھی کوئی نہیں ملتا ہے' رگوں میں بھاگتا روانی سے خون اب بہت سست ہو گیا ہے جب سے فاسٹ فوڈ آیا ہے آپ کے معدے کو تو بھر دیا ہے لیکن جسم کو خالی کر دیا ہے ہمارے جسم کا اہم ترین حصہ خون ہے جس کی کمی کا پتا ہمیں تب چلتا ہے جب یہ کم نہیں بلکہ ختم ہو جانے کے قریب ہو جاتا ہے اور مختلف بیماریوں ''خون کی کمی'' کی شکل میں ظاہر ہو چکی ہوتی ہیں۔ آئرن کے نام پر دوائیوں کی بھرمار ہے لیکن وہ تب تک اثر دکھاتے ہیں جب تک آپ اسے کھاتے رہتے ہیں اور جیسے ہی چھوڑتے ہیں دوبارہ وہی صورت حال ہو جاتی ہے بلکہ زیادہ عرصہ یہ دوائی کھانے سے جسم میں دوسری بیماریاں بھی پیدا ہو جاتی ہیں صاف ستھرا تازہ ''خون'' پیدا کرنا ہمارے ''جگر'' کا کام ہے اور وہ وہی کام کرے گا جو خوراک ہم اسے دیں گے لیکن اس کے لیے ''جگر'' کا تندرست ہونا بہت ضروری ہے۔

## صرف چند روپوں میں طاقتور ترین ڈرنک تیار کیجئے!

آج میں آپ کو ہزاروں نہیں بلکہ چند روپوں میں وہ ٹوٹکے بتاؤں گی جس سے لوگ آپ سے پوچھیں گے بھئی کتنی بوتل خون کی لگوائی ہیں' کھجور چھ عدد، خوبانی خشک چار عدد، شہد تین چمچ، چھوٹی الائچی دو عدد۔ ان سب کو (کھجور اور خوبانی گٹھلی نکال کر استعمال کرنی ہے) ان سب کو تھوڑا سا پانی ڈال کر ملک شیک والے بلینڈر میں ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں پھر ایک پاؤ دودھ میں (گرمیوں میں ٹھنڈا، سردیوں میں گرم) مکس کر کے چسکی چسکی لیکر پئیں انتہائی طاقتور ٹانک ہے روزانہ تازہ بنا کر استعمال کریں۔ **چند گنڈیریاں اور جگر کی ہر بیماری دور:** دوپہر کے کھانے کے بعد دس عدد گنڈیریاں چوسنے سے جگر کی ہر بیماری دور ہوگی اور وہ خون بنانے میں تیزی دکھائے گا۔ ہر لال رنگ والی سبزی اور پھل آپ کے اندر خون پیدا کرنے کی طاقت رکھتے ہیں جس میں چقندر سرفہرست ہے لیکن بہت سارے لوگوں کو اس کا ذائقہ پسند نہیں آتا اس لیے آج میں آپ کو اس کا حلوہ بنانا بتاؤں گی جو طاقت کا خزانہ ہوگا چند دن کھانے سے آپ کا چہرہ بھی لال چقندر جیسا ہو جائے گا ایک کلو چقندر' آدھا کلو دودھ' 250 گرام کھویا' چینی ایک کلو' دیسی گھی ایک پاؤ' بادام' پستہ حسب ضرورت۔ ترکیب: چینی ایک پاؤ، چقندر کو کاٹ کر دودھ میں پکالیں پھر چینی گھی ڈال کر بھونیں جب اچھی طرح گھی اوپر آجائے تو کھویا اور بادام پستہ بھی ڈال کر مکس کر لیں چقندر کا حلوہ تیار ہے۔ حسب موسم دودھ کے ساتھ لیں انشاءاللہ خون کی لالی آپ کے ہونٹوں پر بھی نظر آئے گی۔

**جگر کا نظام طاقتور' صالح خون بے حساب:** گیارہ بادام بھگو کر پیس لیں پھر ایک پاؤ دودھ میں ملا کر اس کا دہی بنا لیں اور وہ روزانہ کھائیں یہ جگر کے نظام کو درست کر کے طاقتور صالح خون بنانے کا کام کریگی۔ بہی دانہ، سیب اور گاجر کا مربہ لیکر موٹا موٹا کوٹ لیں چند چھوٹی الائچی کے دانے نکال کر پیس کر سفوف بنا کر مکس کر لیں ہر کھانے کے بعد چھوٹا چائے والے چمچ سے کھائیں لیکن ان تمام طریقہ علاج کیلئے مستقل مزاج ہونا بہت ضروری ہے اگر یہ کھانے سے آپ کو دو تین باحاجت بھی آجائے تو کوئی پریشانی کی بات نہیں سمجھو آپ کی بیماری اور گندگی نکل رہی ہے۔

## صاف ستھرا چمکتا خون آپ کے چہرے کو بدل دے گا

چار سوکھے آلو بخارے، ایک چمچ سونف ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح اچھی طرح مسل کر چھان کر پی لیں ان شاءاللہ چند دنوں میں خون کی کمی بھی دور ہوگی اور خون کے اندر گندے مادے بھی دور ہوں گے' صاف ستھرا چمکتا خون آپ کے چہرے کو بدل دے گا۔ لوکی کھانا سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور ہر سنت پر عمل کرنے سے اس دنیا کے بھی مسائل حل ہوں گے اور ان شاءاللہ آخرت میں بھی ڈھیروں اجر کمائیں گے۔ آدھی لوکی کو چھیل کر دھو لیں اور اس کا جوس نکال لیں پھر اس میں اتنا ہی پانی ڈالیں اور عبقری کا ''فٹنس فولاد ٹانک'' ایک بڑا چمچ ڈالیں اور اچھی طرح مکس کر کے چسکی چسکی لے کر پی لیں ان شاءاللہ چند دنوں میں کمی خون دور ہوگی۔

## خون کی پیداوار کیلئے مشہور چیزیں! حاملہ خواتین اور بچوں کیلئے خاص

بہی دانہ کا مربہ شہد میں بنا کر کھائیں' مہنگائی کے دور میں ہر کوئی سیب اور انار نہیں کھا سکتا جو کہ خون کی پیداوار کیلئے مشہور ہے۔ تین خشک خوبانی کو پانی میں بھگو دیں' صبح اچھی طرح مسل کر پانی پی لیں انشاءاللہ بہت فائدہ ہوگا۔ ایسی لڑکیاں اور حاملہ خواتین جو ہر وقت کمی خون کی شکایت کرتی رہی ہیں' ایک نایاب نسخہ حاضر ہے دو انجیر باریک کر کے دیسی انگوری سرکہ تھوڑا سا لیکر اس میں بھگو دیں صبح نہار منہ وہ ٹکڑے نکال کر کھا لیں اور اسی سرکہ میں دو انجیر اور بھگو دیں ان شاءاللہ صرف پندرہ دن کے بعد آپ خود حیران ہو جائیں گی یہ ٹوٹکہ قلت خون کیلئے اکسیر ہے حتیٰ کہ تھیلیسیمیا کے مریض جن کو ہر ماہ خون کی بوتل لگتی ہو اور جسم خون بنانے کے قابل نہ ہو' ان لوگوں کے لیے بھی یہ ایک خزانہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اس کی قسم اٹھائی ہے' اس کے لاتعداد فوائد ہیں جسم کیلئے انتہائی طاقتور ٹانک ہے۔ اس کے علاوہ مونگ دال ایک کپ، چنے کی دال ایک کپ ان دونوں کو تھوڑے سے دیسی گھی میں بھون لیں پھر ٹھنڈا ہونے کے بعد ان دالوں کا پاؤڈر بنا لیں۔ پھر دس چمچ گلوکوز اور تھوڑی سی مصری باریک کر کے ڈال لیں پھر سہانجنا کے درخت کے پتوں کا پاؤڈر دو چمچ میں اور ان سب میں اچھی طرح مکس کر لیں (سہانجنا کے پتوں کو دھو کر سائے میں خشک کر کے پاؤڈر بنانا ہے) آپ کا ملٹی وٹامن تیار ہے ایک گلاس پانی میں آدھا چائے کا چمچ یہ سفوف ڈالیں' ایک چمچ اگر میٹھا کرنا چاہے تو مشروب عبقری بھی ڈال سکتے ہیں جو سونے پر سہاگہ ہوگا' انتہائی طاقت ور خزانہ تیار ہے' وہ بچے اور بڑے جو ہر وقت تھکے تھکے رہتے ہیں چہرے پہلے زرد، مرجھائے ہوئے ان لوگوں کیلئے انتہائی مفید ہے اگر پانی میں نہیں ڈالنا چاہتے تو ویسے بھی آدھی چمچ صبح و شام لے سکتے ہیں۔ اس سے بچوں کا قد بھی لمبا ہوتا ہے۔ ایک گلاس گاجر کے جوس میں برابر مقدار میں دودھ ملا کر پینے سے بھی یہ کمی پوری ہوتی ہے۔ روزانہ تین کھجوریں کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں یا پھر کھجور کا شیک بنا کر استعمال کریں۔ خون کی کمی دور کرنے کیلئے ایک نسخہ بہت کارآمد ہے۔ میتھی دانہ 20 گرام، حب الرشاد 20 گرام، قسط شیریں 15 گرام ان سب کو باریک پاؤڈر کی طرح کر کے ہر کھانے کے بعد آدھی چائے والی چمچ استعمال کریں ان شاءاللہ خون کی کمی دور ہوگی۔

**چہرہ روشن و شاداب! شربت حاضر ہے!:** آلو بخارا تازہ ہو یا خشک قلت خون میں فائدہ دیتا ہے' خون کی کمی دور کرنے کیلئے ایک شربت حاضر ہے (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
''شفائے حیرت'' چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# اچھے لوگوں سے دوستی! اسلام کیا کہتا ہے؟ پڑھیے

ماسٹر محمد ایوب، تونسہ شریف

انسان کیلئے ایک دوست ایسا ضرور ہونا چاہیے جس کے پاس بیٹھ کر اُنس ہو۔ خوشی و پریشانی میں اس کو شریک کیا جاسکے اچھی دوستی سعادت وخوشی بختی کے اسباب میں سے ایک اہم سبب ہے' ایسا دوست مل جائے جس سے آپ کو نفع پہنچے اور اس کے ساتھ چلنے میں سعادت وخوشی حاصل ہو۔ جعفر بن محمدؒ نے اپنے بیٹے سے کہا بیٹے تمہارے دوستوں میں جو تم سے تین بار ناراض ہوا لیکن اس نے تمہارے بارے میں کوئی غلط بات نہیں کہی تو اسے اپنا دوست رکھو۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ دوستوں سے جھگڑے نہ ہوں۔ مہر ومحبت کا تسلسل نہ ٹوٹے اگر کبھی اچھائی مل جائے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو اور کبھی برائی ملے تو پھر اپنے دل میں یہ خیال کرلو کہ مجھے تو پہلے ہی اس سے یہی توقع تھی۔ اس کے نتیجے میں دل میں شکایت اور بغض پیدا نہیں ہوگا اور پھر دشمنی بھی پیدا نہیں ہوگی۔

ابوالعتاہیہ کہتا ہے بھائی دنیا والوں میں کون ہے جو تمہارا پورا پورا ہو تھوڑے ہی کو باقی رکھو' وہ تم سے نہ اکتائے جسے تم نے اپنا آپ پورا نہیں دیا' اگر کسی بھائی کی ساری باتیں اچھی ہوں دو یا ایک بات ناپسند ہو تو ان کی وجہ سے اسے چھوڑ دینا درست نہیں کیونکہ تھوڑا بہت قابل معافی ہے۔ اچھے لوگوں سے دوستی اور محبت ہونی چاہیے۔ فرمان نبوی ﷺ ہے کہ آدمی آخرت میں اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان مبارک ہے: جنت میں یاقوت کے کچھ ستون ہیں جن پر زبرجد کے بالا خانے ہیں ان کے دروازے کھلے ہوئے ہیں یہ دور سے اس طرح چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں جس طرح چمکدار ستارہ نظر آتا ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ ان میں کون حضرات رہیں گے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا! صرف اللہ کی خاطر آپس میں محبت رکھنے والے اور صرف اللہ کی خاطر ایک دوسرے پر خرچ کرنے والے اور صرف اللہ کی خاطر آپس میں ملاقات کو جانے والے۔ (بزار باسنادہ)۔ ہمیں اللہ سے دوستی لگانا اور اس کے حبیب ﷺ سے دوستی لگانا ہوگی اللہ کے حبیب ﷺ کے دوست ہمارے دوست ہوں اللہ والوں سے دوستی ہو تاکہ ہر دو عالم میں کامیابی وکامرانی ہمارے قدم چومے۔

دوستوں سے صرف اللہ کیلئے محبت کیجئے خدا کے محبوب لوگ وہی ہیں جو اللہ کے دین کی بنیاد پر باہم جڑے ہوئے ہوں۔ دوستوں پر اعتماد کیجئے ان کے درمیان ہشاش بشاش رہیے افسردہ رہنے اور دوستوں کو پریشان کرنے سے پرہیز کیا کیجئے۔ دوستوں کی محفل میں بے تکلف اور خوش مزاج بن کر رہیے۔ آپ کی صحبت سے دوست اُکتانہ جائیں بلکہ مسرت، زندگی اور کشش محسوس کریں۔

پیارے نبی ﷺ کا اشاد ہے جب کسی شخص کے دل میں اپنے بھائی کیلئے خلوص ومحبت کے جذبات ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے دوست کو بھی ان جذبات سے آگاہ کردے اور اسے بتادے کہ وہ اس سے محبت رکھتا ہے۔ (ابوداؤد) دوستوں کے ساتھ وفاداری کا سلوک کیجئے دوست کے ساتھ سب سے بڑی خیر خواہی یہ ہے کہ آپ اس کو اخلاقی اعتبار سے زیادہ سے زیادہ اونچا اٹھانے کی کوشش کیجئے اس کی دنیا بنانے سے زیادہ اس کی آخرت بنانے کی فکر کیجئے۔

# دل جوڑنے اور محبت بڑھانے کے گر!

**خوشیوں میں حصہ لیجئے!** دوستوں کی خوشیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیجئے ان کے غم میں شریک ہو کر غم غلط کرنے کی کوشش کیجئے۔ دوستوں سے مسرت واخلاص سے ملیں نہایت توجہ خوش دلی، نرم خوئی اور خندہ پیشانی سے ملیئے۔ ملاقات کے وقت ایسا انداز اختیار کیجئے کہ آپ کے دوست خوشی اور زندگی محسوس کریں۔ اگر خدانخواستہ کبھی طبیعت اور ذوق کے خلاف بات ہوجائے تو اپنی زبان پر قابو رکھیے۔ کبھی بھی سخت کلامی اور بدزبانی نہ کیجئے۔ بلکہ صلح وصفائی میں کبھی تاخیر نہ کیجئے تاخیر دلوں میں دوری پیدا کرتی ہے۔ اپنے دوستوں کی اصلاح وتربیت سے بھی کبھی غفلت نہ کیجئے یعنی خود پسندی اور تکبر سے دوستوں کو ہمیشہ بچاتے رہے۔ **دوست کے عیب ظاہر نہ کرو:** پیارے نبی ﷺ کا ارشاد ہے بلکہ منبر پر چڑھ کر نہایت اونچی آواز سے حاضرین کو تنبیہ فرمائی۔ ''مسلمانوں کے عیوب کے پیچھے نہ پڑو جو شخص اپنے مسلمان بھائی کے پوشیدہ عیوب کے درپے ہوتا ہے تو پھر خدا اس کے پوشیدہ عیوب کو طشت ازبام کرنے پر تُل جاتا ہے اور جس کے عیب افشاں کرنے پر خدا تُل جائے تو وہ اس کو رسوا کرکے چھوڑتا ہے اگرچہ وہ اپنے گھر کے اندر گھس کر ہی کیوں نہ بیٹھ جائے۔ (ترمذی) دوستوں کے عیبوں کے بارے میں تجسس اور ٹوہ میں نہ لگیں، پوشیدہ عیبوں کو کریدنا کوئی اخلاقی خدمت نہیں ہے بلکہ ایک مہلک مرض ہے۔ دوستوں کی خبر گیری کیجئے ہر طرح جان ومال سے ان کی مدد کیجئے۔ **دوست کی حاجت پوری کیجئے:** پیارے نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے گا تو خدا اس کی ضرورت پوری کرنے میں لگا رہے گا اور جو کسی مسلمان کی کوئی مصیبت دور کرے گا تو خدا قیامت کی مصیبتوں میں سے کسی مصیبت کو اس سے دور فرمائے گا۔ اپنے دوستوں کے رازدار بنے دوست آپ پر اعتماد کریں آپ سے دل کی بات کہہ سکیں۔ دوستوں کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچایئے اپنے سینے کو رازوں کا محفوظ دفینہ بنایئے تاکہ دوست بلا کسی جھجک کے ہر مسئلہ میں مشورہ کرسکے اور آپ دوست کو اچھا مشورہ دے سکیں اور تعاون کرسکیں۔ اپنے دوستوں سے ملاقات کیلئے جایا جائے اس سے اعتماد اور محبت میں اضافہ ہوتا ہے، ہدیہ اور تحفوں کا تبادلہ کیا کیجئے ہدیہ کے لینے سے دل جڑتے ہیں اور محبتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور بہترین ہدیہ دوستوں کیلئے خصوصی دعائیں کیجئے اور ان سے بھی دعا کی درخواست کیجئے۔ دعا دوستوں کے سامنے بھی کیجئے اور ان کی غیر موجودگی میں بھی کیجئے۔ دوستوں کا خیال کرکے ان کے نام لیکر دعا کیجئے۔ **دوست کیلئے دعا:** پیارے نبی ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کیلئے غائبانہ دعا کرتا ہے تو خدا اس کو قبول کرتا ہے اور دعا کرنے والے کے سرہانے ایک فرشتہ مقرر رہتا ہے کہ جب وہ شخص اپنے بھائی کیلئے اچھی دعا کرتا ہے تو فرشتہ امین کہتا ہے اور کہتا ہے تیرے لیے بھی وہی کچھ ہے جو تو اپنے بھائی کیلئے مانگ رہا ہے۔ (صحیح مسلم) اور یہ دعا کریں۔ اے ہمارے رب! ہماری اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما جو ایمان میں ہم سے سبقت لے گئے اور ہمارے دلوں میں ایک دوسرے کے خلاف کینہ اور کدورت نہ رہنے دے۔ اے ہمارے رب! تو بڑا مہربان اور بہت رحم کرنے والا ہے۔ (آمین)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# دو الفاظ پڑھیے! کان ناک اور پیٹ کا درد کبھی نہ ہوگا

**چھینکنے پر الحمدللہ کہنے کا فائدہ**

خیال رہے کہ اگر چھینکنے والا الحمدللہ کہے تو جواباً یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہنا واجب ہے۔ حضرت ابی ہریرہؓ راوی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ''اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کو چھینک پسند اور جمائی ناپسند ہے۔ جب کوئی شخص چھینکے اور الحمدللہ کہے تو جو مسلمان سنے، تو اس پر حق ہے کہ یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہے اور جمائی شیطان کی طرف سے ہے جب کسی کو آئے تو جہاں تک ہو سکے، جمائی کو دفع کرلے، کیونکہ جب انسان جمائی لیتا ہے، تو شیطان ہنستا ہے یعنی خوش ہوتا ہے، اس لیے کہ یہ کسل مندی اور غفلت کی دلیل ہے اور ایسی چیز کو شیطان پسند کرتا ہے۔ (بخاری شریف)

چھینکنے پر الحمدللہ کہنے کے صرف روحانی ہی نہیں، بلکہ بہت سے جسمانی فوائد بھی ہیں۔ حضور نبی ﷺ سے مروی ہے کہ جو شخص چھینکنے والے سے پہلے الحمدللہ کہہ دے، وہ دردِ کان، دردِ دندان اور دردِ شکم سے محفوظ رہتا ہے۔ (ابن ماجہ) حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص چھینکنے والے سے جلدی الحمدللہ کہہ دے، اس کو کوئی پیٹ کی بیماری ضرر نہیں دے گی۔ ایک دوسری روایت میں ہے کہ جو شخص چھینک کر پوری سورۂ فاتحہ شریف پڑھ لیا کرے تو اس کے لیے ایک سال کی شفاء ہے۔ (نزہتہ المجالس جز ثانی)

**آئینہ دیکھا:** حضرت سیدنا ابن عباس راوی ہیں کہ حضور سید عالم ﷺ جب آئینہ دیکھتے تو پڑھتے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الَّذِیْ اَحْسَنَ خُلُقِیْ وَسَوّٰی خَلْقِیْ وَ جَعَلَنِیْ بَشَرًا سَوِیًّا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔'' حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے اسے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے کبھی نہیں چھوڑا اور کہا کرتے تھے کہ جو شخص اسے پڑھتا ہے اس کے چہرے کو کوئی برائی نہیں چھوسکتی۔

بروایت ابی ہریرہؓ حضور نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ رات کو آئینہ مت دیکھا کرو کیونکہ اس سے بھینگا پن پیدا (ہونے کا اندیشہ) ہوتا ہے۔ (نزہتہ المجالس جز اوّل)

# تم کیسے ہو کہ شرم نہیں آتی؟

حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ اپنے شیخ حضرت عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ پہاڑ کی طرف ایک مقام پر گئے۔ وہاں ایک غار میں ایک درویش کو دیکھا کہ عالم تحیر میں کھڑا ہے اور آسمان کی طرف دیکھتا ہے، چہرہ زرد ہے، ایک پاؤں غار کے باہر ہے اور دوسرا اندر ہے۔ حضرت نے اس سے دریافت کیا کہ یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کیا ''میں یہاں بارہ برس سے عبادت میں ہوں۔ حق تعالیٰ اپنے بندوں کو آزماتے ہیں کہ وہ ہماری محبت سے سرشار ہیں یا قلب کا تعلق کسی اور سے ہے۔ میری آزمائش رب تعالیٰ نے اس طرح لی کہ ایک عورت حسین و جمیل اور زیور سے آراستہ وہاں سے گزری تو شیطان نے میرے دل میں وسوسہ ڈالا۔ میں نے غار سے نکل کر اس کو دیکھنے کی خواہش کی۔ ابھی ایک پاؤں باہر نکالا تھا کہ آواز آئی ''تم کیسے ہو کہ شرم نہیں آتی، دعویٰ ہماری محبت کا کرتے ہو اور دیکھتے عورتوں کی طرف ہو، یہ محبت کیسی ہے۔ تم میرے سامنے ہوتے ہوئے بھی دوسروں کی طرف متوجہ ہوتے ہو''۔ (مخزن اخلاق)

# بانجھ پن کا شکار تھا! دس بیٹے ہوئے عمل جان لیجیے!

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تشریف لے گئے تو آپ سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ایک ملازم نے عرض کیا کہ میں ایک مالدار آدمی ہوں مگر میرے ہاں کوئی اولاد نہیں ہے، کوئی ایسی چیز بتائیے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اولاد عطا فرمائے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا استغفار پڑھا کرو۔ اس نے استغفار کی اور اتنی کثرت سے کی کہ روزانہ سات سو مرتبہ استغفار پڑھنے لگا۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اسے دس بیٹے عطا فرمائے۔ (خزائن العرفان حاشیہ سورۃ ہود آیت ۵۲)

**سید الاستغفار:** بانجھ پن کے تحت سیدنا شہزادہ شیر خدا حضرت امام حسن مجتبیٰؓ سے منقول استغفار سے علاج درج کیا گیا چونکہ حضرت امام حسنؓ سے اس جگہ کوئی خاص (دعائے) استغفار منقول نہیں ہے، اس لیے ذیل میں وہ (دعائے) استغفار درج کی جاتی ہے جس کے متعلق زبان وحی ترجمان سے سید الاستغفار (یعنی تمام استغفاروں کا سردار) ارشاد ہوا۔ حضرت شداد بن اوسؓ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: سب استغفاروں کا سردار یہ استغفار ہے (کہ انسان یوں کہے)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اس استغفار کو صدق دل سے دن میں پڑھا، وہ اگر اس روز شام سے پہلے مرگیا، تو جنتی ہے اور جس نے رات کو اسے صدق دل سے پڑھا اور صبح ہونے سے پہلے مرگیا تو جنتی ہے۔ (صحیح بخاری شریف کتاب الدعوات)

## معرفت اور علم کا فالودہ

علی بن طبیانؒ کہتے ہیں کہ ایک دن میں گھر میں تھا کہ میرے گھر علیان آیا (جو کہ مجنون مشہور تھا) میں نے اس سے پوچھا تو کس چیز کا شوق رکھتا ہے؟ تو اس نے کہا فلولوذج (فالودہ) تو میں نے گھر والوں کو حکم دیا تو انہوں نے فالودہ بنا کر اس کے سامنے پیش کیا اس نے اسے کھایا پھر مجھ سے کہا: اے علی یہ فالودہ تو عالمین (جاننے والوں) کا تھا۔ کیا تجھے عارفین (معرفت والوں) کے فالودہ میں رغبت ہے؟ میں نے کہا ہاں! تو علیان نے کہا۔ (۱) صفائی کا شہد لے۔ (۲) وفا کی شکر لے۔ (۳) رضا کا گھی لے۔ (۴) اور یقین کا نشاستہ لے۔ (۵) پھر اسے تقویٰ کی کڑاہی میں ڈال۔ (۶) اس پر خوف کا پانی ڈال۔ (۷) اس کے نیچے محبت کی آگ جلا۔ (۸) اس کو عصمت کے چمچے سے ہلا۔ (۹) اس کو فکر کے برتن میں ڈال۔ (۱۰) پھر اس کو حمد کے پنکھے کے ساتھ ہوا دے یہاں تک کہ ٹھنڈا ہوجائے۔ (۱۱) پھر اسے استغفار کی چمچ سے کھا۔ اگر تو نے یہ کام کرلیا تو میں تجھے ضمانت دیتا ہوں کہ تو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کبھی نہیں کریگا۔ (عقلاء المجانین عربی ص ۱۶۹ طبع بیروت) (نجمہ عامر، گوجرانوالہ)

کالے جادو کیلئے کڑوی شفاء

کالی کڑوی شفاء

صرف اس مریض کیلئے جس کو جادو نے ڈس لیا ہو، معالجین نے لاعلاج قرار دیا ہو، جادو کی وجہ سے کینسر، کالا یرقان، چھاتی کا سرطان، ہڈیوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو، مریض موت کا انتظار کر رہا ہو تو اسی صورتحال میں اسم اعظم کی دم شدہ ''کالی کڑوی شفاء'' واقعی شفاء دیتی ہے۔ قیمت 400 روپے

# آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں، اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ، یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ، بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں، جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں، ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو، جنات، بندشیں، اثرات، مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

کامل حیدر کلاسن، 25 کپر۔ شازیہ آصف، کوٹ ادو۔ فوزیہ مقصود، چشتیاں۔ عزیز انور، جھنگ صدر۔ آفتاب احمد، فتح جنگ۔ فیاض خان، پشاور۔ ساجد علی، روہڑی۔ محمد عثمان اشرف، میلسی۔ رضا محمد خان، بنوں۔ حافظ عبدالرحیم، مظفرگڑھ۔ ماجد اقبال، کوہاٹ۔ طیبہ، گوجرانوالہ۔ منور سلطانہ، رحیم یارخان۔ شکیل احمد، رحیم یارخان۔ ندا، میر پور خاص۔ راشدہ سلطانہ، اسلام آباد۔ جمیل الرحمان، راولپنڈی۔ محمد حنیف مغل، کراچی۔ روبینہ بانو، کراچی۔ زبیدہ تنویر، وزیر آباد۔ شازیہ اشفاق، لاہور۔ محمد ماجد محمود، گوجر خان۔ مس ضیاء، گوجرانوالہ۔ کلثوم زاہرہ، گجرات۔ توقیر رضا، راولپنڈی۔ نادرہ اختر، سیالکوٹ۔ صفیہ بی بی، راولپنڈی۔ حمیرا ندیم، خان پور۔ فضہ بتول، خیر پور۔ عبدالرحمن، سرگودھا۔ نیلم، دادو۔ انیلہ بی بی، بھکر۔ محمد اکبر نقشبندی، صادق آباد۔ علی احمد، سرگودھا۔ ارشاد اللہ خان، غزنی خیل لکی مروت۔ روبی، لاہور۔ کوثر پروین، بھیرہ۔ ع، ر، ننکانہ صاحب۔ خالد محمود اختر، لاہور۔ عبدالرشید پراچہ، کراچی۔ ارم شہزادی، بہاولنگر۔ محمد تنویر تبسم، بہاولپور۔ نسیم اختر، سیالکوٹ۔ بشریٰ، ملتان۔ ربیعہ، سیالکوٹ۔ صوفیہ بانو، کراچی۔ آمنہ احمد، پنڈی۔ محمد صداقت رضا، لاہور۔ محمد عثمان حفیظ، اللہ آباد۔ دلشاد بیگم، صوابی۔ نائلہ بی بی، واہ کینٹ۔ محمد سرفراز، جہلم۔ شاہد علی، خیر پور۔ شمائلہ کوثر۔ فیصل آباد۔ عظمیٰ راشد، فیصل آباد۔ طوبیٰ طارق، فیروزہ۔ ثوبیہ، حیدر آباد۔ مہرین اویس، لاہور۔ باعث طفیل، سامارو، باسط طفیل، سامارو۔ پروین، کوٹ غلام محمد۔

### آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمۡسُ کُوِّرَتۡ o وَ اِذَا النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ o وَ اِذَا الۡجِبَالُ سُیِّرَتۡ o وَ اِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ، سات دفعہ، گیارہ دفعہ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

سدرہ بخاری، کوہاٹ۔ فائزہ، حیدر آباد۔ محمد اسلم، جلال پور شریف۔ فائقہ صباحت، اٹک۔ ناہید اختر، فیصل آباد۔ شہناز، لاہور۔ زیبا نور، لاہور۔ محمد عثمان، ہری پور۔ محمد سلیم، کراچی۔ نسرین اختر، کراچی۔ عائشہ شہزاد، ملتان۔ مفیض الرحمان، کراچی۔ مہوش، کراچی۔ محمد فاروق، چکوال۔ کرن، اوکاڑہ۔ ربیعہ خلیل، سیالکوٹ۔ فرخ زمان، ماتلی بدین۔ نگہت نورین، گوجرہ۔ محمد انور بیگ، گوجرانوالہ۔ نصیر احمد، راولپنڈی۔ عاصمہ کنول۔ راولپنڈی۔ کشف العالی، راولپنڈی۔ راجہ محمد عمران، کراچی۔ زکیہ شفیع، کراچی۔ طارق مسعود، راولپنڈی۔ ارم سلیم، ڈیرہ غازی خان۔ محمد جاوید اقبال، اوچ شریف۔ حفیظ الرحمن، کراچی۔ محمد حامد، گوجرانوالہ۔ محمد انس، ملتان۔ محمد صفدر، شیخوپورہ۔ محمد جاوید اقبال، اوچ شریف۔ عبدالستار خان، واہ کینٹ۔ فدا حسین، اسلام آباد۔ حسینہ، پشاور۔ سونیا فاضل، گجرات۔ محمد فیضان حسن، ملتان۔ توسل فاطمہ، چکوال۔ مہناز فاطمہ، چکوال۔ زہرہ جبیں، کراچی۔ شازیہ عثمان، پشاور۔ وردہ نسیم، راولپنڈی۔ اقبال حسین، ملتان۔ محمد جنید اکرام، حاصلپورہ۔ اسماء عبدالقیوم، حیدر آباد۔ ارسلان بشیر، کراچی۔ ثانیہ اسلم، کراچی۔ عمران حسن، اوکاڑہ۔ فرخندہ پروین، بنوں۔ سعید احمد، گجرات۔ محمد حسن، سانگھڑ۔ حادیہ، بنوں۔ زین العابدین، گجرات۔ عبدالجبار، ٹنڈو محمد خان۔

### آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

**اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کا نادر النوادر وظیفہ:** دو رکعت نماز نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں اور اس میں ثناء کے بعد سورۂ فاتحہ شروع کریں جب اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر پہنچے اس کو بار بار دوہرائیں اور اتنا دوہرائیں، اتنا دوہرائیں کہ تین سو، چار سو، دو ہزار، تین ہزار کی تعداد میں اس کو دوہرا اگر کھڑے ہو کر نفل پڑھ لیں تو سعادت اگر کھڑے نہیں ہو سکتے تو بیٹھ کر پڑھ لیں۔ جتنا کریں گے اتنا کمال پائیں گے۔ **یہ عمل چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

عباس علی بھٹی، سیالکوٹ۔ غلام سرور، پوشیدہ۔ سیدہ عائشہ کاشف، گجرات۔ شازیہ پروین، کوٹ اددو۔ سید کاشف انوار، گجرات۔ نسرین الطاف، کراچی۔ حافظ فرقان احمد، بھمبر آزاد کشمیر۔ فرح، لاہور۔ احمد رضا ملک، لاہور۔ انتصار، سیالکوٹ۔ خالدہ مشتاق، اٹک۔ فرحانہ اسلم، جھنگ۔ آسیہ قادر، ملتان۔ نرگس پروین اختر، لیہ۔ مقدس دل محمد، میر پور آزاد کشمیر۔ عفت جبین صدیقی، گوجرانوالہ۔ ثوبیہ احمد علی، جمبر کلاں۔ طاہرہ پروین، جھنگ۔ سحر امتیاز، کراچی۔ نعیم کوثر، فیصل آباد۔ روحان علی، جہلم۔ ندا، میر پور خاص۔ حماد سعید، جڑانوالہ۔ سدرہ، کوٹ اسلام۔ ممتاز بیگم، پاکپتن۔ ثقلین ضیاء، خانیوال۔ خدیجۃ الکبریٰ، چکوال۔ شبنم، ہری پور۔ انوار احمد، کراچی۔ سمعیہ صدیقی، کراچی۔ فرزانہ کوثر، محراب پور۔ دلدار احمد، خانیوال۔ محمد رمضان، خانیوال۔ شفقت نیاز احمد، راولپنڈی۔ ساجد علی، روہڑی۔

### آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

**سورۂ اخلاص کا عمل:** دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں **101** بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں، پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں، پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ **یہ عمل چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص، خارش، چنبل، کوڑھ، جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# دودھ دینے والے جانور کے پاؤں تلے راکھ دیں کمال دیکھیں!

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

شیر زمان، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور درس سننا میری عادت بن چکا ہے' آپ کے درس نے مجھے جینے کا سلیقہ سکھایا ہے۔ عبقری میں لوگوں کے تجربات و مشاہدات پڑھتا ہوں تو دل کو سکون ملتا ہے' میرے بھی کچھ تجربات و مشاہدات ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں۔ خاص طور پر ان کسان بھائیوں کے لیے جو دودھ دینے والے جانور رکھتے ہیں اور ان کا ذریعہ معاش یہی ہے۔

### جانور دودھ دینا بند کردے یا پیشاب میں خون آئے

جانور کے پیشاب میں خون آرہا ہو یا جانور دودھ نہ دے رہا ہو یا ہاتھ نہ لگانے دے رہا ہو کوئی بھی مسئلہ ہو تو سات بار آیت الکرسی اور سات بار درود تنجینا پڑھ کر روٹی، آٹے، گھاس پانی پر یا کوئی بھی کھانے والی چیز پر دم کرکے صبح وشام دیں' آپ کے جانور کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ یہ مسائل میری گائے اور بکری کے ساتھ پیش آئے تھے۔ ایک دن گائے نے بالکل دودھ نہ دیا تو میں نے اپنے استاد سے بات کی تو انہوں نے یہ ٹوٹکہ بتایا۔ شام کو گائے نے دو کلو دودھ دینا شروع کردیا ہے۔ الحمدللہ! جب بھی اب ایسا مسئلہ میرے ساتھ یا کسی دوسرے کے ساتھ بھی پیش آتا ہے تو میں خوشی سے یہ عمل کرتا بھی ہوں اور دوسروں کو بتاتا بھی ہوں۔

### چولہے کی راکھ سے گائے دودھ دینا شروع

ایک دودھ والے نے بتایا کہ گائے دودھ نہیں دے رہی' میں نے ایک ٹوٹکہ عبقری کے کسی میگزین میں دیکھا تھا کہ ایک مٹھی چولہے کی راکھ لے کر گائے کے پاؤں کے نیچے پھینک دیں تو گائے دودھ دینا شروع کردے گی' اس نے بھی ایسا کیا تو اس دودھ والے کی گائے نے دودھ دینا شروع کردیا۔ یہ ٹوٹکہ نظربد کیلئے بھی ہے۔ انوکھا حیرت انگیز ٹوٹکہ ہے' جب میں نے دودھ والے کو بتایا تو وہ مسکرایا تھا' مگر جب اس نے کیا تو حیرت زدہ رہ گیا' پھر مجھے بھی بتایا کہ یہ تو بڑا کامیاب ہے۔

### جانوروں کی نظربد کے لیے

اگر جانوروں کو نظر لگ جائے تو یہ نقش لکھ کر آٹے کے پیڑے میں کھلانے کے لیے دے دیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوجائے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

### پھرا جانور قابو میں آگیا!

قربانی کا جانور لیا قابو میں نہیں آرہا تھا چھ قصائی لگے ہوئے تھے مگر زمین پر نہیں گر رہا تھا۔ میں نے وہیں جانور کے گرد دائرہ میں ''اصحاب کہف'' کے نام لکھے اور دائرے میں قطمیر لکھا اور جانور قابو میں آگیا حتیٰ کہ اس پر چھری پھر گئی مگر وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلا۔

### قربانی کا جانور اور بحوالہ قطمیر

قربانی کے لیے جانور لیا تو جانور منڈی سے ہی تنگ کرتا آرہا تھا میں نے انگلی سے اس پر ''بحوالہ قطمیر'' لکھا تو ٹھیک ہوگیا۔ مطلب دوبارہ تنگ نہیں کیا۔

### جانوروں کی منہ کُھر بیماری ختم

''منہ کھر'' کی بیماری اگر جانوروں میں آئے تو اونٹ کی ہڈی گلے میں باندھ لیں تو جانوروں کی یہ بیماری ختم ہوجائے گی۔

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

### دماغی امراض میں مبتلا شوہر بغیر دوا کے ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ سے یہ آیت رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ پڑھی' میرے شوہر جنوری 2007ء سے دماغی امراض کیلئے اسپیشلسٹ ڈاکٹر سے دوا کھا رہے تھے' مگر صرف دوا کھاتے ہی سکون ملتا باقی مرض ادھر ہی تھا۔ دس سال بعد 2017ء میں میں نے درج بالا دعا اپنے شوہر کا تصور کرکے اس قدر کثرت سے پڑھی کہ میرے خیال میں' سانس میں ہر وقت یہی دعا رہتی۔ الحمدللہ! 2017ء سے لیکر اب تک دوبارہ دوا کی ضرورت نہ رہی' اب بالکل نارمل زندگی جی رہے ہیں۔ ورنہ یکدم ان کو دورہ پڑتا اور اتنا غصہ میں ہوتے کہ سامنے بندہ جو بھی ہو اس کو قتل کرنے تک چلے جاتے۔ اب اللہ کا شکر ہے۔ (ف، لاہور)

### عمر میں برکت کی دعا

یہ دعا عمر میں برکت، راحت اور عافیت کے لیے بے شمار اکابر اور بزرگوں کی آزمودہ ہے۔ روزانہ چند بار اس دعا کو پڑھ لیں بہت باکمال چیز ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ دَائِمًا حَرَسْتُ نَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَ دِیْنِیْ وَ مَنْ حَضَرَنِیْ وَمَنْ غَابَ عَنِّیْ بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ وَ اَصْبَحْتُ وَ اَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَلَا یُسْتَبَاحُ وَفِیْ ذِمَّتِہٖ وَضَمَانِہِ الَّذِیْ لَا یُخْفَرُ ضَمَانُ عَبْدِہٖ وَاسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی رَبِّیْ وَرَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلاً تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ نِعْمَ الْقَادِرُ اللّٰہُ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظاً وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضٰی نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَاعَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ' بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# پہلے آئینہ دیکھنے سے گھبراتی! اب ہٹنے کو جی نہیں چاہتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ڈھیروں دعائیں آپ کے لیے اور آپ کے چاہنے والوں کے لیے اپنا ایک تجربہ شدہ نسخہ شیئر کر رہی ہوں جو میں نے آپ کے درس سے سن کر استعمال کیا تھا مجھے بہت فائدہ ہوا میرے چہرے اور جسم پر بے شمار دانے تھے کہ میں آئینہ دیکھنے سے گھبراتی تھی الحمدللہ اب میرا چہرہ صاف و شفاف اور روشن ہے‘ اب تو آئینے کے سامنے سے ہٹنے کو جی نہیں کرتا جبکہ پہلے میں نے سکن اسپیشلسٹ سے بھی چھ ماہ مہنگا ترین علاج کروایا تھا کچھ ماہ فرق پڑا پھر دانے واپس آگئے تھے‘ مجھے معدہ کا بھی مسئلہ تھا اور قبض کا بھی‘ وہ بھی اسی سے ٹھیک ہوا میں روزانہ رات کو ہلدی کا آدھا چمچ دودھ کے ساتھ استعمال کرتی ہوں جس سے مجھے یہ سارے فوائد ملے ہیں۔

## ہر سال ہونے والے ٹائیفائیڈ کا آزمودہ علاج

مجھے ٹائیفائیڈ بخار ہر سال ہوجاتا تھا پچھلے پانچ سال سے ایسا ہی ہورہا تھا پھر میں نے میگزین میں قسط شیریں کے بارے میں پڑھا کہ قسط شیریں سے ٹائیفائیڈ کے جراثیم پانچ سیکنڈ میں ختم ہوجاتے ہیں ایک سال میں اس کا استعمال بخار سے پہلے شروع کردیا تو مجھے بخار نہیں ہوا تھا دوسرے سال میں بھول گئی تو مجھے ٹائیفائیڈ بخار ہوگیا لیکن میں نے کسی ڈاکٹر سے علاج نہیں کروایا بلکہ قسط شیریں ہی کا استعمال کیا۔ استعمال یہ ہے قسط شیریں پیس کر صبح، دوپہر، شام ایک چائے والا چمچ سادہ پانی سے کھالیں۔ الحمدللہ! اسی سے میرا ٹائیفائیڈ ختم ہوگیا۔

## میرے بال کیسے لمبے گھنے اور خوبصورت ہوتے

میرا آزمودہ بالوں کا نسخہ ہے جس سے میرے بال لمبے گھنے اور خوبصورت ہوگئے تھے‘ وہ یہ ہے بیری کے پتے جو کونپلوں کی صورت میں ہوں وہ لیکر اچھی طرح گھوٹ لیں کہ ان کے اوپر جھاگ آجائے تو انہیں باریک کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں وہ جھاگ اوپر آجائے گی تو سر دھونے سے ایک گھنٹہ پہلے بالوں میں اس جھاگ کی مالش کرلیں بعد میں کسی اچھے شیمپو سے دھولیں‘ بال گھنے لمبے اور انتہائی خوبصورت ہوجاتے ہیں۔ بیری پر لگی ہوئی آکاش بیل وہ بھی بالوں کیلئے بہت ہی مفید ہے اسے بھی گھوٹ کر اس کا پانی نکال لیں اور اس طرح ہی بالوں میں لگالیں یہ دونوں میرے آزمودہ ہیں۔

## ہربل شیمپو گھر بنائیے! لاجواب رزلٹ پائیے

شیمپو سے بچنے کیلئے بھی میرے پاس آزمودہ نسخہ ہے وہ یہ ہے آملے، ریٹھے، سکاکائی، ہموزن لے لیں اور پیس کر سفوف بنالیں۔ یہ سفوف حسب خواہش ڈال کر چولہے پر چڑھادیں پانی اتنا ڈالیں کہ پک کر آدھا رہ جائے اس میں لوہے کا ایک ٹکڑا ڈال دیں پانی خوب کالا ہوجائے گا۔ سر دھونے سے آدھا گھنٹہ پہلے اسے تیل کی طرح بالوں میں لگالیں اور بعد میں سر دھولیں‘ آپ کو شیمپو لگانے کی ضرورت نہیں پڑے گی‘ بال انتہائی کالے چمکدار اور خوبصورت ہوجائیں گے اس سے بال لمبے بھی ہوجاتے ہیں جو لڑکیاں اپنے بال لمبے کرنا چاہتی ہیں وہ یہ نسخہ استعمال ضرور کریں پھر رزلٹ دیکھیں۔ روکھے بے جان بالوں میں بھی جان آجاتی ہے۔ (نوٹ) اسے بالوں میں لگانے سے ہاتھ کالے ہوجاتے ہیں اس لیے دستانے یا شاپر ہاتھوں پر چڑھا لیں۔ (ف۔ر، سیالکوٹ)

# میرا بیوٹی پارلر ہے! مجھ سے آزمودہ ٹوٹکے لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا پارلر ہے‘ مگر الحمدللہ! آپ کے درس سننے‘ اور عبقری رسالہ پڑھنے کے بعد وہ کام بالکل نہیں کرتی جو شریعت نے منع کیے ہیں بلکہ یہ کہ نہ صرف باہر سے گزرنے والے عبقری وظائف پڑھتے اور خوش ہوتے ہیں بلکہ خواتین بہت زیادہ اپنے مسئلے مسائل کے حل مجھ سے پوچھتی ہیں اور رمضان میں تو باقاعدہ سب لوگ پیسے اکٹھے کرکے عبقری رسالہ پورے علاقہ میں تقسیم کرتے ہیں۔

چونکہ سارا دن میرے پاس خواتین آتی رہتی ہیں اور اپنے مشاہدات بتاتی ہیں۔ ماہنامہ عبقری میں بواسیر کا ٹوٹکہ شائع ہوا تھا‘ ہمارے امام مسجد کی بیگم کو بواسیر کی شدید تکلیف تھی انہوں نے رسالے سے پڑھا‘ تارامیرا کے بیج اور اسپغول کا چھلکا پیس لیں اور استعمال کریں انہوں نے دو ٹائم کھانا شروع کیا اور یقین کے ساتھ اور ماشاءاللہ ان کو آرام آگیا۔ اب وہ ٹھیک ہیں۔ ابھی گزشتہ دنوں میرے پاس تشریف لائیں تھی تو بتارہی تھیں کہ میں اب بالکل ٹھیک ہوں۔

## گندم کی سخت الرجی سے یقینی چھٹکارا

ایک دفعہ میرا ڈاکٹر کے پاس جانا ہوا ایک خاتون میرے ساتھ بیٹھی ہوئی تھیں۔ میری بات چیت ہوئی عبقری کا ذکر کیا۔ وہ ماہنامہ عبقری کی قاریہ نکلیں۔ مزید باتوں میں انہوں نے بتایا کہ مجھے بہت سخت الرجی تھی میں گندم نہیں کھاسکتی تھی۔ ڈاکٹروں نے کہا تھا کہ آپ ساری زندگی گندم نہیں کھاسکوگی۔ ماہنامہ عبقری میں ایک ٹوٹکہ آیا تھا وہ میں نے کیا اور اللہ کا شکر ہے کہ میں اب گندم کھالیتی ہوں۔ ٹوٹکہ یوں ہے کہ پودینہ، سونف، چھوٹی الائچی کا پانی بنا کر رکھ لیں اور جب پیاس لگے وہ پانی سارا دن پینا ہے۔ میں نے بتایا اور پیارزلٹ آپ کے سامنے ہے جس چیز کو ڈاکٹروں نے ناممکن بنادیا تھا وہ میرے اللہ نے اس چھوٹے سے ٹوٹکے میں شفاء کا میرے لیے خزانہ دے دیا۔ اب میں ماشاءاللہ گندم بھی استعمال کرسکتی ہوں۔ اللہ پاک جو بھی بیمار ہے اسے شفاء کاملہ عطا فرمائے۔ اور آپ سلامت رہیں جو لوگوں کی بھلائی اور اصلاح کا کام انجام دے کر لاکھوں کروڑوں دعائیں حاصل کررہے ہیں۔ (روبینہ انیس، لاہور)

## پنشن کے معاملات! ناممکن ممکن ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دس سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں اور درس میں بھی شریک ہوتی ہوں۔ سب سے پہلے فرض نماز کے بعد انمول خزانہ نمبر 1 پڑھتی ہوں‘ اس سے پہلے بہت بیمار رہا کرتی تھی اب ماشاءاللہ میری طبیعت ٹھیک ہوگئی ہے۔ دوسرا فائدہ: والد صاحب کی پنشن پہلے میری والدہ لیتی رہیں‘ دس سال ہوگئے وہ فوت ہوگئیں‘ میں نے پنشن لینے کا سوچا وضو والی دعا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔ ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھتی رہی‘ اس وظیفے کی برکت سے پنشن بن گئی جو ناممکن کام تھا ممکن ہوگیا۔ ہر وظیفہ یقین کیساتھ پڑھتی ہوں جن لوگوں کو کوئی مشکل ہوتی ہے وہ مجھ سے وظائف پوچھنے آتے ہیں اور انہیں وظیفے کرکے بہت خوشی اور کامیابی ہوتی ہے۔ (سیّدہ منیر، بہاولپور)

دردی ہربل بام
خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت‘ کئی ہفتے چلے
پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج‘ لقوہ‘ رعشہ‘ کمر کا درد‘ پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے‘ کسی عضو کا پھڑکنا‘ پنڈلیوں کا درد‘ نقرس‘ لاغری‘ ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا‘ موچ آجانا‘ بجلی کا شاک لگنا‘ کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا‘ جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں
قیمت:=/80 روپے
ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# نیوٹن اپنے کانوں میں تیل کیوں ڈالتا تھا؟ انوکھا سائنسی انکشاف

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

## موجودہ دور کانوں میں تیل ڈالنے کا ہے — انوکھی تحقیق جسے سائنس نے زندہ باد کہا!

### نہ دماغی اعصابی کھچاؤ، نہ ٹینشن نہ ڈپریشن

پہلے دور میں لوگ بہرے کم ہوتے تھے' پاگل نہیں ہوتے تھے' نہ عینک' نہ آنکھوں کا جھنجھلانا' نہ نظر کی کمزوری' نہ دماغی اعصابی کھچاؤ' نہ طبیعت کی بے چینی' نہ ٹینشن' نہ اینگزائٹی نہ ڈیپریشن' نہ پھڈ لڑائی' نہ جھگڑے' نہ مقدمات' نہ تحصیل نہ کچہریاں' نہ اتنے وکیل' نہ اتنا نظام۔ آخر آج کل یہ سب کیوں ہوا؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے کانوں میں تیل اور تیل سے مراد پرانے لوگ خالص گائے کا دیسی گھی کانوں میں ڈالتے تھے۔ ورنہ سرسوں کا تیل نیم گرم کر کے زیتون کا تیل اور تلوں کا تیل کانوں میں ڈالتے نہیں تھے بلکہ پلاتے تھے۔ عمریں لمبی' صحت تندرست' اعصاب مضبوط' طبیعت میں نہ بے چینی' نہ بے کلی' نہ بے قراری' ذہن ہروقت بالکل مطمئن' اعصاب بالکل تسلی بخش' بڑے بڑے شہروں میں چند وکیل ہوتے تھے اور جیلوں میں چند قیدی ہوتے تھے' کیوں؟ دماغ کھولے تو جھگڑے ہوں' نہ دماغ کھولتا نہ جھگڑے ہوتے بلکہ جھگڑے اگر ہوتے بھی تو ٹھنڈے دماغ سے ان کے فیصلے ہوجایا کرتے تھے اور دماغ ٹھنڈا اس وقت رہتا جب دماغ کو ٹھنڈک پہنچائی جاتی۔

### ناچاقیاں بڑھ رہی ہیں' آخر کیوں؟

کمپیوٹر کی لیزر شعاعیں' موبائل کی شعاعیں' سیٹلائٹ کی شعاعیں اور پوری دنیا میں سافٹ ویئر اور مائیکرو کے استعمال کی وجہ سے اس کی بہت خطرناک قسم کی لیزر اور شعاعیں یہ سب فضاؤں میں پھیلی ہوئی ہیں' پوری دنیا کی سائنس پریشان ہے' جھگڑے' لڑائیاں' عدالتیں' کچہریاں بھرپور ہیں اور ہروقت یہ خدشہ رہتا ہے کہ کچھ نہ کچھ ہوجائے گا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے' ہم اپنے دماغ کو بہت خشک کر چکے ہیں' کانوں کے اندر کی جو ویکس (WAX) ہیں جسے ہم میل کہتے ہیں جو کہ کانوں کی اشد ضرورت ہے کیونکہ کانوں کی اضافی میل کان خود بخود وقتاً فوقتاً گرا دیتا ہے وہ خشک ہوگئی ہے اور اس کے خشک ہونے سے دماغ خشک ہوگئے ہیں' اعصاب خشک ہوگئے ہیں۔ میاں بیوی دن رات جھگڑوں میں' بہن بھائی الجھنوں میں' رشتے دور ہورہے ہیں' ناچاقیاں بڑھ رہی ہیں' آخر کیوں؟ میں ایک جگہ بیٹھا تھا ایک پرانا اور سیانا ایک لفظ بار بار ایک پنچایت میں کہہ رہا تھا' ان کو تو سمجھ نہ آرہی ہو لیکن مجھے سمجھ آرہی تھی اور وہ لفظ کہہ رہا تھا کہ ٹھنڈے دماغ سے سوچو' ٹھنڈے دماغ سے فیصلے کرو اور ٹھنڈے دل سے سوچو اور ٹھنڈے دل سے فیصلے کرو' یہ ٹھنڈا دماغ کب ہوگا غذاؤں نے' بڑھتی ہوئی گرمی' فاسٹ فوڈز اور کیمیکل نے ہمارے دماغ میں ایسی گرمی اور آگ بھر دی ہے کہ ہمارے فیصلے غلط ہوتے ہیں۔

### انوکھا راز! دولت قدموں میں

تاریخ کا ایک واقعہ ہے دنیا میں اعلان ہوا کہ دنیا کے بہت بڑے مصنف نے ایک کتاب لکھی ہے اور اس کتاب میں کائنات کا ایک راز ہے جو پاجائے گا ساری دنیا کی حکومت اس کے پاس ہوگی' دولت اس کے قدموں میں ہوگی' اقتدار اس کا پیچھا کرے گا' سکون راحت اس کا اوڑھنا بچھونا ہوگا' ایسے حیرت انگیز اور پرکشش دعوے تھے کہ اس کی بولی بڑھتی چلی گئی حتیٰ کہ دنیا کے آخری مالدار نے اس کتاب کو خریدا اور جب اس کتاب کو کھولا تو اس کے سارے صفحات صاف تھے' پہلے صفحہ پر لکھا ہوا تھا دماغ ٹھنڈا رکھیں' آخری صفحہ پر لکھا ہوا تھا پاؤں گرم رکھیں۔ یعنی ٹھنڈے دماغ سے سوچ سمجھ کر فیصلے کریں' ٹھنڈے فیصلے کریں' جذباتی فیصلے نہ کریں اور پاؤں گرم رکھیں یعنی اپنی حرکت' کوشش' محنت بڑھاتے جائیں۔

### پرانے ٹوٹکے! صحت کا راز

قارئین! میں آپ کو سائنس کا حوالہ بھی دوں گا۔ کانوں میں بچوں کے' بڑوں کے بوڑھوں کے جوانوں کے زیتون کا تیل' سرسوں کا تیل' تلوں کا تیل' خالص دیسی گائے کا گھی ہو وہ ڈالیں تھوڑا سا ڈالیں' دس منٹ تک کان کو ملتے رہیں' آپ روزانہ ڈالیں ہفتے میں ایک بار ڈال لیں۔ تیسرے دن ڈال لیں پانچویں دن ڈال لیں لیکن ضرور ڈالیں۔ یاد رکھیں! بڑوں بوڑھوں کے پرانے ٹوٹکے کبھی ضائع نہیں جاتے' آج کی سائنس پھر سے واپس لوٹ رہی ہے۔ ٹوٹکوں کی ایک کتاب میں' میں نے پڑھا تھا کہ نیوٹن اپنے کانوں میں دیسی گھی ڈالتا تھا' مجھے بڑی حیرت ہوئی اتنی بڑی ایجادات کا موجد اسے تو سائنسی ٹوٹکہ آزمانا چاہیے تھا لیکن اسے پتہ تھا کہ قدرتی ٹوٹکے ہی ہماری زندگی کی صحت اور راز کے سفیر ہیں' اب جدید سائنس کان میں تیل ڈالنے کے بارے میں کیا کہتی ہے وہ ملاحظہ فرمائیں:۔

### کان میں تیل ڈالنے کے سائنسی فوائد

جدید سائنس کے مطابق کان میں تیل ڈالنے سے یہ فوائد حاصل ہوتے ہیں: 1۔ تیل کان کے میل کو نرم کرتا ہے۔ 2۔ کان کی جلد کو تسکین دیتا ہے۔ 3۔ کان میں خارش نہیں ہوتی۔ 4۔ کان میں تیل ڈالنے سے طبیعت کو فرحت ملتی ہے۔ 5۔ کان میں تیل ڈالنے سے میل باہر آجاتا ہے اور چپچپاہٹ نہیں ہوتی۔ 6۔ تیل کان میں دیر تک رہتا ہے اور اسے نرم رکھتا ہے۔ تیل سے کان میں کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچتا۔ کان، ناک اور گلے کے ماہر سرجن ''گیبریل واٹسن'' کہتے ہیں کہ مارکیٹ میں بہت ساری کان صاف کرنے والی ادویات (ائیر ڈراپس) موجود ہیں۔ جہاں یہ ڈراپس کان کی صفائی کرنے میں مدد دیتے ہیں وہاں پر یہ کان کو متاثر بھی کرتے ہیں مگر مارکیٹ میں موجود مہنگی ادویات کی نسبت سستا اور بہترین طریقہ علاج زیتون اور ناریل کے تیل کے قطرے ہیں۔ اگر آپ اپنے کان میں موجود میل کو صاف کرنا چاہتے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

### چٹکی دوا سے مریض صحت یاب

جون 2020ء کے صفحہ نمبر 24 پر شیخ الوظائف کا طبی آرٹیکل ''چٹکی دوا سے مریض صحت یاب''، میں ایک دوا ''ہریاول'' کا لکھا گیا' قارئین کی بہت زیادہ فون کالز اور خطوط آئے کہ مقامی پنساری سے ہریاول نہیں مل رہی۔ قارئین! ہریاول بھی دوا ہے! لیکن جو تاثیر ہڑتال ورقیہ میں ہے وہ ہریاول میں بھی نہیں ہے۔ لہٰذا آپ پنساری سے ہڑتال ورقیہ مانگیں وہ تھوڑی مہنگی ہوگی لیکن تاثیر ہریاول سے بھی زیادہ ہوگی اگر آپ نے ہریاول سے دوائی بنالی ہے تو اب اس میں اتنے ہی وزن کے بقدر ہڑتال ورقیہ ڈال کر ادویات پیس لیں اس نسخہ کی تاثیر ڈبل ہوجائے گی۔

بے شمار کا آزمودہ! شوگر کورس
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ



www.ubqari.org

## پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

### فکرمندی میں

جب میں کسی بات پر فکرمند ہوتا ہوں تو بہت ہی غصہ آتا ہے۔ کوئی مجھ سے کچھ بھی کہے، اس وقت میری نظروں سے دور ہو جاؤ۔ کمرے میں لوگ موجود ہوں تو باہر نکال کر دروازہ بند کر دیتا ہوں۔ اب جس کو کمرے سے نکالو، وہ برا مان جاتا ہے' یہ نہیں سوچتے کہ اچھا ہوا بات نہیں بڑھی۔ ایک تو میں اپنے غصے پر کنٹرول کرتا ہوں دوسرے لوگوں کی ناراضی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (ایم کاشف، اوکاڑہ)

مشورہ: غصے کے وقت کسی کو کمرے سے نکالنا یا اپنے سامنے سے دور ہو جانے کا کہنا یہ بھی غصے کا اظہار ہے۔ غصہ کنٹرول کرنے کے لیے ہر طرح کے منفی ردعمل سے بچنے کی ضرورت ہوتی ہے مثلاً چیخ و پکار نہ کرنا، جسمانی حرکات پر قابو رکھنا، زبان پر قابو رکھنا وغیرہ، دوسروں کو کمرے سے نکالنے کے بجائے خود دوسری جگہ چلے جائیں، پانی پی لیں، کھلی فضا میں کچھ دیر ٹہلیں اور گہرے گہرے سانس لیں۔ فوری وضو کرلیں۔ درود شریف پڑھنا شروع کردیں۔ ان شاء اللہ رویے میں جلد بہتری آجائے گی۔

### اِدھر اُدھر بھٹکنا

میرا ایک کزن ہے جس کی عمر 26 سال کے قریب ہوگی۔ اس نے ایم بی اے کیا ہے۔ ہم سب سے پہلے اس کو بڑی کمپنی میں جاب مل گئی۔ مجھے یاد آتا ہے کہ وہ دوسرے شہر جانے کی تیاری کر رہا تھا۔ جاب کرتے ہوئے صرف دو ماہ گزرے تھے کہ وہ عجیب وغریب حرکتیں کرنے لگا۔ جہاں وہ رہتا تھا وہاں ہمارے ایک اور کزن بھی رہتے تھے انہوں نے بتایا کمپنی میں اس کا بہت بڑا جھگڑا ہوگیا۔ اس نے لوگوں کو مارا پیٹا۔ فرنیچر توڑ دیا۔ ہمیں یقین نہیں آیا کہ وہ تو بہت سلجھا ہوا لڑکا تھا، آخر یہ کیا ہوا؟ بہرحال وہ اس کو واپس لے آئے۔ گھر آکر بھی وہ پہلے جیسا نہ تھا۔ ساری رات جاگنا اور دن بھر اِدھر اُدھر بھٹکنا اس کا معمول ہوگیا۔ (وقاص، جہلم)

**مشورہ:** بعض نفسیاتی امراض نوجوانی میں حملہ آور ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں رویہ تبدیل ہو جاتا ہے حالانکہ یہ لوگ ذہانت میں کسی سے کم نہیں ہوتے بلکہ ذہنی مرض کا شکار ہونے سے پہلے اعلیٰ تعلیم بھی حاصل کر لیتے ہیں۔ اگر ذہنی کیفیت کے خراب ہونے کی وجہ دوسروں پر ڈال دی جائے گی تو بہتری نہیں آسکتی حقائق کو قبول کر لیا جائے اس طرح اصلاح کے لیے اقدامات ممکن ہیں۔

### متوازن رویہ

اس روز میری پریشانی کی انتہا نہ رہی جب مجھے دوسرے بچوں نے بتایا کہ میرا بیٹا سکول نہیں آیا تھا جبکہ وہ گھر سے سکول کے وقت پر نکلا۔ پانچ منٹ گزرے ہوں گے دوسرے بچوں کو آئے ہوئے کہ وہ بھی مجھے آتا نظر آگیا۔ چہرے سے ظاہر تھا کہ وہ سکول نہیں گیا۔ گردوغبار میں الجھے بال، میلی سی یونیفارم اور کمر پر پڑا ہوا بستہ بتا رہا تھا کہ آج اس کو سکول کا ماحول نہیں ملا۔ میں نے بچوں کے سامنے اس کو کچھ نہیں کہا حالانکہ بچے کھڑے انتظار کر رہے تھے کہ کب اس کی پٹائی ہو اور ہم دیکھیں۔ خوف کی وجہ سے شوہر کو بھی نہیں بتایا۔ اکیلے میں بچے سے بات کی۔ اس نے وعدہ کیا ہے کہ آئندہ ایسا کبھی نہیں کرے گا۔ اس کو سکول میں ایک ٹیچر کا ڈر تھا۔ میں نے سکول جا کر بھی بات کی۔ بہرحال انہوں نے اطمینان دلایا۔ اب ڈرتی ہوں کہ دوبارہ ایسا نہ کرے۔ (ی، مری)

مشورہ: آپ نے بہت برداشت کا مظاہرہ کیا ہے۔ اب یہ معلوم کریں کہ وہ کیسے دوستوں میں رہتا ہے۔ ذہنی رجحان اور دلچسپیاں کیا ہیں۔ دراصل بچے فطرتاً تجسس پسند، مہم جو اور گھومنے پھرنے کے شوقین ہوتے ہیں۔ اگر ان باتوں کا موقع آسانی سے نہ ملے تو وہ خود ہی نکل پڑتے ہیں۔ اس طرح ایک طرف ان کو سکول کے پابند ماحول سے نجات ملتی ہے تو دوسری طرف گھومنے اور کھیلنے کا موقع ملتا ہے۔ ایسے بچوں کو برا یا گناہ گار سمجھنا غلط ہے بلکہ ان کے نفسیاتی مسائل کو سمجھیں، سکول یا گھر کی طرف سے سیروسیاحت یا پکنک کا انتظام کیا جائے۔ اس کے ساتھ یہ حد سے زیادہ لاڈ پیار اور غیر ضروری کڑی نگرانی یا پُرتشدد رویے سے بھی گریز ضروری ہے۔ بچے پر مناسب توجہ دی جائے جس کے نتیجے میں وہ یہ سمجھ لے کہ سکول سے فرار اخلاقی جرم ہے، دھوکہ ہے اس پر اس کو سزا بھی مل سکتی ہے۔ یہ بھی احساس دلائیں کہ بچہ والدین کیلئے پسندیدہ ہے، اس کو مزید اچھا بننے کی ضرورت ہے اس طرح وہ محبت اور توجہ سمیٹ سکتا ہے۔

### بس اب مرجاؤں گا

ایم ایس سی کی ہے عمر 25 سال ہے۔ تین ماہ پہلے ٹائیفائیڈ ہوا اس کے علاج کے سلسلے میں ادویات استعمال کر رہا تھا کہ ایک رات اچانک میرا بلڈ پریشر بڑھ گیا۔ مجھے نہیں معلوم کہ کیا ہو رہا تھا۔ دل اتنی تیزی سے دھڑک رہا تھا کہ لگتا تھا ابھی کچھ ہو جائے گا۔ بڑی مشکل سے ہسپتال پہنچا۔ ادویات وغیرہ کھائیں پھر ٹھیک ہوگیا۔ ایک دن چھوڑ کر پھر یہی حال ہوا۔ اب بہت ڈر گیا ہوں۔ ہر وقت یہی سوچتا ہوں کہ کچھ ہو جائے گا۔ سارے ٹیسٹ بھی ٹھیک ہیں۔ یہ خیال بھی آتا ہے کہ بس اب مرجاؤں گا۔ کسی کی تدفین میں بھی جاتے ہوئے گھبراہٹ ہوتی ہے۔ (محمد افضل، لاہور)

**مشورہ:** سارے ٹیسٹ ٹھیک آنے کا مطلب ہے کہ اب آپ کو کوئی جسمانی مرض نہیں جس رات بلڈ پریشر بڑھا دل کی دھڑکن تیز ہوئی، اس کے ساتھ شدید گھبراہٹ کی شکایت بھی ہوئی یہ کیفیت ان ادویات کے سائیڈ ایفیکٹ کا نتیجہ بھی ہو سکتی ہے۔ لہٰذا اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں تاکہ اگر ابھی کوئی دوا لے رہے ہیں تو وہ اس کو تبدیل کریں۔ گھبراہٹ کی دوسری وجہ شدید بخار اور بیماری کا زیادہ وقت تک رہنا بھی ہے۔ اس کیفیت کے بعد معمولات پہلے جیسے نہیں رہتے۔ انسان بہت حساس ہو جاتا ہے۔ بہتری کے لیے طرزِ زندگی اور طرزِ فکر میں مثبت تبدیلیاں لائیں۔ موت کی حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے یہ بھی یقین کریں کہ اس کا وقت مقرر ہے۔

### میرے ساتھ ایسا ہوا تو میں خودکشی کرلوں گی

اس وقت میری عمر 40 سال ہے۔ کبھی کسی ایسے شخص کو دیکھتی ہوں جو لوگوں پر بوجھ ہو تو خوف آتا ہے کہ اگر کبھی میرے ساتھ ایسا ہوا تو میں خودکشی کرلوں گی، میں کیوں لوگوں کی نظروں میں اپنے لیے رحم یا حقارت دیکھوں۔ ساری زندگی خود اعتمادی سے گزاری ہے، بے بسی برداشت نہ ہوگی۔ پتا نہیں کیوں اس طرح کے خیالات بار بار آتے ہیں۔ ان خیالات نے میرا سکھ چین سب چھین لیا ہے۔ خدارا مجھے کوئی مشورہ دیں۔ (ج۔نعمان، اسلام آباد)

مشورہ: دنیا میں ایسے بہت لوگ ہیں جو خودکشی کی حمایت میں دلائل پیش کرتے ہیں۔ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ جب وہ محسوس کریں کہ زمین پر بوجھ ہیں تو خودکشی کرلیں لیکن انسان کو اپنی مرضی سے دنیا میں آنے کی طاقت نہیں، وہ صرف اور صرف اللہ کی رضا سے آیا ہے اس لیے اس کو جانا بھی اللہ ہی کی مرضی سے ہوگا۔ اگر کسی نے وقت سے پہلے خود کو ہلاک کیا جان بوجھ کر تو وہ نافرمان ہو جائے گا لہٰذا اپنی زندگی کو مستقبل کے ہر خوف سے آزاد ہو کر گزاریں۔ ایسے بہت سے لوگ ہیں جو آخری عمر تک کسی کے محتاج یا بے بس نہیں ہوتے۔ ذہن میں آنے والے منفی خیالات کو روکیں اور ان کی جگہ زندگی میں کچھ اچھا کام کر گزرنے کی لگن پیدا کریں۔

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ ناصرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بھی بہترین چیز
ٹینشن، ڈپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی

# بیٹی کے دل میں تین سوراخ! روحانی علاج نے بچالیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب کریم سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی نسلوں کو اور آپ کے ساتھیوں، معاونین کو ہمیشہ شاد اور آباد رکھے اور آپ سب کو دنیا و آخرت کی خیروں کا ذریعہ بنائے اور دنیا و آخرت کے شر اور فتنوں سے بچائے آمین۔ میں نے آپ کے درس میں جب سے رَبَّنَا هَبْ لَنَا والی دعا سنی اپنی بیٹی کو دیکھ کر پڑھتی رہتی ہوں۔ میری بیٹی کے دل میں تین سوراخ ہیں تو ہر سردیاں اسکی بڑی مشکل سے کٹتی تھیں اب وہ تین سال کی ہے تو ہر سیزن میں اسے نمونیہ ہوجاتا تھا اور ایک دفعہ نہیں ایک سے زیادہ دفعہ ہوتا تھا پہلی سردیوں میں جب ہوا تو مجھے پنڈی اسلام آباد بھی لے جانا پڑا پچھلی سردیوں میں میں کئی دفعہ بچوں کے ڈاکٹر کے پاس گئی اپنے شہر چکوال میں ہی بہت انجکشن لگوائے آخر کار ایک دفعہ اس ڈاکٹر نے جواب بھی دے دیا تھا کہ اسکے دل کا علاج کروائیں لیکن میں نے جب سے بچی کی اداؤں پر یہ دعا اور الحمدللہ والشکر اللہ پڑھا بہت کچھ پایا بہت کچھ پایا۔ سوتی نہیں تھی میری بیٹی طبیعت ٹھیک نہ ہونے کی بنا پر کھیلتی بھی نہ تھی لیکن اب الحمدللہ ساری رات سوتی دن میں بھی تھوڑا سو جاتی ہے ورنہ پہلے جو وقت میں نے گزارا وہ میں جانتی یا میرا رب جانتا ہے۔ ڈاکٹر کہتے تھے اسکی آکسیجن کم ہو جاتی ہے تب یہ نہیں سوتی۔ اس دفعہ الحمدللہ مجھے ایک دفعہ بھی ڈاکٹر کے پاس نہیں جانا پڑا میری بیٹی کو انجکشن کے نام پر اذیت اٹھانی پڑی اور اس دفعہ تو الحمدللہ پاؤڈر والے سیرپ بھی کوئی گنے چنے دیئے ورنہ میں اسے مارچ سے اگست تک ان گنت پاؤڈر والے سیرپ پلاتی تھی پہلا ختم ہوتا تھا دوسرا پہلے سے میرے پاس ہوتا تھا میں وہ شروع کردیتی تھی اور نہ کوئی چیز دیتی تھی بیٹی کو سوائے دودھ کے اس دفعہ الحمدللہ زیادہ بے احتیاطی تو نہیں کرتی لیکن کبھی کبھار بچی ہے کسی چیز کا اصرار کرے خصوصاً اسے میٹھی چیزیں پسند ہیں تو دے دیتی ہوں۔

بسم اللہ الذی والی دعا پڑھ کر پھونک دیتی ہوں تو الحمدللہ میری بیٹی کی خوراک ہضم ہوجاتی ہے ورنہ پہلے تو فوراً نمونیہ ہو جاتا تھا۔ میری بیٹی اگر ہم عمر بچوں کے ساتھ مقابلہ نہیں کرسکتی یا سہارے کے بغیر نہیں چل سکتی تو مجھے اس ذات سے کوئی شکوہ نہیں میں لاکھوں مشکور ہوں کہ میری بیٹی کی ہسپتالوں، ڈاکٹروں اور ٹیکوں سے جان چھوٹ گئی۔ (پوشیدہ، راولپنڈی)

# گیارہ بار یَاسَمِیعُ ایک سجدہ اور بیمار تندرست

محترم حضرت حکیم صاحب! میں آپ کو عبقری کا اور کون کون سا عمل اور وظیفہ بتاؤں۔ میں یَابَاعِثُ یَانُوْرُ بھی پڑھتی اور ایک دفعہ جب میری بیٹی بہت بیمار تھی تو دو نفل حاجت پڑھ کر ایک سجدہ کیا تھا جس میں گیارہ بار یَاسَمِیعُ اور گیارہ دفعہ تلبیہ (لبیک اللھم لبیک۔۔۔۔الخ) پڑھ کر دعا مانگی تھی اس کے بعد میں نے اپنی بیٹی کو الحمدللہ تندرست ہی پایا۔ شروع ہی سے الحمدللہ زندگی دعاؤں اور مسنون اعمال سے وابستہ تھی لیکن صرف دعائیں پڑھتی تھی آپ کے درس سن کر اور رسالہ پڑھ کر الحمدللہ دعاؤں کا یقین اور تاثیر جب سے پتہ چلی تو حقیقت میں بہت کچھ پایا۔ مجھے لگتا ہے ابھی میں نے بہت کم لکھا ہے۔ لیکن حقیقت میں میں نے پایا بہت کچھ ہے اور اللہ پاک سے مانگنا مانگنے لینے کا سلیقہ آپ سے سیکھا اللہ پاک آپ اور آپ کی نسلوں آپ کے ساتھیوں کو اپنی شان کے مطابق اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

## جاتے جاتے ایک طبی ٹوٹکہ لیتے جائیے

**زخم کے لیے:** بچے کو گر کر زخم آجائے یا ویسے کوئی زخم وغیرہ ہو جسم کے کسی بھی حصے پر تو اس پر شہد اور ہلدی اور ڈالڈا گھی لگانے سے زخم جلد ٹھیک ہوجاتا ہے۔ زخم کے مطابق تینوں چیزیں ہتھیلی پر یا کسی برتن میں مکس کر کے لگادیں، بہت جلد زخم ٹھیک ہوجاتا ہے۔ (معراج فاطمہ، چکوال)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں

صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔

0332-7552382

# گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

## جسمانی درد کیلئے لاجواب عمل

### ہر قسم کے جسمانی درد کیلئے لاجواب عمل

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿بنی اسرائیل ۱۰۵﴾ اس آیت مبارکہ کو تین مرتبہ مع بسم اللہ کے پڑھ کر دم کریں اور کسی تیل یا دوا میں دم کر کے مالش کریں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ یہ میرا آزمودہ عمل ہے۔ مجرب عمل ہے' اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر اس کو تیل یا دوا وغیرہ میں ڈال دیں' پھر مالش کریں۔

### بوہڑ کی ڈاڑھی سے بانجھ پن دور

بوہڑ کے درخت کی ڈاڑھی کو سائے میں خشک کر کے باریک کرلیں اور محفوظ کریں۔ 5 گرام صبح' 5 گرام شام نیم گرم دودھ سے لیں۔ **طریقہ:** بانجھ عورت کو نظام حیض درست ہونے کے بعد حیض سے فارغ ہو کر سات دن کھلانا اس کو بار آور کردیتا ہے۔ **نوٹ:** معمولی چیز سمجھ کر فائدہ نہ اٹھانا کم عقلی ہے۔ دنیا میں دوائی کے لحاظ سے ایک گھاس کا تنکا اپنی جگہ پر سونے کے کشتہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ **کایا پلٹ چائے:** بوہڑ کا درخت قدیم درخت ہے۔ اس کے پتوں کی چائے یعنی حسب ضرورت پتے تازہ لیکر پانی میں جوش دیں' ذائقہ کے مطابق پتوں اور پانی کی مقدار کا تعین کر کے حسب ضرورت چینی ڈال سکتے ہیں۔ **فوائد:** کمزوری دماغ اور دائمی نزلہ زکام کیلئے کمال کی چیز ہے۔

### مثانہ کی معمولی پتھری ختم

اگر کسی مریض کو مثانہ میں معمولی پتھری ہو تو نہار منہ کچے آم کھلائیں چند روز بعد پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائے گی مگر حاملہ خواتین اور بچوں کو دودھ پلانے والی خواتین کچے آم کھانے سے پرہیز کریں ورنہ نقصان کی ذمہ دار خود ہونگی۔ (بحوالہ عبقری جلد نمبر 10)

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

نُورتن شفاء

بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو' دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی

لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج

قیمت 150 روپے



www.ubqari.org

بچوں کا صفحہ

# ظالم شکاری مظلوم ہرنی مہربان آقا

پیارے بچو! آؤ آپ کو ایک سچی کہانی سنائیں ساری دنیا کا خوبصورت اور مقدس شہر مدینہ ہے۔ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک دن مدینہ سے باہر کسی کام سے تشریف لے جارہے تھے۔ جنگل کا راستہ تھا ایک جگہ پہنچے تو دیکھا ایک یہودی شکاری نے ایک ہرنی کو جال میں پکڑ رکھا ہے جونہی ہرنی نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھا تو خوشی سے اُچھل پڑی اور بولی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس شکاری کو کہیں مجھے آدھے گھنٹے کیلئے آزاد کردے ایک جھاڑ میں میرا گھر ہے وہاں میرے دو چھوٹے بچے ہیں وہ میرے انتظار میں ہوں گے میں ابھی انہیں دودھ پلا کر اور الوداع کر کے آجاؤں گی بچوں سے کہہ دوں گی اب میرا انتظار نہ کرنا اب جنگل کی گھاس پھوس کھانا شروع کردینا۔ ہرنی کی فریاد سن کر رحمت العالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہودی سے کہا سنو! شکاری تھوڑی دیر کے لیے ہرنی کو آزاد کردو یہ اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس آجائے گی یہ سن کر یہودی شکاری بولا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہ کیسے ممکن ہے آزاد ہونے کے بعد یہ پھر کیسے خود جال میں پھنسنے کیلئے واپس آجائے گی؟ میں یہ بات نہیں مانتا۔ فخر عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بولے یہ میرا تم سے وعدہ ہے یہ ہرنی ہر حال میں واپس آئے گی میں اسے خود تیرے حوالے کروں گا۔ شکاری بولا ٹھیک ہے۔ میں اسے اس شرط پر آزاد کروں گا آپ اس کے ضامن بن کر یہیں بیٹھے رہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مان گئے۔ شکاری نے ہرنی کو جال سے نکالا وہ ڈبڈباتی آنکھوں کے ساتھ سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس آئی آپ نے ہرنی کو پیار کیا اس کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا اور بولے جاؤ ابھی بچوں کو دودھ پلا کر وعدہ کے مطابق واپس آجاؤ جب تک میں شکاری کے پاس بیٹھا ہوں۔

ہرنی دوڑتی ہوئی بچوں کے پاس پہنچ گئی اور بولی بچو! آؤ جلدی سے دودھ پی لو اور میری ایک بات غور سے سن لو بچے اُچھلتے کودتے ماں کے پاس آئے قریب ہونے پر انہیں ماں کے بالوں اور جسم سے دل فریب خوشبو محسوس ہوئی انہیں ایسے لگا کہ ماں کسی عطر کے حوض میں نہا کر آئی ہے مشک سے بھی زیادہ وہ مہک رہی تھی وہ بولے تمہاری بات ہم بعد میں سنیں گے پہلے ہمیں یہ بتاؤ کہ اتنی پیاری خوشبو تمہارے جسم سے کیسے آرہی ہے؟

ہرنی بولی! بچوں بات یہ ہے کہ آج میں ایک شکاری کے جال میں پھنس گئی تھی کہ اچانک دوعالم کے سردار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لے آئے میں نے ان سے فریاد کی انہوں نے یہودی سے کہا اسے آدھا گھنٹے کے لیے چھوڑ دو یہ اپنے بچوں کو دودھ پلا کر تسلی دیکر اور الوداع کر کے آجائے گی۔ یہودی مان تو گیا لیکن میرے بدلے اس نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو روک لیا ہے اور یہ میرے بدن سے خوشبو اس لیے آرہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھے پیار کیا اور میری پیٹھ پر ہاتھ پھیرا ہے۔ اب تم زیادہ باتیں نہ کرو جلدی جلدی دودھ پی لو تاکہ وعدہ کے مطابق واپس جاسکوں ہرنی کے بچے یہ سن کر ہکا بکا رہ گئے اور بولے واہ ماں یہ کیسے ہوسکتا ہے وہاں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ضامن بنے بیٹھے ہوں اور ہم یہاں دودھ پیتے رہیں جب تک ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار نہ کرلیں انہیں ضمانت سے آزاد نہ کرالیں ہم پر دودھ حرام ہے۔ چلو ہم بھی تمہارے ساتھ چلتے ہیں وہاں یہودی سوچ رہا تھا میں کیسا احمق بنا ہوں بھلا اب ہرنی واپس آنے والی ہے؟ ہرگز نہیں آئے گی۔ اتنی دیر میں دیکھا تو دور سے ہرنی خود بھی واپس آرہی ہے اور اپنے ساتھ دونوں بچوں کو بھی لارہی ہے۔ ہرنی قریب آگئی دونوں بچوں سمیت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قدموں میں بیٹھ گئی بچوں کا تمام ماجرا سنایا یہودی شکاری یہ معجزہ دیکھ کر اسی وقت کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا اور ہرنی کو آزاد کردیا۔ (محمد فاران ارشد بھٹی، مظفر گڑھ)

# گدھے کے مشورے اور بیل کے مزے

کسی گاؤں میں ایک بڑا زمیندار رہتا تھا۔ خدا نے اسے بہت سی زمین، بڑے بڑے مکان اور باغ دیے تھے، جہاں ہر قسم کے پھل اپنے اپنے موسم میں پیدا ہوتے تھے۔ گائے اور بھینسوں کے علاوہ اس کے پاس ایک اچھی قسم کا بیل اور اعلیٰ نسل کا گدھا بھی تھا۔ بیل سے کھیتوں میں ہل چلانے کا کام لیا جاتا اور گدھے پر سوار ہوکر زمیندار اِدھر اُدھر سیر کو نکل جاتا۔ ایک بار اس کے پاس کہیں سے گھومتا پھرتا ایک فقیر نکل آیا۔ زمیندار ایک رحم دل آدمی تھا۔ اس نے فقیر کو اپنے ہاں ٹھہرایا۔ اس کے کھانے پینے اور آرام سے رہنے کا بہت اچھا انتظام کیا۔ دو چار دن بعد جب وہ فقیر وہاں سے جانے لگا تو اس نے زمیندار سے کہا: چودھری! تم نے میری جو خاطر داری کی ہے، میں اسے کبھی نہیں بھولوں گا۔ تم دیکھ رہے ہو کہ میں ایک فقیر ہوں۔ میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں، جو تمہاری خدمت میں پیش کروں۔ ہاں، میں جانوروں اور حیوانوں کی بولیاں سمجھ سکتا ہوں۔ تم چاہو تو یہ علم میں تمہیں سکھا سکتا ہوں، لیکن تم کو مجھ سے ایک وعدہ کرنا ہوگا کہ تم یہ بھید کبھی کسی کو نہیں بتاؤ گے، اور یہ بھی سن لو کہ اگر تم نے یہ بھید کسی سے کہہ دیا تو پھر زندہ نہ رہ سکو گے۔

چودھری نے کہا: بابا! میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں یہ بھید کبھی کسی کو نہیں بتاؤں گا اور تمہارا یہ احسان عمر بھر یاد رکھوں گا۔ خیر، فقیر نے اسے جانوروں اور حیوانوں کی باتیں سمجھنے کا عمل سکھا دیا اور چلا گیا۔

زمیندار کے پاس جو بیل تھا، وہ بیچارہ صبح سے پچھلے پہر تک ہل میں جتا رہتا۔ شام کو جب وہ گھر آتا تو اس کے کھانے کے لیے بھوسا ڈال دیا جاتا، لیکن گدھے کو سبز گھاس اور چنے کا دانہ کھانے کو ملتا۔ غریب بیل یہ سب کچھ دیکھتا اور چپ رہتا۔ وقت اسی طرح گزر رہا تھا۔ ایک دن جب بیل کھیتوں سے واپس آتے ہوئے گدھے کے پاس سے گزرا تو گدھے نے اسے لنگڑاتے ہوئے دیکھ کر پوچھا: بھائی آج تم لنگڑا لنگڑا کر کیوں چل رہے ہو؟" بیل نے جواب دیا: گدھے بھائی! آج مجھے بہت کام کرنا پڑا۔ میں جب تھک جاتا تھا تو نوکر میری پیٹھ اور ٹانگوں پر زور زور سے لاٹھیاں مارتا۔ میری ٹانگ میں چوٹ لگ گئی ہے۔ خیر! اپنی اپنی قسمت ہے۔

گدھا چپ رہا اور بیل اپنے تھان کی طرف چلا گیا۔ جہاں بیل باندھا کرتا تھا، وہاں زمیندار کو اپنے نوکر کے لیے گھر بنوانا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد زمیندار نے بیل کے لیے بھی گدھے کے پاس ہی کھرلی بنوادی۔ جب دونوں کو وقت ملتا، ایک دوسرے سے باتیں بھی کرلیتے۔ ایک روز بیل کو اداس اور خاموش دیکھ کر گدھے نے اس سے پوچھا: بیل بھائی! کیا بات ہے؟ آج تم چپ چپ کیوں ہو۔ کوئی بات ہی کرو۔ بیل نے کہا: گدھے بھائی! کیا بات کروں؟ آج پھر بڑی لاٹھیاں پڑی ہیں۔ گدھا کہنے لگا: (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

الرجی کھانسی، ناک بہنا یا بند ہونا، جسم میں درد، دماغی بوجھ، سستی کاہلی، بخار، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

# چار سو سال پرانے جن سے انوکھی ملاقات

## چار سو سال پرانا جن

قبیلہ ثقیف کا ایک شخص بیان کرتا ہے کہ میں خلیفہ عبدالملک بن مروان کے دروازے پر کھڑا تھا کہ اس کے پاس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک آدمی آیا اور کہا اے امیرالمومنین میں نے آج بہت ہی عجیب واقعہ دیکھا ہے، خلیفہ نے کہا تم نے کیا دیکھا ہے؟ کہا میں شکار کھیل رہا تھا، جب بے آب و گیاہ جنگل میں پہنچا تو وہاں پر ایک بوڑھے کو دیکھا جس کے ابرو آنکھوں پر گرے پڑے تھے اور لاٹھی کی ٹیک لگا رکھی تھی، میں نے پوچھا اے بزرگ تم کون ہو؟ اس نے کہا اپنے کام کو جاؤ، جس بات کے جاننے کا فائدہ نہیں اس کے درپے مت ہو، میں نے کہا کیا تم عرب والوں کے اشعار بھی نقل کرتے ہو؟ اس نے کہا ہاں، میں بھی ان کی طرح شعر کہتا ہوں، جیسے وہ کہتے ہیں، میں نے کہا تم کیا کہتے ہو؟ تو اس نے چند شعر کہے۔ میں نے کہا یہ اشعار تو نابغہ بن ذبیان کے ہیں اے شیخ! اس نے یہ شعر کہنے میں تم سے پہل کی ہے، تو وہ ہنس پڑا اور کہنے لگا: خدا کی قسم ابو ہادر (نابغہ کی کنیت) میری طرف سے شعر کہتا تھا، پھر اس نے میرے گھوڑے کی گردن پر ٹیک لگائی اور کہا کہ ''تم نے میرا بچپن یاد دلا دیا۔ خدا کی قسم میں نے یہ شعر چار سو سال پہلے کہے تھے''۔ پھر میں نے زمین کی طرف دیکھا تو اس کا کوئی نام و نشان نہ تھا۔ درحقیقت وہ ایک جن تھا۔ (فوائد البخیر می)۔

امام اصمعیؒ کہتے ہیں کہ ابوعمر بن العلاء کی انگوٹھی پر یہ عبارت نقش تھی ''وہ آدمی جس کی تگ و دو دنیا ہی ہو تو وہ غرور کی رسی کو تھامے ہوئے ہے''۔ میں نے ان سے اس کے نقش کرنے کی وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ میں دوپہر کو اپنے مال و اسباب میں گھوم رہا تھا کہ ایک کہنے والے کو سنا جو یہ کہہ رہا تھا: یہی گھر ہے (یعنی یہ مال و اسباب یہیں کام آئے گا فقط) میں نے جب دیکھا تو کوئی نظر نہ آیا، میں نے پوچھا انسان ہو یا جن؟ کہا جن ہوں، اس وقت سے میں نے اپنی انگوٹھی پر اس عبارت کو نقش کرایا ہے۔

# اللہ تعالیٰ کے راستے میں پہرہ دینے والا جنتی

سیدنا ابن عائذ رضی اللہ عنہ صحابی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک جنازہ کیلئے تشریف لائے اور جب جنازہ پڑھانے لگے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ آپ اس کا جنازہ نہ پڑھائیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کیوں؟ تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ بہت گنہگار اور فاجر انسان ہے۔ یہ سن کر نبی رحمت ﷺ نے لوگوں کی طرف دیکھ کر فرمایا: تم میں سے کسی نے اس کو اسلام کا کوئی کام کرتے دیکھا تو ایک آدمی نے کہا: ہاں یارسول اللہ ﷺ ایک دن اس نے اللہ کے راستے میں پہرہ دیا تھا' یہ سن کر سرکار ﷺ نے جنازہ پڑھایا اور پھر اسے قبر میں لٹا کر آپ ﷺ نے مٹی بھی ڈالی اور اس مرنے والے سے فرمایا اے عزیز تیرے ساتھیوں کا گمان ہے کہ تو دوزخی ہے لیکن میں اللہ کا رسول ﷺ گواہی دیتا ہوں کہ تو جنتی ہے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۳۶)۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں صرف پہرہ دینے والے کی یہ شان سبحان اللہ۔ (کلیم اللہ شیخ، ڈی آئی خان)

## پیشاب کی زیادتی کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنی دوست سے عبقری لیکر پڑھا' اچھا لگا' مجھے جب بھی کسی قسم کی پریشانی ہوتی ہے میں عبقری پڑھتی ہوں پریشانی دور ہوجاتی ہے' میں نے اپنی سب دوستوں کو عبقری کے بارے میں بتایا' سب کو اچھا لگا' رمضان میں ہم نے عبقری شمارے بھی تقسیم کیے۔ میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کیلئے لیکر حاضر ہوئی ہوں۔ پیشاب کی زیادتی کا علاج: پیشاب بار بار آئے تو کالے تل' اجوائن' گڑ ہموزن مکس کرلیں' پیس کر سوتے وقت تقریباً چھ گرام کھالیں۔ اس کے علاوہ جامن کے موسم میں خوب جامن کھائیں۔ زیادتی پیشاب کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ پیشاب رک رک کر آئے تو پیاز ایک چھٹانک کو باریک پیس کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں' ایک پاؤ باقی رہے تو چھان کر سرد ہونے پر پی لیں' بار بار پیشاب کا مسئلہ ختم ہوجائے گا۔ (سندس ریاست' کنڈور)

# میرے گھر کی چھت پر جنات کے مورچے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میرے گھر پر جنات کا قبضہ ہوجاتا ہے ہم سب گھر والے بہت گھبرا جاتے ہیں۔ زیادہ تر جنات ہمارے گھر کی چھت پر موجود ہوتے ہیں۔ میں ہمت کر کے گھر کی چھت پر چڑھ جاتا ہوں اُدھر دیکھتا ہوں تو حیران ہوجاتا ہوں جنات نے تو باقاعدہ چھت پر چاروں کونوں میں اپنے مورچے بنائے ہوئے ہیں اور میزائل فٹ کیے ہوتے ہیں۔ چھت کے درمیان میں جنات کا سردار بیٹھا ہوا ہوتا ہے وہ مجھے اپنے پاس بلاتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے ہم آپ کے گھر کے محافظ ہیں۔ پر ہمیں زبردستی نکالنے کی کوشش کی تو ہم آپ کو نقصان دیں گے۔ میں ان سے سوال کرتا ہوں کہ یہ میزائل کس لئے فٹ کیے ہوئے ہیں؟ وہ کہتے ہیں کہ یہ آپ کے گھر کی حفاظت کے لیے فٹ کیے ہیں پھر وہ مجھے ایک میزائل چلا کر بھی دکھاتے ہیں اس طرح میری اس جنات سے کافی باتیں ہوئیں جو مجھے اب یاد نہیں ہیں۔ پھر میں اس سے سوال کرتا ہوں کہ آپ جنات کس کلام سے زیادہ ڈرتے ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ یہ بات ہم ہر کسی کو نہیں بتاتے پر آپ ہمارے دوست بن گئے ہو اس لیے آپ کو بتاتے ہیں کہ اللہ کا نام ''یا قہار'' سے ہم جنات بہت ڈرتے ہیں اور یہ جنات کے ڈسے ہوئے کیلئے مجرب کلام ہے۔ یہ عمل مجھے خلیفہ غلام رسولؒ (مجاز خلیفہ احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ) کے بیٹے نے دیا ہے جو اس کے والد نے اسے یہ عمل دیا تھا۔ عبقری پڑھنے والوں کیلئے میں اس کی اجازت عام دیتا ہوں۔ بچھو، بھڑ کے کاٹنے کا انتہائی مجرب عمل ہے اور میں نے کئی لوگوں پر آزمایا ہے ان کو بہت فائدہ ہوا ہے عمل: وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ (الشعراء) اوّل و آخر تین بار درود شریف اور درمیان میں گیارہ بار یہ آیت پڑھنی ہے سانس روک کر اور شہادت والی انگلی کو متاثرہ جگہ کے اردگرد گھمانا ہے۔ ان شاء اللہ درد کو بھی فوراً آرام آجائے گا اور وہ جگہ سوجن بھی نہیں کریں گی۔ (آصف خان، ڈیرہ اسماعیل خان)

مشروب عبقری افزا
بونڈ بونڈ خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سوفیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ



www.ubqari.org

# دیورانی کو بیوگی کا طعنہ دیا اور خود برباد ہوگئی!

ہمارے گاؤں میں ایک سید عورت تھی جو آج بھی زندہ ہے وہ جوانی میں بیوہ ہوگئی تھی اس کے صرف تین بچے تھے ایک بیٹی اور دو بیٹے۔ جب عدت کے دن پورے ہوئے تو مزید دو سال تک اس نے اپنے شیر خوار بچے کو دودھ پلایا۔ جب دودھ پلوانا چھوڑوایا تو ساس سسر نے اس کا نکاح دوسرے دیور کے ساتھ کردیا۔ بیوہ عورت کی جیٹھانی جب بھی اس سے لڑتی تو اس کو بیوہ ہونے کا طعنہ دیتی اور اس کو کہتی بیوہ ہونے کا تمہیں نقصان نہیں فائدہ ہی ہوا ہے۔ پرانا شوہر نئے شوہر میں بدل گیا ہے اس بیوہ کے من پر اور اس کی بوڑھی ساس کے من پر کیا گزرتی ہے اس کو احساس نہیں تھا۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ دوسرے شوہر سے بھی بیوہ کے پانچ بیٹے ہوئے جواب کروڑ پتی ہے اور اس بیوہ نے حج کیا ہوا ہے درجنوں کے حساب سے پوتے نواسے اور پڑپوتے اور نواسے ہیں۔ گھر میں دولت کی ریل پیل ہے شاندار گھر ہے وہ آرام سے برآمدے میں بیٹھ کر سارا دن اپنی عبادت کرتی ہے یا اپنی شادی شدہ پوتیوں، بیٹوں سے یا مسافر بیٹوں سے فون پر حال احوال کرتی ہے جبکہ دوسری طرف بیوہ عورت کی جیٹھانی کا امتحان دیکھیے اس کی جوان بہو بیوہ ہوگئی اس کے تین بچے ہیں۔ اسکے جوان پوتے کی بیوی بیوہ ہوگئی ایک پوتا قید ہوگیا۔ ایک بیٹی کے دو بچے معذور ہیں اور داماد نے دوسری شادی کرلی ہے۔ دوسری بیٹی اتنی غریب ہے کہ کھانے کو نہیں ملتا 2 پوتیاں سوتن پے چلی گئیں ایک بیٹا معذور ہے گھر میں مردوں کی کمی ہے۔ مالی طور پر اسی بیوہ دیورانی کے بیٹے مدد کرتے ہیں جس کو وہ جوانی میں بیوہ ہونے کا طعنہ دیتی تھی۔ اللہ پاک نے دعاؤں اور بددعاؤں میں بڑا اثر رکھا ہے۔ جوانی میں اس نے دیورانی کو طعنہ دیا تھا بیوہ گی کا اور اس نے بددعا دی تھی کہ اللہ تم کو بھی آزمائیں۔

# بہن کی بددعا! بھائی کرنٹ سے مرگیا

ایک عورت کا شوہر مسافر تھا اس کے بیٹے چھوٹے تھے۔ گھر اس کا گاؤں میں تھا جہاں زندگی کی کوئی سہولت موجود نہیں تھی کوئی دکان مارکیٹ قریب نہ تھی' جہاں سے وہ روزمرہ کا سامان خرید لیتی۔ شوہر نے اس کو اجازت دے دی تھی کہ میری غیر موجودگی میں کوئی ضرورت پیش آئی تو باپردہ ہوکر خود بازار جانا' دوسروں کی محتاج مت کرنا خود ہی بازار، ڈاکٹر کیلئے جاسکتی ہو۔ کیونکہ اس عورت کے گھر میں نہ مرد تھا' نہ ساس نہ سسر تھے جو اس کیلئے ضروری سامان گھریلو ضرورت کیلئے خرید کر لاتا۔ لہٰذا وہ مجبور ہوکر ایک دن اپنے آٹھ سالہ بیٹے کے ساتھ شہر کے مارکیٹ گئی رکشہ میں تاکہ گھر کا سامان خرید سکے۔ سودا خرید کر اس نے سوچا کہ والدین کا گھر شہر میں ہے تو ماں سے بھی ملتی چلوں' بیچاری بوڑھی ہے کرایہ تو ویسے بھی ادا کرنا ہے کچھ زیادہ ادا کرونگی لیکن اپنی ماں کو بھی مل لوں گی اور تھکن بھی دور ہوجائے گی جب وہ اپنی ماں کے گھر پہنچی تو سلام ودعا کے بعد اسکے بھائی نے اس کو خوب تقریر سنائی کہ کوئی نہ تھا جو تیرے لیے سودا لاتا۔ میری ڈاڑھی پر کالک ملتی ہو اگر کسی نے پہچان لیا کہ تم میری بہن ہو تو میری کیا حیثیت رہ جائے گی۔ بہن نے اس سے کہا کہ تم میرے بھائی ہو تم میرے کام کبھی نہیں آئے۔ میں نے تم کو گود میں پالا ہے تم سے بڑی ہوں اب تم مجھے عزت سکھاؤ گے۔ تم سب بھائیوں کے لیے سسرال سے شوہر کے آمدنی سے تمام ضروری چیزیں میں بھیجتی تھی شوہر کے ہاتھوں۔ اس وقت سب 7 بھائی چھوٹے تھے۔ اب تم نے کچھ پیسہ کما لیا ہے' مالی مشکلات سے نکل گئے ہو تو بڑی بہن کی بے عزتی کرتے ہو' شرم کرو تم پر غربت لوٹ کر بھی آسکتی ہے۔ بھائی نے جواب دیا کہ بہن پہلے تم چرغے کھاتی تھی اب ہمارے چرغے کھانے کا دور ہے ہم کو خدا بھی غریب نہیں کرسکتا اور بہن کو غصے سے دھکا مارا' اب بہن روتے ہوئے اس کے گھر سے نکلی کہ معاف کرو بھائی غلطی سے تیرے گھر ماں کو ملنے آئی' اگر پتہ ہوتا تو کبھی نہ آتی۔ بہن بہت تھکی ہوئی گاؤں لوٹی' انجانے میں اس کے منہ سے کچھ بددعائیں نکل گئیں' شام کو باقی بھائیوں نے فون کرکے معافی مانگ لی' اس کی طرف سے بہن نے کہا شکر ہے میں اپنے گھر میں خوش ہوں لیکن اس نے جو کیا اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لے' کچھ دن بعد بہن کی بیٹی پیدا ہوئی اس کی عیادت کو کوئی نہ آیا جب اس کی بیٹی دس دن کی ہوئی تو صبح ناشتہ پر اچانک بہن کو لینے گاڑی آگئی اور پتہ لگا کہ وہ بھائی جو بہن کو ناراض کرکے گیا تھا' ٹی وی انٹینا ٹھیک کررہا تھا کہ بجلی نے کرنٹ دیا اور چھت سے نیچے گر پڑا گردن ٹوٹ گئی اور مرگیا۔ (عبیدہ مہ جبین، چمن)

# 3 مرلہ زمین پر قبضہ! موت نے چھڑوا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ہمارے علاقہ میں بہت مقبول ہے' جہاں کسی کو کوئی مسئلہ ہو دوسرا بندہ عبقری کا کوئی نہ کوئی ٹوٹکہ اور وظیفہ بتادیتا ہے۔ ایک انوکھا واقعہ ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں۔ ہمارے گاؤں کے عالم دین ڈاکٹر صاحب نے اپنا واقعہ سنایا کہ ہمارا جی ٹی روڈ کے کنارے ایک کھیت ہے' ایک شخص نے تین مرلہ کی زمین پر قبضہ کرلیا۔ ڈاکٹر صاحب کے بھائیوں نے کہا عدالت میں کیس کرتے ہیں' ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ اللہ پر معاملہ چھوڑتے ہیں۔ مخالف پارٹی بڑی خوش تھی کہ انہوں نے تو کوئی بات ہی نہ کی۔ اب جنہوں نے قبضہ کیا' کچھ ہی عرصہ کے بعد ان کی آپس میں اسی زمین پر لڑائی ہوگئی۔ پورے علاقہ نے دیکھا کہ اسی زمین پر کھڑے ہوکر ایک بھائی نے دوسرے بھائی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا' ایک قبر میں چلا گیا اور دوسرا جیل اور زمین پھر وہی پڑی رہی' کچھ ہی وقت گزرنے کے بعد یہ تین مرلہ کی زمین حکومت کے قبضے میں آگئی کیونکہ جی ٹی روڈ کے قریب تھی تو نہ ان کی رہی نہ ان کی رہی۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا جس زمین کیلئے یہ مرا ہے۔ یہ زمین قیامت تک اس کے گلے میں لٹکی رہے گی اور یہ آسمان تک جائیگا زمین ان کے گلے سے گرے گی یہ پھر زمین پر آئیگا پھر زمین گلے میں ڈالے گا اور آسمان کی طرف جائیگا پھر یہ زمین انکے گلے سے گریگی اسی عذاب میں قیامت تک رہے گا۔ (رب نواز، نوشہرہ)


## نوجوان شفاء!

- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

| | | |
|---|---|---|
| بہن کا اجڑا گھر بسائیے! | رشتہ کیلئے مان جائیں گے | کمر، مہروں کا درد ختم |
| مجھے نیند نہیں آتی! | سسرال میں عزت | بی اے کی طالبہ کا دماغی مسئلہ حل |

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## جولائی کے جوابات

1۔ بہن! آپ اس معاملے میں کسی عالم دین سے رابطہ کریں کہ آیا آپ کی بہن اور آپ کے بہنوئی کا رشتہ قائم بھی ہے یا نہیں۔ اگر رشتہ قائم ہے تو اپنی بہن سے کہیے کہ سارا دن یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھتی رہیں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کے بہنوئی کا رویہ آپ کی بہن سے ٹھیک ہوجائے گا۔ یہ وظیفہ بہت کامیاب ہے، بے شمار اجڑے گھر اس وظیفہ سے آباد ہوئے۔ میری عبقری قارئین سے بھی یہی گزارش ہے کہ جو بہنیں اپنے گھریلو مسائل کی وجہ سے پریشان ہیں وہ سارا دن اسی وظیفہ کو پڑھیں ان شاء اللہ گھروں میں سکون آجائے گا۔ (کاشف کامران، حیدرآباد)

2۔ رشتہ کیلئے اگر وہ نہیں مان رہے تو آپ تمام گھر یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کلیم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ان کی نیت کر کے پڑھنا شروع کردیں۔ ان شاء اللہ جو آپ کے حق میں بہتر ہوگا وہی ہوگا۔ (میمونہ مجید، لاہور)

3۔ بہن آپ نے کمر اور مہروں کے درد کی شکایت کی، میرے پاس شیخ الوظائف کا بیان کردہ ایک نسخہ ہے، جو کہ بے شمار کا آزمودہ ہے، الحمدللہ! آج تک جس نے بھی استعمال کیا اس کو مہروں، کمر درد، اعصابی دردوں کے مسائل نہیں ہوئے۔ آپ بھی یہ نسخہ استعمال کیجئے مستقل مزاجی اور کچھ عرصہ استعمال کرنا شرط ہے۔ انشاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا۔ ھوالشافی: اسگندھ ناگوری، بدھارہ، بکھڑا، سنڈھ، مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز ناریل، موویز منقیٰ، ہر ایک 100 گرام۔ ترکیب: آپ نہایت باریک کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔ ایک چمچ دودھ کے ہمراہ دن میں تین دفعہ یا حسب طبیعت کم و بیش کر سکتے ہیں۔ مستقل توجہ دھیان سے استعمال کرنے سے انشاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا۔ (فراز، کراچی)

4۔ آپ بی اے کی طالبہ ہیں تو کیا ہوا؟ آپ ابھی عبقری دواخانہ کی ''روشن دماغ'' کھانا شروع کردیں، آپ کے تمام دماغی مسائل کا حل اسی میں ہے۔ بے شمار آزما چکے ہیں۔ (کائنات عمر، راولپنڈی)

## اگست کے سوالات

محترم قارئین السلام علیکم! 16 مارچ 1990 کو میری شادی ہوئی اسی رات میری نیند ختم ہوگئی۔ شادی سے پہلے بہت صحتمند زندگی تھی۔ پڑھائی میں بہت قابل مضمون نویسی میں بے شمار اوّل انعامات لیکن شادی ہوتے ہی بیماریوں نے ایسا جکڑا کہ ایک بیماری ختم ہوتی نہیں کہ دوسری شروع۔ نیند کے لیے بے شمار علاج طبی و روحانی کروا چکی ہوں۔ لیکن نہ نیند کا مسئلہ حل ہوا نہ آنکھوں کا، سات اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کو آنکھیں دکھا چکی ہوں کسی کی سمجھ میں بیماری نہیں آئی۔ ایک بیٹا پیدا ہوا اس کے بعد نہ پانی پی سکتی ہوں نہ نہا سکتی ہوں نہ وضو کرسکتی ہوں برتن وغیرہ کام دستانے پہن کر کام کرتی ہوں وضو کی بجائے تیمم کرتی ہوں اگر قارئین آپ کچھ رہنمائی کردیں تو اللہ پاک اس کا آپ کو اجر دے گا میں تو صرف دعا کرسکتی ہوں۔ (ف، اوکاڑہ)

2۔ قارئین السلام علیکم! میرا پڑھائی سے دل اٹھ گیا ہے، اب میرا بالکل بھی پڑھنے کو دل نہیں کرتا اور اگر پڑھنے کی کوشش کروں تو بھی کچھ یاد نہیں رہتا اگر یاد کروں تو اگلے دن ہی سب بھول جاتی ہوں۔ براہ مہربانی مجھے کوئی نسخہ یا وظیفہ بتائیے تاکہ میرا یہ مسئلہ حل ہوجائے۔ (پ، بہاولپور)

3۔ قارئین السلام علیکم! میری منگنی ہوچکی ہے، میرے سسرال والے مجھے وہ عزت نہیں دے رہے جو میں چاہتی ہوں، ہمارے گھر مہینوں بعد آتے ہیں اور میرے ساتھ کوئی سیدھے منہ بات نہیں کرتا، میں چاہتی ہوں کہ میرے منگیتر اور میرے سسرال والے مجھے اتنا پیار اور عزت سے نوازیں جس کی میں حق دار ہوں۔ (ا، ملتان)

4۔ محترم قارئین السلام علیکم! میں انتہائی پوشیدہ مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں، انتہائی ہمت کے ساتھ لکھ رہی ہوں، شاید مزید خواتین کا بھی مسئلہ حل ہوجائے، میرے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ میرے سینہ مختلف جگہوں سے کالا ہے، اس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں، براہ مہربانی اس کیلئے مجھے کوئی کریم، ٹوٹکہ یا نسخہ بتادیں۔ (پوشیدہ)

# مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

## المعروف کمی احمد پوری

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! کیا میں تمہیں ان کے بارے میں خبر نہ دوں جو (اپنے) نانا نانی کے اعتبار سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ کیا میں تمہیں ان کے بارے نہ بتاؤں جو (اپنے) چچا اور پھوپھی کے لحاظ سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ کیا میں تمہیں ان کے بارے میں نہ بتاؤں جو (اپنے) ماموں اور خالہ کے اعتبار سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ کیا میں تمہیں ان کے بارے میں خبر نہ دوں جو (اپنے) ماں باپ کے لحاظ سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ وہ حسن اور حسین (رضی اللہ عنہم اجمعین) ہیں۔ ان کے نانا اللہ کے رسول، ان کی نانی خدیجہ بنت خویلد، ان کی والدہ فاطمہ بنت رسول اللہ، ان کے والد علی بن ابی طالب، ان کے چچا جعفر بن ابی طالب، ان کی پھوپھی ام ہانی بنت ابی طالب، ان کے ماموں قاسم بن رسول اللہ اور ان کی خالہ رسول اللہ کی بیٹیاں زینب، رقیہ اور ام کلثوم ہیں۔ ان کے نانا، والد، والدہ، چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ (سب) جنت میں ہوں گے اور دونوں (حسنین کریمین) بھی جنت میں ہوں گے۔ (طبرانی)

## چالیس سال سے آزمودہ مرہم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! انگلیوں کی الرجی کے بارے میں ایک نسخہ حاضر خدمت ہے۔ بادیان خطائی کو پیس کر کپڑ چھان کر کے آدھا چمچ کو دو چمچ ویزلین میں حل کر کے اس مرہم کو ہلکا ہلکا متورم انگلیوں پر لگائیں۔ صرف تین دن مسلسل لگانے سے افاقہ ہوگا اور ساری زندگی کیلئے یہ شکایت ختم ہوجائے گی اگر زخم ہیں تو ان پر نہ لگائیں کیونکہ اس کی تکلیف ناقابل برداشت ہوگی، چالیس سال گزر گئے ہیں اس تکلیف سے نجات مل گئی ہے۔ یہ میرا ذاتی آزمودہ نسخہ ہے، عمل کیجئے شفاء پائیے۔ (تاج محمد غوری، لاہور)

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا، پیچش میں خون آرہا ہو، نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔
لیکوریا، رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

## دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

| | |
|---|---|
| گرمی دور! لاجواب مشروب | ڈپریشن ختم خون میں اضافہ |
| ایک دوا اور پیٹ کا ہر مسئلہ حل | اعصابی کمزوری 5 بوتل سے ختم |

## نقاہت، جسمانی و اعصابی کمزوری، گرمی دور! لاجواب مشروب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق چترال سے ہے عموماً ہمارے علاقے میں بارہ مہینے ٹھنڈ ہی ہوتی ہے لیکن روزگار کی تلاش میں اسلام آباد، کراچی یا لاہور کی طرف رخ کرنا پڑتا ہے۔ میں کئی سالوں سے لاہور میں کام کر رہا ہوں یہاں کی سخت گرمی برداشت نہیں ہوتی' اس لیے گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لیے ٹھنڈے مشروب کا استعمال کرتا ہوں۔ ریڑھیوں پر لگے ٹھنڈے مشروب پینے سے میرا گلہ خراب ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے میں اکثر بخار میں مبتلا ہو جاتا ہوں۔ جب سے لاہور آیا ہوں خاص کر گرمیوں میں مجھے بہت پیاس لگتی ہے بار بار ٹھنڈا پانی کا استعمال میرا معمول ہے۔ میرے کمرے میں مختلف کمپنیوں کے مشروبات ہر وقت موجود رہتے ہیں لیکن ان مشروبات کے استعمال سے پیاس کی شدت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ پیاس ہے کہ بجھنے پر ہی نہیں آتی جگ کے جگ پی جاتا ہوں پیاس ہے کہ وہی کی وہیں۔ پھر ایک دن میں جس دکان پر کام کرتا ہوں وہاں ایک گاہک آیا اس نے دیکھا کہ میں بار بار کولر سے پانی کے گلاس بھر بھر کے پی رہا ہوں اس نے مجھ سے کہا کہ خان صاحب لگتا ہے آپ کو پیاس بہت لگتی ہے میں نے اس کو اپنی ساری کہانی سنائی کہ کن کن کمپنیوں کے مشروبات میں استعمال کرتا ہوں لیکن پیاس پھر بھی نہیں بجھ پاتی۔ اس اللہ والے نے مجھے عبقری دواخانہ کے متعلق بتایا اور مشروب عبقری افزاء کے استعمال کا مشورہ دیا اور کہا کہ یہ عبقری افزاء نبویؐ جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ مشروب ہے اس میں کوئی کیمیکل نہیں ڈالا جاتا' یہ ایک بہترین ٹانک ہے تم اس کا استعمال کرو چند دن میں تمہیں پتہ چل جائے گا کہ یہ مشروب تحفے سے کم نہیں۔ میں نے عبقری دواخانے کا ایڈریس لیا اور اگلے دن دواخانے پہنچ گیا اور عبقری مشروب کی ایک بوتل لی اس کی خوبصورت پیکنگ اور اس پر لکھی اس کی افادیت میں نے جب پڑھی تو میں نے ایک اور بوتل بھی خرید لی اور اپنے کمرے میں واپس آ گیا۔ مشروب عبقری حسب ضرورت ایک گلاس پانی میں حل کیا اور پیا اس کا پہلا گلاس ہی پینے سے مجھے راحت محسوس ہوئی' واقعی اس میں کچھ تو بات ہے کیونکہ میں کافی کمپنیوں کے مشروبات پی چکا تھا اس لیے تجربہ ہو گیا کہ یہ ان سب سے مختلف ہے۔ مشروب عبقری پینے سے پیاس کی شدت میں کمی آئی اب جتنی مرضی گرمی ہو میں ایک دو گلاس مشروب عبقری کے پیتا ہوں سارا دن کام کرتا ہوں اور حیرانگی ہے مجھے پیاس کا احساس ہی نہیں ہوتا۔ مشروب عبقری افزاء میری ضرورت بن گیا ہے۔ رات کو سوتے ہوئے میں دودھ میں ڈال کر بھی پیتے ہوں اس سے میرے جسم میں چستی، توانائی بڑھ گئی ہے۔ اور ہاں ایک اور بات مشروب عبقری افزاء کے استعمال کے بعد جب میں اس مرتبہ گھر گیا تو ازدواجی معاملات میں بہت مطمئن رہا جبکہ پہلے میڈیسن کا استعمال کرتا تھا۔ (جگنو خان، چترال)

> دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

## امتحانات کی ٹینشن لینے والے طلبہ کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بچپن سے ہی پڑھائی میں بہت اچھی تھی لیکن جوں جوں میں آگے کلاسز میں جاتی رہی پڑھائی کا بوجھ اور زیادہ بڑھتا گیا۔ جب میں نویں کلاس میں پہنچی تو بورڈ کے امتحانات قریب آئے تو اس کی اتنی ٹینشن ہوئی کہ میں نے کھانا پینا چھوڑ دیا جس سے میں خون کی کمی کا شکار ہو گئی۔ والدین نے، اساتذہ نے کافی سمجھایا کہ بیٹا امتحانات کی ٹینشن مت لو تم محنت کرنی والی بچی ہو ان شاء اللہ اچھے نمبرز سے پاس ہو گی لیکن اس ڈپریشن کی وجہ سے امتحانات میں فیل ہو گئی۔ پیپر سارا یاد ہوتا لیکن امتحانی سنٹر میں جا کر سب دماغ سے نکل جاتا۔ میں نے پڑھنا چھوڑ دیا۔ آج میری عمر 25 سال ہے آج بھی میں ڈپریشن اور خون کی کمی کا شکار ہوں۔ میں نے اچھے اچھے ڈاکٹرز سے اپنا معائنہ کروایا۔ ایلوپیتھک، ہومیو پیتھک اور دیسی ادویات کا استعمال بھی کیا لیکن مرض وہی کا وہی رہا پھر میری ایک سہیلی نے مجھے عبقری دواخانے کا بتایا میں دواخانے گئی وہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب کو اپنے مرض کے بارے آگاہ کیا کہ کس طرح میں اینٹی ڈپریشن ادویات کا استعمال کرتی رہی اور اعصابی کمزوری میں بھی مبتلا ہو گئی۔ انہوں نے مجھے ''خون افزاء سیرپ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے خون افزاء کی 5 بوتل کا استعمال کیا ماشاء اللہ سے اب میں بالکل ٹھیک ہوں ڈپریشن سے نکل آئی ہوں اور خون کی کمی دور ہو گئی ہے۔ میں اکثر سوچتی ہوں کاش! عبقری دواخانے کا پہلے پتہ چل جاتا تو میں رنگ برنگی ادویات سے بچ جاتی خیر اللہ کا شکر ہے اب میں صحت مند زندگی گزار رہی ہوں۔ (ح، الف۔ حافظ آباد)

## ایک دوا اور پیٹ کا ہر مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جدہ میں رہتا ہوں' انٹرنیٹ کے ذریعے عبقری ویب سائٹ کا معلوم ہوا' وہاں سے عبقری پڑھنا شروع کیا' درس سننا شروع کیے' بہت فائدہ ہوا' لاہور پاکستان میں ہمارے سارے رشتہ دار رہتے ہیں' انہیں عبقری کا بتایا' وہ وہاں گئے' بہت تعریف کی' عبقری دواخانہ کے متعلق معلوم ہوا' میرے ماموں پاکستان سے آ رہے تھے تو آتے ہوئے عبقری دواخانہ کی ایک دوا ''روحانی پھکی'' کی چند ڈبیاں لے آئے' بس یہ روحانی پھکی ہمارے گھر آئی اور ہمارے گھر سے ساری ادویات کا خاتمہ ہو گیا' پیٹ کا کوئی مسئلہ ہو' ہم روحانی پھکی کھاتے ہیں ہم بالکل ٹھیک ہو جاتے ہیں' حتیٰ کہ بخار میں بھی یہی پھکی کام کرتی ہے' بس ہر گھنٹے بعد کھانی ہے۔ لاجواب دوا ہے۔ (ع، جدہ)

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم، پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو' امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ' اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف-/300 روپے



www.ubqari.org

# ضدی بیماریوں سے چھٹکارا پانے والوں کے تجربات

## ڈاکٹروں سے مایوس! سجدے میں گڑگڑایا! شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 65 سال ہے اور میں پیشاب کی زیادتی کا شکار ہوگیا تھا۔ ہروقت پیشاب کے قطرے اور بار بار پیشاب کے آنے سے بہت پریشان تھا۔ میں نماز اور دیگر عبادات سے محروم ہوگیا تھا کیونکہ ہروقت ناپاک رہتا تھا۔ میرے بیٹے نے کافی ڈاکٹرز سے میرا چیک اپ کروایا سب کا ایک ہی جواب تھا کہ عمر زیادہ ہوگئی ہے اس وجہ سے اندر کا سسٹم کمزور ہوگیا۔ ڈاکٹرز ایک دو گولی لکھ کر دیتے کہ یہ استعمال کرو ایک دو ہفتے میں استعمال کرتا لیکن کوئی فرق نہیں پڑتا میں نے بیٹے سے کہا کہ اب میں کسی ڈاکٹر کے پاس نہیں جاؤں گا۔ بس! اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ اے اللہ مجھے شفاء دے‘ خوب دعائیں مانگتا‘ سجدوں میں گر کر گڑگڑایا۔ پھر ایک دن میرا بیٹا عبقری رسالہ گھر لایا اور کہنے لگا ابو جی! یہ رسالہ پڑھیے‘ یہ میرے ایک دوست نے مجھے دیا ہے شاید اس میں کوئی دوائی یا ٹوٹکہ ہو جس سے آپ کا مسئلہ حل ہوجائے‘ میں نے آمین کہا اور رسالے کا مطالعہ کرنا شروع کیا تو اس میں ایک دوائی ’’پیشاب کنٹرول کورس‘‘ پر میری نظر پڑی۔ میرے دل نے کہا کہ ہوسکتا ہے اس دوائی سے مجھے شفاء مل جائے۔ میں نے بیٹے کو فون کیا اور ’’پیشاب کنٹرول کورس‘‘ بارے بتایا‘ اس نے کہا: ابو جی یہاں راولپنڈی میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے یہ دوائی مل جائے گی میں شام کو آتے ہوئے لیتا آؤں گا۔ شام کو بیٹا دوائی لایا اس پر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق میں نے کورس استعمال کرنا شروع کیا۔ پہلے کورس سے ہی مجھے 60 فیصد آرام آگیا۔ میں نے بیٹے کو ایک اور کورس لانے کو کہا تقریباً 2 کورس کے استعمال سے ہی میری بیماری ٹھیک ہوگئی اور میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا۔ اب میں مسجد میں نماز ادا کرنے جاتا ہوں اور سارا دن اپنے معمولات میں مصروف رہتا اور عبقری کو دعائیں دیتا ہوں۔ (حاجی منصب، راولپنڈی)

## شوگر سے نجات پانے کیلئے یہ کسی معجزے سے کم نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے دس سال سے شوگر کے مرض میں مبتلا ہوں روزانہ کی بنیاد پر میری شوگر چیک ہوتی ہے کبھی 350 اور کبھی 430 شوگر رہنا تو معمول بن گیا تھا۔ روزانہ شوگر کنٹرول کرنے کیلئے ادویات کھانا پڑتی تھی۔ میری وجہ سے گھر میں پریشانی کا ماحول بن گیا تھا کیونکہ کسی بھی وقت شوگر ایسی تیز ہوتی کہ نیچے آنے کا نام ہی نہیں لیتی تھی پھر ڈاکٹر کے پاس جانا لازمی ہوجاتا تھا اور وہ مجھے انسولین کا انجکشن لگاتے تب جا کر شوگر کم ہوتی۔ میں اکثر سوچتی تھی کہ سارا گھر میری وجہ سے پریشان ہیں اور یہ مرض تو جانے والا نہیں اس لیے میں اللہ پاک سے دعا کرتی تھی کہ اے اللہ مجھے اپنے پاس بلالے میں بیماری کی زندگی سے تنگ آگئی ہوں یا پھر میرے لیے کوئی ایسی دوائی بھیج جس سے میں تندرست ہوجاؤ۔ ایک دن میری چھوٹی بیٹی انٹرنیٹ پر کالج کے نوٹس بنانے میں مصروف تھی کہ اس کی نظر عبقری کی ایک پوسٹ پر پڑی‘ اس میں ہاضمہ کیلئے ایک پھکی کا بتایا گیا تھا‘ میری بہن نے وہ پھکی بنائی‘ کچھ عرصہ استعمال کی اس کا معدہ کا مسئلہ بہت عرصہ سے ٹھیک نہیں ہورہا تھا الحمدللہ اس پوسٹ کی وجہ سے وہ صحت مند ہوگئی۔ اسی پوسٹ عبقری کی ویب سائٹ کا ایڈریس تھا‘ میں نے اس ایڈریس پر سرچ کیا تو عبقری کی ویب سائٹ کھل گئی‘ وہاں تو معلومات کا پورا سمندر ملا۔ عبقری رسالہ پہلی مرتبہ پڑھا اور پڑھتی ہی چلی گئی‘ اس دن سے درس سننا بھی شروع کردیئے‘ وہاں سے اسسٹنٹ صاحب کا نمبر لے کر کال کی‘ اپنی طبی کیفیت سے انہیں آگاہ کیا انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ’’شوگر کورس‘‘ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کا کہا اور ساتھ کچھ پرہیز بتائے۔ اگلے دن میں اور میرا چھوٹا بھائی عبقری دواخانے پہنچ گئے۔ میں نے دو شوگر کورس خریدے اور گھر آگئی۔ اب میں نے کورس کو باقاعدگی سے استعمال کرنا شروع کیا ایک کورس مکمل ختم ہوگیا تھا اور دوسرا ابھی آدھا ہوا تھا کہ میری شوگر کنٹرول ہوگئی۔ اب روزانہ کی بنیاد پر میری شوگر 150 سے 230 تک آگئی ہے۔ گھر والے سارے خوش کہ اللہ کریم نے اس کو شفاء دیدی ہے۔ اب میری صحت بھی دن بدن ٹھیک ہوتی جارہی ہے میرے لیے ’’شوگر کنٹرول کورس‘‘ کسی معجزے سے کم نہیں۔ (حلیمہ امتیاز، لاہور)

## آیئے! چمکدار اور صحت مند دانتوں کا راز بتاتے ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً 15 سال کی عمر سے میں نے پان کھانا شروع کیا اور آج میری عمر 25 سال ہے اب میں پچھلے 2 ماہ سے پان نہیں کھارہا کیونکہ میرے دانتوں پر داغ بہت زیادہ ہوگئے ہیں اس کے علاوہ میرے دانتوں پر پیدائشی داغ بھی تھے۔ کافی ٹوتھ پیسٹ کا استعمال کیا کہ داغ چلے جائیں پر داغ جانے کا نام ہی نہ لیں۔ مختلف کمپنیوں کے منجن بھی استعمال کیے تین سے چار بار ڈاکٹرز سے دانتوں کی صفائی بھی کروائی پر کوئی فرق نہیں پڑا اُلٹا مسوڑوں کو نقصان ہی پہنچا۔ عبقری کا قاری تو تھا ہی پر میں نے کبھی ادویات پر نظر نہیں ڈالی ہمیشہ ٹوٹکے یا تحریریں پڑھ کر رسالہ رکھ دیتا۔ میرے ذہن میں آیا کہ عبقری دواخانے کی ادویات بھی تو ہیں شاید اس میں کوئی دانتوں کے بارے میں کوئی دوائی یا کوئی منجن وغیرہ ہو۔ رسالہ کھولا اور ڈھونڈنا شروع کیا تو اچانک میری نظر سچا منجن پر پڑی اور میں مطمئن ہوگیا کہ ہاں یہ استعمال کرنا ہے۔ فوری سے کراچی میں موجود عبقری کی ایجنسی پر گیا اور دو سے تین ڈبی سچا منجن لے آیا اور روزانہ دو سے تین بار انگلی کے مدد سے دانتوں پر منجن کرنا شروع کیا۔ پندرہ سے اٹھارہ دن میں داغ جانا شروع ہوگئے اور تقریباً تین ڈبی منجن کے استعمال سے 70% دانتوں کے داغ ختم ہوگئے۔ گھر والے، دوست احباب حیران کے عامر تم کونسی چیز استعمال کرتے ہو تمہارے دانت تو ماشاء اللہ سے چمکنا شروع ہوگئے ہیں۔ میں نے کہا عبقری کے ’’سچا منجن‘‘ کا استعمال میرا روزمرہ کا معمول ہے۔ دانت تو چمکے ہی چمکے اس کے ساتھ مسوڑوں کے مسائل بھی حل ہوگئے۔ اب ہمارے گھر میں ٹوتھ پیسٹ کی جگہ سچا منجن نے لے لی ہے جو قدرتی اجزاء سے تیار کردہ ہے اس میں کوئی کیمیکل استعمال نہیں ہوتا یہ اس کی خاصیت ہے۔ (محمد عامر، کراچی)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پیئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے‘ خون بڑھائے‘ چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320‘ چھوٹی 120 روپے میں)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

## برص! پریشان ہوں!

ہونٹوں اور کہنیوں پر برص کے نشانات ہیں۔ بیماری کے ہاتھوں تنگ آچکی ہوں۔ تین چار ماہ بعد شادی ہے۔ برص کیسے دور ہوسکتا ہے۔ (سدرہ، میرپور)

**مشورہ:** عبقری کے ایک قاری نے برص کیلئے نسخہ بھیجا جس سے اس کو شفاء ملی۔ جہاں بکروں کو ذبح کیا جاتا ہے وہاں سے کالے بکرے کا پتا مل جائے گا‘ بکرا بالکل سیاہ ہونا چاہیے کوئی سفید داغ نہ ہو‘اس کا پتا لے کر اس میں ذرا سا سوراخ کیجئے اور اس میں کالی مرچ ڈال دیجئے۔ تقریباً سوڈیڑھ سو کالی مرچ پتے میں ڈالنی ہیں۔ پتے کا پانی ضائع نہ کریں کیونکہ اس میں کالی مرچ جذب کرنی ہیں‘ جب پتے میں کالی مرچیں بھر جائیں تو اس پر اچھی طرح دھاگا لپیٹ دیں‘ پھر کسی شیشے کی پلیٹ میں پتہ رکھ کر اسے سائے میں رکھیے، دھوپ میں نہیں۔ تین دن بعد کالی مرچ نکال کر محفوظ کرلیجئے۔ ایک کالی مرچ صبح کھایئے، ایک شام کو پانی کے ساتھ کھالیں۔ تین چار کالی مرچیں پیس کر پھلوں کے سرکے میں ملایئے اور پھر داغوں پر لگایئے۔ پھلوں کا سرکہ اچھی قسم کا ہونا چاہیے اس کو آپ ہونٹوں پر بھی لگا سکتی ہیں۔ کھٹی اور ترش چیزوں سے پرہیز کیجئے۔ اس کے علاوہ آپ کو میرپور میں بھنگرہ مل جائے تو وہ بھی برص کے لیے اچھا ہے۔ بھنگرہ سفید اور کالے پھولوں کی اقسام میں ملتا ہے‘ کالے پھولوں کا کمیاب ہے۔ سفید پھولوں والا چھوٹا سا خودرو پودا ہوتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ پتا توڑ کر انگلی پر ملیے تو انگلی سیاہ پڑ جائے گی۔ بھنگرہ کے پتے مل جائیں تو متاثر جگہ پر ملیے۔ عبقری دواخانہ کی دوا ’’پھلبہری برص کورس‘‘ کے نام سے اس کو استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

## گرمی دانوں سے نجات

میرے جسم پر بہت گرمی دانے نکلتے ہیں۔ سارے جسم پر سرخ دانوں کا چھتہ سا بن جاتا ہے۔ ملتانی مٹی لگاتی ہوں پاؤڈر چھڑکتی ہوں مگر آرام نہیں آتا۔ دوسری بات یہ کہ بغلوں میں پسینہ آئے تو کپڑوں میں شدید بدبو پیدا ہوجاتی ہے۔ خون صفا دوائیاں کھائیں مگر کام نہیں بنا اب میں گرمی کے موسم سے گھبرانے لگی ہوں۔ خدارا کوئی ٹوٹکہ بتایئے۔ (ارم ذیشان، ساہیوال)

**مشورہ:** بڑے بوڑھے سالہا سال سے صندل آزما رہے ہیں۔ آپ کو پنساری کی دکان سے صندل کی لکڑی کا برادہ آسانی سے مل جائے گیا آپ منگوا کر باریک پیس لیجئے۔ عرق گلاب میں پسا ہوا صندل ملا کر گرمی دانوں پر لیپ کیجئے۔ بغلوں میں ذرا گاڑھا لیپ لگایئے۔ دن میں دو بار لگائے اس سے اضافی پسینے کا اخراج کم ہوگا اور جلد کی سوزش بھی ختم ہوجائے گی۔ گوشت نہ کھایئے۔ پالک، قلفے کا ساگ، گھیا، ٹینڈے، توری، دہی آپ کے لیے مفید ہے۔ صندل کا برادہ دیکھ کر لیجئے نقلی نہ ہو ورنہ آرام نہیں آئے گا۔ کچھ لوگ لکڑی کے برادے کو زرد رنگ دے کر صندل کی خوشبو چھڑک دیتے ہیں۔

## منگنی یا ذہنی عذاب؟

تین سال ہوئے میری منگنی ہوئی۔ لوگ جاننے والے ہیں۔ میں اپنے بھائی کے ساتھ کالج جاتی آتی ہوں۔ ایک عورت نے مجھے بھائی کے ساتھ جاتے دیکھا، وہ میرے سسرال کے محلے کی تھی۔ اس نے وہاں جا کر الٹی سیدھی باتیں کردیں۔ میرے گھر والوں کو پتا چلا تو وہ بھی غصہ میں آگئے۔ یوں منگنی ختم ہوگئی۔ یہ سلسلہ ایسے ہی رہتا، تو ٹھیک تھا لیکن اب رشتہ مانگنے آنے والوں کو جب پتا چلتا ہے کہ میری منگنی ٹوٹ چکی ہے، تو وہ بھی میرے متعلق عجیب باتیں کرتے ہیں۔ ان کی نظریں مجھے ایسے ٹٹولتی ہیں جیسے قصاب بکرے کو! یقین مانیے میں ذہنی عذاب میں مبتلا ہوچکی ہوں۔ محلے پڑوس کی عورتیں آئیں تو ہمدردی کرنے کے انداز میں طعنے مارتی ہیں۔ بتایئے میں کیا کروں؟ منگنی نے تو مجھے نفسیاتی مریضہ بنادیا ہے۔ کیا ہم لڑکیاں کسی کو کچھ کہہ نہیں سکتیں، صفائی پیش نہیں کرسکتیں؟ اس ماحول سے فرار حاصل کرنے کو دل چاہتا ہے۔ محلے داروں اور ملنے والوں کے علاوہ اپنے عزیز واقارب جب جلی کٹی باتیں کرتے ہیں تو جی چاہتا ہے خودکشی کرلوں۔ (پریشان بیٹی)

**مشورہ:** ہمارے معاشرے میں ایسی باتیں عموماً سننے میں آتی ہیں۔ لوگ بات کا بتنگڑ بنا لیتے ہیں۔ آپ منگنی ٹوٹنے کی بات کررہی ہیں یہاں تو باراتیں واپس لوٹ جاتی ہیں۔ کوئی یہ نہیں سوچتا کہ لڑکی کا کیا قصور ہے۔ وہ بیچاری نادانستہ طور پر مجرم بن جاتی ہے۔ ایک طرح سے اچھا ہوا کہ آپ کی منگنی ختم ہوگئی جو لوگ محض غلط فہمی کی بنیاد پر شک کریں وہ بعد میں آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بہت تنگ کرتے۔ شادی کے بعد کوئی بھی سنگین مسئلہ جنم لے سکتا تھا۔ جوڑے آسمانوں پر بنتے ہیں آپ بالکل پریشان نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ نماز کی پابندی کریں۔ انشاء اللہ آپ کو بہتر رشتہ مل جائے گا۔

## راب کیا ہے؟

مجھے راب کے متعلق بتایئے‘ یہ کیا چیز ہے اور کہاں سے ملتی ہے؟ دوسرا مسئلہ یہ کہ میرے جسم میں ہارمونز کی کمی ہے جس سے میرا ماہانہ نظام بگڑ گیا ہے۔ مشورہ دیجئے۔ (حلیمہ مراد، کراچی)

**مشورہ:** گڑ بناتے وقت جو شیرہ بچ جائے، اسے راب کہتے ہیں۔ جہاں گڑ بنایا جاتا ہے، وہاں سے راب مل سکتی ہے۔ تاہم اسے زیادہ عرصہ محفوظ نہیں رکھا جاسکتا۔ ہارمونز کی کمی دور کرنے کیلئے آپ عبقری دواخانے کی ’’ہارمونز شفاء‘‘ کا استعمال کریں۔

## اعصابی کمزوری کا علاج

عمر پچاس سال‘ ہاتھوں میں ہلکا سا رعشہ محسوس ہوتا ہے۔ علاج کروایا تو معلوم ہوا کمی خون کا شکار ہوں۔ طبی معائنے پر پتا چلا کہ ہیموگلوبن صرف 9.8 فیصد تھا۔ علاج کروانے پر اب یہ عام سطح یعنی 13.8 پر آگیا ہے۔ علاج کے سلسلے میں میرا نظام اوقات یہ ہے: صبح نماز فجر سے قبل دو گلاس نیم گرم پانی پیتی ہوں۔ نماز پڑھنے سے پہلے رات کو بھگوئے ہوئے سات بادام اور کشمش کھا کر اوپر سے پانی پیتی ہوں۔ نماز پڑھ کر ڈیڑھ پاؤ گرم دودھ، ایک دیسی انڈا اور دو چٹکی اصلی گھی کھاتی ہوں۔ ناشتہ 9 بجے ہوتا ہے‘ میں ایک سیب، تین کیلے، دو گاجریں اور پانچ کھجوریں دودھ کے ساتھ ملک شیک کی طرح پیتی ہوں۔ میں پہلے دیسی گھی سے پرہیز کرتی تھا مگر سیانے کہتے ہیں کہ گھی چھوڑنے سے تیزابیت اور زخم معدہ کی راہ ہموار ہوتی ہے۔ مجھے معدے میں السر ہوچکا ہے۔ (مسز ملک، چکوال)

**مشورہ:** محترمہ! آپ ٹھیک ہوگئی ہیں‘ یہ اچھی بات ہے مگر اب اپنی غذا بتدریج کم کردیجئے۔ السر کے سلسلے میں عبقری دواخانہ کا ’’معدے کا السر کورس‘‘ استعمال کریں انشاء اللہ آرام آئیگا۔

## ہونٹ پھٹ جاتے ہیں

ہونٹ اکثر پھٹ جاتے اور بعد میں بہت برے لگتے ہیں اس مسئلے کا کوئی حل ہے؟ (بلقیس فاطمہ، حافظ آباد)

محترمہ! رات کو سوتے وقت تھوڑا سا سرسوں کا تیل، گھی یا کوئی سا بھی اصلی تیل ناف میں لگالیا کریں اس سے ہونٹ ملائم رہیں گے۔ گیہوں کا چھلکا جسے توڑی کہتے ہیں تھوڑا سا منگا لیجئے۔ ایک چمچ توڑی ایک گلاس پانی میں رات کو بھگو دیجئے۔ صبح نو دس بجے پانی چھلنی سے چھانیے، اس میں ایک چمچ شہد ملایئے اور پی لیجئے۔ دو ہفتے پی کر چھوڑ دیجئے۔ جسم اور ہونٹوں کی خشکی دور ہو جائے گی۔ تازہ دودھ تھوڑی دیر فریج میں رکھنے سے اس پر چکنائی کی ہلکی سی تہ جم جاتی ہے۔ اس چمچ سے اتار کر ہونٹوں پر دن میں دو بار لگایئے، ہونٹ نرم ہوجائیں گے۔

**معذور شفاء ٹانک**
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چندماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# فیشن سبزی کا چلا ہے مگر گوشت نہ چھوڑیئے گا!

آج کل سبزی خور ہونے کا فیشن چل پڑا ہے۔ جسے دیکھو گوشت کا دشمن بنا ہوا ہے، اور اس کے نقصانات گنواتا پھرتا ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ سبزیوں اور پھلوں میں وہ تمام غذائیت موجود ہوتی ہے جو ہماری روز مرہ جسمانی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کافی ہیں۔ ان کا یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ پودوں میں پائی جانے والی پروٹین، جانوروں سے حاصل ہونے والی پروٹین سے نہ صرف بہتر بلکہ محفوظ بھی ہوتی ہے۔ حالانکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ان باتوں میں کوئی سچائی نہیں، یہ سچ ہے کہ سبزیوں کے بے شمار فائدے ہیں مگر ہم ان فائدوں میں گوشت کو نہیں بھلا سکتے۔ کیونکہ سبزیوں کی طرح گوشت بھی ہمارے جسم کے لیے ضروری ہے۔ گوشت سے منہ موڑ کر ہم ایک طرف بہت ہی لذیذ ذائقے سے محروم ہوجاتے ہیں، تو دوسری طرف ہمارا جسم بھی گوشت میں موجود ضروری غذائی اجزاء سے محروم رہ جاتا ہے۔ آخر گوشت ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟ آیئے جانتے ہیں: عالمی ادارہ صحت کے مطابق آئرن سے بھرپور خوراک میں گائے، بکرے کا گوشت، چکن اور مچھلی شامل ہیں۔ گوشت میں آئرن کے علاوہ زنک اور سیلینیم کی بھی بڑی مقدار ہوتی ہے۔ زنک ہمارے میٹابولزم کو درست رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے جبکہ سیلینیم جسم سے چکنائی اور فاسد مادوں کے اخراج کا اہم ذریعہ بنتا ہے۔

**پروٹین کی موجودگی:** پروٹین ہمارے جسم کے لیے انتہائی ضروری ہے، گوشت میں پروٹین کی وافر مقدار پائی جاتی ہے۔ پروٹین ہمارے جسم کی مجموعی کارکردگی کو بحال رکھنے اور جسمانی اعضاء کے افعال کو منظم اور درست رکھنے کے لیے بھی بہت ضروری ہے۔ یہ ہمارے جسم کے ٹشوز کی مرمت کرتی ہے۔ جسم کو کسی بھی قسم کے انفیکشن سے محفوظ رکھنے کے لیے اینٹی باڈیز پیدا کرنے میں بھی پروٹین کا اہم کردار ہے۔ قوت مدافعت بڑھانے کے لیے بھی پروٹین کو لازمی قرار دیا جاتا ہے۔

**گوشت کے فوائد:** گوشت بدن کو طاقت بخشتا ہے۔ گوشت کے فوائد جانوروں کے حساب سے مختلف ہیں۔ بکری کا گوشت خون لطیف پیدا کرتا ہے۔ گرم مزاجوں کے موافق ہے۔ تپ دق اور کمزوری میں اس کی یخنی مفید ہے۔ فاضل طبیبوں کا قول ہے کہ بکری یا بکرے کے جس عضو کو کھایا جائے انسان کے اس عضو کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ دیسی مرغ کا گوشت کثیر الغذا اور عمدہ خون پیدا کرتا ہے۔ بھوک تیز کرتا اور جسم کو خوبصورت بناتا ہے۔ اس کا شوربہ گرمی کے سوا ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے۔ فہم و فراست اور دماغ کو چست اور چالاک بناتا ہے۔ دیسی مرغ جتنی کم عمر کا ہوتا اتنا ہی اس کا گوشت مفید ہے۔ بھوک لگاتا اور کمزور معدہ والوں کو مفید ہے۔ پرندوں کا گوشت لاغری اور کمزوری میں مفید ہے۔ گوشت خاص کر نوجوانوں کے لیے بہت اہم ہے۔ آج کل بچے سرخ گوشت کو کھانے سے گھبراتے ہیں اور چکن زیادہ پسند ہوتا ہے جبکہ جو طاقت اور فائدہ بکرے اور گائے کے گوشت سے حاصل ہوتا ہے وہ مرغی سے نہیں۔ اس کے باوجود گوشت کو کھانا ہماری صحت اور جسم کے لیے ضروری ہے۔

**گوشت خریدتے وقت خیال رہے:** ☆ گوشت کا رنگ نہ تو زردی مائل سرخی پر ہو اور نہ ہی بینگن کی طرح کا ہو یعنی پرپل بینگنی نہ ہو کیونکہ بینگنی رنگ کا مطلب یہ ہے کہ جانور کو ذبح نہیں کیا گیا۔ ☆ گوشت کو جب انگلی سے دبایا جائے تو اس کے اندر ہوا کی موجودگی محسوس نہ ہو۔ ☆ گوشت سے کسی قسم کی کوئی خوشبو یا بدبو نہ نکل رہی ہو۔ ☆ پکانے سے گوشت زیادہ نہ سکڑے۔ ☆ گوشت اگر تھوڑی دیر پڑا رہے تو پانی نہ چھوڑے بلکہ پڑا رہنے پر وہ مزید خشک ہوجائے اور اس کے اوپر بالائی سطح خشک ہوجائے۔ اگر ایسا نہ ہو تو سمجھیں کہ گوشت خراب ہے۔ ☆ جب گوشت پانی چھوڑے۔ رنگت زردی مائل ہوجائے اور سبزی مائل ہوکر اس میں یوں تری آجائے جیسے خمیرے آٹے میں ہوتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ گوشت خراب ہوگیا۔

# بواسیر کیلئے ایک تجربہ شدہ پراسرار نسخہ

مریضوں پر یہ دوا استعمال کر کے اسکے لاثانی فوائد کی تصدیق کی ہے۔

**بواسیر:** یہ ایک اسراری اور تجربہ کار نسخہ ہے جو ہر قسم کی بواسیر کا کامل علاج ہے یہ نسخہ کیا ہے ایک معجزہ ہے بواسیر خونی ہو یا بادی اس کے استعمال سے انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ مسّے خود بخود خشک ہوکر گرجاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف نہیں رہتی۔ ایک سنیاسی کا عطیہ ہے۔ ھوالشافی: مغز تخم نیم، مغز بکائن، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ سیاہ، رسونت، آرو چاسکو مدبر، گوگل، مغز پستہ، مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ، کشتہ سونا مکھی چھ ماشہ سب کو آب گندنا کے ہمراہ کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## پانچ سو حکیموں کی آزمودہ جادو اثر دوا

پانچ سو حکیموں کی آزمودہ جادو اثر حب بیشی دوا نے زیر علاج جوڑوں کے درد، نقرس، گنٹھیا جیسے موذی امراض کی دنیا بھر میں واحد دوا ہے۔ نسخہ: میٹھا تیلیہ مدبر، مرچ سیاہ، تخم خرما سوختہ مصبر، تغم اسپند، سورنجاں تلخ ایک ایک تولہ باریک پیس کر آب ادرک کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ یا پانی سے استعمال کریں۔

## طلاق کا دعویٰ بمعہ خرچ خارج

قوت مردی کا زبردست نسخہ: ملتان میں ایک شخص جوانی کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے نامرد ہوگیا جس کے نتیجہ میں بیوی نے عدالت میں طلاق کے لیے دعویٰ دائر کردیا لیکن وہ شخص پوشیدہ طور پر قوت مردی کا یہ نسخہ استعمال کرتا رہا۔ جب اس کا ڈاکٹری معائنہ کیا گیا تو کامل پایا گیا تو عدالت نے بمعہ خرچہ خارج کردیا یہ انمول نسخہ لاکھوں اشرفیوں میں بھی نہیں ملتا۔ (نسخہ) شنگرف رومی ایک تولہ، ہڑتال ورقیہ زرد ایک تولہ، پارہ ایک تولہ، سم الفار سفید ایک تولہ، تیزاب گندھک ولائتی دس تولہ۔ (ترکیب تیاری) اولین چہار ادویہ کو باہم ملا کر ایک آہنی کڑاہی یا پیالہ چینی (جسکے نیچے سے گل حکمت کیا گیا ہو) رکھ کر اوپر تیزاب گندھک ڈال کر آہنی کڑاہی یا پیالہ کے نیچے کوئلوں کی آگ دیں ادویہ سے دھواں بہت نکلے گا اس دھواں سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں جب دھواں نکلنا بند ہوجائے تو دوا تیار ہے سفید رنگ کی ہوگی۔ ٹھنڈی ہونے پر کھرل کر کے شیشی میں ڈال دیں۔ (مقدار خوراک) بقدر ایک چاول مکھن یا بالائی میں ملا کر استعمال کرنے سے پہلے کوئی مرغن لقمہ یا کوئی چیز کھائیں بعد دوا کی خوراک کھائیں لیکن گھی کی زیادتی ہو۔ (پرہیز) تیل اور بادی اشیاء و ترش چیزوں سے ضروری ہے۔ (زمرد، لاہور)

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل تنگنی کریں' کوئی روحانی' جسمانی نسخہ' ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## قبض سے چھٹکارا پانے کے گھریلو طریقے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتی ہوں' بہت ہی مفید میگزین ہے' قارئین اپنے تجربات لکھتے ہیں جن سے مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے' آج میں بھی قارئین کیلئے کچھ خاص لائی ہوں یقیناً عبقری قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ آج میں قبض کے متعلق لکھ رہی ہوں جس سے لوگ کافی پریشان ہیں' پرانی قبض صرف ناقص غذا کی وجہ سے جنم لیتی ہے جو لوگ دس بارہ گھنٹے مسلسل بیٹھ کر کام کریں انہیں بھی قبض کی شکایت ہوجاتی ہے۔ آج کے دور میں قبض کا مرض بڑھ رہا ہے۔ معدہ ٹھیک ہو تو صحت برقرار رہتی ہے ورنہ کئی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ سب سے پہلے آپ پانی زیادہ پیجئے یعنی آٹھ سے دس گلاس روزانہ۔ سفید آٹے اور میدے سے بنی چیزوں سے پرہیز کیجئے۔ پیسٹری، کیک، بسکٹ، چاول، سخت ابلے ہوئے انڈے استعمال نہ کریں۔ پانی باقاعدہ پینے سے معدہ صاف رہتا ہے، خون کا گاڑھا پن دور ہو جاتا ہے اور زہریلے مادے بھی خارج ہوتے ہیں۔ آپ روزانہ سلاد بنائیے۔ پیاز، ٹماٹر، کھیرے، بند گوبھی، چقندر آپ کے لیے مفید ہیں۔ سلاد کے پتے بھی شامل کرسکتی ہیں۔ ہندوستان کے طبیب بیل گری استعمال کراتے ہیں۔ یہ جڑی بوٹی ہمارے ہاں عموماً دست روکنے اور پیچش ختم کرنے کے لیے دی جاتی ہے۔ قدرت نے اس میں عجیب وغریب فوائد پنہاں رکھے ہیں۔ آنتوں کی تکالیف میں بھی یہ مفید ہے۔ یہ آنتوں کا فعل درست کرکے انہیں طاقت بخشتی ہے۔ آنتوں کے اندر چھپے فضلے کے باریک ذرات بھی دھکیل کر باہر لے آتی ہے۔ رات کا کھانا کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے تازہ بیل گری کھالیں۔ ایک صحتمند آدمی کے لیے 50 سے 60 گرام بیل گری کافی ہے۔ آٹھ سے بارہ ہفتے باقاعدہ کھانے سے آرام آجاتا ہے۔ طبیب قبض دور کرنے کے لیے ناشپاتی کو بھی مفید سمجھتے ہیں۔ چند دن ناشپاتی کھانے اور اس کا رس پینے سے قبض دور ہوجاتا ہے۔ قبض معمولی ہو تو صبح ناشتہ میں یہ رس پی لیں یا رات کے کھانے کے بعد ایک بڑی ناشپاتی مع چھلکا کھالیا کریں۔ انگور کا موسم آنے والا ہے، آپ ایک پاؤ انگور کھائیں۔ آہستہ آہستہ مقدار ڈیڑھ پاؤ تک بڑھادیں۔ میٹھے اور پکے امرود مع بیجوں کے کھانے سے بھی آرام آتا ہے۔ انجیر بھی شفا بخش ہے، کھانا کھانے کے بعد چار پانچ دانے کھانے سے ہاضمہ درست رہتا ہے۔ کچھ لوگ پانچ دانے انجیر اور سات بادام پانی میں رات کو بھگو کر صبح کھاتے ہیں۔ اس سے بھی ہاضمے کی قوت بڑھتی ہے۔ جلاب لینے سے وقتی طور آرام آتا ہے پھر دوبارہ قبض ہوجاتا ہے۔ ایک نوے سالہ خاتون کو قبض کی شدید تکلیف تھی۔ ایک ایک ماہ اجابت نہیں ہوتی تھی' تنگ آکر انہوں نے طبی علاج ملتوی کردیا۔ انجیر اور زیتون کے تیل سے ان کی تکلیف رفع ہوگئی۔ آپ بھی قدرتی غذا سے رجوع کیجئے۔ آہستہ آہستہ قبض کی شکایت دور ہوجائے گی۔ یاد رہے دیرینہ قبض دو چار دن میں دور نہیں ہوتی، دو تین ماہ لگاتار علاج کروانا پڑتا ہے۔ قبض سے کئی امراض جنم لیتے ہیں۔ مثلاً زبان سفید تہ سے ڈھک جاتی ہے، نیند کم آتی ہے، منہ میں زخم ہوجاتے ہیں، پیٹ ہر وقت بھرا بھرا لگتا ہے اور بھوک کی کمی ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ آٹا چھان کر اس کا تھوڑا سا بھوسہ گرم دودھ میں ملا لیجئے، رات کو یہ دودھ پینے سے آرام آتا ہے۔ ہرڑ کا مربہ، گلقند، اسپغول کی بھوسی بزرگ صدیوں سے آزماتے آئے ہیں۔ اسی طرح منقیٰ بھی پیٹ صاف کرتا ہے۔ چھوٹے بچوں کے لیے یہ بے حد مفید ہے۔ بچوں کو اس کی گھٹی دینی چاہیے تاکہ ان کی صحت ٹھیک رہے۔ (ڈاکٹر عائشہ مقبول' لاہور)

## پردیس میں پریشانی آئے تو یہ پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ عبقری جیسا میگزین پوری دنیا میں نہیں یقین سے کہتا ہوں آپ یقیناً ایک عظیم کام کررہے ہیں آپ کی ٹیم کو آپ کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ یہ رسالہ ہمیشہ مشکل میں میرے کام آیا ہے' اس میں لوگوں کے تجربات و مشاہدات اتنے زبردست ہیں کہ فوری اثر کرتے ہیں۔ واقع کچھ یوں ہے کہ میں بلوچستان میں سرکاری ملازم ہوں میں لورالائی جارہا تھا 2018 کی بات ہے فروری کا مہینہ تھا بارشیں اپنے عروج پر تھیں میں تونسہ سے روانہ ہوا جب حیٹنر پہنچا تو شدید بارش تھی حیٹنر لورالائی کی تحصیل ہے۔ لورالائی اور حیٹنر کے درمیان ایک نالہ بہتا ہے جب یہ نالا بہتا ہے تو ٹریفک بند ہوجاتی ہے یعنی جب تیز نالا بہتا ہے۔ ہماری منی ہائی ایس بھی جاکر رُکی۔ ہمارے پہنچنے سے پہلے ایک اور منی کوچ رکی تھی جب ہم پہنچے ہمارے بعد تو بہت لمبی ہمارے پیچھے قطار گاڑیوں کی کھڑی ہوگئی مغرب کا وقت تھا پریشانی کے عالم میں پردیس میں کیا ہوگا سوچ رہا تھا ہمارے ساتھ ایک آدمی قلعہ سیف اللہ کے علاقے کا بیٹھا تھا اس نے ہمیں اور بھی ڈرایا کہ میں یہاں پہلے بھی ایک رات گزار چکا ہوں میں اور بھی پریشان ہوگیا پھر مجھے اچانک خیال آیا کیوں نہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھوں میں نے 45 دفعہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھنا شروع کردیا' یقین جانیے! ابھی میں نے تین چار دفعہ پڑھا یعنی تین چار دفعہ مکمل کرکے اٹھا تو ڈرائیور نے کہا چلو چلتے ہیں حالانکہ اس ڈرائیور نے سب گاڑی والوں کو بزدل کہا تھا کہ نہیں جائیں گے کیونکہ پانی گاڑی کے انجن میں چلا جاتا ہے پھر گاڑی چل پڑی ہم اللہ کے کرم سے اور آپ کے بتائے ہوئے وظیفے سے خیریت کے ساتھ لورالائی پہنچ گئے۔ (امتیاز چغتائی' تونسہ شریف)

الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# بڑھا پیٹ اور امراض معدہ ختم! 10 نسخے حاضر ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اور عبقری کی تمام ٹیم کو سلام پیش کرتا ہوں۔ بندہ عرصہ سے عبقری کا قاری اور عمل کرنے والا ہے۔ خاص بات جو شاید ہر قاری نہ جانتا ہوں‘ وہ یہ ہے کہ ماہنامہ عبقری میں درود شریف اور اس کے فائدے درج ہیں یہ بات کوئی معمولی نہیں‘ اللہ تعالیٰ آپ سب کو عبقری کے خاکروب سے لیکر ایڈیٹر تک کو سکون خوشیاں‘ راحتیں عطا فرمائے۔

## امراض معدہ کے چند نسخے حاضر ہیں

(1) سب سے بہترین بات کم کھانا صبح وشام کھانا بھوک رکھ کر کھانا ہے۔ صبح وشام پیٹ بھر کر کھانا، فاسٹ فوڈ، سوڈے کی بوتلیں پینے سے پیٹ بڑا ہوجاتا ہے۔ پیٹ بڑھ جائے تو انسان بے شمار امراض کا شکار ہوجاتا ہے‘ خاص طور پر مرد حضرات کو ازدواجی زندگی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے‘ چلنا پھرنا مشکل خود سے آواز ہوجاتا ہے بہرحال میٹھا سوڈا 50 گرام، ست پودینہ ایک گرام اچھی طرح کھرل کر کے 50 خوراک تیار کرلیں یا ½ چھوٹی چمچ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی صبح و شام دوپہر ہوسکے تو پھل کھائیں۔ (2) میٹھا سوڈا 50 گرام، نمک سیاہ 20 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام باریک کرکے رکھ لیں۔ ½ گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی لیں کھانا ہضم، قبض ختم ہوجائے گی اور بڑھا پیٹ ختم۔ (3) میٹھا سوڈا 50 گرام، نمک 20 گرام، مرچ سیاہ، سونٹھ، نوشادر ہر ایک 10 گرام باریک کرلیں‘ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی اور نیم گرم پانی سے کھائیں تو قبض کشا، تھکاوٹ ختم، بخار ختم۔ (4) مرچ سیاہ، سونٹھ، نوشادر برابر وزن کرکے ایک گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(5) سونٹھ 10 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام، نوشادر 10 گرام، نمک سیاہ 10 گرام تمام برابر وزن چینی 40 گرام لے کر پیس لیں ½ چمچ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔ (6) سونٹھ 10 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام، نوشادر 10 گرام، میٹھا سوڈا 10 گرام، سناء مکی 40 گرام باریک کرلیں خوراک ½ چمچ صبح وشام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔ قبض کشا، ہاضم، رنگ سفید کرتا ہے۔ (7) کلونجی، اجوائن دیسی، نمک سیاہ باریک کرلیں ½ چمچ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ پانی یا گرم پانی سے کھائیں۔ جسم گرم، گیس ختم، رنگ سرخ، آنکھوں کے حلقے ان شاء اللہ ختم۔ (8) اجوائن دیسی، پودینہ، گندھک، آملہ کوٹ کر میٹھا سوڈا برابر وزن باریک کرکے ½ چمچ ہمراہ پانی کھا کے ایک گھنٹہ بعد بخار ختم، گیس، قبض، تھکاوٹ ختم ہوجاتی ہے۔ (9) سونٹھ، سناء مکی، نمک سیاہ، ہلیلہ سیاہ برابر وزن 10 گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھانے سے فوری ہضم، قبض، پیٹ درد فوری ختم۔ (10) چھوٹی الائچی، سونٹھ، نوشادر، میٹھا سوڈا برابر وزن ½ گرام ہمراہ پانی لیں۔ دافع تیزابیت، ہاضم، بھوک کی کمی ختم، طبیعت ہشاش بشاش۔ (محمد یوسف، کامونکی)

# ایم اے انگلش کی طالبہ سے فرسٹ پوزیشن کا راز لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 18 سال ہے مجھے عبقری سے روحانی اور جسمانی دونوں فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ میرے اندر بہت تبدیلیاں آئی ہیں میں دو سال پہلے آپ سے بیعت ہوئی تھی آپ سے بیعت ہونے سے پہلے میں مختلف گناہوں میں مبتلا تھی جیسے ہر وقت ٹی وی، گانے، ڈرامے، موویز وغیرہ دیکھنا۔ نماز بالکل نہیں پڑھتی تھی اور نہ ہی قرآن پڑھتی تھی۔ رمضان بھی سارا سو کر گزار دیتی تھی جب سے آپ سے بیعت ہوئی ہوں‘ روحانی ذوق ملنا شروع ہوا جس دن میں آپ سے بیعت ہوئی تھی اسی دن واپسی پر اپنے موبائل میں موجود گانوں کو ڈیلیٹ کیا اور اب دو سال ہونے کو آئے ہیں‘ میں نے ذاتی طور پر گانے نہیں سنے۔ اس کے علاوہ ٹی وی بھی گھر سے نکل گیا ہے۔ اب گانوں کی جگہ تسبیح نے لے لی اور ڈراموں کی جگہ قرآن نے لے لی۔ اس کے علاوہ جو ہدایت کے راستے پر مجھے اللہ کی طرف سے جو تحفہ ملا وہ شرعی پردہ ہے۔ دو سال ہوگئے ہیں شرعی پردہ کرتی ہوں اور اب یہ شرعی پردہ میری زندگی ہے اور میری حیا ہے۔ اللہ نے میری زندگی سنوار دی اور ذریعہ آپ کو بنایا۔ اس کے علاوہ جو سب سے بڑی مجھے چیز ملی ہے وہ خوفِ خدا اور فکر آخرت ملی ہے۔ حضرت جی اب کسی کو برا کہنے سے پہلے اپنا خیال آتا ہے کہ میں کتنی بُری ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر سے نوازے اور آپ کو اجرعظیم عطا کرے۔

**دوسرا مشاہدہ:** اس کے علاوہ جو مجھے دوسرا فائدہ ہوا وہ یہ کہ آپ نے ایک عمل بتایا تھا ’’یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ‘‘ 700 بار روزانہ چالیس دن کرنا تھا۔ عشاء کی نماز کے بعد یہ میں نے اپنے رزلٹ کے لیے کیا تو وہ مضمون جس میں مجھے فیل ہونے کا خطرہ تھا اس میں میرے سب سے زیادہ نمبر آئے اب اس وظیفے پر مجھے بہت یقین ہے۔ اس کے علاوہ میری بہن نے بھی یہ وظیفہ کیا اور میں نے بھی کیا میں ایم اے انگلش کی طالبہ ہوں۔ سیکنڈ سمسٹر میں ایک پرچہ ایسا تھا جو نصابی کتاب سے باہر تھا اور بالکل بھی چانس نہیں تھا کہ ہم اس میں پاس ہوں گے۔ میں نے یہ وظیفہ پورے یقین سے کیا میں اللہ پاک کے کرم سے کلاس میں فرسٹ آئی ہوں۔ اب اس سمسٹر میں ساری کلاس نے مجھ سے پوچھا کہ کونسا وظیفہ میں نے کیا تو میں نے سب کو بتادیا اور اس بار میرے تو خیال میں مارکس کا مقابلہ کم اور وظیفہ کا مقابلہ اللہ کے ہاں زیادہ ہوگا۔ اس بار بھی رزلٹ کیلئے یہی وظیفہ کررہی ہوں اور یقین ہے کہ پہلے سے بھی زیادہ اچھا رزلٹ آئے گا ان شاء اللہ۔ حکیم صاحب مزید روحانی فائدہ مجھے یہ ہوا ہے کہ اللہ کے ذکر میں لگی رہتی ہوں کلاس میں سب لڑکیاں بہت عزت کرتی ہیں آپ کا پوچھتی ہیں کہ درس کا بتاؤ، وظائف پوچھتی ہیں۔ انہیں لگتا ہے کہ میں مصلیٰ سے اٹھ کے کالج آجاتی ہوں اور کالج سے گھر جاکر مصلے پر بیٹھ جاتی ہوں۔ بس ان کا مجھے عزت دینا اور انکے یہ خیالات میرے بارے میں سچ ثابت ہوں مجھ مٹی کی کیا اوقات ہے خدا عزت دینے والا ہے اور اللہ مجھے مصلے پر ہر وقت بیٹھنے والا بنادے اور رب کا ذکر کرنے والا بنادے۔ میں صرف اللہ کا عشق اور اس کے حبیب ﷺ کا عشق چاہتی ہوں اور انشاء اللہ یقین ہے کہ یوں تسبیح خانے میں آتے رہنے سے اور یہ فیض، برکت ملتے رہنے سے اللہ کا عشق بھی حاصل ہو جائے گا۔ اللہ پاک یہاں بار بار آنے کی توفیق دے اور آپ سے نسبت تاعمر رہے۔ آمین۔ (ایمن ہدیٰ، چکوال)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو معدہ کا کینسر ہو‘ تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# کھانسی' زکام' بخار' دمہ اور شوگر سے بچنے کیلئے آملہ کھائیے!

آملہ ایک نہایت اہمیت والا درخت ہے۔ قدرتی طور پر یہ بنگلہ دیش، چین، انڈیا، ملائیشیا، پاکستان اور سری لنکا میں پایا جاتا ہے۔ آملہ کی کاشت سب سے پہلے انڈیا میں شروع ہوئی۔ آملہ زمانہ قدیم سے انڈیا اور مشرق وسطیٰ میں بہت سی ادویات میں بطور اہم جزو استعمال ہوتا آرہا ہے۔

## وٹامن سی کا بہترین ذریعہ

آملہ وٹامن سی کا بہت اہم ذریعہ ہے۔ اس میں مالٹے سے 30 گنا زیادہ وٹامن سی پائی جاتی ہے۔ وٹامن سی کی کمی جسم میں ایک بیماری کا باعث بنتی ہے جو کہ Scurvy کہلاتی ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے آملہ کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

## آملہ کا طبی استعمال

یرقان کو روکنے میں اس کا کردار بہت اہم ہے۔ سانس کی بیماریوں کیلئے آملہ کا استعمال فائدہ مند قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے لیے آملہ کے جوس کو شہد کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے جو کہ ٹی بی اور دمہ کیلئے بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔ شوگر کے مریض آملہ کا استعمال کرسکتے ہیں کیونکہ اس میں شوگر کی مقدار کم اور ریشے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ یہ لبلبہ کی انسولین کے اخراج کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے اور خون میں شکر کی مقدار کو کم کرتا ہے۔

دل کی بیماریوں میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ اس میں موجود پیکٹن کی زیادہ مقدار جسم میں کولیسٹرول کی مقدار کو کم کرکے دل کے دورے سے محفوظ رکھتی ہے۔ آملہ کا استعمال بیماری پیدا کرنے والے عناصر کو ختم کرکے انسانی صحت کو بحال کرتا ہے اور توانائی فراہم کرتا ہے۔ آملہ کا استعمال آنکھ کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔ آملہ کے جوس کو شہد کے ساتھ ملا کر آنکھوں میں لگانے سے نظر تیز ہوتی ہے۔ جوڑوں کے درد میں اس کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔

آملہ میں موجود ایک کیمیکل انسانی توانائی کو بحال کرکے بوڑھا ہونے سے روکتا ہے یہ جسم میں قوتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے۔ مزید برآں اس کا استعمال خون کے سرخ ذرات کو بڑھا کر ہیموگلوبن کی مقدار میں اضافہ کرتا ہے۔ آملہ نظام انہضام کو درست کرتا ہے۔ قبض کشاء ہے اور اسہال میں بھی اس کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کیلئے آملہ اور میتھی کے پتوں کو پانی میں ابال کر پینا مفید ہے۔ یہ بخار کو روکتا ہے۔ آملہ کے پھل کا پیسٹ ماتھے پر لگانے سے سر درد میں آرام ملتا ہے۔

## پیٹ کے کیڑے ختم! السر سے بچائے

آملہ میں جراثیم کش خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ آملہ کا استعمال پیٹ کے کیڑوں کو ختم کرتا ہے۔ اس کا استعمال منہ کے السر سے بچاؤ کا باعث بنتا ہے۔ آملہ کے پتوں کو ابال کر یہ پانی ماؤتھ واش کے طور پر استعمال کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔ یہ مسوڑوں اور ناک سے خون آنے کو روکتا ہے۔ آملہ کی چھال کو پیس کر اس کا پیسٹ زخموں پر لگانے سے زخم جلد مندمل ہونے میں مدد ملتی ہے اس کا استعمال جگر اور تلی کو تقویت بخشتا ہے۔ اس کے بیج کھانسی، زکام، بخار، دمہ اور شوگر کیلئے نہایت زود اثر ہیں۔ شمال مشرقی ہندوستان میں لکڑہارے پیاس کی شدت کو کم کرنے کیلئے آملہ استعمال کرتے ہیں۔

## بالوں کی نشوونما میں آملہ کا کردار

بالوں کی نشوونما کیلئے آملہ کا کردار اہم ہے۔ آملہ کے پھل کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر سکھانے پر ناریل کے تیل میں ابالا جاتا ہے۔ یہ تیل بالوں کو سفید ہونے سے بچاتا ہے۔ رات کو آملہ پانی میں بھگو کر یہ پانی بالوں میں لگانے سے بال مضبوط ہوتے ہیں۔ انہی خصوصیات کی بناء پر آملہ بہت سے شیمپو اور بالوں کے تیل کا اہم جزو ہے۔

## آملہ کا ذائقہ دار اچار

آملہ کے دیگر استعمالات: اس میں موجود ٹےنن کی زیادہ مقدار کی وجہ سے اسے کپڑوں کا رنگ پکا کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے پتوں سے کشید کیا جانے والا تیل مختلف خوشبوؤں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ آملہ کا لذیذ ذائقہ اچار میں بھی بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ کچھ علاقوں میں پانی کی خوشبو بہتر بنانے اور صاف کرنے کیلئے آملہ کی تازہ شاخوں کو کنوؤں میں پھینک دیا جاتا ہے۔

## اسم اعظم کا روحانی دم نہ کرواتا تو میرا اگلا قدم میری موت تھا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو صحت وتندرستی اور لمبی زندگی دیں اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر عطا کریں (آمین)۔ آپ سے بیعت ہوئے دو سال ہوگئے ہیں اور ان دو سالوں میں بہت کچھ بدل گیا ہے اگر تسبیح خانہ نہ ملتا تو میرا اگلا قدم موت تھا۔ اسم اعظم کے دم کی برکت سے بیس سال پرانا جادو ٹوٹا گیا میرے رشتے کی بندش تھی میرا رشتہ وہاں ہوا جہاں میں چاہتا تھا اور بہت سے کام جن میں رکاوٹیں تھی وہ بھی حل ہوگئیں۔ (احمد رضا ملک، لاہور)

حکومتی ہدایات پر عمل! اسم اعظم کا روحانی دم تسبیح خانہ لاہور میں نہیں ہوسکے گا۔ ان شاء اللہ اسم اعظم کے روحانی اور شفائیہ دعا کی تاریخ کا اعلان حکومتی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد کردیا جائے گا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!
لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

## میرے دو کام! ایک اسم اعظم کے روحانی دم سے ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! محترم حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کو خیر وعافیت عطا فرمائے میں آپ کا عبقری رسالہ دس سال سے پڑھ رہی ہوں' ہر ماہ شدت سے انتظار رہتا ہے' عبقری بے شمار وظائف آزمائے' لاجواب فوائد ملے' نسخے اور ٹوٹکوں نے زندگی میں آسانی بھردی۔ اسم اعظم کا روحانی دم میں نے پہلی مرتبہ ایک سال پہلے کروایا۔ میں نے اپنے بیٹے، شوہر اور اپنی بیٹی کا خیال رکھ کر اسم اعظم کے روحانی دم میں شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ نے میرے دو کام تو کردیئے' میری بیٹی کے چند پوشیدہ مسائل تھے' جو کہ حل ہونے کا نام نہیں لے رہے تھے' اللہ کا لاکھ شکر وہ ٹھیک ہوگئی۔ میرے شوہر بیمار تھے الحمدللہ ان کے تمام ٹیسٹ بھی ٹھیک آئے ہیں۔ ان شاء اللہ کبھی اسم اعظم کا روحانی دم کروانا نہ چھوڑوں گی۔ (خالدہ پروین، لاہور)

ناک شفاء
دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/130 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# موت کے انوکھے قصے! چندر رام نے کلمہ پڑھا اور دم توڑ گیا

رب ڈنو مہر، سکھر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں جان، مال اور اولاد میں برکات عطا فرمائے (آمین) آپ کا حکم تھا کہ ہر بندہ عبقری کو تحریریں بھیجیں آپ کے حکم کے مطابق واقعات لکھ رہا ہوں۔ ضلع شکارپور میں ایکمولانا صاحب سے یہ واقعہ سنا ایک ہندو شکارپور میں ایک اللہ والے جنہیں سارا علاقہ شاہ صاحب کے نام سے جانتا ہے ان کے ہاتھ پر اپنی برادری سے چوری چھپے ایمان لایا اس بات کا کسی کو بھی علم نہ تھا۔ ایک دفعہ وہ بندہ بیمار ہوا اور حضرت صاحبؒ شہر آئے ہوئے تھے وہ حضرت شاہ صاحب سے ملنے آیا اور حضرتؒ سے کہا کہ حضرت آج کل طبیعت ٹھیک نہیں رہتی اور بیمار رہتا ہوں تو حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا جو ذکر و اعمال تجھے دیئے ہیں وہ کرتے رہنا۔ انہوں نے کہا حضرت وہ سب اعمال جاری ہیں۔ شاہ صاحبؒ چلے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد وہ فقیر فوت ہوگئے‘ مسلمانوں کو پتہ چلا مسلمان گئے‘ انہوں نے کہا کہ یہ مسلمان ہوا ہے اور حضرت شاہ صاحبؒ کا فقیر تھا‘ اس کو مسلمانوں کے حوالے کیا جائے تاکہ مسلمان اس کے کفن دفن کا بندوبست کریں۔ ہندو برادری نے صاف انکار کردیا اور کہا کہ یہ ہمارا ہے اس کو ہم جلائیں گے‘ مسلمانوں نے کافی اصرار کیا مگر ہندو برادری نے نہ مانی۔ مسلمان بے بس ہوگئے اور ہندو برادری نے اس کو جلانے کا انتظام کیا اور جب آگ لگائی تو آگ نہ لگی پھر دوسری دفعہ آگ لگائی آگ نہ لگی جب تیسری دفعہ آگ لگائی تو اس آگ سے ایک نور چمکتا ہوا آسمان کی طرف گیا اور فقیر کی میت غائب ہوگئی۔

## چندر رام نے کلمہ پڑھا اور دم توڑ گیا

یہ واقعہ میرے دوست ہدایت اللہ نے مجھے سنایا تھا کہ ایک دفعہ میرے والد صاحب نے کہا کہ ہمارے گاؤں کے باہر روڈ پر ایکسیڈنٹ ہوا اور دھماکے کی آواز سن کر ہم وہاں بھاگتے ہوئے گئے دیکھا تو وہ ہمارا کلاس فیلو ایک ہندو تھا اس کو کافی گہری چوٹ لگی تھی اور اس کی سانسیں ٹوٹ رہی تھیں ہم نے اس کو کہا کہ چندر رام کلمہ پڑھ اور ہم نے کلمہ پڑھنا شروع کیا تو اس نے ٹوٹتے سانسوں میں کلمہ پڑھا اس کے بعد وہ فوت ہوگیا اور تب تک اس کے وارث آکر اسے لے گئے اور اس کو جلانے کا بندوبست کیا اور اس کو آگ لگائی مگر آگ نہ لگی پھر وہ ہندو برادری کے لوگ رات کے وقت اس میت کو دریائے سندھ میں ڈال کر آئے یہ واقعہ تقریباً تیس سال پرانا ہے۔

## منہ میں گالی‘ آخری ہچکی اور وہ مرگیا

ہماری برادری کا ایک بندہ تھا اس کو کوئی بیماری تھی تو کبھی اس بیماری کے دورے پڑتے تو وہ بندہ بیہوش ہوجاتا۔ ایک دفعہ اس کو دورہ پڑا اور وہ بیہوش ہوگیا جب ہوش میں آیا تو اس کے کچھ دوست وہاں کھڑے تھے تو انہوں نے اس سے حال پوچھا کہ کیا ہوا تو اس نے گالیاں دینا شروع کردی اور ایسے گالیاں دیتے ہوئے اس کی سانس نکلی اور وہ مرگیا۔ یہ واقعہ تقریباً چار سال پہلے کا ہے اور مجھے ان کے بھائی نے بتایا تھا۔

# فقر و غنی! اقوال مشائخ

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

آج کا ہمارا موضوع جو پیر علی ہجویری نے اسی کتاب میں بیان کیا ہے وہ ہے فقر و غنی کے بارے میں مشائخ کے اقوال۔ اس میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ مشائخ طریقت نے ہر ایک نے فقر و غنی کے بارے میں اپنا اپنا خیال ظاہر فرمایا ہے۔ چنانچہ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ فقیر وہ نہیں جس کا ہاتھ دنیاوی ساز و سامان سے خالی ہو بلکہ فقیر وہ ہے جس کی طبیعت مراد سے خالی ہو۔ چنانچہ اگر اللہ تعالیٰ اس کو مال دے اور اس کی مراد مال کی حفاظت ہو تو بھی وہ غنی ہے اگر اس کی مراد مال کا ترک کردینا ہو تو بھی وہ غنی ہے۔ یہ دونوں باتیں غیر کے ملک میں تصرف کرنا ہے اور فقر حفاظت و تصرف دونوں کا ترک کرنا ہے۔ یحییٰ بن معاذ رافی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صحیح فقر کی علامت یہ ہے کہ بندہ کمال ولایت‘ قیام مشاہدہ کی صفت جاتے رہنے اور حق سے دور ہوجانے سے ڈرتا رہے۔ غرض اس کمال تک پہنچ جائے کہ اس کی علیحدگی سے ڈرے۔ شبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ فقیر وہ ہے جو اللہ کے علاوہ کسی چیز سے بھی غنی نہیں ہوتا۔ یعنی فقیر اللہ کی ذات کے سوا کسی سے آرام نہیں پاتا۔ اس لیے اس کی ذات کے علاوہ اس کو کچھ مقصود نہیں ہوتا۔ ایک گروہ اللہ والوں کو ایسا ہے جو کہتا ہے کہ مال ہو تو اس کا چھوڑ دینا ہی غنی ہے سے کہتے ہیں غنی قلبی۔ اس کا دل غنی ہے‘ بعض لوگوں کا ہاتھ فقیر ہوتا ہے‘ دل غنی ہوتا ہے اور بعض لوگوں کا ہاتھ غنی ہوتا اور دل فقیر ہوتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف فرما تھے ایک سائل نے سوال کیا۔ اسے بلوایا: اسے عطا فرمایا‘ وہ سائل چلا گیا۔ اس نے پھر مانگنا شروع کردیا‘ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے بلوایا اس کو واپس لایا گیا۔ فرمایا اس کی تلاشی لو‘ تلاشی لی تو اس کے کپڑوں سے روٹیاں‘ کچھ درہم اور کچھ سامان نکلا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اس کے پاس سے جو روٹیاں نکلی وہ صدقے کے طور پر اونٹوں کو ڈال دو اور دینار مال غنیمت میں جمع کروادو اور اس کو اتنے کوڑے مارو‘ اور فرمایا: کہ تو حق داروں کا حق چھین کر لوگوں کو فقیر کررہا ہے جبکہ تو خود فقیر ہے۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطابات کے مجموعہ ”حلقہ کشف المحجوب“ کا آج ہی مطالعہ کریں۔

## میری حفاظت کیلئے امی نے یہ پڑھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کی تمام مشکلات دور کریں آپ کو دنیا اور آخرت میں اعلیٰ مقام ملے۔ آپ نے مجھے ایک وظیفہ دیا تھا یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ یہ وظیفہ میں نے اور میری امی نے کثرت سے پڑھا اس وظیفے کی برکت سے مجھے بہت کامیابی ملی ہے۔ اس کے علاوہ میری امی صبح و شام 800 مرتبہ بسم اللہ کا وظیفہ میری حفاظت کے لیے پڑھتی تھی اس دوران جو لوگ ہمیں تکلیف دینا چاہتے تھے‘ انہوں نے خود ہی ہمارا پیچھا چھوڑ دیا۔ ہمیں خواب میں وہ بہت بُری حالت میں نظر آئے۔ (مہوش کریم، دائرہ دین پناہ)

## چوٹ یا پھنسی کنوار گندل سے ٹھیک

زخم ہو پرانے سے پرانا دوائیں کھا کر یا لگا کر بھی نہ ٹھیک ہوتا ہو۔ چوٹ کا زخم ہو یا جلا ہوا ہو، دانہ ہو یا پھنسی وغیرہ اس کے لیے کنوار گندل اکسیر ہے۔ (ترکیب) ایک طرف سے تھوڑی کنوار گندل جتنا زخم ہو اتنی چھیل کر زخم کو باندھیں ان شاء اللہ دو تین دن میں افاقہ ہوجائے گا۔ میرے چھوٹے بھائی کے پاؤں پر موٹر سائیکل چڑھ گئی تھی زخم ٹھیک نہیں ہورہا تھا ایک مہینہ ڈاکٹر سے پٹی اور دوائیں لیں افاقہ نہیں ہوا۔ کنوار گندل سے دو دن میں ٹھیک ہوگیا اور اللہ نے شفا دی۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا انوکھا نسخہ زرغوانی نقرائی

ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟

بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید شاہی ٹانک بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 128

# جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## پہاڑی پر گھر اور پھنکارتا سانپ

میں ایک پہاڑی علاقہ (جگہ کا نام لینا مناسب نہیں) وہاں کے ایک ریٹائرڈ بہت بڑے آفیسر تھے انہوں نے اپنی آبائی جگہ جو کے ایک پہاڑ کے ساتھ ایک کشادہ جگہ تھی' ریٹائرڈ ہونے کے بعد وہاں گھر بنانے کا ارادہ کیا' وہاں کچھ اونچی نیچی جگہیں تھیں کچھ جھاڑیاں تھیں ان سب کو کٹوانے کے لیے پہلے دن انہوں نے مزدور لگائے' اچانک جھاڑیوں میں سے ایک بڑا سا سانپ نکلا اور پھنکارتا ہوا سامنے آگیا' مزدور ڈر کر ایک طرف ہوگئے تو ان صاحب نے پتھر لے کر سانپ کو زور سے مارا لیکن سانپ ایک طرف ہوگیا' پتھر سے نہ مرا لیکن خاموشی سے جہاں سے آیا تھا ادھر واپس چلا گیا' اس کے بعد اس کو بہت تلاش کیا نہ بل تھا' نہ سوراخ تھا' نہ اس کی لکیر' نہ نشان تھا' حیرت ہوئی' انہوں نے کام جاری رکھا' دو تین گھنٹوں کے بعد وہ سانپ پھر نکلا' مزدور پھر بھاگ گئے' اس وقت یہ مالک تھے نہیں' اس طرح دن میں دو تین دفعہ نکلا' یہ اس بات کی دلیل تھی کہ یہاں کچھ نہ کرو' یہاں کوئی اور مخلوق بھی رہتی ہے۔

## بندوق کی گولی کا سانپ اثر نہ ہوا!

جب وہ مالک آئے انہوں نے ایک دفعہ تو سانپ کا منظر خود دیکھا تھا باقی وہ مزدور لگا کر چلے گئے' دو تین بار واقعہ ہوا تو انہوں نے اب بندوق تیار رکھی' جب سانپ آئے گا ان کا نشانہ بہت شاندار تھا لہٰذا دوسرے دن وہ انتظار میں تھے مزدور دوسرے دن نہیں آئے' ڈر گئے' یہ کہیں اور جگہ سے مزید مزدور لے آئے' وہ مزدور کام کرنے لگے' سانپ نکلا مزدوروں نے شور مچایا دوڑے انہوں نے سانپ کا نشانہ لیا اور گولی چلادی حیرت انگیز طور پر سانپ وہی کھڑا تھا گولی کا نشانہ خطا گیا انہیں حیرت بھی ہوئی اور غصہ بھی آیا کہ میرا نشانہ تو کبھی خطا نہیں گیا' یہ کیسے خطا ہوسکتا ہے' انہوں نے پھر دوسری گولی چلائی لیکن دوسری گولی کا نشانہ بھی خطا گیا' ابھی یہ تیسری گولی کی تیاری کر ہی رہے تھے' سانپ خاموشی سے چلا اس نے پیچھے پلٹ کر دیکھا اور چلا گیا' یہ حیران تھے حیرت زدہ تھے' آخر یہ ماجرا کیا ہے؟ قصہ کیا ہے؟ سارا سلسلہ کیا ہے؟ سانپ کہاں سے آتا ہے اور پھر کہاں چلا جاتا ہے؟ اور میری زندگی میں پہلی مرتبہ کوئی ایسا واقعہ ہوا ہے کہ جس میں سانپ کے اوپر گولی نے اثر نہیں کیا اور یہ حیران ہوئے' وہ سانپ نہیں مرا انہیں حیرت ہوئی۔

## مصائب' تکالیف اور مشکلات کے انوکھے واقعات

لیکن تیسرے دن سے واقعات انوکھے شروع ہوگئے' ان کے بیٹے کا ایکسیڈنٹ ہوا' ہڈی تین جگہ سے ٹوٹ گئی' گاڑی تباہ ہوگئی' نقصان بہت بڑا ہوگیا' گھر میں ایک کمرہ تھا بہترین بنا ہوا آرسی سی، اس میں ایسی دراڑیں پڑگئیں جیسے کوئی سیلاب یا زلزلہ آتا ہے' ہر جگہ سے وہ کمرہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا' رہنے کے قابل نہ رہا کہ کسی وقت بھی گرسکتا ہے' گھر میں لڑائی شروع ہوگئی' جھگڑے شروع ہوگئے' تکالیف اور بیماریاں شروع ہوگئیں' بس ایسے انوکھے قصے شروع ہوگئے مصائب' تکالیف' مشکلات' ناکامیوں کے پریشانیوں کے انہیں پھر بھی احساس نہ ہوا کچھ لوگوں نے احساس دلایا کہ ہم نے کئی مرتبہ رات کو یہاں روشنیاں دیکھی ہیں یہاں جنات رہتے ہیں کئی لوگوں نے بتایا کہ رات کو یہاں سے گزر رہے تھے تو بہت بڑا ذکر کا حلقہ لگا ہوا تھا ایسے جیسے بہت زیادہ لوگ جمع ہیں اور تسبیح اور ذکر کررہے ہیں۔

## نیک جنات سے مقابلہ نہ کریں!

یہاں پر نیک صلحاء جنات رہتے ہیں آپ ان سے مقابلہ نہ کریں۔ ساری زندگی افسری میں گزری تھی کسی کی بات کو توجہ سے لیا ہی نہیں' کہنے لگے جگہ میری ہے' میری ملکیت ہے تو میں بناؤں گا کئی لوگوں نے پھر سمجھایا کہ اتنے نقصانات آپ کے شروع ہوگئے ہیں اور وہ نقصان ایسے ہیں جو آپ کو خود سمجھ نہیں آرہے ہیں پھر بھی آپ ڈٹے ہوئے ہیں اور ضد میں اڑے ہوئے ہیں لیکن انہیں کسی کی سمجھ نہیں آئی اگلے دن وہ مزدور بھی نہ آئے ایک ہوا چاروں طرف عام پھیل گئی کہ وہاں کچھ جنات ہیں جو سانپ کی شکل میں آتے ہیں جو ان سے مقابلہ کرتا ہے اس کا نقصان کرتے ہیں' اب وہاں مزدور کوئی نہ آئے' ادھر ان کی بھی ضد تھی اور انہوں نے ٹھانی ہوئی تھی کہ میں نے یہ جگہ صاف کرنی ہے اور اپنے گھر کیلئے یہاں ایک عمارت بنانی ہے۔ ایک رات یہ سوئے ہوئے تھے کہ اچانک یہ پیشاب کے لیے اٹھے' دیکھا تو سامنے ایک بہت بڑا بلا بیٹھا ہے کمرے کے اندر جبکہ کمرے کے دروازے بند تھے' موسم سرما تھا' پہاڑوں کی سردی' ٹھنڈک' یہ حیران ہوئے انہوں نے بلے کو دبکا کر بھگانے کی کوشش کی لیکن بلا انہیں دیکھ کر غرایا اور اتنا خطرناک غرایا تو انہیں سمجھ آگئی کہ اس نے مجھ پر حملہ کردیا تو یہ میری گردن دبوچ لے گا' یہ ایک طرف ہٹ گئے۔

## اب تمہارے لیے آخری موقع ہے!

آخر کار کہنے لگے: کون ہے؟ بلا بولا کہ ہم وہی ہیں جو تمہیں روک رہے ہیں اب تمہیں آخری موقع دیکر روکنے آئے ہیں' وہاں کچھ نہ بناؤ' وہاں ہمارا صدیوں سے ٹھکانہ ہے' صدیوں سے ہم رہ رہے ہیں ہمارا وہاں آستانہ ہے' وہاں ذکر ہوتا ہے' ہم وہاں زندگی گزار رہے ہیں تم نے آکر ہمیں پریشان کیا ہے' ہمیں پریشان مت کرو' ورنہ ہم تمہیں بہت پریشان کریں گے' اب جتنی پریشانی تمہارے اوپر آئی ہے تھوڑی ہے اس سے کہیں زیادہ پریشانی آئے گی یہ کہہ کر بلا واپس پلٹا اور غائب ہوگیا۔ یہ بستر پر گرے نڈھال ہوگئے نیم بیہوش ہوگئے حتیٰ کہ ان کا پیشاب بھی بستر پر ہی نکل گیا' صبح گھر والوں نے اٹھایا انہوں نے سارے حالات بتائے' جب گھر والوں نے ان سے سارے حالات سنے تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ یہاں کچھ نہیں بنانا چاہیے اب انہیں بھی سمجھ آگئی کہ میں بہت غلط کر بیٹھا' اپنی گاڑی بھی برباد کروا بیٹھا' بیٹے کی بھی معذوری لے بیٹھا' اس کی ہڈیاں تڑوا بیٹھا گھر اور دیگر چیزوں کا نقصان بھی' جھگڑے' ناچاقیاں' پریشانیاں مشکلات' نامعلوم ان کے دل میں کیا بات آئی' مصلی لیکر چلے گئے' وہاں جاکر نماز پڑھی' نوافل پڑھے' نوافل پڑھ کر واپس آگئے' روز مصلی لے کر جاتے بہت دیر تک نوافل' ذکر' تسبیحات کرتے رہتے' سخت دھوپ میں بھی' جب دن ذرا ڈھلتا تو گھر واپس آجاتے' کئی ماہ ایسے کرتے رہے' آخر کار ایک دن اپنے معمولات سے فارغ ہوکر گھر جانے لگے اور جائے نماز لپیٹنے لگے تو نیچے ایک کاغذ ملا اس کاغذ پر لکھا ہوا تھا

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

www.ubqari.org

کہ ہمیں آپ کے اس انداز کے ذریعے ترس آیا' آپ نے اپنے معاملے کو اللہ کے سپرد کیا ہے' ہم اللہ سے زیادہ طاقتور نہیں ہوسکتے' لہٰذا آپ تعمیر کریں مگر ایک لکیر لگارہے ہیں کہ اس جگہ کو آپ استعمال کرلیں باقی حصہ چھوڑ دیں انہوں نے ایسا ہی کیا آج وہ خوش وخرم رہ رہے ہیں اب وہی ہیں جو کہتے ہیں کہ خیال کرنا جنات کو برا بھلا نہ کہنا' جنات کو نہ ستانا' نہ ذلیل کرنا' نہ باتیں کرنا نہ مذاق اڑانا وہ دشمن ہوجاتے ہیں اور مخالف ہوجاتے ہیں۔

## اللہ والے جنات اور کالے پیلے جادوگر

جنات ہر جگہ رہتے ہیں اور مختلف شکلوں میں رہتے ہیں کیونکہ ان کی تعداد انسانوں سے کہیں زیادہ ہے اور انسان ان کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے' یہ تو اللہ تعالیٰ نے حصار قائم کیا ہے' حفاظت کا نظام بنایا ہے کہ ہم جنات کے اس نظام سے محفوظ ہیں' حدیث شریف میں آتا ہے' اللہ پاک نے صرف آنکھ کی حفاظت کیلئے نو فرشتوں کی ڈیوٹی مقرر کی ہے' ورنہ جناتی اور شیطانی چیزیں تو ان کو کھاجائیں گی۔

ایک گھر کا کیس میرے پاس آیا' اس گھر میں جگہ جگہ ابابیل نے گھونسلے بنائے ہوئے تھے حالانکہ ابابیل گھروں میں گھونسلے نہیں بناتے' ویرانوں اور اونچی جگہوں پر گھونسلے بناتے ہیں' ابابیلوں کے گھونسلے اگر بن بھی جائیں تو کوئی انوکھی بات نہیں' اور کوئی سنجیدہ مسئلہ نہیں' لیکن ان کے ساتھ کچھ یوں ہوتا تھا ابابیل کبھی بھی گھر کا کھانا پینا اور گھر کی چیزوں کو چڑیوں کی طرح نہیں کھاتے تھے وہ ان کے دسترخوان پر بیٹھ جاتے تھے وہ اگر روٹی کے تنکے ڈالتے تو کھاتے' ان کے سامنے چہچہاتے اور ایسے محسوس ہوتا کہ جیسے ان سے کھیلتے ہیں' گھر والے پہلے کچھ خوفزدہ ہوئے پھر مانوس ہوگئے لیکن ایک دفعہ انوکھا واقعہ ہوا ایک ابابیل منہ میں ایک کاغذ لایا اور ان کے دسترخوان کے قریب چھوڑ کر چلا گیا اس کاغذ میں پنسل سے لکھی ہوئی کچھ تحریر تھی اور یہ لکھا ہوا تھا:

## جناتی خط! آپ بھی پڑھیے!

''السلام علیکم ورحمۃ اللہ! ہم آپ کے گھر میں بہت پرانے بلکہ آپ سے بھی پرانے رہتے ہیں' آپ گھر میں درود ابراہیمی بہت پڑھتے ہیں کیونکہ تمام دنیا کی ابابیل کی غذا اور ذکر درود ابراہیمی ہے ہمیں آپ کے درود ابراہیمی سے بہت انس ہے' آج کل آپ نے درود ابراہیمی پڑھنا کم کردیا ہے' یہ کم نہ کریں' ورنہ ہم آپ کا گھر چھوڑ کر چلے جائیں گے' ہم جنات ہیں' لیکن آپ کو تکلیف نہ دی ہے نہ دیں گے' آپ نے خوفزدہ نہیں ہونا' ہم سے ڈرنا نہیں' بس درود ابراہیمی کی تعداد بڑھاتے چلے جائیں اور درود ابراہیمی کو زیادہ سے زیادہ کرتے چلے جائیں۔''

## خط پڑھ کر میں خوش مگر وہ خوفزدہ

وہ خاندان میرا جاننے والا تھا' وہ یہ خط لے کر میرے پاس پہنچا' میں نے خط پڑھا تو مجھے خوشی ہوئی لیکن وہ خوفزدہ تھے کہ ہمارے گھر میں جنات آگئے ہیں اور بعد میں پتہ چلا کوئی ادھر ادھر کے بابوں کو بھی گھر میں لائے' انہوں نے ھوھا کیا کچھ تعویذ جلائے' مجھے افسوس ہوا کہ یہ تم لوگوں نے کیوں کیا؟ یہ تو تم نے غصہ دلانے والی بات کی ہے' وہ تمہارے دوست ہیں' ایمان والے' تقویٰ والے' درود ابراہیمی والے' نیکی والے اور نیک لوگوں کا تو ساتھ دینا چاہیے تم نے بجائے اس کے کہ نیک لوگوں کا ساتھ دیتے تم نے بے نمازی اور کالے علم والوں کو بلایا اور ان اولیاء اللہ جنات کو تکلیف دینے کی کوشش کی' اگر وہ انتقام پر اتر آئے تم ان کا انتقام برداشت نہیں کرسکو گے۔

## بہو کی شرارت لے ڈوبی

میں نے انہیں سمجھایا ان کو سمجھ آگئی لیکن ان کی ایک بہو کو کچھ میری بات سمجھ نہ آئی کیونکہ اس کی ماں بہت بابوں اور تعویذات والوں کے پاس آنا جانا رکھتی تھی اس نے اپنی چال وہی رکھی جنات ہیں' گھر سے نکالو بچے بیمار ہوجائیں گے' تیرے گھر میں تکلیف ہوجائے گی اگر کوئی بچہ بیمار ہوا بھی تو کہا دیکھا تمہیں میں نے کہا تھا' بچے بیمار ہوتے بھی رہتے ہیں بچے اٹھتے گرتے بھی رہتے ہیں لیکن اسے سمجھ نہ آئی' میں نے وہ کاغذ اپنے پاس رکھ لیا یعنی ان کا خط اور انہیں تاکید کی کہ آج کے بعد آپ باکثرت درود ابراہیمی پڑھنا شروع کردیں لیکن اس بہو نے جو شرارت کی ان کا انہیں بہت نقصان ہوا اس کی بہو کی ماں نے ادھر ادھر تعویذ جلانے' بتیاں جلانے' کچھ پتلے جلانے کا سلسلہ شروع کردیا یعنی ماں بہو کو لا کر دیتی تھی اور بہو چپکے چپکے یہ چیز جلاتی تھی اب کچھ عرصہ کے بعد ان ابابیلوں نے ان کے دسترخوان پر آنا چھوڑ دیا' ان کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا چھوڑ دیا بلکہ وہ آتے تھے اور اپنے گھونسلوں سے چلے جاتے تھے اب ان کے گھر میں جھگڑے' لڑائیاں' ناچاقیاں' پریشانیاں' مشکلات' مسائل اور الجھنیں شروع ہوگئیں' طرح طرح کی پریشانیاں اب اس بہو کو اور موقع ملا اس نے کہنا شروع کردیا کہ دیکھو میں نے تمہیں کہا تھا کہ جنات ہیں اور ان کی وجہ سے سب کچھ ہورہا ہے' جب تک ان کو نہیں نکالیں گے تمہارے گھر میں جھگڑے' لڑائیاں' تکالیف ختم نہیں ہوسکتیں۔ لہٰذا تمہیں اب ان کا کوئی توڑ کرنا ہوگا اور ان کا حل کرنا ہوگا۔ اس بہو نے ان کا دماغ کچھ ایسا خراب کیا لیکن لگتا ہے ان سے اللہ راضی تھا کہ کسی نہ کسی طریقے سے ان کی مجھ سے ملاقات ہوگئی۔

## یہ نیک جنات ہیں! انہیں تنگ نہ کریں!

مجھے بہت غصہ آیا اور میں سمجھ گیا کہ اب ان جنات نے ان سے انتقام لینا شروع کردیا ہے اور یہ ان کے انتقام سے بچ نہیں سکیں گے' میں نے کہا بہو اور اس کی ماں کو بلاؤ' بہو تو آگئی ماں آنے کو تیار نہیں تھی' خیر کسی طرح اس کی ماں بھی آگئی پھر بیٹھ کر انہیں میں نے واقعات' مشاہدات اور تجربات سے سمجھایا اور یہ سمجھایا کہ یہ نیک جنات ہیں' اس کی مثال ایسے ہے' ایک شریف آدمی گلی میں جارہا ہے' اسے گلی کے ہر کنارے پر کوئی آدمی چھیڑے' کوئی تنگ' کوئی پتھر مارے' کوئی چھری مارے' پھر اگر وہ اپنا دفاع کرے تو کہتے ہیں کہ یہ شخص تو لڑتا ہے' بالکل یہی حال آپ کا ہے' آپ بھی ان کو بہت تنگ کررہے ہیں' کالے پیلے تعویذات اور پتلوں کی وجہ سے اور یہ پتلے آپ جلاتے ہیں' آپ انہیں تنگ نہ کریں' وہ پہلے بھی آپ کے دوست تھے' آج بھی آپ کے دوست ہیں۔ وہ بہو کوئی ایسی بدبخت اور بدزبان تھی' وہ بڑھ چڑھ کر بول رہی تھی اس کی ماں بھی اسی کا ساتھ دے رہی تھی' آخرکار میں نے کہا کہ اس بہو کو فی الحال گھر سے علیحدہ کردیں کیونکہ وہ مجھ سے سچی عقیدت رکھتے تھے' انہوں نے میری بات مانی بہو کو گھر سے علیحدہ کردیا' اس کو کرائے کا مکان لے کردیا' بہو مجھے گالیاں دیتی' برا بھلا کہتی چلی گئی' میں نے برداشت کیا درگزر کیا' ان حضرات نے پھر سے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کردیا کیونکہ مشکل حالات دیکھ چکے تھے' پریشانیاں دکھ' تکالیف' مسائل الجھنیں آنکھوں (باقی صفحہ نمبر 50 پر)

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 64 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

**اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب پڑھیے۔**

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہورہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص' خارش' چنبل' کوڑھ' جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

500

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

کھانسی کے خاتمے کیلئے: کھانسی اگر بچے کو ہے تو اسے چھوٹی الائچی پیس کر کھلا دیجئے یا شہد کو گرم کر کے بچے کو دیں، کھانسی ختم ہو جائے گی۔

# خوشحال آئی تھے سب ختم ہو گیا! عمل کیا رب نے دوبارہ نواز دیا

## فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں 'ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ڈیوٹی اس طرح کی ہے کہ میں مختلف جگہوں پر آتا جاتا ہوں ایک دفعہ ایک فیکٹری میں گیا تو وہاں ایک عمر رسیدہ خاتون کام کر رہی تھی میں نے ایسے ہی اس کا حال پوچھ لیا تو اس بیچاری نے اپنے حال بتانا شروع کر دیئے۔ بیچاری بتا رہی تھی کہ غریب ہے بیٹا جوان ہے کام نہیں کرتا باہر کے ملک جانے کی ضد ہے برے لڑکوں سے دوستی ہے۔ بیٹا بہت تنگ کرتا ہے ایک بیٹی بھی ہے وہ بھی جوان ہے اسے بھی کوئی روزگار نہیں ملتا ایک گھر کی طرف اشارہ کر کے بتانے لگی کہ یہ ہمارا گھر تھا اور یہ اب ہمارے پاس نہیں رہا فروخت ہو گیا ہے اور ہم کرائے کے مکان میں رہتے ہیں میں نے اس کی باتیں سننے کے بعد اس کو سورۂ کوثر کے فضائل بتانا شروع کر دیئے اور پھر اسے سورۂ کوثر 129 مرتبہ پڑھنے کو بتایا۔ خاتون کو میں نے سورۂ کوثر یقین سے پڑھنے کو بتایا۔ پھر ایک دن اس فیکٹری میں جانا ہوا تو سورۂ کوثر کا کتابچہ بھی اس کو دے دیا کچھ دنوں کے بعد خاتون نے مجھے بتایا کہ اس کی بیٹی کو کوئی جاب نہیں دیتا تھا اور وہ اب پچیس ہزار کی جاب پر سکول میں استانی لگ گئی ہے اور اس کو ہوم ٹیوشن بھی مل گئی ہے اور بیٹا بھی کچھ اچھا ہو گیا ہے۔ میں نے کہا آپ سورۂ کوثر پڑھتے رہو آپ کے سب مسئلے اللہ تعالیٰ حل فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ پھر تقریباً میں سات آٹھ ماہ بعد جب گیا تو میں نے خاتون سے حال احوال پوچھا تو اس نے بتایا کہ میری بیٹی کی سیلری چالیس ہزار ہو گئی ہے۔ میں جانے لگا تو خاتون نے کہا کہ ایک حیرت کی بات ہے وہ آپ کو بتانے والی ہے میں نے کہا جی جلدی سے بتائیں خاتون نے کہا کہ آپ نے مجھے سورۂ کوثر کی کتاب دی تھی ایک عمل اس میں لکھا تھا سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے کا میں نے وہ شروع کیا ہوا ہے اور میرا وہ عمل 80 ہزار کے قریب ہونے والا ہے میں نے کہا حیرت والی بات بتائیں وہ کہنے لگی جب میں نے سورۂ کوثر شروع کی تھی تو اس سے پہلے ڈاکٹروں نے مجھے آپریشن کروانے کو کہا تھا میرے پاس پیسے نہیں تھے اب پیسے آگئے ہیں تو میں نے سوچا آپریشن کروا لوں آپریشن کے لیے جب گئی تو ڈاکٹر نے کہا کس چیز کا آپریشن کروانا ہے آپ کو تو کوئی مسئلہ تھا ہی نہیں میں نے پرانی رپورٹس بھی دکھائیں' تو ڈاکٹر حیران تھا کہ جو رپورٹ میں مسئلہ تھا وہ اب نہیں ہے بلکہ یہ مسئلہ تو آپ کو کبھی نہیں تھا میں نے کہا یہ سب اللہ پاک کے کلام کی برکت ہے کہ آپ کو پیٹ پر کٹ نہیں لگا اور آپ کا ہاتھ بھی کھلا ہو گیا ہے۔ اللہ کریم ان کا ہاتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کھلا رکھے۔ خاتون کہنے لگی کہ کوئی اور نسخہ بتا دو کہ تھوڑا قرض ہے وہ اتر جائے نجانے یہ لفظ میرے دل میں کیسے آئے میں نے کہا حج کس پر فرض ہے جو قرض دار نہ ہو اور حج کرنے کی استطاعت رکھتا ہو آپ حج کی نیت سے پڑھو آپ کا قرض بھی اتر جائے گا اللہ آپ کو حج بھی کروا دے گا۔

## ایام کی کمی و بیشی کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ نے ہمارے گھر میں رونق لگا رکھی ہے ہر کوئی اعمال پر لگ گیا ہے۔ مسنون دعائیں پڑھتے ہیں۔ جس عورت کو استحاضہ کی بیماری ہو یا ماہواری کے دنوں میں حد سے زیادہ خون آتا ہو وہ مونگ کی دال چھلکے والی اور چاول اتنے لے لے جتنے کہ دو انگلیوں اور انگوٹھے کو ملا کر اٹھانے سے ہاتھ میں آئیں اتنی دال اور چاول توے پر بھون لیں زیادہ براؤن نہیں کرنے بلکہ گرم توے پر ایک آدھ دفعہ کپڑے یا ہاتھ سے ہلا لیں وہ ہلکی ہلکی اپنی خوشبو دیں گے پھر انہیں پیس لیں یا سل بٹہ پر کوٹ لیں۔ وہ سفوف پاؤڈر سا تیار ہو جائے گا پھر دیسی گھی میں بنا لیں تو زیادہ بہتر ہے دیسی گھی میں انڈہ پھینٹ کر پکا لیں حسب ذائقہ چینی ڈال لیں پھر اس انڈے پر جو سفوف بنا ہے وہ ڈال کر رات کو کھا کر سو جائیں اسکے بعد پانی نہ پئیں یعنی اسکے بعد کچھ نہیں کھانا پینا۔ دو تین دن کرنے سے انشاء اللہ آرام آئے گا۔ (پوشیدہ، چکوال)

## کامیابی کا صرف ایک ہی اصول ہے!

ہر شخص کامیاب ہونا چاہتا ہے اور ہر شخص کیلئے کامیابی کا معیار مختلف ہے کوئی دو وقت کی روٹی حاصل کرے تو وہ خود کو کامیاب سمجھتا ہے کسی کے نزدیک ایک گھر، کار اور بینک بیلنس ہونا کامیابی ہے تو کسی کیلئے ملک کا حکمران بننا کامیابی ہے۔ ہر شخص کا ذہن دوسرے شخص سے مختلف ہوتا ہے لیکن کچھ ایسے اصول ہیں جن پر عمل کرنے سے کامیابی مل جاتی ہے اس میں پہلا اصول ''مثبت سوچ'' ہے تمام کامیابیوں کی ماں مثبت سوچ ہے۔ دوسری چیز ''یقین'' ہے اگر آپ خود کنفیوژ ہوں گے تو کامیاب کیسے ہوں گے یقین سے مراد یہ ہے کہ آپ کو اعتماد ہو کہ آپ یہ کامیابی حاصل کریں گے۔ تیسرے نمبر پر آتا ہے عمل کرنا، کوشش کرنا جب تک آپ حرکت نہیں کریں گے آپ کیسے منزل (کامیابی) تک پہنچیں گے کیونکہ

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

چوتھا اور آخری اصول ہے ''مستقل مزاجی''۔ مستقل مزاج آدمی ہی کامیاب ہوتا ہے اگر آپ ایک دن کوئی کام کرتے ہیں اور اگلے دن کوئی اور تو پھر آپ کیسے پہلے دن والے کام میں کامیاب ہوں گے۔ اسی طرح اگر آپ ایک دن بڑی محنت کرتے ہیں لیکن بعد میں پورا ہفتہ کچھ نہیں کرتے تو کامیابی نہیں ملے گی۔ آپ کو تب تک مستقل محنت کرنا پڑے گی جب تک آپ کامیاب نہیں ہو جاتے۔ (محمد عمران حسن، پھلروان)

## نافرمان بیٹا فرمانبردار بن گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا میرا کہنا نہیں مانتا تھا' آپ کے درس سے یَاھَادِیُ یَارَحِیۡمُ کے متعلق سنا' میں نے اپنے بیٹے کی نیت کر کے سارا دن کھلا پڑھنا شروع کر دیا' الحمدللہ میرے بیٹے کے اندر بہت مثبت تبدیلی آرہی ہے' پہلے کبھی میری بات سنتا نہیں تھا' ذرا سا ڈانٹ دیتی تو برابر جواب دیتا تھا مگر اب ایسا نہیں' اب میرا ادب کرتا ہے' میری بات کو سنتا ہے اور مانتا ہے۔ مزید اس میں بہت مثبت تبدیلیاں آرہی ہیں۔ (عابدہ نواز، چکوال)

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے

ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

جسم ٹوٹے دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت-/120روپے علاوہ ڈاک خرچ

# مچھر، مکھی اور لال بیگ! گھریلو ٹوٹکوں سے بھگائیے!

(ا۔م، کراچی)

رینگتے کیڑے آپ کے گھر کا سب سے بڑا مسئلہ ہوتے ہیں اور کیڑے مار زہریلی دوا کے استعمال سے ان سے چھٹکارا حاصل کرنا جہاں ایک روایتی طریقہ سمجھا جاتا ہے وہاں یہی کیڑے مار دوا خاص طور پر بچوں کے لیے خطرناک بھی ہوسکتی ہے، بلکہ سانس کے ذریعے جسم میں داخل ہونے یا کھا لینے سے جان کو خطرہ بھی ہوسکتا ہے۔ آئیے ہم آپ کو کچھ غیر زہریلے اور ماحول دوست گھریلو نسخے بتاتے ہیں جنہیں آپ اپنے گھر کو ان پریشان کن کیڑوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔ **مچھروں سے نجات:** گھر میں کھڑا پانی یا گارڈن مچھروں کی افزائش کی زبردست جگہیں ہوتی ہیں، اس لیے ابلتے گٹر اور کھڑے آلودہ پانی کو صاف کریں اور غیر ضروری طور پر بالٹی میں پانی بھر کر نہ رکھیں، گھر کے اوپر یا زیر زمین موجود ٹینکیوں، سوئمنگ پول یہاں تک کہ سوڈا کی بوتلوں کو بھی ڈھانپ کر رکھیں۔ اپنے لان کی گھاس کو باقاعدگی سے تراشیں، جبکہ گھر کے گرد جالیوں یا کھڑکیوں اور دروازوں پر معیاری جالیاں آپ کے گھر کو اڑنے والے کیڑوں سے بچاتی ہیں۔ کچھ ایسے بھی پودے ہیں جن میں مچھر بھگانے کی خصوصیات موجود ہوتی ہیں اس لیے مچھروں سے نجات کے لیے ان کو بھی اُگایا جاسکتا ہے۔ **مکھیوں سے نجات:** مکھیاں کوڑا کرکٹ پر پیدا ہوتی ہیں اور گلے سڑے یا بچے کچے کھانوں، انسان اور جانور کے فضلات، نالیوں کے گندے پانی اور مٹی پر اپنے انڈے دیتی ہیں۔ چنانچہ اپنے کھانا رکھنے کی جگہ کو صاف رکھیں اور غیر استعمال شدہ کھانے کو المونیم فوائل سے ڈھانپ کر رکھیں۔ شکر، آٹے، مصالحوں جیسے خشک اجزا کو سیل پیک پلاسٹک کی تھیلیوں میں بھر کر کس کر بند کیے ہوئے جار میں رکھیں۔ کوڑا کرکٹ باہر پھینکیں اور گندے برتنوں کو سنک میں زیادہ دیر تک نہ رہنے دیں۔ مکھیوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے گھر پر ہی برتنوں کے صابن کا چوتھائی حصہ پانی میں ملا کر محلول تیار کرلیں اور اسپرے بوتل میں ڈال دیں، اس اسپرے کا استعمال مکھیوں کی تعداد کم کرنے میں بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ **چیونٹیوں سے نجات:** ان کی پسندیدہ خوراک میں ہر قسم کی چیزیں شامل ہیں مگر چیونٹیاں خاص طور پر میٹھی چیزوں کی طرف متوجہ ہوتی ہیں جیسے مٹھائی، پھل، جوس وغیرہ۔ اگر آپ ان کی موجودگی کو نظر انداز کردیں گے تو تھوڑے ہی وقت میں ان کی فوج میں کئی گنا اضافہ ہوجاتا ہے جہاں چیونٹیوں کی قطار نظر آئے اس جگہ پر بورک ایسڈ یا بوریکس پاؤڈر چھڑک دیں۔ بورک ایسڈ میں تھوڑا آٹا اور شکر کو آپس میں ملا کر چیونٹیوں کے بل کے قریب چھڑک دیں۔ بورک ایسڈ بڑی تیزی سے ان کے تمام بلوں کا صفایا کردے گا۔ **لال بیگ سے نجات:** رات کے وقت نکلنے والے یہ لال بیگ ایک سے ڈیڑھ انچ تک بڑے ہوسکتے ہیں۔ یہ باتھ رومز، باورچی خانوں اور گرم پائپوں جیسی اندھیری، گرم اور نم جگہوں پر پرورش پاتے ہیں مگر عملی طور پر کہیں پر بھی زندہ رہ سکتے ہیں۔ لال بیگ گھر میں موجود کسی بھی قسم کی کھانے کی چیز سے متوجہ ہوجاتے ہیں اس لیے اپنے کھانا پکانے اور کھانا رکھنے کی جگہ کو خشک اور صاف ستھرا رکھیں۔ اپنے گھر کو بہتر طور پر صاف رکھنے کی عادات جیسے باقاعدگی سے کچرا باہر پھینکنا، ہر بار کھانے کے بعد برتن دھونا، ڈائننگ ٹیبل کو صاف رکھنے اور باورچی خانے میں نکاسی کی نالیوں کو اچھی طرح صاف رکھنا لال بیگ سے پیدا ہونیوالے جراثیم پر کنٹرول کرسکتی ہیں اگر آپ کے گھر میں لال بیگ کی ایک بڑی پلٹن موجود ہے تو ان سے چھٹکارا پانے کا یہ آسان سا طریقہ استعمال کرکے دیکھیں۔ مکھن کے ایک چھوٹے چمچ میں ایک چمچ شکر، بورک ایسڈ، آٹا اور پانی ملائیں، اس آمیزے کو گوندھ لیں اور اس کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں جہاں لال بیگ زیادہ نظر آتے ہیں وہاں یہ گولیاں رکھ دیں مثلاً سنک، باورچی خانے کی سلیب، اوون اور چولہے کے گرد وغیرہ ان بالز سے بہت ہی جلد لال بیگ کا خاتمہ ہوجائے گا۔

# چوہوں سے نجات! یہ گھریلو ٹوٹکے آزمائیے!

**پسو سے نجات:** پسو انسان کے ساتھ جانوروں کا بھی خون چوستے ہیں، ان میں لائیم بیماری کے جراثیم موجود ہوتے ہیں جو یہ جسم میں منتقل کردیتے ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے پالتو جانور پسو کا شکار ہوچکے ہیں تو نوکدار چمٹی سے انہیں نکال دیں اور پسو کے نقصانات سے بچنے کے لیے مرہم یا لوشن لگائیں۔ اس دوران آپ کو پٹھوں میں درد اور بخار کے ساتھ جلد پر ایک سوجن کا نشان بھی اُبھر سکتا ہے۔ نکالے گئے پسو کو ایک پلاسٹک بیگ میں رکھ لیں تاکہ ڈاکٹر اسے دیکھ کر پھر اس کی مطابقت سے علاج کرسکیں۔ پسو آپ کے بالوں یا آپ کے پالتو جانور کے بالوں میں بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ پسو کو دور رکھنے کے لیے آپ اپنے پالتوں جانوروں کی بار بار کنگھی اور صفائی کریں۔ ان کیڑوں سے دور رکھنے کے لیے ان کے بالوں کا مسلسل جائزہ لیتے رہیں اپنے قالین کی ویکیوم کلینر سے صفائی رکھیں کیونکہ پسو یہاں چھپ سکتے ہیں۔

**چوہوں سے نجات:** چوہوں کو اپنے گھر میں داخل ہونے سے باز رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ فرش اور دیواروں کے دمیان کھلے سوراخوں کو بھر دیں، ٹوٹی ہوئی نکاسی کی نالیوں، ڈھکن کی مرمت کروائیں، پرانے سیلنگ پائپ کو ٹھیک کروائیں۔ کوڑے کرکٹ کو کس کر بند کیے ہوئے ڈبوں میں رکھیں اور لکڑی کے پرانے تختے یا فرنیچر پھینک دیں کیونکہ یہ کترنے والے چوہوں کے لیے بہترین ٹھکانے کا کام دیتے ہیں۔ ان چوہوں سے دور رہنے کا سب سے موثر طریقہ اپنے گھر کی مرمت کروانا اور کھانے کی چیزوں کو چھپا کر رکھنا ہے کیونکہ یہ کھانے کی چیزوں کو دیکھ کر متوجہ ہوتے ہیں اور جس جگہ سے انہیں کھانا حاصل نہیں ہوتا، قدرتی طور پر یہ وہ جگہ چھوڑ دیتے ہیں۔

## چوہوں سے نجات کے ٹوٹکے اور احتیاط

چوہے پودینے کی بو (جو بچوں کے لیے نقصان دہ ہوسکتی ہے) انسانی بالوں کو دیکھنا (گھر میں گندگی ہوگی)، فینائل کی گولیاں (سفید ٹافیوں کی طرح نظر آنے کی وجہ سے بچوں کے حوالے سے بہت زیادہ خطرناک ہیں)، امونیا (اس کی ناگوار بو گھر والوں کے لیے ناگوار ہوسکتی ہے)، گائے کا گوبر (شدید بدبو)، سیاہ مرچ (گھر والے پریشان ہوں گے) سے دور بھاگتے ہیں۔ کتے یا بلیوں جیسے پالتو جانور اور چوہے دانیاں بھی ان سے نجات دلواسکتی ہیں۔ اپنے گھر کو کیڑوں سے پاک رکھنے کا تعلق آپ کے گھر کی صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کا خیال رکھنے سے ہے۔ اپنے گھر کو صاف ستھرا اور منظم رکھیں اور پھر شاید ہی آپ کو ایسے کیڑے مکوڑوں اور ان کے جراثیم کی تکلیفوں سے گزرنا پڑے۔

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

# اتباعِ سنت، ہر مشکل کی کلید

ہارون الرشید عباسی خاندان کا پانچواں خلیفہ تھا، عباسیوں نے طویل عرصہ تک اسلامی دنیا پر حکومت کی لیکن ان میں شہرت صرف ہارون الرشید کو نصیب ہوئی۔ ہارون الرشید کے دور میں ایک بار بہت بڑا قحط پڑ گیا، اس قحط کے اثرات سمرقند سے لے کر بغداد تک اور کوفہ سے لے کر مراکش تک ظاہر ہونے لگے، ہارون الرشید نے اس قحط سے نمٹنے کے لیے تمام تدبیریں آزمالیں، غلے کے گودام کھول دیئے، ٹیکس معاف کردیئے، سرکاری لنگر خانے قائم کردیئے اور تمام امراء اور تاجروں کو متاثرین کی مدد کیلئے موبلائز کردیا لیکن اس کے باوجود عوام کے حالات ٹھیک نہ ہوئے۔ ایک رات ہارون الرشید شدید ٹینشن میں تھا، اسے نیند نہیں آرہی تھی، اس عالم میں اس نے اپنے وزیراعظم یحییٰ بن خالد کو طلب کیا، یحییٰ بن خالد ہارون الرشید کا استاد بھی تھا، اس نے بچپن سے بادشاہ کی تربیت کی تھی، ہارون الرشید نے یحییٰ بن خالد سے کہا ''استاد محترم آپ مجھے کوئی ایسی داستان سنائیں جسے سن کر مجھے قرار آجائے'' یحییٰ بن خالد مسکرایا اور عرض کیا ''بادشاہ سلامت میں نے اللہ والے کی کتاب میں ایک داستان پڑھی تھی، آپ اگر اجازت دیں تو میں وہ داستان آپ کے سامنے دہرادوں'' بادشاہ نے بے چینی سے فرمایا ''یا استاد فوراً فرمایئے میری جان حلق میں اٹک رہی ہے'' یحییٰ خالد نے عرض کیا ''کسی جنگل میں ایک بندریا سفر کیلئے روانہ ہونے لگی، اس کا ایک بچہ تھا، وہ بچے کو ساتھ نہیں لے جاسکتی تھی چنانچہ وہ شیر کے پاس گئی اور اس سے عرض کیا ''جناب آپ جنگل کے بادشاہ ہیں، میں سفر پر روانہ ہورہی ہوں، میری خواہش ہے آپ میرے بچے کی حفاظت اپنے ذمہ لیں'' شیر نے حامی بھرلی، بندریا نے اپنا بچہ شیر کے حوالے کردیا، شیر نے بچہ اپنے کندھے پر بٹھالیا، بندریا سفر پر روانہ ہوگئی، اب شیر روانہ بندر کے بچے کو کندھے پر بٹھاتا اور جنگل میں اپنے کام کرتا رہتا، ایک دن وہ جنگل میں گھوم رہا تھا کہ اچانک آسمان سے ایک چیل نے ڈائی لگائی، شیر کے قریب پہنچی، بندریا کا بچہ اٹھایا اور آسمان میں گم ہوگئی، شیر جنگل میں بھاگا دوڑا لیکن وہ چیل کو نہ پکڑ سکا'' یحییٰ خالد رکا، اس نے سانس لیا اور خلیفہ ہارون الرشید سے عرض کیا ''بادشاہ سلامت چند دن بعد بندریا واپس آئی اور شیر سے اپنے بچہ کا مطالبہ کردیا۔ شیر نے شرمندگی سے جواب دیا، تمہارا بچہ تو چیل لے گئی ہے، بندریا کو غصہ آگیا اور اس نے کہا ''تم کیسے بادشاہ ہو، ایک امانت کی حفاظت نہیں کرسکے، تو اس سارے جنگل کا نظام کیسے چلاؤ گے'' شیر نے افسوس سے سر ہلایا اور بولا ''میں زمین کا بادشاہ ہوں، اگر زمین سے کوئی آفت تمہارے بچے کی طرف بڑھتی تو میں اسے روک لیتا لیکن یہ آفت آسمان سے اتری تھی اور آسمان کی آفتیں صرف آسمان والا روک سکتا ہے'' یہ کہانی سنانے کے بعد یحییٰ بن خالد نے ہارون الرشید سے عرض کیا ''بادشاہ سلامت قحط کی یہ آفت بھی اگر زمین سے نکلی ہوتی تو آپ اسے روک لیتے، یہ آسمان کا عذاب ہے، اسے صرف اللہ تعالیٰ روک سکتا ہے، آپ اسے رکوانے کیلئے بادشاہ نہ بنیں، فقیر بنیں، تو یہ آفت رک جائے گی'' دنیا میں آفتیں دو قسم کی ہوتی ہیں، آسمانی مصیبتیں اور زمینی آفتیں، آسمانی آفت سے بچنے کیلئے اللہ تعالیٰ کا راضی ہونا ضروری ہوتا ہے جبکہ زمینی آفت سے بچاؤ کیلئے انسانوں کا متحد ہونا، وسائل کا بھرپور استعمال اور حکمرانوں کا اخلاص درکار ہوتا ہے۔ یحییٰ بن خالد نے ہارون الرشید کو کہا تھا ''آسمانی آفتیں اس وقت تک ختم نہیں ہوتیں جب تک انسان اپنے رب کو راضی نہیں کرلیتا، آپ اس کا مقابلہ بادشاہ بن کر نہیں کرسکیں گے، آپ فقیر بن جایئے، اللہ کے حضور گر جایئے، اس سے توبہ کیجئے، اس سے مدد مانگئے''۔ دنیا کے تمام مسائل اور ان کے حل کے درمیان صرف اتنا فاصلہ ہوتا ہے جتنا ماتھے اور جائے نماز میں ہوتا ہے، لیکن افسوس ہم اپنے مسائل کے حل کیلئے سات سمندر پار تو جاسکتے ہیں لیکن ماتھے اور جائے نماز کے درمیان موجود چند انچ کا فاصلہ طے نہیں کرسکتے، اگر واقعی ہم موجودہ حالات کے حل کے سلسلہ میں سنجیدہ ہیں تو آیئے ارحم الرحمین اکرم الاکرامین کی بارگاہ میں، (باقی صفحہ نمبر 44 پر

## آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل

### کتابچہ تقسیم کیا بھائی درست ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چھوٹے بھائی کی طبیعت خراب ہوئی' ٹیسٹ وغیرہ کروائے تو معلوم ہوا کہ اسے ہیپاٹائٹس سی ہے' جگر کی حالت دن بدن خراب ہورہی ہے' ہم سب بہت پریشان ہوئے کہ اچھا بھلا تھا' اچانک چند دنوں کے اندر اندر اتنی بڑی بیماری اور وہ بھی اتنی بھیانک صورتحال اختیار کرچکی ہے۔ بہت بھاگ دوڑ کی' ٹیسٹ پر ٹیسٹ' مختلف علاج شروع ہوئے' مگر بھائی کی حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی تھی' ایک دن دفتر میں پریشان بیٹھا تھا کہ دوست جس کو ساری صورتحال کا علم تھا اس نے مجھے اچانک عبقری کا بتایا اور کہا کہ آج جمعرات ہے چلو میرے ساتھ تسبیح خانہ چلو درس بھی سنتے ہیں اور بعد میں اسم اعظم کے ذکر بعد جو دعا ہوگی اس میں شامل بھی ہوجائیں گے اللہ بہتر کرے گا۔ میں مایوس تھا' اس کے ساتھ چل پڑا' درس سنا' بہت سکون ملا' خوب رورو کر دعا مانگی' واپسی پر ایک بندہ ایک چھوٹا کتابچہ بانٹ رہا تھا' میں نے اس سے پوچھ لیا کہ آپ کیوں بانٹ رہے ہیں؟ اس نے بتایا کہ اس کے بانٹنے سے میرے مسائل مشکلات حل ہوتی ہیں' لوگ اس میں سے وظائف پڑھتے ہیں' ان کے مسائل حل ہوتے ہیں تو اللہ کریم میرے مسائل بھی حل فرمادیتا ہے' یہ بات میرے دل کو لگی' میں اگلے دن پھر عبقری دفتر آیا' وہاں سے پانچ ہزار روپے کے ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچے لیے اور لاہور میں مختلف جگہوں پر تقسیم کروادیئے' پھر یہ روٹین ہر ماہ بنالی' پہلے مہینے ہی میرے بھائی کی صحت میں بہتری آنا شروع ہوگئی' وہی ڈاکٹر جو مایوس تھے پرامید ہوگئے۔ آج میرا بھائی بالکل تندرست اور بھرپور زندگی جی رہا ہے' اور میں کتابچہ آج بھی تقسیم کررہا ہوں۔ الحمدللہ (محسن شہباز، لاہور)

**زندگی بدل گئی!:** میں نے جب سے نوجوانی میں قدم رکھا' میرا اٹھنا بیٹھنا غلط لوگوں میں ہوگیا' بس پھر برائی میں آگے سے آگے نکلتا چلا گیا' بے شمار بٹھا کر سمجھاتے (باقی صفحہ نمبر 44 پر

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دوری کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)




پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
یوریا' یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

# خواتین! بچوں کے سامنے بات کرتے احتیاط کیجئے! ورنہ

خالدہ ظفر، لاہور

کہتے ہیں کہ بچے کے ابتدائی سال ہی اس کی شخصیت کی بنیاد قرار پاتے ہیں۔ بچے کو جس سانچے میں ڈھالا جائے وہ اس میں ڈھل جائے گا۔ بے شک وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کی شخصیت میں نمایاں تبدیلی آتی چلی جاتی ہے کیونکہ بچہ جب گھر سے باہر کی دنیا میں قدم رکھتا ہے تو ایک بالکل نئے ماحول میں اپنے آپ کو پاتا ہے لیکن یہ بات مصدقہ ہے کہ بچپن کی تربیت کے اثرات ساری عمر رہتے ہیں۔ اکثر بڑی بوڑھیاں، مائیں یا رشتہ دار خواتین بڑے مزے سے ہر قسم کے موضوع پر گفتگو کررہی ہوتی ہے جبکہ پاس ہی کم عمر بچے بیٹھے ہوتے ہیں۔ ایسے میں اگر کوئی سمجھدار خاتون دوسری خواتین کو ٹوک دے کہ ذرا احتیاط سے بات کی جائے آپ کے پاس بچے بیٹھے ہوئے ہیں تو فوری یہ ہی جواب ملے گا کوئی بات نہیں بچہ ہی تو ہے۔ بعض خواتین پردہ کے معاملے میں بھی زیادہ خیال نہیں رکھتیں حسب معمول بچہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے ایک اور بڑی قباحت اس سلسلہ میں یہ ہے کہ ننھے منے بچوں کو ٹی وی لگا کر خود مائیں کام کاج میں لگ جاتی ہیں۔

مائیں اپنی طرف سے کارٹون لگا کر خود بے فکر ہوجاتی ہیں لیکن اکثر ریموٹ بچوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے بہت چھوٹے بچے تو کارٹون دیکھتے رہیں مگر چار پانچ سال کا بچہ اس طرح نہیں کرے گا وہ اپنی مرضی سے چینل بدل لے گا۔ آہستہ آہستہ بچہ والدین کی موجودگی میں تو کارٹون دیکھے گا لیکن جیسے ہی والدین نظروں سے اُوجھل ہوئے جھٹ گانے اور فلمیں دیکھنے لگے گا' مائیں اپنی نادانی میں یہی سمجھتی رہتی ہیں کہ بچوں کی محض تفریح ہورہی ہے لیکن کبھی ان چیزوں کے نقصانات کی گہرائی میں جانے کی کوشش کریں تو مستقبل کی ایک بھیانک تصویر ابھر کر سامنے آئے گی۔ مثلاً آپ جب چھوٹے بچوں کے سامنے ہر قسم کی باتیں کررہی ہوتی ہیں تو بظاہر تو بچہ اپنے کام میں مگن ہے مگر اس کے کان باتوں کی طرف لگے ہوئے ہیں بلکہ اکثر بچوں کو دیکھا گیا ہے کہ بڑے مزے سے بازوں میں چہرے ٹکائے بڑے انہماک سے باتیں سن رہا ہوگا اس طرح ایک تو اسے بڑوں کی باتیں سننے کی عادت پڑ جائے گی اور اکثر بچے جب باتیں سنتے ہیں

تو گھر میں ہونے والی باتیں دوسروں کو بتا دیتے ہیں جس سے ایک تو اکثر گھروں میں لڑائیاں ہوجاتی ہیں اور بعض لوگ بچوں کی ڈیوٹی لگا دیتے ہیں' جاؤ سن کر آؤ فلاں کیا بات کررہا ہے۔ عمر کے ساتھ یہ عادت پختہ ہوجائے گی۔ بچے میں چغل خوری کی عادت پڑ جائے گی۔ بعض خواتین ' کھلے' موضوعات پر باتیں کررہی ہوتی ہیں اور بچے انہماک سے پاس بیٹھے سن رہے ہوتے ہیں پھر بچوں کو ان باتوں کو جاننے کا تجسس پیدا ہوگا۔ اسی طرح اگر بچے بچپن ہی سے شرم وحیا اور پردے کے متعلق نہ بتایا جائے تو اس کے اثرات بھی آنے والے زندگی میں ضرور مرتب ہوں گے۔ میری گزارش ہے کہ گھروں میں بچپن ہی سے بچوں کو ایسی چیزیں سمجھا دی جائیں ان کے والدین کو بچوں کی تربیت میں خاص تردد نہیں کرنا پڑتا بچیاں بچے عمر کے ساتھ اوڑھنا پہننا سب کچھ خود ہی سیکھ لیتے ہیں اس سلسلہ میں بیٹے بیٹی کا کوئی امتیاز نہیں۔ ٹی وی کے سامنے بٹھا دینے سے بچوں میں کم عمری میں بے راہ روی کا خدشہ ہوتا ہے جوان کی صحت اور اخلاق دونوں کی تباہی کا سبب بنتا ہے اگر ان تمام باتوں پر غور کیا جائے تو یقیناً ہم تھوڑی سی محنت سے اپنے بچوں کو آئندہ آنے والی قباحتوں سے بچا سکتے ہیں اور ان باتوں پر عمل کرنا کوئی ایسا مشکل بھی نہیں ہے بس ذرا سی احتیاط کی ضرورت ہے۔

# من پسند نوکری اور اچھی بیوی! اس عمل سے ملی

رضا بشیر، جھنگ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے دس سال گزر گئے ہیں' بے شمار فوائد ملے' جو چاہتا ہوں اس میں آنے والے اعمال سے پالیتا ہوں مگر ایک عمل ایسا ہے جو گزشتہ دس سال سے کررہا ہوں اور جھولیاں بھر بھر کر پارہا ہوں' آج میں عبقری قارئین کیلئے صرف ایک عمل کے اپنے آزمودہ تجربات لایا ہوں' آپ بھی کیجئے آپ بھی پائیے!

قارئین! وہ عمل ہے ''سورۂ کوثر کا عمل''۔ عمل انتہائی آسان ہے صبح وشام اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھنی ہے۔ اس کے علاوہ سارا دن اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی میں جب بھی پیسے رکھیں یا نکالیں ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر پھونک ماردیں۔ بس اتنا سا عمل اور اب فوائد بھی پڑھتے جائیں جو مجھے ملے۔

1۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد بے شمار جگہوں پر نوکری کیلئے گیا مگر نوکری تو دیتے مگر میرے معیار کے مطابق نہ ہوتی' میں نے دل پسند نوکری کیلئے یہی عمل کرنا شروع کردیا' چند ہفتوں میں ہی اللہ کریم نے ایسا غیب سے بندوبست کیا کہ جس طرح کی میں نوکری چاہتا تھا اللہ کریم نے ویسی ہی سیٹ پر لاکر بٹھا دیا۔ 2۔ رزق میں بے پناہ برکت اور اضافہ ملا۔ 3۔ اچھی اور نیک بیوی کا ملنا کسی نعمت سے کم نہیں' میں جیسی بیوی چاہتا تھا اس عمل کی برکت سے مجھے ویسی ہی ملی۔ الحمدللہ! اعمال والی' مصلیٰ والی' گھر داری کو سنبھالنے والی چلانے والی باپردہ بیوی' اس دور میں کسی نعمت سے کم نہیں اور مجھے یہ نعمت اسی عمل کی برکت سے ہی ملی ہے۔ 4۔ بہت سے صغیرہ کبیرہ گناہوں سے بچا رہتا ہوں۔ اکثر غیب سے گناہوں کے بچنے کا سامان پیدا ہوجاتا ہے جس جگہ گناہ کا احتمال بھی ہو میرا وہاں سے دل اچاٹ ہوجاتا ہے۔ اس عمل نے حقیقت میں مجھے زندگی کا ہر سکون عطا کیا ہے۔ الحمدللہ!

(بقیہ: آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل)

میں غور سے ان کی باتیں سنتا بعد میں کپڑے جھاڑتا اور اپنے کام میں لگ جاتا' ایک مرتبہ گلی میں کھڑا تھا' لڑکوں کے ساتھ گپ شپ لگا رہا تھا' ایک بچہ آیا اور مجھے ایک کتابچہ دے گیا' میں نے جیب میں ڈالا اور پھر مصروف ہوگیا۔ رات کو کپڑے بدلنے لگا' جیب میں ہاتھ ڈالا تو یہ کتابچہ ہاتھ میں آگیا' ایسے پڑھا تو اس میں ایک اسم یاقہار پر نظر پڑی' نجانے کیا ہوا میں نے وہ پڑھنا شروع کردیا' بس وہ رات میں بے اختیار روتا رہا اور یاقہار پڑھتا رہا' صبح اٹھا تو سب کچھ بدل چکا تھا' اندر بدل چکا تھا' اب نماز پڑھنا شروع ہوگیا ہوں' بُری صحبت چھوڑ دی ہے' سارا دن ذکر کرتا ہوں' عبقری رسالہ کا اسی کتابچہ سے معلوم ہوا' وہ پڑھتا ہوں' شیخ الوظائف کے درس سنتا ہوں' زندگی میں سکون آگیا ہے۔ (پوشیدہ' گوجرانوالہ)

(بقیہ: اتباع سنت' ہر مشکل کی کلید)

مغفرت عامہ، عفو تامہ اور جود وسخا کے جشن شاہی کا موسم بہار شروع ہوگیا ہے، ہم نے صرف اور صرف اپنے گناہوں اور کالے کرتوت کی پاداش میں اپنے رب کے غضب اور قہر کو اپنے اوپر مسلط کیا ہے، اللہ کے اس عذاب کرونا سے لڑنے کا خبط چھوڑ کر، مغفرت عامہ کی باد بہاری اور قبولیت دعا کے اس سیزن میں، جب رب کائنات کی طرف سے ہر رات بلکہ ہر آن اعلان عام ہورہا ہے، ہے کوئی توبہ کرنے والا جس کی توبہ قبول کی جائے؟ ہے کوئی مغفرت چاہنے والا جس کی مغفرت کی جائے؟ ہے کوئی مانگنے والا جس کی دعا قبول کی جائے؟ ہم سب فقیر بن کر پیشانی اس کے حضور رکھ کر اس آسمانی آفت سے، اس آسمان والے رب کو منا کر نجات حاصل کریں اور اس ذات عالی کی نگاہ قہر کو نظر رحمت میں تبدیل کرالیں۔

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔
قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

## قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے۔ میرے پاس کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں عبقری قارئین کیلئے لائی ہوں' میں ساتھ آپ کی اور عبقری قارئین کی بھی انتہائی مشکور ہوں کہ ان کے بھیجے اعمال اور ٹوٹکوں سے میری زندگی میں بڑا سکون آیا ہے۔ لیجئے! قارئین آپ بھی میرے آزمودہ ٹوٹکوں سے فائدہ اٹھائیں۔

**کان درد کے لیے:** اگر چھوٹے بچوں کے کان میں درد ہو تو درد والے کان میں نہیں بلکہ دوسرے کان میں باریک کالی مرچ پیس لیں اور کان میں ڈال کر آنکھ کی طرف ہاتھ رکھ کر کان کے اوپر منہ رکھ کر ایک دو دفعہ پھونک ماریں درد ٹھیک ہوجاتا ہے۔

**ہائی بلڈ پریشر کے لیے:** سونف اور خشک دھنیا برابر لے کر باریک پیس لیں ایک چمچ صبح اور ایک چمچ شام لیں کچھ عرصہ بلڈ ہائی کرنے والی چیزوں سے پرہیز کریں انشاء اللہ ٹھیک ہوجائیں گے۔

## برتن دھونے والا صابن! استعمال کا صحیح طریقہ

### برتن دھونے والا صابن! استعمال کا صحیح طریقہ

طریقہ استعمال: جالی یا اسکاچ برائٹ کو گیلا کرکے اس صابن پر ملیں اور جھاگ بننے کے بعد جب تک جھاگ رہے برتن دھوتے جائیں اس صابن سے برتنوں کی چکنائی دوسرے صابنوں کی نسبت جلدی صاف ہوتی ہے اور اس کا رنگ سفید ہونے کی وجہ سے برتنوں پر نشان بھی نہیں پڑتے۔ اس صابن سے واش روم بھی بہت اچھے صاف ہوتے ہیں۔ پلیٹ کے صابن پر تھوڑا سا پانی ڈال کر ہلا کر واش روم کے فرش پر ڈال دیں اور جھاڑو کی مدد سے جھاگ بنا کر صاف کریں۔ **احتیاطیں:** (۱) صابن کی پلیٹ میں پانی بھرا نہ رہنے دیں۔ (۲) گیلا کپڑا صابن کی پلیٹ پر مت پڑا رہنے دیں۔ (۳) استعمال کے بعد صابن والی پلیٹ کو کھڑا کرکے رکھ دیں تاکہ صابن میں سے پانی نکل جائے جتنا اس کو پانی سے بچایا جاتا ہے یہ اتنا زیادہ چلتا ہے تھوڑی سے احتیاط سے اس صابن کو بہت دیر تک استعمال کیا جاسکتا ہے اس میں بچت اور صفائی دونوں ہیں۔ اگر وم کے پانچ صابن دو ماہ میں استعمال ہوتے ہیں تو اس کی جگہ یہ پلیٹ دو ماہ چلتی ہے۔ (فروا شہزاد)

### برکت والی کاپی کا ایک صفحہ مشکلات ٹلوا گیا

حضرت صاحب آپ نے درس میں برکت والی کاپی کا وظیفہ بتایا تھا۔ برکت والی کاپی والا عمل میں نے لوگوں سے شیئر کیا۔ ایک بہن نے بتایا کہ آپ نے مجھے برکت والی کاپی کا بتایا تھا وہ میں نے اپنی بہن کو بتایا اس کے میاں بہت پریشان تھے کاروبار میں کسی نے ان کے پیسے خرد برد کرلیے تھے اور مسئلہ حل نہیں ہورہا تھا۔ ان کی بیگم نے کاپی لکھنا شروع کردی۔ صفحہ مکمل ہونے پر آٹے کے پیڑے میں بند کرکے اپنے میاں کو دے دیا وہ پیسوں کے سلسلے میں ہی جارہے تھے۔ راستے میں انہوں نے پیڑے دریا میں ڈال دیئے۔ یقین جانیے وہ گئے تو اُداس تھے لیکن میرے مولا نے انہیں مایوس نہیں کیا واپسی پر وہ مطمئن اور خوش تھے بیگم کے پوچھنے پر کہا مجھے یقین نہیں تھا کہ اتنی رقم واپس ملنے کا کوئی امکان ہے۔ میرا مسئلہ ایسے حل ہوا کہ میں خود حیران رہ گیا۔ شکر ہے کہ اب مسئلہ حل ہوگیا ہے پیسے مل جائیںگے۔ ان کی بیگم نے یقین کامل سے کیا اور اللہ نے کرم کردیا۔ جہاں انسان کی ہمت جواب دے جاتی ہے وہاں میرے رب کا نظام اپنا کمال دکھاتا ہے۔ بقول حضرت صاحب یقین کامل، عاجزی، انکساری، آنسو، آہیں ہوں رب کا دروازہ کھٹکھٹاتے رہو کبھی تو دوازہ کھلے گا۔ بندے پکارتا جا پکارتا جا پکارتا جا تیرا مانگنا تیرا آنسو بہانا، گڑگڑانا تیرا پکارنا رب کو کتنا پسند ہے تو معافی مانگتا ہے ایک بار کہہ دے کہ مولا مجھے معاف کردے وہ تو اتنا کریم ہے وہ معاف کردیتا ہے ہمیں مانگنا ہی تو نہیں آتا۔ اللہ ہمیں صحیح معنی میں پکا سچا مسلمان بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

## پوشیدہ امراض اور موٹاپے سے پریشان بچیوں کیلئے

### پوشیدہ امراض اور موٹاپے سے پریشان بچیوں کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جو لوگ موٹاپے سے پریشان ہوں۔ جو بچیاں، بہنیں انکے جسم پر چہرہ پر سوجن ہو، ماہانہ نظام گڑبڑ ہو، ماہواری وقت بے وقت آتی ہو، چہرے پر کشش چاہیے ہو، عادات کو سنوارنا چاہتے ہوں، دل کو پاکیزہ کرنا چاہتے ہوں، آنکھوں میں حیا لانا چاہتے ہوں تو بس ایک کام ہر صورت کریں جو میں کرتی ہوں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان والا عمل: میری بیٹی کی عمر 21 سال ہے ہاسٹل میں رہنے کی وجہ سے اور باہر کا کھانا منگوا کر کھانے کی وجہ سے اور دو ٹائم کبھی بھوکا رہنے کی وجہ سے بچی کا وزن بڑھ گیا۔ چہرے پر پورے جسم پر سوجن ہوگئی دو سال سے بچی کا یہی حال تھا۔ موٹاپے اور سوجن اور باہر کے کھانوں کی وجہ سے ماہانہ نظام بھی گڑبڑ ہوگیا۔ پھر میرے بار بار کہنے پر بیٹی نے قہوہ پیا جو کبھی پی لیتی کبھی اس سے ہو نہیں پاتا۔ آپکے اسسٹنٹ نے بھی عرق موٹاپا اور دوائیں دیں جو کہ بیٹی نے نہیں پی کہ کڑوی ہیں۔ خیر میں نے ہمت نہیں ہاری اور اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان والا عمل دن میں تین ٹائم کرنا شروع کردیا ہوا یوں کہ بیٹی کو بخار تیز ہوگیا کھانا پینا بند کردیا ڈاکٹر کی ادویات سے بھی فرق نہیں پڑا میں نے پریشانی میں اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان والا عمل شروع کردیا دن میں پانچ ٹائم دو دن میں ہی بچی کا بخار اتر گیا۔ (عشرت، بدین)

**عرق شوگر شفاء**

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو ''عرق شوگر شفاء'' جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' ''عرق شوگر شفاء'' چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# گرلز اسکول میں تہدیدی نامہ لگانے سے کیا ہوا؟

پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج، جھنگ صدر

## تین نمبر کی عینک اتر گئی

میرے دواخانہ پر ایک مریض تشریف لایا جنہیں عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''لاجواب حافظہ پیکیج'' مطلوب تھا۔ استعمال کرنے کے مہینہ بعد تشریف لائے اور کہا کہ اس دوائی سے جہاں میرے حافظہ میں اضافہ ہوا ہے وہاں میری تین نمبر کی عینک اتر گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے میری نظر ٹھیک ہوگئی ہے۔ عبقری اور اس کی ٹیم کو سراپا دعائیں دے کر تشریف لے گئے۔

## تہدیدی نامہ کی برکات

ضلع جھنگ موضع حویلی لال میں ضیاء ایلیمنٹری مثالی سکول میں چاہ گھمنڈی کی دو طالبات جماعت سوم میں زیر تعلیم ہیں۔ ان کو کئی مہینوں سے اچانک دورے پڑتے تھے۔ دورے کے دوران ان کی آہیں سننے والے کا کلیجہ چیر دیتی تھیں۔ جنات انہیں انتہائی پریشان کرتے تھے۔ پھر گھنٹہ ڈیڑھ بعد ہوش میں آجاتی تھیں۔ بندہ چونکہ اسی ادارے کا مالک ہے جونہی انہیں دورہ پڑتا ان پر آیۃ الکرسی اور یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کردیتا۔ کچھ وقت کے بعد نارمل ہوجاتیں مگر پھر کچھ دنوں کے بعد دورے پڑتے۔ بندہ نے ''تہدیدی نامہ'' منگوایا اور کلاس روم میں لٹکا دیا جہاں یہ بچیاں پڑھتی ہیں۔ تہدیدی نامہ کے لٹکانے کے بعد ایک دن بھی انہیں دورہ نہیں پڑا حالانکہ آٹھ ماہ ہوچکے ہیں۔ یہ تہدیدی نامہ انتہائی برکت والی چیز ہے میں تمام قارئین ماہنامہ عبقری سے درخواست کروں گا کہ وہ اس تہدیدی نامہ کو گھروں، دکانوں اور دفتروں میں برکت کے لیے لٹکائیں۔ نوٹ: تہدیدی نامہ کسی بھی اسلامک بک سٹال' دفتر ماہنامہ عبقری اور انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے پرنٹ بھی نکالا جاسکتا ہے' جیسے کسی قاری کو سہولت ہو لے کر اپنے گھر' کمروں' دکان' گاڑی میں ضروری لگائے۔

# آتشی پھوڑا! لیپ خود بنائیں نام ونشان نہ رہے گا

یہ پھوڑا بندہ کو دو دفعہ نکل چکا ہے ایک دفعہ چار سال قبل دوران نماز جمعہ دوسری رکعت نماز فرض میں تلاوت سن رہا تھا کہ اچانک پاؤں کے نیچے درد شروع ہوا۔ یہ درد اتنا شدید ہوا کہ پاؤں زمین پر ٹیکنا مشکل ہوگیا۔ بقیہ نماز، ٹانگ لمبی کرکے پڑھنا پڑی اور دوسری دفعہ دو ہفتے قبل شب جمعہ میں مغرب کی نماز کے بعد بیان سن رہا تھا کہ اچانک تکلیف شروع ہوئی اس پھوڑے کا سائز چیونٹی کے سر کے برابر ہوتا ہے مگر اس مقام پر آگ لگا دیتا ہے۔ انتہائی سخت درد شروع ہوتا ہے دونوں دفعہ یہ علاج تین دن متواتر کیا اور بفضلہٖ تعالیٰ صحت پائی دیسی کیکر کی لونگ مٹھی بھر اور اس کے برابر انار کے پتے رگڑیں اس میں تھوڑا سا دیسی مکھن ملائیں اور مشک فور کی تین ٹکیاں ملائیں۔ آمیزے کا لیپ پھوڑے کے مقام پر کریں اور پٹی باندھ دیں۔ دن میں دو دفعہ یہ لیپ لگائیں تین روز متواتر یہ لیپ لگاتے رہیں انشاء اللہ پھوڑے کا نام ونشان تک نہیں رہے گا اور مکمل سکون آجائے گا۔

**شرک خفی:** انسان کو کسی نوع کا اختیار مل جائے یا کسی مسئلے کا حیرت انگیز حل سمجھ میں آئے یا ریسرچ کرکے کوئی ایجاد سمجھ میں آجائے یا عوامل قدرت میں سے کسی پر کنٹرول حاصل ہوجائے تو انسان اسے اپنی محنت، ذہانت اور صلاحیت کا نتیجہ نہ سمجھے بلکہ خیال کرے کہ یہ چیز اللہ تعالیٰ کی عطا ہے جو اسے ملی ہے۔ اس نعمت سے استفادہ کرے تو باری تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ ایمانداری سے سوچئے کہ ایسے مواقع پر ہم زیادہ تر اسے اپنا ہی کارنامہ قرار دیتے ہیں کہ میں نے محنت کی، عقل مندی دکھائی، مشکلات پر قابو پایا تب یہ کام ہوا۔ اگر کبھی خول سے باہر نکلتے ہیں تو اس کا کریڈٹ کسی کرم فرما کو دیتے ہیں مثلاً میرے وکیل نے کمال کردیا۔ یہ میرے ڈاکٹر کی تشخیص کا کرشمہ ہے۔ بس میرا دوست کام آگیا۔ عبقری نے مجھ سے مصیبتیں دور کردیں۔ علامہ لاہوتی کے وظائف نے مجھے زمین سے آسمان تک پہنچا دیا۔ ایسے مواقع پر اللہ تعالیٰ کی ذات ہم سے اُوجھل ہوجاتی ہے جو کام بنانے والا یا نعمت دینے والا ہے اس جگہ ہم انسانی قابلیت اور صلاحیت کو لاکر بٹھا دیتے ہیں اور اس کے گن گاتے رہتے ہیں یہ شرک خفی کی مثالیں ہیں اگر ہم یوں کہیں کہ مجھے یا فلاں کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی مدد کی اور یہ کام ہوگیا تو ہم خود کو اس شرک سے بچالیں گے کتنے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کی زندگیاں ہر قسم کے شرک سے پاک ہیں۔

## طلسمی جلاب! حیران کن ٹوٹکہ

جلاب لینے میں کتنی تکلیف ہوتی ہے آپ کو ایک ایسے جلاب سے متعارف کراؤں جس میں کچھ پینا نہیں پڑتا۔ کچھ بڑی ہڑ لیں۔ انہیں ایک ایک کرکے کوڑتمہ میں تھوڑا سا کٹ کر اس میں لگالیں اور اوپر سے کٹا ہوا حصہ چسپاں کردیں۔ ہر تین روز کے بعد اس کو ڑتمہ سے نکال کر نئے تازہ تمے میں بھردیں۔ چالیس روز تک ہڑ کوڑتمہ کے اندر رہنے کے بعد نکال لیں۔ خشک ہونے کے بعد ڈبیہ میں بند کرلیں۔ جس کسی کو جلاب دینا مقصود ہو اس کے ہاتھوں پر نیم گرم پانی ڈالیں اور ایک ہڑ ہتھیلی میں رکھ کر ہتھیلی بند کرنے کو کہیں۔ دس پندرہ منٹ کے بعد اسے ایک دست آجائے گا۔ جتنی دفعہ یہ عمل دہرائیں گے اتنے دست اسے آجائیں گے پھر ٹھنڈے پانی سے ہاتھ دھلا دیں دست بند ہوجائیں گے اس کے بعد کوئی نرم غذا دیں۔

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔

**نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

## بیروزگار تھا آج اپنا کاروبار ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ایک فیضان ہے' سب فیض پارہے ہیں۔ میں نے بذریعہ خط اپنے گھر کے تمام حالات تحریر کرکے آپ کو بھیجا جس کے جواب میں آپ نے مجھے یَابَاسِطُ کا وظیفہ دیا۔ جو سارا دن کھلا پڑھنا تھا' میں نے یقین اور دل لگا کے وظیفہ کیا۔ آپ کی دعاؤں سے میرے گھر کے حالات بہت زیادہ ٹھیک ہوگئے ہیں اور آپ نے مجھے یَابَاسِطُ کا ورد لاکھوں بار پڑھنے کو فرمایا تھا میں نے اور گھر والوں نے کئی سوا لاکھ مکمل کیے۔ الحمدللہ آج میرا اپنا کاروبار ہے۔ (محمد قمر لطیف)

## صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش ونگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیلڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو)، لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو، الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

# ایک آیت سے میرے سارے مسائل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل وعیال اور عبقری کی پوری ٹیم کو دنیا اور آخرت میں بلند مرتبہ عطا فرمائے اور ہمیں بھی آپ کے ساتھ منسلک فرمائے رکھے آمین۔ 2013ء میں عبقری رسالہ ملا جو میرے بھتیجے نے مجھے تحفہ کے طور پر دیا۔ جب رسالہ میں نے پڑھا تو مجھے اتنا پسند آیا کہ میں اس کی دیوانی ہوگئی۔ پھر اپنے بیٹے اور اپنے خاوند جی سے کہنا کہ مجھے ہرصورت رسالہ لاکر دیں اور حکیم صاحب سے بیعت بھی کروائیں۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے یہ توفیق بخشی اور آپ کی زیارت بھی کروائی۔ عبقری رسالہ ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں اور خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا سلسلہ وار کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو میرا پسندیدہ ہے۔ اس مضمون میں ایک مرتبہ علامہ صاحب نے ایک آیت کا وظیفہ بتایا تھا' رزق کی تنگی' کاروباری مشکلات' جادو' جنات' گھریلو جھگڑوں کے لیے' میں نے تین ماہ وہ عمل کیا' الحمدللہ اتنی برکت ملی کہ بیان سے باہر' ہر کام آسان ہوگیا ہے' علامہ صاحب کے دیگر وظائف بھی وقتاً فوقتاً پڑھتی ہوں فوری اثر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے عبقری کے ذریعہ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے بتائے اعمال ہمیں سکھا دیئے۔ میں نے جس عمل سے بہت کچھ پایا وہ عمل یہ ہے وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى یہ آیت سارا دن کھلا پڑھنی ہے' میں نے دیوانوں کی طرح پڑھی اور مجھے جو چاہیے تھا وہ سب مل گیا اور ہاں میری سب سے بڑی خواہش تھی کہ میری کسی طرح تسبیح خانہ میں حاضری ہوجائے میں نے یہی عمل تسبیح خانہ حاضر کیلئے پڑھا اور میری تسبیح خانہ حاضری ہوگئی۔ اسی عمل کی برکت سے اب ہمارے شہر کوٹلی آزاد کشمیر میں بھی عبقری کی ایجنسی کھلی ہے جس سے مجھے رسالہ اور ادویات ملنے میں بہت آسانی ہوگئی ہے اور میری خوشی کی کوئی انتہا نہیں رہی جب سے رسالہ مجھے بروقت ملنا شروع ہوا ہے۔ آپ کے تسبیح خانہ کے بارے میں رسالے میں پڑھا تھا۔ میں ہر وقت سوچتی رہتی تھی کہ وہاں کا منظر کیسا ہوگا؟ کیسی اور کیا کیفیت ہوتی ہوگی وہاں پر؟ جو لوگ وہاں پر جاتے ہوں گے وہ کتنے خوش قسمت اور کتنے خوش نصیب ہیں۔ یہ سب کچھ سوچ سوچ کر میرے اندر کی تڑپ اور طلب بڑھتی ہی گئی کہ میں بھی کبھی تسبیح خانہ حاضری پیش کروں اور آخرکار اللہ نے اس عمل کی برکت سے یہ طلب اور تڑپ پوری کر ہی دی۔ ''شکر خدایا تو نے تسبیح خانے بلایا'' میں تو اس قابل نہ تھی اگر دل میں کسی بھی چیز کو پانے کی لگن اور سچی تڑپ موجود ہو تو وہ چیز یقیناً مل ہی جاتی ہے۔ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا۔ بدھ 2015ء کی وہ رات کیا ہی خوبصورت رات تھی جب میں اور میرے بیٹا تسبیح خانہ حاضری کیلئے روانہ ہوئے اور مسلسل آٹھ گھنٹے کا سفر طے کرنے کے بعد ہم جمعرات کی صبح چھ بجے تسبیح خانہ پہنچ گئے۔ فجر کی نماز ہم نے تسبیح خانہ میں ادا کی۔ جب تسبیح خانہ میں پہنچی تو میری زبان سے بے اختیار سبحان اللہ اور الحمدللہ اور ماشاء اللہ کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ ''زہے نصیب'' مجھے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آرہا تھا کہ میں اس وقت تسبیح خانہ کے اندر موجود ہوں اس قدر سکون اور راحت اور سب سے بڑھ کر میری خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی، میں اتنی زیادہ خوش تھی کہ الفاظ نہیں کہ میں بیان کرسکوں، خوشی سے میرے آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ (سیّدہ رشیدہ بتول، کوٹلی آزاد کشمیر)

# مجھے برباد کرنے والے اب کدھر ہیں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے پوری طرح سے ہوش بھی نہیں سنبھالا تھا جب سے یہ مسائل میرے ساتھ ہیں' کم وبیش دس سال کی عمر سے مجھے شدید ڈروخوف ہے مغرب کے بعد سے فجر تک میں اس قدر خوف میں مبتلا رہتی ہوں، دل ڈوبتا رہتا، جسم ٹھنڈا اور بھاری ہوجاتا' ایسا لگتا جیسے ابھی کوئی خطرناک شکل سامنے آجائے گی۔ سارا گھر میرے ساتھ جاگتا اور پڑھائی کرتا تو ٹھیک ورنہ میں سوتی نہیں، سکول جاتی تو کلاس میں ڈر، جسم پر دباؤ پڑتا، ساکت ہوجاتی۔ اس کے بعد خوف کچھ کم ہوتا تو خود سے نفرت و ناپاکی کا احساس رہتا جب تک غسل نہ کرلیتی سکون نہ ملتا تھا۔ ہر کام اُدھورا کبھی پورا نہیں ہوتا، چھوٹی سی عمر میں تمام جنسی بیماریاں لاحق ہوگئیں۔ ڈاکٹر، حکیم، روحانی علاج سب فیل ہوگئے، عاجز ہوگئے، بیزار ہوگئے مگر مجھے وہ چین وراحت، روحانی وجسمانی سکون نہیں ملا میں تنہا ہوتی چلی گئی۔ سب سے جدا اور علیحدہ رہنا شروع ہوگئی میری معاشرتی زندگی تباہ ہوگئی، عورتوں کی اندرونی بیماریوں نے آج ناکارہ بنا دیا مگر کسی علاج سے کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ میں یتیم ہوں، کسی چیز کی کمی نہ تھی مگر آج ہم برباد ہیں سب کچھ چھین گیا لوگ رشتہ دار صرف ہمارے دشمن بنے' دماغ ہر وقت ماؤف رہتا ہے، یادداشت ختم ہوتی جارہی ہے، ہڈیوں کی عمر ختم ہوچکی' ڈاکٹرز نے ہاتھ اٹھالیا۔ ہڈیوں میں کیلشیم کی بہت کمی ہے صرف 30 سال کی عمر ہے مجھے کمر کے مہروں کا بھی مسئلہ شدت سے سر اٹھا رہا تھا۔ میری کمر ناکارہ ہوگئی' نماز تک پڑھنا مشکل ہوگیا۔ پھر شادی ہوگئی جو کہ ایک معجزہ تھا۔ شادی ہوئے سات سال ہوگئے مگر زندگی اچھی نہیں ہے۔ شوہر اچھا خاصہ کماتے کماتے قرض دار ہوگئے اس پاکستان میں ان کی روزی کے در بند ہوگئے، عمان گئے تو وہاں بھی یہ ہی صورتحال ہے۔ بے روزگار' جاب کی بات بن کر بگڑ جاتی۔ تین سال سے وہ شدید ترین پریشانی میں مبتلا ہیں۔ میری بیماریوں اور مسائل سے تنگ ہوچکے ہیں۔ میرے شوہر کو میرے ساتھ رہتے ہوئے ڈر لگتا ہے۔ میں ان کا ساتھ مانگتی ہوں تاکہ میرا ڈر چند لمحوں کے لیے ہی کم ہوجائے مگر وہ ڈرتے ہیں اور دور بھاگتے ہیں۔ خیر وہ اب عمان میں ہیں۔ میری ایک ہی بچی ہے پانچ سال کی بیماریوں کی وجہ سے آگے بچے نہیں ہوئے۔ میں نے ہر قدم پر ناکامیوں کے سوا کچھ نہ دیکھا، کوئی وظیفہ پڑھوں تو شدید بیماری شروع ہوجاتی، کوئی بھی بیماری لگ جاتی ہے سب مجھ سے بیزار ہیں مگر جب سے میں نے عبقری پڑھنا شروع کیا اور اس میں موجود علامہ لاہوتی کا بتایا وظیفہ **یاقھار** صبح وشام گیارہ تسبیح اور باقی سارا دن کھلا پڑھنا شروع کیا ہے۔ میری زندگی میں سکون آگیا ہے' میری روحانی بیماریاں ختم ہوگئی ہیں' رات کو ڈرنا ختم ہوگیا ہے' بڑے عرصہ کے بعد سکون کی نیند سونا شروع ہوئی ہوں' جسم کے اوپر ایک بوجھ تھا جواب اترتا ہوا محسوس ہوتا ہے اور اب صرف جسمانی بیماریاں رہ گئی ہیں جس کے لیے میں عبقری کی ادویات کا استعمال کررہی ہوں ان شاء اللہ امید ہے جلد ہی جسمانی بیماریوں کو شکست دینے میں کامیاب ہوجاؤں گی۔ (ط۔ف، کراچی)

**عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں**

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دُکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دُکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# پانچ جادوئی الفاظ! میرے روحانی تجربات! کچھ سیکھ لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک سے دعا ہے کہ آپ کا سایہ مبارک تادیر عبقری کے قارئین پر قائم رہے اور اللہ پاک آپ کی نسلوں کو تاقیامت آباد و شاد رکھے (آمین) میں 2013ء سے عبقری کی قاریہ ہوں اور رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں میں نے عبقری سے بہت کچھ پایا ہے میں اپنے کچھ مشاہدات لکھنا چاہتی ہوں۔ پانچ جادوئی الفاظ سے ہر جگہ عزت و آبرو پائیں میرا تو یقین اتنا ہے جہاں پر اپنی بات منوائی ہو صرف دل میں ہی الفاظ کا خیال ہی لے آتی ہوں حیرت انگیز اثرات ہوئے ہیں جب بھی کسی کے گھر جاتی ہوں یہ الفاظ پڑھ کر جاتی ہوں تو بہت زیادہ عزت ہوتی ہے۔ ایک بار امی نے بہت زیادہ ڈانٹ پلائی' امی شدید غصہ میں بیٹھی تھیں' میں نے فوراً یہ روحانی عمل آزمانے کا سوچا اور پانچ جادوئی الفاظ پڑھ کے پھر امی کے پاس گئی تو ان کا غصہ ختم ہوگیا۔ میری استانی صاحبہ ہیں' جن کے پاس میں نے قرآن پاک پڑھا وہ کچھ غصہ والی ہیں' مجھے ان کے پاس سے قرآن کریم پڑھے پانچ سال ہونے والے ہیں جب بھی ان کے گھر جاتی ہوں یہی الفاظ پڑھ کر جاتی ہوں تو بہت عزت کرتی ہیں اپنے پاس جگہ دیتی ہیں کہ تم میرے پاس بیٹھو' سب کہتی ہیں کہ تم سے تو استانی صاحبہ بہت پیار سے بات کرتی ہیں۔ اب تو یہ عالم ہے کہ کبھی ان کے گھر جانے میں کافی دن ہوجائیں تو کسی بچی کو بھیج کر بلواتی ہیں اور غصہ کرتی ہیں کہ تم اتنے دن سے مجھے ملنے نہیں آئی۔ جو بھی بات منوانی ہو اور وہ بھی عزت کے ساتھ تو وہ الفاظ یہ ہیں سورۂ مریم کا پہلا لفظ ''کھٰیٰعٓصٓ'' ہر حرف پر ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں یوں آخر میں مٹھی بند ہوجائے گی (یعنی 'ک' پر ایک انگلی بند کرلیں' پھر 'ھ' پر ایک انگلی بند کرلیں' پھر 'ی' پر ایک انگلی بند کرلیں' پھر 'ع' اور پھر 'ص' پر انگوٹھا بھی بند کرلیں) جب کسی کے سامنے جائیں مٹھی کھول دیں۔ نہایت ہی مجرب حروف ہیں حیرت انگیز اثرات ہوئے ہیں دوسرے کی آنکھوں اور دماغ پر تو جیسے پردہ پڑ جاتا ہے۔

حکیم صاحب میرا نماز میں دھیان نہیں رہتا تھا نماز پڑھنے کو دل ہی نہیں کرتا تھا میں نے عبقری ماہنامہ جولائی کے 2017ء صفحہ نمبر 22 پر جو بسم اللہ تعویذ تھا ''ب'' انیس بار، ''س'' انیس بار، ''م'' انیس بار اور ان کے اوپر بڑا سا اللہ لکھنا ہے میں نے تعویذ بنا کر پانی میں استعمال کیا اب نماز میں دل لگ جاتا ہے جو میرے دل پر زنگ تھا وہ اس تعویذ کی وجہ سے الحمدللہ اب نہیں ہے۔

### پرانے لیکوریا کا پانچ دن میں علاج کیجئے

محترم حکیم صاحب لیکوریا کیلئے پسا ہوا کھوپرا، کچے چاول ہموزن لے کر پیس لیں اور حسب ضرورت چینی ملا لیں پھر صبح و شام کھایا جائے تو اللہ کے کرم سے آرام آجائے گا۔ میں نے بہت سی ادویات استعمال کی آرام نہیں آتا تھا پھر میں نے ماہنامہ عبقری جون 2017ء کے صفحہ نمبر 35 پر یہ نسخہ پڑھا اور استعمال کیا پانچ دن میں آرام آگیا۔

### دو دن یہ آیت پڑھی! ایک سال ہوگیا دوبارہ الرجی نہیں ہوئی

مجھے بہت زیادہ الرجی تھی جس سے سارے جسم پر خارش شروع ہوجاتی بہت سے ادویات بھی استعمال کیں آرام نہیں آیا۔ سارا دن رات خارش کرتی رہتی میں نے ایک دن سورۂ مائدہ کی آیت 114 پڑھنی شروع کی اور آسمان کی طرف منہ کرکے پھونک ماری میں نے یہ آیت دو دن میں پڑھی مجھے خارش سے آرام آگیا۔ سال ہوگیا ہے دوبارہ الرجی نہیں ہوئی۔

**جتنا لکھوں اتنا کم ہے:** ایک مرتبہ میں اپنی بڑی بہن کے ساتھ چھوٹی بہن کے گھر جارہی تھی کہ بارش شروع ہوگئی کوئی وین نہیں تھی میں نے دل میں سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھنا شروع کی تین بار ہی پڑھی کہ وین آگئی۔ اس آیت کے بارے میں جتنا بھی لکھوں کم اور بیان کرنا مشکل ہے بہت بہت زیادہ فائدہ ہے۔

### اب معلوم ہوا ہے کہ زندگی کیا ہے؟

محترم حکیم صاحب میری عمر 23 سال ہے میں نماز نہیں پڑھتی تھی۔ میرے تمام گھر والے پانچ وقت کے نمازی ہیں۔ میرا دل شروع سے ہی عبادت میں نہیں لگتا تھا۔ اب جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا تو پتہ چلا کہ زندگی کیا ہے اب میں پوری کوشش کرتی ہوں کہ نماز پڑھوں اور عبقری میں جو بھی وظیفہ ہو وہ میں کرتی ہوں اس بار بھی رمضان کے جو وظائف تھے وہ کیے تو اب کچھ دل کو سکون آرام ملتا ہے کہ زندگی تو یہی ہے مجھے بہت افسوس ہوتا ہے کہ میں نے شروع سے ہی نماز پڑھنا کیوں نہیں شروع کی۔ محترم حکیم صاحب درس کی بات ہی کیا ہے درس سننے سے بہت سکون کی نیند آتی ہے۔ زندگی میں دعاؤں سے بہت سے تبدیلیاں آگئیں اللہ تعالیٰ سے مانگنا آگیا اور اللہ تعالیٰ سے سابق زندگی کے گناہوں کی معافی مانگنا آگئی۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو عبقری کو اور آپ کی نسلوں کو، درس سننے والوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور قیامت تک رحمتیں و برکتیں حفاظت اور عنایات جاری و ساری رکھے۔ آمین (قراۃ العین، بھیرہ)

### پیچش روکنے اور خون روکنے کے آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بھانجی کو بچپن میں پانی کی طرح موشن جاری رہتے تھے' ہماری ماموں زاد نے بتایا کہ سفید چاول جو ہم عموماً گھر میں بناتے ہیں' دم دینے سے تھوڑی دیر پہلے چاولوں کا گاڑھا سا جو سفید پانی اوپر آتا ہے وہ پلا دیں' آرام مل جائے گا' وہ دن اور آج کا دن' میں اپنے بچوں کو جب بھی موشن ہوتے ہیں یہی دیتی ہوں' ساتھ میں سفید چاولوں میں دہی ڈال کر بطور غذا دیتی ہوں' بفضل تعالیٰ بالکل ٹھیک ہوجاتے ہیں' میں نے اپنی دوستوں کو بھی بتایا اور ایک تو بنا کر بھی دیا' الحمدللہ جو اپنے بیٹے کو ہسپتال میں داخل کروانے جارہی تھی یہ بنا کر دیا وہ مسکراتی ہوئی شکریہ ادا کرنے آئیں۔ **خون روکنے کیلئے:** اگر کسی کو خدانخواستہ کٹ لگ جائے' چھری لگ جائے یا چوٹ لگ جائے تو جلدی سے چائے والی پتی لے کر اس جگہ پر رکھ دیں' ایک دم خون رک جائے گا' مجھے اکثر کچن میں کٹ لگ جاتا ہے' میں یہی کرتی ہوں خون بند ہوجاتا ہے۔ (غزالہ پروین، خیرپور میرس)

(بقیہ: جنات کا پیدائشی دوست)

سے دیکھ چکے تھے تو اب کی بار انہوں نے درود ابراہیمی زیادہ پڑھا' بس صرف ڈیڑھ ہفتے کے بعد گھر کے مسائل نارمل ہونا شروع ہوئے' ہر چیز ٹھنڈی ہوگئی' وہ ابا ٹیل پھر ان کے پاس آکر بیٹھنا شروع ہوگئے اور پھر وہی بہاریں' پھر وہی برکات اور پھر وہی خیریں اب انہیں احساس ہوا بہو اور اس کی ماں غلطی میں نے جو انہیں مشورہ دیا تھا وہ ٹھیک تھا اور پھر بہو اور ان کی ماں بار بار معافیاں مانگتیں نادم ہوتیں اور ندامت کرتی تھیں۔ (جاری ہے)

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹنین' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلائسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

## سالہا سال پرانی کھانسی دو ہفتوں میں ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گرمی ہو یا سردی تقریباً بارہ مہینے ہی کھانسی میرا پیچھا نہیں چھوڑتی تھی۔ بہت پریشان تھا اپنے ٹیسٹ کروائے کہ شاید مجھے ٹی بی ہی نہ ہو۔ ٹیسٹ بالکل ٹھیک آئے۔ ڈاکٹرز معمولی سے کھانسی سمجھ کر مجھے ایک دو گولی اور ساتھ کوئی سیرپ دے دیتے کہ یہ استعمال کرو فرق نہ پڑے تو پھر آ جانا۔ فرق تو پڑنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ دیسی ٹوٹکے بھی بہت استعمال کیے شاید ان سے کوئی فیض مل جائے پر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ جس کے بھی سامنے میں کھانسی کرتا وہ مجھے نیا ہی ٹوٹکہ بتاتا اور میں اس ٹوٹکے پر عمل شروع کر دیتا کہ شاید اسی سے ٹھیک ہو جاؤں پر نہیں۔ ایک روز میں حجام کی دکان پر شیو کروانے گیا جوں ہی وہ شیو کرنا شروع کرتا میں اس کو کہتا رک جاؤ مجھے کھانسی آ رہی ہے۔ دس منٹ کی شیو کو پورا آدھا گھنٹہ لگا مجھے شرمندگی سی محسوس ہوتی کہ جتنا ٹائم اس نے مجھ پر لگایا ہے اتنی دیر میں اس نے تین چار شیو کر دینی تھی اور میں اس سے معذرت کرتا۔ حجام کی دکان پر ہی عبقری رسالہ پڑا تھا میری اس پر نظر پڑی اور میں نے اس کو پڑھنا شروع کیا اس میں ٹوٹکے بھی تھے اور ادویات کا تعارف بھی۔ میں نے رسالے سے دواخانے کا پتہ نوٹ کیا اور اگلے دن دواخانے پہنچ گیا ٹوکن لیا اور اپنی باری کا انتظار کرنا شروع کر دیا میری باری آئی تو اسسٹنٹ صاحب نے میرا اچھی طرح معائنہ کیا اور مجھے ستر شفائیں اور بنفشی قہوہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ادویات لیں اور گھر واپس آ گیا اور ان کا استعمال کرنا شروع کیا۔ ایک ہفتے میں کھانسی میں واضح فرق پڑ گیا اور تین ہفتے کے اندر کھانسی ایسے غائب ہوئی جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ اللہ کا شکر ادا کیا اور عبقری کو بہت دعائیں دیں کہ ان کی خالص دیسی جڑی بوٹیوں کی ادویات کے استعمال سے میری سالوں پرانی کھانسی دور ہوگئی۔ (فیصل رشید، لاہور)

## بھرپور ازدواجی زندگی جی رہا ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 28 سال کی عمر میں میری شادی ہوئی۔ بینک بیلنس، گاڑی، اچھا گھر، اچھی نوکری سب کچھ میرے پاس تھا۔ لیکن ازدواجی معاملات میں بہت کمزور تھا۔ شادی سے دو ماہ پہلے میں نے کافی ادویات کا استعمال کیا کہ اپنی اس بیماری کو دور کر سکوں لیکن ناکام رہا۔ بہت سارا پیسہ اس بیماری پر بہایا کبھی اسپیشلسٹ ڈاکٹرز، کبھی حکیم میرے خیال سے شہر کا شاید ہی کوئی مشہور حکیم یا ڈاکٹر ہو جس کے پاس میں نہ گیا ہوں۔ سب نے مجھے تسلی دی اور ادویات کا شاپر بھر کر میرے ہاتھ میں تھما دیا کہ اس کا استعمال کرو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ میں اپنی بیوی کے پاس نہ جانے کے بہانے ڈھونڈنے لگا۔ کام کے سلسلہ میں دوسرے شہر رہنا اپنا معمول بنا لیا۔ میں اکثر سوچتا تھا اور پچھتاوا ہوتا تھا کہ کاش! میں کالج کے دنوں میں غلط راستے پر نہ چلتا تو آج یہ دن نہ دیکھنا پڑتا کہ میں اپنے ہی گھر سے بھاگنے کے بہانے ڈھونڈتا پھرتا ہوں۔ خیر میری رہائش تو سیالکوٹ تھی لیکن لاہور اکثر ایک یا دو ہفتے قیام کرتا رہتا تھا کام کے سلسلے میں اور فارغ وقت میں اپنے پرانے دوست جو سیالکوٹ سے لاہور شفٹ ہو گیا تھا اس سے ملاقات ہوتی رہتی تھی۔ میں نے اس کو اپنا معاملہ بتایا کہ میں ان مشکلات میں پھنسا ہوا ہوں کچھ کرو۔ اس نے مجھے تسلی دی اور مجھ سے کہا کہ تم میرے گھر صبح 10 بجے آنا ایک جگہ جانا ہے۔ میں صبح اس کے گھر پہنچ گیا وہ مجھے موٹر سائیکل پر عبقری دواخانہ لے آیا میں نے اس سے کہا میں نے آگے ہی ڈاکٹرز اور حکیموں کی دوائیوں پر بہت زیادہ پیسہ پانی کی طرح بہایا ہے چلو یہاں سے میں نے اندر نہیں جانا۔ میری بات سن کر وہ مسکرایا مجھے تسلی دی اور کہا تم میرے کہنے پر ایک بار اندر چلو۔ خیر میں نے اس کی بات مان لی اور دواخانے میں موجود اسسٹنٹ حکیم صاحب کو اپنے مسائل کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے مجھے ”نوجوانوں کے روگ کورس، جوہر شفاء مدینہ“ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے دوائیاں استعمال کرنا شروع کیں اور ایک ہفتہ دوائی استعمال کرنے کے بعد اپنے گھر چلا گیا۔ صرف ایک ہفتہ کے بعد ہی میرے جسم میں کوئی نئی طاقت آنا شروع ہو گئی تھی، خیر میں نے ایک مہینہ باقاعدگی سے دوا کا استعمال کیا۔ مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کیونکہ میں شفائی اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا‘ میں ہر نماز کے بعد دو نفل شکرانے کے ادا کرنا شروع ہو گیا ہوں‘ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے اب میں ازدواجی طور پر بھرپور اور مطمئن زندگی گزار رہا ہوں۔ اس کے علاوہ عبقری رسالہ اور درس سے مجھے میرا اللہ مل گیا‘ ذکر مل گیا‘ اعمال مل گئے‘ مصلیٰ مل گیا اور تسبیح مل گئی۔ الحمدللہ! اب تو میں لوگوں کو اعمال بتانا شروع ہو گیا ہوں‘ الحمدللہ عبقری رسالہ کی وجہ سے لوگوں کا بہت بھلا ہو رہا ہے۔ (اسد قیصر، سیالکوٹ)

## بیٹے کا بہرہ پن ”کان شفاء“ سے دور ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا 8 سال کا تھا جب وہ بہرے پن کا شکار ہو گیا کافی جگہ علاج کروایا لیکن فرق نہیں پڑا۔ میں اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی فیسیں دے دے کر تھک گیا۔ کئی بار کان کی صفائی کروائی لیکن اس کا بہرہ پن برقرار رہا۔ ہزاروں روپیہ ادویات پر ضائع کر دیا۔ جب بھی بیٹے کو دیکھتا تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا یا اللہ اس کو شفاء دیدے۔ ایک صبح میں چائے کی میز پر اخبار پڑھ رہا تھا تو اس کے ساتھ عبقری میگزین پڑا تھا میں نے اہلیہ سے پوچھا کہ یہ میگزین کون دے گیا ہے اس نے کہا کہ شاید اخبار فروش غلطی سے اخبار کے ساتھ یہ میگزین پھینک گیا ہوگا کل آئے گا میں اس کو واپس کر دوں گی۔ خیر میں نے اخبار پڑھنا چھوڑا اور میگزین کے ورق الٹنا شروع کر دیئے ایک صفحہ پڑھا دوسرا صفحہ پڑھا میری دلچسپی بڑھتی گئی اس میں قارئین کے نایاب ٹوٹکے بکھرے پڑے تھے اور رسالہ میں ایک دوا ”کان شفاء“ بارے پڑھا اور جن لوگوں نے کان شفاء استعمال کی ان کے تاثرات بھی پڑھے دل نے کہا کہ اتنے پیسے لگا دیئے ڈاکٹرز پر کیوں نا یہ ”کان شفاء“ بھی بیٹے کو استعمال کروا دوں خیر ایڈریس پڑھا (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

9 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی معالج آٹا
نسلیں رہیں تندرست‘ ذہین
صحت مند اور خوبصورت
شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔
اعصابی کمزوری و کمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

# بس ایک بار جن قابو کرلوں! پھر بہاریں دیکھنا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے دو سال ہو گئے ہیں' ایک امید ملی ہے' اس لیے آج قلم اٹھایا ہے۔ میرے گھر میں سکون نہیں ہے' لڑائی کبھی ختم ہو جاتی پھر شروع ہو جاتی چند دن کے بعد میرے دادا عامل تھے' ان کے پاس ایک جن بھی تھا' ان کے وظائف اور نسخے کافی ڈائری میں لکھے ہوئے ہیں' میرے میاں بھی ان کی ڈائری میں سے وظیفے کرتے ہیں۔ کام دھندا تو کوئی کرتے نہیں ان کی زبان پر بس ایک بات ہے کہ 'جن قابو کرلوں پھر دیکھنا گاڑی، کوٹھیاں، بنگلے، روپے پیسے، سونا، چاندی جو چیز کہوں گا وہ جن لا کر دے گا۔ 35,30 سال ہو گئے آج تک جن تو کوئی نہ آیا مگر گھر میں بیماری پریشانی لڑائی جھگڑا سب مفت میں آیا۔ کہتے ہیں کہ اللہ کسی کو بھوکا نہیں سلاتا بس یہی حال ہے کہ دو وقت کا کھانا باعزت ملتا ہے۔ خود محنت مزدوری کرتی ہوں۔ دادا نے بھی کئی لوگوں کے الٹے سیدھے کام کیے ہوں گے۔ پتہ نہیں وہی لوگوں کی بددعائیں ہمارا تعاقب کر رہی ہیں' اللہ سے ہر وقت دعا کرتی ہوں کہ اے اللہ تو غفور الرحیم ہے معاف کردے' ہمارے بڑوں سے یا ان کے بڑوں سے یا ہمارے سے کوئی بڑا بول غلطی کوتاہی یا تیری شان میں کوئی بے ادبی ہوئی ہے تو معاف کرنے والا ہے' معاف کردے۔ چند دن حالات میں بہتری آتی ہے مگر پھر وہی ڈھاک کے تین پات والا معاملہ۔ میں نے تسبیح خانہ سے میموری کارڈ لیا تھا تقریباً ½1 مہینہ سورۂ بقرہ اور سورۂ رحمٰن صبح شام لگائی۔ مجھے اپنے گھر میں سایہ گھومتے پھرتے نظر آنے لگا کبھی چلتے پھرنے کی آوازیں کبھی چیزیں گرنے کی آوازیں اور کبھی دروازہ کھولنے اور بند کرنے کی آوازیں آنے لگیں۔ کئی دفعہ میاں سے منہ ماری ہوئی اب لگاتی ہوں تو سورۂ بقرہ ہی میموری کارڈ سے غائب ہے۔ پھر وہی حالات ہو رہے ہیں۔ بیٹی کہتی ہے کہ مجھے ایسے لگتا ہے جیسے سوتے میں میرے اوپر کوئی لیٹا ہے اس کی عمر 36 سال ہوگئی ہے مگر اس کے رشتہ کا مسئلہ ہے' ابھی تک ہوا ہی نہیں جب بھی اس کے رشتے کی بات چلتی ہے مرنے والی ہو جاتی ہے اتنی سخت بیمار ہو جاتی ہے کہ جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ کئی عامل بابے بہت سے علاج کروائے دم درود بھی کروائے اس سے چھوٹی دو بیٹیوں کی شادی ہوگئی ہے مگر اسکی رکاوٹ دور نہیں ہوئی۔ چاول بھی مچھلیوں کو ڈالے کالے چنے آیت کریمہ پڑھ کر مچھلیوں کو ڈالے باجرہ اور چینی مکس کر کے درختوں کی جڑوں میں ڈالے مگر اس بیٹی کا رشتہ نہیں ہوتا۔ اس بچی کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں۔ اعمال کرتی رہتی ہوں اچانک پتہ نہیں کیا ہوتا ہے کہ سارے اعمال حتیٰ کہ نماز تک چھوٹ جاتی ہے۔ بعض دفعہ تو ایسا ہوتا ہے کہ جسم بالکل بے جان، آنکھیں دیکھتی ہیں اور کان بھی سنتے ہیں مگر نہ تو آواز نکلتی ہے اور نہ ہی جسم حرکت کرتا ہے اس کے بعد سارے اعمال ختم ہو جاتے ہیں۔ میاں کو نجانے کیا جن قابو کرنے کا بھوت سوار ہے' وہ اترتا ہی نہیں' اس شوق نے ہمارا سب کچھ برباد کردیا' جب بھی لڑائی ہوتی ہے اسی بات پر ہوتی ہے اور وہ ہمیشہ یہ کہہ کر بات ختم کردیتے ہیں کہ بس ایک بار جن قابو آ گیا تو تجھے سونے میں تول دوں گا' کوٹھی بنگلے کاریں تو مسئلہ ہی کوئی نہیں ہے۔ بڑے بڑے بنگلوں والی تیری بیٹیوں کے رشتے کیلئے لائنوں میں کھڑے ہوں گے۔ میاں کبھی کمبل کو چاروں طرف لپیٹ کر اور منہ چھپا کر کچھ عمل کرتے ہیں اور کبھی کپڑے اتار کر کوئی عمل کرتے ہیں کوئی دن ایسا نہیں جو سکون سے گزرے۔ مگر ہمیں صرف بربادی ملی' بہت چلاتی ہوں' چیختی ہوں روتی ہوں کہ اس کام میں صرف بربادی ہی ہے۔ مجھے واضح محسوس ہوتا ہے کہ کسی چیز نے ہمارے ہر کام روکے ہوئے ہیں' یہ شاید میرے شوہر کے الٹے سیدھے پڑھے جانے والے منتر جنتروں کا ہی کمال ہے جو ہم پر الٹ پڑ رہے ہیں۔ میں عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' میں دوسروں کے لیے جو عمل کروں ان کے کام بہت جلد ہو جاتے ہیں مگر اپنے لیے اور گھر کے لیے جو بھی عمل کروں وہ کام نہیں ہوتے بلکہ کام بگڑ جاتے ہیں۔ وہی عمل دوسروں کو بھی بتاؤں تو ان کے کام چند دنوں میں ہی ہو جاتے ہیں۔ میری یہ بربادی کی داستان عبقری قارئین کو ضرور پڑھوایئے اور میری منت ہے کہ جنات کو قابو نہ کیجئے یہ کام صرف بربادی لاتا ہے' کاش میرا شوہر بھی سمجھ لے۔ گزشتہ تیس سال سے سمجھا رہی ہوں۔

# خشک کھانسی اور خونی پیچش کے لیے بندہ کا آزمودہ نسخہ

## کھانسی کے لیے بندہ کا آزمودہ نسخہ

کھانسی خشک ہو یا تر' بندہ ناچیز نے یہ نسخہ متعدد مریضوں کو استعمال کروایا ہے' مغز اخروٹ' صاف ستھرے چھوہارے ہم وزن' دیسی گھی یا پھر ڈالڈا گھی دیگچی میں ڈال کر آگ کی ہلکی آنچ پر ہلکا ہلکا بھون لیں' ایک چمچ اخروٹ کا مغز ایک عدد چھوہارا صبح و شام کھائیں۔ بفضل تعالیٰ ایک ماہ بعد کھانسی ختم ہو جائے گی۔

## دائمی نزلہ زکام' خونی پیچش کیلئے آزمودہ نسخہ

جس مریض کو نزلہ' زکام' خونی پیچش ہو تو وہ لگاتار ایک ماہ سے دو ماہ تین عدد آم کے پتے جو کہ سایہ میں خشک کیے گئے ہوں ڈیڑھ یا دو کپ پانی یا دودھ میں حسب ضرورت چینی یا مصری ڈال کر قہوہ تیار کر کے پیئیں۔ صبح و شام پیئیں آرام آ جائے گا۔

## مردوں کے لیے خاص

مردانہ طاقت اور جراثیم کیلئے بندہ نے یہ نسخہ خود بھی استعمال کیا ہے الحمدللہ سو فیصد رزلٹ ملا ہے۔ ھوالشافی: آرد سنگھاڑا سات تولہ' چینی سات تولہ (چینی کی جگہ مصری بھی ڈال سکتے ہیں) آملہ خشک سات تولہ' سپستان سات تولہ' پھل کیکر سات تولہ' گوند کیکر سات تولہ' تخم تمر ہندی بریاں سات تولہ' نوٹ: اگر تخم تمر ہندی بریاں نہ ملے تو اس کا وزن نو تولہ یا دس تولہ کرلیں تخم کو دیسی گھی یا عام گھی میں برتن میں ڈال کر آگ پر ہلکی آنچ پر بھون لیں' چھلکا اتار کر اندر سے گری نکال لیں' ان تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر ملا دیں' پاؤڈر سا تیار کریں' صبح و شام دو چمچ تازہ پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ یہ ایک خاندانی راز ہے' میرے دادا جی رحمۃ اللہ علیہ بناتے تھے۔

## احتلام' جریان کیلئے بندہ کا آزمودہ نسخہ

متعدد مریضوں کو استعمال کروایا الحمدللہ رزلٹ سو فیصد ملا ہے۔ گوکھرو پانچ تولہ' ست گلو پانچ تولہ' آملہ پانچ تولہ' سب کا سفوف تیار کریں۔

## پیشاب کی رکاوٹ اور سوزاک کیلئے

بندہ ناچیز نے متعدد مریضوں کو استعمال کروایا۔ ھوالشافی: ثابت ہلدی لے کر کوٹ چھان کر خالی کیپسولز میں بھر لیں' صبح و شام ایک کیپسول یا پھر صبح و شام آدھا چمچ تازہ پانی یا دودھ کے ساتھ مریض کو استعمال کرائیں۔ گرمیوں کے موسم میں شربت بزوری قرشی یا مشروب عبقری سے استعمال کرائیں۔ (محمد صادق' مظفر گڑھ)

تریاق پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج
الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

# ہاضمہ کی دوا یا صرف ایک پھکی

ڈاکٹر نثار احمد کنڈی، لاہور

آپ اکثر بسوں میں بازاروں، میلوں وغیرہ میں ہاضمہ کی پھکیوں و دواؤں وغیرہ فروخت کرنے والوں کے لیکچرز سے مستفید ہوئے ہوں۔ کبھی آپ نے خریدی بھی ہو اور اس کا رزلٹ بھی بقول آپ کے اچھا ہو اور دوستوں کی محفل میں یا کسی کی تیمارداری کرتے ہوئے جب آپ کی حکیمانہ رگ پھڑکی ہو تو آپ نے کسی کو تجویز بھی کی ہو۔ یہ سب معمول کی باتیں ہیں۔ بندہ کو حیرت اس وقت ہوئی جب ایک جنرل سٹور سے میرے دوست سائیں شوکت نے ایک ہاضمے کی دوائی خریدی۔ سائیں شوکت کے کھانے کا احوال پھر کبھی سہی لیکن بقول سائیں شوکت کے اس کے ہاضمے کا راز یہی پھکی یا دوائی ہے۔ لکڑ ہضم، پتھر ہضم قسم کی عبارت کے تو ہم عادی ہیں لہٰذا اس سے متاثر تو نہ ہوئے لیکن جس چیز سے متاثر ہوئے وہ بقول بنانے والوں کے اس میں 24 جڑی بوٹیاں ہیں۔ ڈبے کو الٹ پلٹ کر دیکھا کہ حکیم صاحب کا پتا ملے تو ان کی خدمت میں حاضر ہوکر غریبوں کی اس خدمت پر (صرف بیس روپے میں 24 جڑی بوٹیوں سے مزین دوا دے رہے ہیں) انہیں خراج تحسین پیش کروں۔ پتا تو لکھا نہ تھا البتہ فون نمبر ضرور درج تھا۔ فون کرکے حکیم صاحب کی خدمت پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ ساتھ ہی جب دریافت کیا کہ آپ نے 24 جڑی بوٹیوں سے مزین ہاضمہ کی دوائی ترتیب دی تو ہنس کر فرمایا: بارہ مصالحے ہضم کرنے کے لیے 24 ادویات (جڑی بوٹیاں) تو ہونی چاہیے۔ یہ سارا تمہیدی قصہ ایک طرف لیکن کیا ہر دوا ہر کسی کو فائدہ دے سکتی ہے؟ کیا ہر دوا جسم میں بیک وقت سردی، گرمی اور خشکی پیدا کرسکتی ہے؟ کیونکہ چاہے انسان ہو یا امراض ان کا اپنا ایک مزاج ہوتا ہے۔ کوئی دوا جسم میں خشکی پیدا کرتی ہے تو کوئی گرم مزاج ہوتی ہے۔ طبی کتب میں بھی مختلف ادویات کو ہاضم لکھا گیا ہے کہ یہ ادویات ہر قسم کی ہاضم ہیں مثلاً سونٹھ، زیرہ سفید، اجوائن، کالی مرچ، مولی کا نمک، کالا نمک، دارچینی جائفل، لونگ وغیرہ کو ہاضم لکھا ہوتا ہے لیکن بات وہی ہے کہ ان سب کا اپنا مزاج ہوتا ہے مخصوص افعال ہوتے ہی جو اپنے مزاج کے مطابق ہی عضو پر اثر انداز ہوکر اثرات مرتب کرتی ہیں۔ مثلاً اگر کسی کا مزاج گرم خشک ہے تو اس کے لیے گرم تر ادویات ہاضم ہوں گی اور سرد خشک مزاج کے لیے خشک سرد ادویہ ہاضم ہوں گی۔ اس لیے بدہضمی یا کمی بھوک کے مریض کو ہاضم ادویہ دینے سے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ہاضمہ کی خرابی کس عضو کی سستی یا تسکین سے واقع ہوئی ہے تاکہ اس کو درست کیا جائے۔ اب جیسے ہی تسکین والے عضو میں تحریک یا تیزی پیدا کی جائے گی تو فوراً ہاضمہ کی خرابی اور تمام غیرطبی علامات دور ہوجائیں گی۔ انسانوں کے مزاج مختصر صفراوی، سوداوی یا بلغمی ہوتے ہیں۔ صفراوی کا تعلق غدود سے، سوداوی کا عضلات اور بلغمی کا اعصاب سے ہوتا ہے اب جبکہ لوگوں کا مزاج ہی الگ الگ ہو تو کس طرح ایک ہی پھکی یا دوا کارآمد ہوسکتی ہے۔

# صفراوی، سوداوی اور بلغمی مزاج کیلئے ہاضم نسخے

## صفراوی مزاج کیلئے ہاضم نسخہ

صفراوی قے، جلن معدہ، ضعف معدہ، پیچش، آنتوں میں مروڑ، کانچ کا نکلنا، جسم زرد، یرقان، پیشاب و پاخانہ کی رنگت زرد اور جلن کے ساتھ، جوع البقر، ورم، قے آنے جیسی علامات سب صفراوی مزاج کے ہاضمہ کی خرابی کی علامات ہیں۔ مزاجی اصولوں کے مطابق ایسے مریض کے لیے ہاضمہ کا نسخہ کچھ اس طرح ہونا چاہیے۔

**ھوالشافی:** سجی کھار، سہاگہ، دوتولہ الائچی کلاں، قلمی شورہ اور جوکھار چار چار تولہ ملاکر سفوف بنائیں، دو سے تین ماشہ ہمراہ آب تازہ یا سونف وگل سرخ کے قہوہ سے دیں۔

## سوداوی مزاج کیلئے ہاضم نسخہ

سوداوی مزاج مریضوں میں زبان کی جلن و پھٹن، وجع المعدہ، ریاح معدہ، ہچکی، جلن معدہ، استسقائے طبلی، بواسیر بادی، یرقان سوداوی، شدید قبض، قولنج، کیچوے، ترش ڈکاریں، حرارت کی کمی جسم میں ریاح و خشکی، ورم معدہ ناف کا ٹلنا، خونی دست، بلڈ پریشر ہائی، نیند کی کمی جیسی سوداوی امراض کے لیے الگ نسخہ ہوگا۔ جو کہ درج ذیل ترتیب پر ہوگا۔ **ھوالشافی:** سونٹھ، مرچ سیاہ، فلفل دراز، نوشادر ٹھیکری ہر ایک ایک تولہ، پودینہ دوتولہ، گندھک آملہ سار، ریوند خطائی سونف، میٹھا سوڈا چار چار تولہ، نمک خوردنی آٹھ تولہ، اگر مریض کا بلڈ پریشر زیادہ ہو تو اس نسخہ سے نمک نکال لیں۔ تمام ادویات کو سفوف بناکر چار رتی سے ایک ماشہ تک دن میں تین سے چار بار ہمراہ آب تازہ تازہ دیں۔

## بلغمی مزاج کیلئے ہاضم نسخہ

بلغمی مزاج کے مریضوں میں جب کہ جسم میں الکلی و رطوبات کی زیادتی سے ہاضمہ خراب ہوگیا ہو اور ہاضمہ کی خرابی سے نزلہ و زکام اور کھانسی جیسی علامات پیدا ہوچکی ہوں۔ منہ سے گندی بو آرہی ہو، پیاس، زبان کا پھول جانا، کوے کا پھول جانا، بھوک بند ہونا، سنگرہنی، بند ہیضہ، دست، بار بار پیشاب کا آنا، معدہ میں گڑگڑ ہونا، ہیضہ، خون کی کمی، دل کا ڈوبنا، نیند کی کثرت، ناخن کا سفید ہونا جیسی علامات پائی جائیں تو اس صورت میں یہ نسخہ بناکر استعمال کریں۔

**ھوالشافی:** انار دانہ، رائی تین تین تولہ، تخم پیاز دوتولہ کو پیس کر سفوف بناکر چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں تو جسم میں موجود غیرطبعی بلغمی علامات رفع ہوسکتی ہیں۔

درجہ بالا تمام علامات اور ان کے لیے مستعمل نسخہ جات سے یقیناً آپ ہاضمہ کی خرابی کے مختلف مزاجی علامات اور ان کے نسخہ جات کا فرق سمجھ گئے ہوں گے۔ اگر بندہ کی یہ بات آپ کی سمجھ میں آگئی ہو تو خدارا ہر ایک بس اور فٹ پاتھ پر بکنے والی ہاضمہ کی پھکی کو اپنا علاج مت سمجھئے گا بلکہ کسی مستند طبیب سے مشورہ کرکے اپنا علاج کروایئے۔ ہر فٹ پاتھ پر بیٹھا بندہ حکیم نہیں ہوتا اور نہ ہی بس میں کھڑے ہوکر لاجواب فوائد بتاکر بیچنے والا کبھی آپ کا صحیح معالج ہوسکتا ہے۔ ورنہ کبھی نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ آپ کی صحت کے لیے دعاگو۔

(بقیہ: بیٹے کا بہرہ پن ''کان شفاء'' سے دور ہوگیا)

اور شام کو دفتر سے آتے ہوئے دواخانے پہنچا اور ''کان شفاء'' خریدی اور گھر واپس آگیا۔ رات کو سوتے ہوئے دو سے تین قطرے بیٹے کے کان میں ڈالے تقریباً ایک ہفتہ اس کا استعمال کروایا تھا کہ بیٹے نے کہا ابو جی! یہ آپ کہاں سے لائے ہیں میں نے کہا بیٹا آپ کو فرق ہے اس سے؟ اس نے کہا جی مجھے فرق ہے۔ میں نے اس کو آزمانے کے لیے آہستہ آہستہ بات کرنا شروع کیا اور میں حیران رہ گیا کہ وہ میری باتوں کا جواب دے رہا تھا پہلے تو اونچا بھی بولو تو اس کو آواز نہیں آتی تھی۔ میں سمجھ گیا یہ سب ''کان شفاء'' کے استعمال کا نتیجہ ہے۔ ماشاءاللہ سے آج میرے بیٹا 12 سال کا ہوگیا ہے اس کو دوبارہ بہرہ پن نہیں ہوا۔ (تنویر، کاہنہ)

سات تخم شفاء
اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔
بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی زخموں کیلئے۔ چھائیاں داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

**خواب اور روشن تعبیر**

عزت اور خوشحالی نصیب ہوگی | جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں! | یہ شادی کامیاب رہے گی! | واش روم میں خون! کالا علم | خواب میں گندگی کو دیکھنے کی تعبیر

## عزت اور خوشحالی نصیب ہوگی

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں دفتر سے گھر آیا اور اپنی بیوی سے پوچھا کہ میں فون کر رہا تھا تم اٹھا کیوں نہیں رہی تھیں۔ میری بیوی نے کہا کہ ہمارے گھر کی چھت کے اوپر سے وہ لڑکے آئے اور مجھے دھکا دے کر موبائل فون لے گئے۔ پھر منظر بدل جاتا ہے۔ دیکھتا ہوں کہ میں ایک کچے مکان میں ہوں۔ مرحوم ماں باپ بھی اسی مکان میں ہیں۔ میرے بینک کی ایک ساتھی آفیسر بھی میرے ساتھ ہے۔ وہاں اس عورت کا بیگ بھی ہے جو میرے بیگ کے ساتھ رکھا ہوا تھا۔ میری ماں اس عورت کے بیگ کو کھولتی ہے تو اس میں سے ہزار کے بہت سے نوٹ نکلتے ہیں۔ میں اپنی ماں سے کہتا ہوں کہ اس عورت کے بیگ کو کیوں کھولا تو وہ کہتی ہے کہ میں سمجھی کہ وہ تمہارا بیگ ہے۔ یہ دیکھ کر میرا باپ میری ماں کو ڈانٹتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ یہ پیسے واپس جا کر رکھ دے۔ میری ماں جا کر وہ نوٹ رکھ دیتی ہے۔ (ظفر الاسلام، کوئٹہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو عزت اور خوشحالی نصیب ہوگی، آپ اپنے والدین کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہا کریں۔ واللہ اعلم۔

## جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں! جلد شادی ہوگی

میں خواب دیکھتی ہوں کہ محلے کی ایک عورت ہمارے لاؤنج میں بیٹھی ہے اور بہنوں کے رشتوں کے بارے میں پوچھتی ہے تو میں جواب دیتی ہوں کہ جیسے ہی بندش ختم ہوگی تو دوسرے دن ہی اچھی جگہ رشتے ہو جائیں گے۔ اتنے میں ابو کمرے سے نکلتے ہیں اور میری طرف دیکھتے ہیں تو میں خاموش ہو جاتی ہوں۔ منظر بدلتا ہے اور میں دیکھتی ہوں کہ ہمارے لاؤنج کی دیواروں پر کسی نے پان کی پچکاری تھوک دی ہے جب غور کرتی ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ کلر خراب ہو گیا ہے۔ (ثمینہ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ اچھی جگہ رشتے طے پا جائیں گے اور جلد بازی سے کام نہ لیں، آپ بھی اور آپ کی تمام بہنیں ہر نماز کے بعد 100 بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کی ایک تسبیح پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

## یہ شادی کامیاب رہے گی!

دیکھا کہ دو لڑکیاں جو کسی زمانے میں میری کلاس فیلو تھیں ہمارے گھر کی چھت پر بیٹھی ہیں ان میں سے ایک لڑکی کہتی ہے ان کا گھر پیارا نہیں ہے۔ فرش ٹوٹے پھوٹے سے ہیں۔ میں کہتی ہوں اب دیکھو ہمارا گھر کتنا پیارا بن گیا ہے۔ میں اس سے بہت اصرار کرتی ہوں لیکن وہ ٹال جاتی ہے۔ پھر دیکھا کہ میرا چھوٹا بھائی بڑے بھائی کو ایک خط بھجواتا ہے۔ خط کالے رنگ کی روشنائی سے لکھا ہوا ہے۔ میں اپنے بڑے بھائی کو خط دیتی ہوں تو وہ کوئی اور خط ہوتا ہے۔ میں حیران ہو کر چھوٹے بھائی کا خط ڈھونڈتی ہوں لیکن وہ نہیں ملتا۔ میں بہت زیادہ پریشان ہوتی ہوں۔ (پوشیدہ، سکھر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق جو استخارہ آپ نے بھائی کی منگیتر کے سلسلے میں کیا ہے اس میں واضح طور پر یہ بات بتائی گئی ہے کہ ان شاء اللہ یہ شادی کامیاب رہے گی اور آپ کے بھائی کی منگیتر اس کی اچھی بیوی ثابت ہوگی۔ آپ کے گھر کی رونق میں مزید اضافہ کرے گی۔ واللہ اعلم۔

## ہر کسی کی بات پر یقین نہ کیجئے! ورنہ مزید نقصان اٹھائیں گی

خواب دیکھا کہ کسی نے مجھے کیلے دیئے ہیں۔ میں دو کھا لیتی ہوں اور چاہتی ہوں کہ ایک اور کھالوں۔ پھر دیکھا کہ میرے ہاتھ کی دائیں اور بائیں دونوں ہتھیلیوں پر کالے بال اُگے ہیں۔ وہ اتنے لمبے ہیں کہ انہیں دیکھ کر مجھے گھن آتی ہے۔ دائیں ہتھیلی پر کم جبکہ بائیں پر زیادہ ہیں۔ میں سوچتی ہوں کہ دوائی لگالوں تاکہ یہ ختم ہو جائیں پھر دیکھا کہ دوائی پاؤں پر بھی لگا لیتی ہوں جیسے ہی دوائی لگاتی ہوں ہاتھ اور پاؤں پر دراڑیں آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ میری ایک دوست کہتی ہے کہ جلدی سے دھو لو جیسے ہی میں دھوتی ہوں تو ہاتھ اور پاؤں کی جلد بھی اترنا شروع ہو جاتی ہے اور اس کے ساتھ آگ بھی ہے، پھر سیدھا ہاتھ تو بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ بال نہیں رہتے اور جہاں جہاں دوائی لگاتی ہوں وہاں پر مہندی کا رنگ لگا دیکھتی ہوں پھر اپنی بہنوں کو بھی کہتی ہوں کہ دوائی صاف کر لو جبکہ انہوں نے دوائی لگائی نہیں تھی۔ (ع، ک۔ راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ آپ ہر ایک کی باتوں پر یقین کر کے بار بار نقصان اٹھا چکی ہیں اور آئندہ اپنی اس روش کو ترک کر دیں تو بہتر ہوگا اور جب بھی کوئی اہم کام کرنے کا ارادہ ہو تو مسنون طریقہ استخارہ کر لیا کریں۔ انشاء اللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ ہوگا۔ واللہ اعلم۔

## واش روم میں خون! کالا علم

خواب میں دیکھا کہ میں واش روم میں ہوں اور خون دیکھتی ہوں تو سوچتی ہوں ابھی تو میں تعلیم حاصل کر رہی ہوں اگلے سال اپنی اس بیماری کا علاج کروالوں گی۔ پھر سوچتی ہوں کہ اس وقت تک تو میں بہت کمزور ہو جاؤں گی۔ (ص، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی حاسد نے عمل کروایا ہے جس کی وجہ سے آپ کے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں۔ آپ سورۂ طٰہٰ کی آیات 69-70 صبح شام 41-41 بار پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ ان شاء اللہ کاٹ ہو جائے گی۔ واللہ اعلم۔

## خواب میں گندگی کو دیکھنے کی تعبیر

میری والدہ اکثر خواب میں گندگی دیکھتی ہیں۔ کبھی اپنی گندگی کبھی دوسروں کی اور یہ خوابوں کا سلسلہ تواتر سے جاری ہے۔ (خضریٰ حیات، لاہور)

تعبیر: آپ کی والدہ کے خواب کے مطابق ان کے ساتھ جادو کا عمل کروایا گیا ہے۔ تاہم وہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس 41،41 بار صبح و شام پڑھ کر دعا کر لیا کریں نیز حسب توفیق کبھی صدقہ بھی دے دیں۔ ان شاء اللہ متواتر پڑھتے رہنے سے جادو کے عمل کی کاٹ ہو جائے گی۔ واللہ اعلم۔

**فیملی شفاء** گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات، ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہو جائے تکلیف دور۔ ہر وقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# صحت مند دماغ‘ طاقتور یادداشت! ضرور آزمائیے

## جوڑوں اور ٹانگوں کا درد چند یوم میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں‘ لاجواب ٹوٹکوں اور بے مثال وظائف نے میری زندگی آسان بنا دی ہے۔ میری عمر 45 سال ہے عرصہ دو سال سے میری ٹانگوں میں شدید درد تھا۔ درد کم ہونے کو نہیں آتا تھا‘ اٹھنے بیٹھنے چلنے پھرنے میں بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے ہر وقت ٹانگوں کی رگیں کھچی رہتی۔ خاص کر بائیں ٹانگ اور اسی ٹانگ کا گھٹنا بھی سوجا ہوا تھا۔ نماز کرسی پر بیٹھ کر پڑھتا۔ میری کریانہ کی دکان ہے سارا دن کرسی پر بیٹھا رہتا‘ سودا دینے اور تولنے کیلئے لڑکا رکھا ہوا ہے اور مشقت والا کوئی کام میں نہیں کرسکتا۔ کافی ادویات کا استعمال کیں کچھ دنوں کے لیے درد ختم ہو جاتا پھر دوبارہ شروع ہو جاتا۔ پھر ایک دن عبقری رسالہ اخبار والا دے گیا اس کا میں نے مطالعہ کیا اس میں ’’جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس‘‘ کے بارے پڑھا اور بذریعہ پارسل منگوایا اور استعمال شروع کیا۔ آدھے کورس کے استعمال سے ہی میری ٹانگوں کا درد ختم ہوگیا۔ (محمد ظہور، شیخوپورہ)

## چھ سات سال کی خارش کے ہفتے میں ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ چھ سات سال سے قبل مجھے زیر ناف تر خارش ہوئی تھی کافی لوشن وغیرہ کا استعمال کیے لیکن الٹا الرجی ہوگئی۔ خارش پورے جسم پر آہستہ آہستہ پھیل گئی۔ میں ساری رات پورے جسم پر خارش کرتا رہتا‘ نہ دن کو سکون تھا نہ رات کو گرمی کے موسم میں تو بس جینا حرام ہو جاتا‘ تھوڑی سی جسم پر دھوپ پڑتی اور میں خارش کرنا شروع کر دیتا۔ کوئی میرے پاس بیٹھنا پسند نہیں کرتا تھا حالانکہ میرے اپنے بچے مجھ سے دور بھاگتے تھے کہ کہیں ہمیں بھی خارش نہ پڑ جائے۔ پھر ادارہ عبقری کے بارے کسی سے پتہ چلا فون کردیا ’’مرہم سکون‘‘ بارے معلومات لیں اور منگوالی ایک ہفتے کے استعمال سے خارش مکمل ختم ہوگئی۔ (محمد مجیب، بلوچستان)

## صحت مند دماغ‘ طاقتور یادداشت! ضرور آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بینک میں عرصہ 5 سال سے جاب کررہا ہوں۔ بینک کا سارا نظام کمپیوٹرائزڈ ہے اس لیے چھ سے سات گھنٹے کمپیوٹر پر بیٹھ کر کام کرنا ہوتا ہے جو سارا کام دماغ کا ہوتا ہے اگر ایک بھی لفظ غلط لکھا جائے تو بڑے نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لیے پوری حاضر دماغی سے کام کرنا پڑتا ہے جس وجہ سے اکثر سر میں درد رہتا ہے اور کبھی کبھی تو فائل رکھ کر بھول جاتا تھا کہ کہاں رکھ دی فائل ساری میز چیک کرنا پڑتی حالانکہ وہ فائل میرے سامنے پڑی ہوتی تھی مجھے نظر نہیں آتی تھی ایسا دماغ ماؤف ہوتا تھا۔ دماغ تیز کرنے والے مختلف دواخانوں کے معجونیں بھی استعمال کیں لیکن فرق نہیں پڑا کچھ ساتھیوں نے کہا تم بینک کی جاب چھوڑ دو کوئی اور کام کرلو کیونکہ چھ سے سات گھنٹے کمپیوٹر کے آگے بیٹھ کر کام کرنے سے تمہارے دماغ پر دباؤ پڑتا ہے جس وجہ سے تمہارے سر میں درد ہوتا ہے۔ میں نے سوچا کہ بات تو ٹھیک ہے پر بینک کی جاب چھوڑنے کے بعد میں کروں گا کیا؟ اس لیے میں نے جاب چھوڑنے کا پلان کینسل کردیا اور سر درد کا حل ڈھونڈنے لگا میرے ہاتھ عبقری رسالہ لگا جس میں ’’روشن دماغ‘‘ دوا کا تعارف پڑھا‘ میں نے بذریعہ پارسل منگوائی اور استعمال شروع کیا ایک ڈبی کے استعمال سے ہی میرے سر کا درد ختم ہوگیا اور بھولنے کی عادت میں بھی کافی کمی آئی ہے۔ (نواز احمد، سمندری)

# خشک کھانسی‘ پھیپھڑوں کا انفیکشن چند دنوں میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے صرف چند ماہ ہی ہوئے ہیں‘ مجھے عبقری دواخانہ کا ایک دوست نے بتایا‘ وہاں سے شفاء ملی‘ میری شفاء کی کہانی میری زبانی سنیے: میری عمر 55 سال ہے۔ اکثر زیادہ چلنے سے سانس پھول جاتا جس کی وجہ سے سانس بند ہونے لگتا یہ معمول کی بات تھی لیکن اب مسئلہ زیادہ خراب ہوگیا تھا بیٹھے بیٹھے ہی سانس رُکنا شروع ہو جاتا۔ میں پریشان ہوگیا ڈاکٹر کے پاس گیا اس نے کہا آپ کورونا کا ٹیسٹ کرواؤ میں نے کہا ڈاکٹر صاحب مجھے بخار تو نہیں ویسے ہی گلے کی تکلیف ہے۔ خیر اس نے ایک سیرپ لکھ کر دیا اور کہا اس کا استعمال کرو اگر فرق پڑ گیا تو ٹھیک ورنہ ہسپتال چلے جانا۔ میں نے دو دن سیرپ استعمال کیا لیکن فرق نہیں پڑا۔ اب مجھے ہسپتال جاتے ہوئے بھی مجھے خوف آئے۔ میں نے گرم پانی پینا شروع کیا لیکن اتنا فرق نہیں پڑا پھر ایک دوست سے مشورہ کیا تو اس نے کہا کہ تم ایسا کرو مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کی گلی میں عبقری دواخانہ ہے وہاں جاؤ اور ان کا شفاء حیرت سیرپ لے آؤ دو تین بوتل اس کا استعمال کرو مجھے بھی گلے کی تکلیف تھی میں نے دو بوتل کا استعمال کیا تو میں ٹھیک ہوگیا تھا اس لیے تم بھی وہاں جاؤ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ میں اگلے دن عبقری دواخانے گیا اور دو بوتل ’’شفاء حیرت سیرپ‘‘ لیں اور گھر آگیا۔ ترکیب کے مطابق میں نے ایک کپ گرم پانی میں دو چمچ شفاء حیرت سیرپ ملایا اور چسکی چسکی پیا۔ پہلے دن میں نے چار کپ پیا اگلی صبح واضح فرق محسوس کیا۔ تقریباً چار دن مسلسل استعمال سے میرا گلے کی تکلیف دور ہوگئی اور حیرت کی بات ہے جو میرا سانس پھولتا تھا اس میں بھی نمایاں کمی آئی۔ (واجد حسین، لاہور)

## جسم میں چستی پھرتی لانے والا فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 30 سال ہے میرے معدہ ایک عرصہ سے خراب تھا خوراک ہاضم نہیں ہوتی تھی جس وجہ سے طبیعت میں سستی، بوجھل پن رہتا۔ کوئی بھی کام میں ٹھیک طرح سے کر نہیں پاتا تھا۔ کھانے پینے میں بھی بہت پرہیز کیا لیکن کوئی فرق نہیں۔ مختلف چورن، پھکی وغیرہ کا استعمال بھی کیا لیکن چند گھنٹے سکون رہتا پھر وہی بوجھل پن اور سستی میں سوچتا تھا کہ شاید یہ سستی میرا مقدر بن گئی ہے۔ ایک روز میرے جاننے والے نے بھی عبقری دواخانے کا فون نمبر دیا اور کہا کہ تم اس نمبر پر کال کرکے اسسٹنٹ حکیم صاحب کو اپنا مسئلہ بیان کرو وہ تمہارے لیے اچھی سی دوائی تجویز کردیں گے۔ میں نے اسی وقت ہی کال کی اور اپنا مسئلہ بیان کیا اسسٹنٹ صاحب نے ’’فٹنس پیکیج، ہاضم خاص‘‘ استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے بذریعہ ڈاک دوائی منگوائی اور بروشر پر لکھی ہوئی ترکیب کے بعد استعمال شروع کیا۔ دو ہفتے کے استعمال سے ہی مجھے کافی فرق پڑا خوراک بھی ہاضم ہونا شروع ہوگئی اور سستی بھی جاتی رہی۔ اب تو بھوک اتنی لگتی کہ گھر والے پریشان ہوگئے آخر یہ کونسی دوائی کھا رہا ہے۔ (محمد صفدر، اٹک)

گُردی

مختصر دوائی‘ فائدے بے شمار کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، کریٹنن ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گُردی استعمال کریں

گردے کے مریض کو جہاں شفایابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔

(قیمت صرف 230 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# نشئی خاوند دوبارہ زندگی کی طرف لوٹ آیا! انوکھی دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دو سال سے عبقری کی قاری ہوں۔ میرے خاوند شادی کے شروع میں تو ٹھیک تھے شادی کے دو سال بعد اللہ تعالیٰ نے بیٹی عطا کی گھر میں خوشیاں ہی خوشیاں تھیں۔ کچھ عرصہ بعد میں نے دیکھا کہ خاوند ہر وقت کچھ الجھے الجھے سے رہتے ہیں‘ پوچھنے پر پہلے تو کچھ نہ بتاتے بعد میں بات بات پر جھگڑنا‘ لڑنا حتیٰ کہ مجھے مارنے پر آگئے‘ کافی دفعہ بڑوں نے بیٹھ کر سمجھایا‘ مگر وہ ٹھیک نہ ہوئے‘ صحت دن بدن خراب ہوتی جارہی تھی پھر ایک دن یہ ہوا کہ ایک صاحب نے گھر اطلاع دی کہ آپ کے گھر کا فرد سڑک پر پڑا ہے۔ میں سمجھی شاید ایکسیڈنٹ ہوا ہے لیکن جب قریب جاکر دیکھا تو ان کے پاس ایک نشہ آور انجکشن پڑا تھا۔ خیر لوگوں نے اٹھا کر گھر پہنچایا۔ اس دن میں بہت روئی کہ یہ میرے ہنستے بستے گھر میں کس کی نظر لگ گئی۔ تقریباً چودہ گھنٹے بعد شوہر ہوش و حواس میں آئے اور اپنی کہانی سننا شروع کردی کہ میں غلط بیٹھک میں بیٹھ گیا تھا پہلے انہوں نے مجھے ہلکا ہلکا نشہ دیا اور پھر انجکشن پر لگادیا لیکن میں اس نشے کو چھوڑنا چاہتا ہوں۔ میں نے شوہر سے کوئی شکوہ شکایت نہیں کی بلکہ ان کا حوصلہ بڑھایا کہ میں نشہ چھڑوانے میں آپ کا ساتھ دوں گی۔ ایک ہسپتال کا کسی نے ایڈریس دیا کہ وہاں نشے کے عادی جو لوگ ہیں ان کا علاج کیا جاتا ہے وہ وہاں گئی لیکن ان کی فیس سن کر میں ڈر گئی کیونکہ بس خاوند کی کمائی تھی اب وہ بھی کام پر نہیں جارہے تھے میں اتنے پیسے کہاں سے لاؤں؟ خیر میں واپس گھر آئی اور پریشان بیٹھ گئی اتنے میں محلے میں جاننے والی آئی اور میرے شوہر کا حال پوچھنے لگی میں نے اس کو سارا واقعہ سنایا اس نے کہا تم ایسا کرو لاہور میں عبقری دواخانہ ہے اپنے شوہر کو وہاں لے جاؤ انشاء اللہ کرم کردے گا۔ میں نے اس سے ایڈریس لیا اور اگلی صبح شیخوپورہ سے لاہور شوہر کو لے کر آگئی جہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے چیک کروایا انہوں نے ستر شفائیں دوائی کے استعمال کا مشورہ دیا کہ جب بھی نشہ کی طلب ہو چنے کے برابر گولی بنا کر منہ میں رکھ لے اور اس کو چوستا جائے۔ میں نے دو ڈبی لے لی اور شوہر کی جیب میں ڈال دی اور کہا کہ اس کو اب باقاعدگی سے استعمال کرنا شوہر نے حامی بھری اور ہم گھر واپس آگئے۔ دو ہفتے کے بعد شوہر نے کہا کہ جو دوسری ڈبی ہے وہ بھی دے دو پہلے والی ختم ہوگئی ہے ان دو ہفتوں میں شوہر نے سگریٹ تک بھی نہیں پیا میں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ اب میرا شوہر نشہ چھوڑ چکا ہے اور کام پر بھی جانے لگ گیا ہے اللہ پاک کا شکر ہے جس نے عبقری سے ملایا اور میرا مسئلہ حل ہوا۔ (زوجہ، ع۔ شیخوپورہ)۔

# ویل چیئر سے پاؤں پر کھڑا ہونے کی کہانی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بائیں سائیڈ والے بازو اور ٹانگ میں پاؤں تک بہت درد تھا۔ پاؤں ہر وقت ٹھنڈے رہتے تھے گھٹنوں کا درد بھی تھا۔ حکیموں اور ڈاکٹرز سے بھی ادویات لیں پر کوئی فرق نہیں پڑا۔ مختلف قسم کے گھر میں تیل بھی تیار کیے لیکن پیسے ہی ضائع ہوئے فرق کوئی نہیں پڑا ویل چیئر پر ہی بیٹھا رہتا۔ ایک روز میں گھر کے بیٹھا تھا کہ ایک جاننے والے آئے انہوں نے مجھے کراماتی تیل دیا اور کہا کہ میں روزانہ یہاں سے گزرتا ہوں آپ کو ایسے ویل چیئر پر بیٹھا دیکھتا ہوں تو مجھے میرے والد صاحب کی یاد آجاتی ہے۔ خیر اس نے مجھے کراماتی تیل دیا اور کہا کہ اس سے ٹانگوں اور پورے جسم کی مالش کرنی ہے روزانہ انشاء اللہ آپ چلنے پھرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ میں نے اسی وقت تیل حسب ضرورت بوتل سے نکالا اور ہلکا سا گرم کرکے لگایا۔ ایک بوتل جب ختم ہوئی تو میں مجھے بہتری محسوس ہوئی‘ میں نے بوتل پر لکھے ایڈریس سے مزید منگوالیں۔ اسی طرح چند مہینے مسلسل مالش سے تھوڑا تھوڑا چلنے کے قابل ہوگیا اور ویل چیئر کے بغیر ڈنڈے کے سہارے چلنا شروع کیا۔ وہ شخص پھر ایک دن ملا اور اس نے کہا کہ آپ کراماتی تیل کی دو تین مہینے مزید بوتلیں استعمال کریں۔ آج آٹھ مہینے گزر چکے ہیں میں کراماتی تیل کی مالش کر رہا ہوں‘ دودھ میں ڈال کر لکھی گئی ترکیب سے پیتا بھی ہوں‘ ماشاء اللہ سے اب میں نے ڈنڈے کا سہارا لینا بھی چھوڑ دیا ہے سب محلے والے حیران ہے کہ کل تک تو یہ ویل چیئر پر تھا آج خود چل کر جارہا ہے۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اس اپنے محسن کو جھولیاں اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتا ہوں۔ عبقری رسالہ اب خود بھی پڑھتا ہوں اور لوگوں کو بھی ہدیہ دیتا ہوں۔ (محمد نذیر، گجرات)

## بواسیر کورس سے بیماری مکمل ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 27 سال ہے اور میں شادی شدہ ہوں میرے تین بچے ہیں۔ پچھلے تین ماہ سے میں بواسیر کے مرض میں مبتلا تھا مجھے خونی بواسیر تھی۔ جس دن مجھے پتہ چلا کہ مجھے بواسیر ہے میں اپنے علاقہ کے ایک ڈاکٹر کے پاس گیا اس نے مجھے کیپسول لکھ دیئے کہ یہ دس دن کھاؤ۔ میں نے کیپسول کھانا شروع کیے لیکن دس دن ختم ہونے کے باوجود بیماری ختم نہیں ہوئی۔ پھر ایک جاننے والے شخص نے مجھے ایک نسخہ بتایا کہ یہ چیزیں پنساری سے لے کر اس نسخہ کو تیار کرلو میں نے پنساری سے چیزیں لیں اور نسخہ تیار کرکے ایک چمچ صبح، دوپہر اور شام استعمال کرنا شروع کیا اور چٹ پٹے کھانوں سے مکمل پرہیز کرلیا۔ چٹ پٹے کھانے کے پرہیز سے میری جلن بھی تو کمی آگئی پر خون اسی طرح متواتر آرہا تھا۔ میں جس آفس میں کام کرتا تھا وہاں میرے ایک کولیگ تھا اس نے مجھے عبقری دواخانے جانے کا مشورہ دیا میں نے کہا کہ یار وہ بھی پھکیوں کا ڈھیر میرے ہاتھ میں تھما دیں گے میں نے نہیں جانا پر اس کے اصرار پر مجھے جانا پڑا اور وہاں موجود اسسٹنٹ صاحب نے معائنہ کے بعد مجھے ”بواسیر کورس“ استعمال کرنے کا مشورہ دیا‘ انہوں نے کہا صرف دو کورس استعمال کرلو بیماری دور ہو جائے گی اور پرہیز لازمی ہے۔ میں دو کورس لے کر گھر آگیا اور دوائی کو لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کیا۔ ایک کورس ختم ہونے پر محسوس ہوا خون کی مقدار کم ہوگئی ہے اور پھر میں نے جب دوسرے کورس کا اختتام کیا تو میرا مرض مکمل ختم ہو چکا تھا لیکن پھر بھی میں نے دو سے تین ماہ چٹ پٹی اشیاء سے پرہیز کیا۔ اب اللہ کا شکر ہے میں مکمل صحت یاب ہوں۔ اب الحمدللہ میں لوگوں کو عبقری کا بتاتا ہوں‘ عبقری میگزین ہر ماہ باقاعدگی سے خریدتا ہوں پڑھتا ہوں‘ لوگوں کو اعمال اور ٹوٹکے بتاتا ہوں۔ (محمد یونس، شاہدرہ)

قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
چہرے کا حسن دوبالا کرے‘ داغ‘ دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# بڑی عید کے بڑے پکوان! اور پر لطف ناشتہ

میر حسن، لاہور

انسانی صحت کے لیے بھرپور ناشتہ کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ صبح کے وقت جسم کا میٹابولزم بہتر انداز میں چلتا ہے۔ لہٰذا آپ جو بھی کھاتے ہیں وہ اچھی طرح ہضم ہوتا اور جسم کو توانائی فراہم کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ صبح کا ناشتہ بادشاہوں کی طرح کیا جائے تاکہ تمام دن کے لیے توانائی ملے اور مختلف کام سرانجام دینے کی قوت بھی ہو۔ پوری دنیا کے لوگ اپنی اپنی پسند اور روایت کے مطابق ناشتہ کرتے ہیں۔ ہمارے یہاں بھی اگر ناشتہ معمول سے ہٹ کر ہو تو کھانے کا بھی خوب دل چاہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ چھٹی والے دن عموماً دیسی ناشتہ کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ پاکستان بھر میں بنایا جانے والا دیسی ناشتہ نہ صرف اندرونِ ملک بلکہ بیرونِ ملک بھی بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ ان میں پائے، نہاری، نان چنے، پراٹھے، حلوہ پوری، پٹھورے، لسی اور چائے سرفہرست ہیں۔ دیسی ناشتوں میں عموماً دیسی گھی اور مکھن استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کی ایک خاص مہک اور لذیذ ذائقہ ہوتا ہے۔ یہ ایسے پکوان ہیں جو اپنے ذائقے کی بنا پر صرف پاکستان ہی نہیں پوری دنیا میں مقبول ہوگئے ہیں۔ خاص طور پر مغربی ممالک میں یہ پکوان خوب شوق سے کھائے جارہے ہیں۔ دیسی ناشتہ میں بنائی جانے والی چند ڈشز کی تراکیب ملاحظہ کریں۔

## لچھے دار پراٹھے

درکار اجزاء: آٹا ایک کپ۔ میدہ دو کپ۔ نمک ایک چٹکی۔ پانی حسبِ ضرورت۔ تیل حسبِ ضرورت۔ ترکیب: سب سے پہلے میدہ، آٹا، نمک، پانی اور تیل مکس کرکے سخت ڈو تیار کرلیں اور تقریباً دس منٹ کے لیے رکھ دیں۔ اس کے بعد اس ڈو کے چھوٹے چھوٹے سات پیڑے بنا کر الگ الگ بیل لیں، پھر ہر روٹی پر تھوڑا سا تیل لگا کر اس کے اوپر دوسری روٹی رکھ دیں۔ اسی طرح ساتوں روٹیاں تیل لگا کر ایک دوسرے کے اوپر رکھ دی جائیں، پھر انہیں ایک ساتھ یوں بیلیں کہ ایک روٹی بن جائے، اب تیز چھری سے اس کی لمبی اور پتلی پٹیاں کاٹ لیں پھر ایک ایک پٹی کو اس طرح رول کریں کہ یہ گول ہوجائیں۔ اب انہیں بیل کر گرم توے پر فرائی کرلیں۔ لیجیے گرما گرم لچھے دار پراٹھے تیار ہیں۔ انہیں انڈے کے علاوہ دہی یا لسی کے ساتھ بھی کھایا جاسکتا ہے۔

## بیف نہاری

درکار اجزاء: گائے کا گوشت ایک کلو۔ تیل آدھا کپ۔ پیاز دو عدد، سفید زیرہ ایک چائے کا چمچ، ادرک لہسن کا پیسٹ دو چائے کا چمچ، ہری مرچ پانچ عدد، نمک حسبِ ذائقہ، سفید زیرہ پسا ہوا ڈیڑھ چائے کا چمچ، دھنیا پسا ہوا ڈیڑھ چائے کا چمچ۔ دار چینی، بڑی اور چھوٹی الائچی، لونگ، تیز پتہ، جائفل آدھا چائے کا چمچ، لال مرچ پسی ہوئی دو چائے کے چمچ، ہلدی ایک چائے کا چمچ، سونف پسی ہوئی ڈیڑھ چائے کا چمچ، آٹا آدھا کپ۔ ترکیب: پکانے والے برتن میں آئل، پیاز، سفید زیرہ ثابت ڈال کر لائٹ براؤن ہونے تک پکائیں۔ پھر ادرک لہسن کا پیسٹ ڈال کر لائٹ براؤن ہونے تک پکائیں۔ پھر بیف، ہری مرچ ثابت، نمک، زیرہ پاؤڈر، دھنیا پسا ہوا، (دار چینی، بڑی الائچی، چھوٹی الائچی، لونگ، تیز پتہ، جائفل) پسا ہوا، لال مرچ اور ہلدی ڈال کر پانچ سے سات منٹ پکائیں۔ گرم پانی ڈال کر بیف کو گلنے تک پکائیں۔ گل جانے پر آٹے کو بھون کر تھوڑے سے پانی میں ملا کر ڈال دیں اور سونف بھی ڈال دیں۔ اب بیف نہاری سرو کرنے کے لیے تیار ہے۔

## پائے

درکار اجزاء: بکرے کے پائے چار عدد۔ بونگ کا گوشت 1 کلو (دھو کر خشک کرلیں)۔ دھنیا پاؤڈر دو چائے کے چمچ۔ نمک حسب ذائقہ۔ لہسن کے جوئے 6 سے 8 عدد۔ پیاز دو عدد (چوپ کرلیں)۔ ادرک ایک انچ کا ٹکڑا (چوپ کرلیں)۔ لال مرچ پاؤڈر دو چائے کے چمچ۔ زیرہ ایک چائے کا چمچ۔ ثابت سیاہ مرچیں ایک چائے کا چمچ۔ تیز پات ایک عدد۔ بڑی الائچی دو عدد۔ جائفل جاوتری پاؤڈر ایک چائے کا چمچ۔ لہسن ادرک پیسٹ دو چائے کے چمچ۔ پیاز ایک عدد (سلائس کاٹ لیں)۔ ہلدی پاؤڈر ایک چائے کا چمچ۔ گرم مصالحہ پاؤڈر 1 چائے کا چمچ۔ ہرا دھنیا ایک کھانے کا چمچ۔ ہری مرچیں ایک کھانے کا چمچ (چوپ کی ہوئی)۔ سرسوں کا تیل۔ حسبِ ضرورت

ترکیب: ایک پتیلی میں بکرے کے پائے، بونگ کا گوشت، نمک، لہسن کے جوئے، پیاز، ادرک، زیرہ، ثابت سیاہ مرچیں، تیز پات، بڑی الائچی، جائفل، جاوتری پاؤڈر اور اتنا پانی ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں کہ اسی پانی میں بونگ اور پائے گل جائیں اور حسبِ پسند مقدار میں شوربہ بھی باقی رہے۔ اس کے بعد بگھار تیار کرنے کے لئے ایک پتیلی میں تیل گرم کرکے اس میں پیاز ڈال کر سنہری ہونے تک فرائی کریں اس کے بعد اس میں دھنیا پاؤڈر لال مرچ پاؤڈر، لہسن، ادرک پیسٹ، ہلدی پاؤڈر، گرم مصالحہ پاؤڈر اور نمک ڈال کر مصالحہ بھونیں اور اسے شوربے میں ڈال کر مکس کریں۔ لیجیے مزیدار بکرے کے پائے تیار ہیں۔ سرونگ ڈش میں نکال کر ہرا دھنیا اور ہری مرچوں سے گارنش کرکے لچھے دار پراٹھے، نان یا تلوں والے کلچوں کے ہمراہ پیش کریں۔

## الائچی لسی

درکار اجزاء: تازہ دہی 2 کپ۔ دودھ 1 کپ۔ چینی حسبِ ضرورت۔ الائچی پاؤڈر 2 چائے کے چمچ۔ برف کی کیوبز 4 سے 5۔ ترکیب: سوائے برف کے تمام اجزائے ترکیبی باہم یکجا کرلیں اور ایک مکسر میں 2 تا 3 منٹ تک بلینڈ کریں۔ پھر گلاسوں میں انڈیل کر پیش کریں۔

## چاٹی کی لسی

درکار اجزاء: دہی (بالائی والا) ایک کلو۔ چورا کی ہوئی برف ایک پیالی۔ پسا ہوا زیرہ ڈیڑھ چائے کا چمچ۔ چینی حسبِ ذائقہ۔ نمک ڈیڑھ چائے کا چمچ۔ ترکیب: ایک مٹی کی ہانڈی یا مٹکا لیں اور اس میں پسا ہوا زیرہ، نمک، دہی اور تھوڑی چینی شامل کریں اور بلونے سے خوب بلوئیں۔ دہی خوب مکس ہو جائے تو برف شامل کریں۔ تھوڑا سا پانی بھی شامل کریں۔ تیار ہونے پر ٹھنڈی ٹھنڈی پیش کریں۔

## گلہ پک جائے یا نزلہ ہو! سات کالی مرچ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے اور ہم سب کے پسندیدہ عبقری کیلئے ٹوٹکہ پیش خدمت ہے۔ اللہ پاک اس چھوٹی سی کاوش کو قبول فرمائے۔ اگر نزلہ اور زکام کی وجہ سے ریشہ نہ ختم ہوتا ہو یا ناک بند ہوجائے تو کالی مرچ کے سات دانے لے کر منہ میں ڈال لیں اور چبائیں جب تمام منہ تھوک سے بھر جائے تو اسے تھوک دیں ان شاء اللہ ریشہ رفو چکر ہوجائے گا گلہ پک جائے تو اس کا بھی علاج ہے۔ (کلی نہ کریں) (طیبہ نصیر، جہلم)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)

# صحرانشینوں سے جانیے! بارش کے فوائد

رومی احمد پوری

قسط 2

## بارش کا پانی کمالات اور جدید سائنس

قارئین! السلام علیکم! پچھلے شمارے میں بھی میری آپ سے بارش کے پانی پر ہی بات چل رہی تھی۔ اس بار پھر آپ کو میں بارش کے پانی کے مزید فوائد بتاؤں گا اور آپ یقیناً چونک اٹھیں گے۔ بارش اللہ کی وہ نعمت ہے اگر وہ ختم ہوجائے تو دنیا میں انسانوں کا ہی نہیں بلکہ دنیا میں ذی روح کا رہنا ہی ناممکن ہوجائے۔ بارش رب کریم کی بہت بڑی نعمت اور عطا ہے مگر شاید ہمیں اس کی قدر نہیں' اگر بارش کی قدر دیکھنی ہے تو کوئی صحرانشینوں سے جاکر پوچھے کہ وہ بارش کا کس طرح سارا سال انتظار کرتے ہیں اور ان کے دلوں میں بارش کی بہت قیمت ہے۔ وہ لوگ بارش کے موسم میں ہی اپنی شادیاں، خوشیاں اور اپنے رسم رواج کرتے ہیں اور ان کے وہ چند ہفتے خوشی سے گزر جاتے ہیں۔ کیونکہ میں اپنے والد محترم کے ہمراہ صحرا جاتا رہتا ہوں اس لیے مجھے کچھ خبر ہے۔ ان کی طاقت' صحت' چستی' پھرتی کا راز صرف بارش کا پانی ہے' وہ کوئی ٹانک استعمال نہیں کرتے' صرف سادہ غذائیں اور بارش کا پانی۔ میں انہیں دیکھتا ہوں کہ انہوں نے بارش کا پانی جمع کیا ہوتا ہے' وہی استعمال کرتے ہیں' ان کی خواتین بہت زیادہ کام کرتی ہیں مگر تھکتی نہیں' بہت وزن اٹھاتی ہیں' میں نے وہاں بیماریاں نہیں دیکھیں۔ انہیں خوشحال دیکھا ہے' مطمئن دیکھا ہے' انہیں کسی قسم کی لالچ نہیں' لالچ ہے تو صرف بارش کی' انتظار ہے تو صرف بارش کا' طلب ہے تو صرف بارش کی۔ ان کی دنیا کی قیمتی ترین شے صرف بارش کا پانی ہے۔ آپ بھی قدر کیجئے یہ بہت بڑی نعمت ہے' بارش کا پانی کھانے' پینے' ہنڈیا بنانے' آٹا گوندھنے میں ضرور استعمال کیجئے اور پھر اپنی اور نسلوں کی صحت' چہرے کی رونق' جسم کی پھرتی اور دماغ کی چستی خود محسوس کیجئے۔

انیسوی صدی عیسوی تک ارسطو (Aristotle) کا نظریہ ہی زیادہ معروف رہا۔ اس نظریے کے مطابق پہاڑوں کے سرد غاروں میں پانی کی تکثیف (Condensation) ہوتی ہے اور وہ زیر زمین جھلیں بناتا ہے جو چشموں کا باعث بنتی ہیں۔ آج ہمیں معلوم ہوچکا ہے کہ بارش کا پانی زمین پر موجود دراڑوں کے راستے رس رس کر زیر زمین پہنچتا ہے اور چشموں کی وجہ بنتی ہے۔ اللہ پاک قرآن پاک میں فرماتے ہیں ''اور آسمان سے ہم نے ٹھیک حساب کے مطابق ایک خاص مقدار میں پانی اتارا اور اس کو زمین میں ٹھہرا دیا ہم اسے جس طرح چاہیں غائب کر سکتے ہیں'' (القرآن، سورۂ 23، آیت 18)۔ بارش کے پانی سے آپ بہت بار نہائے ہوں گے' مگر اس کو کھانے پینے' ہنڈیا بنانے' آٹا گوندھنے میں استعمال کر کے دیکھئے۔ آپ کبھی بارش کے پانی سے آٹا گوندھ کر دیکھے پہاڑی علاقوں میں جہاں چشمے اور بارش کا پانی ہوتا ہے ان کے ہاں یہ تو عمومی رواج ہے ان کی صحت، حسن و جمال، طاقت قوت، فٹنس اور اس کا اظہار ان کو دیکھتے ہی ہو جاتا ہے۔ آٹا گوندھیں اور یہی پانی کھانے میں، پکانے میں، پینے میں لسی اور چائے بنانے میں استعمال کریں۔ ہمارے گھر میں تو یہ ترتیب ہے کہ جو مہمان آئے تو اسے بارش کا پانی ضرور پلاتے ہیں۔ علامہ ابن البرؒ ایک بہت بڑے محدث گزرے ہیں۔ انکی ساری زندگی کو ساٹھ سال میں شمار کیا جائے جتنا انہوں نے ہاتھ سے لکھا تو روزانہ ڈیڑھ سو سے زیادہ صفحات بنتے ہیں۔ انکی عقل پر، انکے علم پر، طاقت، قوت اور قلم کی روانی پر بڑے بڑے لوگ پاگل تھے اور وہ کہتے تھے یہ کیسے ممکن ہے؟۔ پھر علامہ ابن البرؒ نے خود فرمایا کہ میری کوشش ہوتی ہے تھی بارش کے پانی کا ایک ایک قطرہ میں سمیٹ کر رکھوں، سنبھال کر رکھوں اور شیشے کے برتن میں رکھوں تاکہ اس کی تاثیر اور قوت باقی رہے۔ اور خود لکھا ہے کہ میں بارش کے پانی کو نہانے کیلئے، وضو کیلئے، کھانا پکانے، روٹی کو پانی لگانے، آٹا گوندھنے، سالن میں ڈالنے اور زندگی کی ہر ضروریات حتیٰ کہ جب لکھنے بیٹھتا ہوں تو ایک برتن بارش کا پانی لے لیتا ہوں جب بھی تھکتا ہوں ایک ہلکی سی چسکی یعنی چھوٹا گھونٹ بارش کا پانی پی لیتا ہوں میری طاقتیں دوبالا ہوجاتی ہیں۔ (جاری ہے)

# 19 سال کی عمر میں موٹاپا سے نجات پالی! ضرور پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دن بدن موٹاپے کی طرف جارہی تھی اگر کہا جائے تو میں موٹی ہی ہوگئی تھی۔ میری عمر 19 سال ہے اور میں بارہویں کلاس میں پڑھتی ہوں۔ روز بروز وزن میں اضافہ اور جسم پر فالتو چربی آتی جارہی تھی اس کی ساری وجہ فاسٹ فوڈ تھی کیونکہ کالج جاکر میں نے پرہیز کرنا چھوڑ دیا کینٹین سے برگر، سموسے، پکوڑے کھانا میرا معمول بن گیا تھا۔ لیکن اب میں پریشان تھی کہ اگر ایسے ہی میرے وزن میں اضافہ ہوتا گیا تو میں کیا کروں گی۔ میں نے ایک ہیلتھ اسپیشلسٹ لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا اس نے ایک پورا چارٹ میرے ہاتھ میں تھما دیا اور کہا کہ اگر اس چارٹ پر تم نے عمل کرلیا تو ایک ماہ میں تمہارے وزن میں نمایاں کمی آئے گی اس چارٹ میں سبزیاں، پھل اور جوسز کے علاوہ اور کچھ نہیں لکھا تھا اور میں تھی فاسٹ فوڈ کھانے والی آخر میں نے بھی ٹھان لی کہ میں بھی وزن کم کرکے دکھاؤں گی۔ تقریب ایک ماہ پرہیز کرنے کے باوجود میرے وزن میں کوئی کمی نہیں آئی الٹا کمزوری ہوگئی اب میری پریشانی اور بڑھ گئی تھی کہ اب کیا ہوگا۔ خیر کالج میں میرے سہیلی نے کہا کہ تم میرے گھر آنا میری والدہ جہاں سے اپنا علاج کروا رہی ہیں وہ تمہیں وہاں لے جائیں گی انشاء اللہ تمہارا مسئلہ حل ہوجائے گا کیونکہ ان کی ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار ہوتی ہے اس کا کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ ایک گلے دن میں اپنی والدہ کے ساتھ اپنی سہیلی کے گھر گئی وہاں سے سہیلی کی والدہ میں اور میری والدہ رکشے پر مزنگ چونگی پہنچے دواخانے میں بہت رش تھا میں نے دل میں سوچا کہ واقعی ان کے پاس کچھ ہے ورنہ اتنے رش تو میں نے آج تک کسی بھی حکیم کے پاس نہیں دیکھا۔ خیر ٹوکن لیا اور اپنی باری کا انتظار کرنا شروع کیا آدھے گھنٹے بعد ہماری باری آئی میں اور سہیلی کی والدہ اسسٹنٹ حکیم صاحب کے پاس گئی انہوں نے کہا کہ بیٹی گھبرانے کی ضرورت نہیں یہ ''موٹاپا کورس'' تین ماہ استعمال کرو انشاء اللہ موٹاپا ختم ہوجائے گا اور ہاں فاسٹ فوڈ کے تو قریب بھی نہیں جانا اور اس کے علاوہ گھر کی بنی ہوئی چیزیں کھانی ہیں باہر کی نہیں۔ میں نے دوائی لی اور گھر آگئی اور کورس کا استعمال کرنا شروع کیا تقریباً دو ماہ کورس استعمال کیے تھے جس سے میرے وزن میں کافی کمی آئی تھی اب میں خوش تھی کہ اب انشاء اللہ میرا وزن پہلے کی طرح نارمل ہو جائے گا۔ (خدیجہ، لاہور)

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گر جائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹرسائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں
(قیمت 80 روپے)

